جدید اضافہ

ذیل میں ہم ان بزرگوں کے اسمائے گرامی درج کرتے ہیں جو ماہ دسمبر ۳۶ء میں حلقۂ ہمدردان جامعہ میں شریک ہوئے۔

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	
۱	۳۹۶۰	شیخ برکت اللہ حاجی محمد جان صاحبان - چاندنی چوک - دہلی	
۲	۳۹۶۱	الیس مجتبیٰ احمد صاحب	میران بگیہ
۳	۳۹۶۲	سید الطاف حسین صاحب	گیا
۴	۳۹۶۳	حکیم اصغر حسین صاحب	"
۵	۳۹۶۴	سید محمد فضیلت حسین صاحب	"
۶	۳۹۶۵	الیس - ایم حسن امام صاحب	"
۷	۳۹۶۶	عبدالاحد فاطمی صاحب	ٹیکاری
۸	۳۹۶۷	منشی شمس الدین صاحب	بھوپال
۹	۳۹۶۸	حکیم حفیظ الدین صاحب ندوی	لکھنؤ
۱۰	۳۹۶۹	مولوی لیاقت حسین صاحب	گیا
۱۱	۳۹۷۰	ڈاکٹر قاضی محمد حبیب صاحب	نوادہ
۱۲	۳۹۷۱	سید محمد احسن صاحب	"
۱۳	۳۹۷۲	امین الحق صاحب	"
۱۴	۳۹۷۳	محمد ابو صالح صاحب مختار	"
۱۵	۳۹۷۴	مولوی محمد نواب صاحب مختار	"
۱۶	۳۹۷۵	محمد سرفراز صدیقی صاحب	بہار شریف
۱۷	۳۹۷۶	عبدالرحیم صاحب پلیڈر	"
۱۸	۳۹۷۷	شفیع محمد صاحب پلیڈر	"
۱۹	۳۹۷۸	الیس - ایم - سلیم صاحب	"

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	
۲۰	۳۹۷۹	الیس - ایم عثمان صاحب	"
۲۱	۳۹۸۰	شاہ نذیر الحسن صاحب کاظمی	بہار شریف
۲۲	۳۹۸۱	مسیح احمد صاحب وکیل	"
۲۳	۳۹۸۲	اسرار الحق محمودی صاحب وکیل	"
۲۴	۳۹۸۳	حکیم سید حسن صاحب	"
۲۵	۳۹۸۴	الیس الیس نعیم الحق صاحب	منیر
۲۶	۳۹۸۵	سید شاہ عنایت اللہ صاحب فردوسی	"
۲۷	۳۹۸۶	خاں صاحب ایم قمر الدین خاں صاحب	"
۲۸	۳۹۸۷	سید شاہ محمد علی صاحب منیری	"
۲۹	۳۹۸۸	شاہ ابوالحسن صاحب	"
۳۰	۳۹۸۹	سید محمد حفیظ الرحمٰن صاحب	"
۳۱	۳۹۹۰	عبدالرحیم صاحب	"
۳۲	۳۹۹۱	ایم - الیس ابوالحسنات صاحب	باہ پورہ
۳۳	۳۹۹۲	ایم - شیخ عبدالمغنی صاحب	"
۳۴	۳۹۹۳	مولوی سید محمد بشیر صاحب	"
۳۵	۳۹۹۴	مولوی محمد اسحٰق صاحب	باہ پورا
۳۶	۳۹۹۵	الیس - راشدی صاحب	راجگیر
۳۷	۳۹۹۶	الیس محمد اصغر صاحب تحصیلدار	"
۳۸	۳۹۹۷	ایم سید عبدالحفیظ صاحب	شیخوپورہ

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	ہمدرد جامعہ جناب		نمبر شمار	ہمدرد نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	
۳۹	۳۹۹۰	مولوی سید فرید احمد صاحب	〃	۴۴	۴۰۰۳	حاجی طیب غنی شاہ محمد سیٹھ صاحب	کارنجہ
۴۰	۳۹۹۹	محمد صہیب صاحب	مہدانواں	۴۵	۴۰۰۴	احمد حسین صاحب	〃
۴۱	۴۰۰۰	مولوی حاجی میر صغیر الدین صاحب	ذہینی	۴۶	۴۰۰۵	حاجی ولی محمد علی محمد صاحب	〃
۴۲	۴۰۰۱	مولوی امانت اللہ صاحب	برہانپور	۴۷	۴۰۰۶	〃 عبدالشکور ہاشم صاحب	〃
۴۳	۴۰۰۲	محمد زاہد صاحب	〃	۴۸	۴۰۰۷	〃 نور محمد غنی حاجی علی محمد صاحب	〃

مستقل امداد و عطیات

دسمبر ۳۶ء

ذیل کی رقومات جنہیں بعض ہمیں اپنے مہتمین اور سفراء کی معرفت وصول ہوئی ہیں اور بعض براہ راست درج رجسٹر ہو چکی ہیں۔ حوالہ رسید اور رقومات کی صحت کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ اگر کوئی غلطی رہ گئی ہو تو اطلاع بخشئے دفتر آپ کا ممنون ہوگا اور آئندہ پرچہ میں تصحیح کر دی جائے گی۔ (مرتب)

ا۔ دہلی

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ	رقم موصولہ
۱	۲۱۳	شیخ برکت اللہ حاجی محمد حسن صاحبان چاندنی چوک	صہ ر	۱۵	۲۰۸۵ اے	شیخ صبور احمد صاحب کھونٹے والے۔ صدر بازار	۴ر
۲	۲۳۰	محمد صدیق صاحب ملتانی۔ پھاٹک حبش خاں	للعہ	۱۶	۲۰۸۶ ؍	محمد احمد صاحب اللہ والے۔ ؍	۱۲ر
۳	۲۳۶	میسرز فیروز الدین جیون بخش حویلی حسام الدین حیدر	تتار	۱۷	۲۰۸۷ ؍	حاجی بشیر احمد صاحب سوداگر جنت۔ چاوڑی بازار	۸ر
۴	۲۵۵	خواجہ عبد المجید صاحب بی اے۔ منیا محل	ہے	۱۸	۲۰۸۸ ؍	شیخ جمال الدین صاحب۔ چوک جامع مسجد	۴ر
۵	۲۰۷۵ اے	حکیم ذکی احمد صاحب۔ جید پریس۔ بلیماران	تمار	۱۹	۲۰۸۹ ؍	سردار علی صاحب ؍ ؍	۸ر
۶	۲۰۷۶ ؍	عبد الحق صاحب معرفت منشی عبد الوہاب صاحب چاندنی چوک	صہ ر	۲۰	۲۰۹۰ ؍	عبد الرزاق حاجی ننھے صاحبان۔ سرکیوالان	ہ ر
۷	۲۰۷۷ ؍	قدیر الدین احمد صاحب وکیل۔ فراشخانہ	عہ ر	۲۱	۲۰۹۱ ؍	عبد الرزاق محمد اسحٰق صاحبان۔ کوچہ خانچند	عہ ر
۸	۲۰۷۸ ؍	مولوی عبد الصمد صاحب۔ عربک کالج	تما ر	۲۲	۲۰۹۲ ؍	محمد ادریس صاحب بازی اینڈ کو۔ کٹرہ قطب الدین	عہ ر
۹	۲۰۷۹ ؍	ڈاکٹر لیڈی جناب ایف ڈی محمود صاحب طبیہ ؍	عہ ر	۲۳	۲۰۹۳ ؍	حافظ رحمت الٰہی محمد بلال صاحبان ؍	۴ر
۱۰	۲۰۸۰ ؍	حافظ عبد الحکیم حبیب الرحمٰن صاحبان سبزی منڈی	۴ر	۲۴	۲۰۹۴ ؍	محمد رفیع صاحب کپڑے والے ؍	۴ر
۱۱	۲۰۸۱ ؍	مرزا فیاض بیگ صاحب۔ دوکاندار سبزی منڈی	۴ر	۲۵	۲۰۹۵ ؍	محمد صدیق صاحب کراچی والے۔ صدر بازار	تمار
۱۲	۲۰۸۲ ؍	منشی ناظر حسین صاحب ؍ ؍	۸ر	۲۶	۲۰۹۶ ؍	بابو ٹلوکی ناتھ صاحب۔ کلاتھ ملز	عہ ر
۱۳	۲۰۸۳ ؍	محمد عارف صاحب شیشے والے۔ صدر بازار	تمار	۲۷	۲۰۹۷ ؍	محمد رئیس الدین صاحب کوٹھی نمبر ۲۳۔ دریا گنج	عہ ر
۱۴	۲۰۸۴ ؍	حافظ نور محمد صاحب ؍	۴ر	۲۸	۲۰۹۸ ؍	بابو رحمت اللہ صاحب۔ گلی کلو خواص	تمار

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ	رقم موصولہ
۲۹	۲۰۹۹ء	عبدالصمد صاحب بی اے کمیشن فارمیسی چاندنی چوک	۸ر	۵۳	۲۱۲۳ء	محمد رفیق صاحب سوداگر سوت والے صدر بازار	۸
۳۰	۲۱۰۰ "	پیر خانصاحب ڈی وی اینڈ کو کشمیری گیٹ	عہ	۵۴	۲۱۲۴ "	میاں محمد رفیق صاحب سوداگر چرم "	عار
۳۱	۲۱۰۱ "	حافظ شہاب الدین صاحب ڈیرے خیمہ والے لال کنواں	۴ر	۵۵	۲۱۲۵ "	محمد یوسف صاحب امپائر واچ کمپنی۔ بلیماراں	عمر
۳۲	۲۱۰۲ "	مرزا محمد سلیمان صاحب جوہری سالیواڑہ نئی سڑک	عمر	۵۶	۲۱۲۶ "	شیخ محمد تقی صاحب برنس بوٹ ہاؤس چاندنی چوک	عمر
۳۳	۲۱۰۳ "	حامد علی صاحب معرفت محمد حسین صاحب۔ گلی چابک سواراں	۴ر	۵۷	۲۱۲۷ "	محمد شفیع محمد خلیل صاحبان۔ صدر بازار	عمر
۳۴	۲۱۰۴ "	شمس العارفین صاحب ورانی والے چاندنی چوک	۴ر	۵۸	۲۱۲۸ "	مولانا محبوب الٰہی صاحب مدرسہ عربیہ۔ فتحپوری	عمر
۳۵	۲۱۰۵ "	کلو صاحب تانبے والے دکان حاجی رفیع الدین "	۴ر	۵۹	۲۱۲۹ "	میاں اللہ بخش محمد سعید صاحبان۔ کوچہ قابل عطا	سےر
۳۶	۲۱۰۶ "	محمد سعید عبدالمجید صاحبان " " "	۲ر	۶۰	۲۱۳۰ "	سید اشفاق احمد صاحب۔ گلی قاسم جان	صر
۳۷	۲۱۰۷ "	محمد عاقل خانصاحب " " "	۱ر	۶۱	۲۱۳۱ "	حکیم حاجی عبدالحمید صاحب ہمدرد دواخانہ لال کنواں	صر
۳۸	۲۱۰۸ "	محمد مقبول خانصاحب " " "	۲ر	۶۲	۲۱۳۲ "	زرین خانصاحب فروٹ مرچنٹ سبزی منڈی	عار
۳۹	۲۱۰۹ "	حافظ عبدالجلیل صاحب۔ صدر بازار	۴ر	۶۳	۲۱۳۳ "	حاجی عباداللہ خانصاحب فروٹ مرچنٹ "	عار
۴۰	۲۱۱۰ "	عبدالخالق صاحب معرفت محمد عمر صاحب۔ چاندنی چوک	عمر	۶۴	۲۱۳۴ "	منشی حفیظ احمد صاحب "	۴ر
۴۱	۲۱۱۱ "	ڈاکٹر مشتاق احمد صاحب۔ کٹرہ بڑیاں	عمر	۶۵	۲۱۳۵ "	منشی غفرالدین صاحب "	۴ر
۴۲	۲۱۱۲ "	رازق الخیری صاحب۔ دفتر رسالہ عصمت	۸ر	۶۶	۲۱۳۶ "	سعید الرحمٰن صاحب۔ حویلی اعظم خاں	۸ر
۴۳	۲۱۱۳ "	خواجہ احمداللہ صاحب مشن کوٹھی دریاگنج۔ کوچہ چیلان	۴ر	۶۷	۲۱۳۷ "	احمد اسلام خانصاحب کلاتھ ملز	صر
۴۴	۲۱۱۴ "	محمد عبدالرب صاحب اینڈ برادرز۔ کوچہ خانچند	عہ	۶۸	۲۱۳۸ "	ایس محمد یوسف صاحب۔ ریڈنگ فورٹ	۸ر
۴۵	۲۱۱۵ "	عبدالرحیم صاحب کٹرہ قطب الدین	۴ر	۶۹	۲۱۳۹ "	بیگم صاحبہ محمد یعقوب صاحب " "	۸ر
۴۶	۲۱۱۶ "	شیخ محمد رفیع صاحب بردکان شیخ محمد اسحٰق صاحب بلیماران	۴ر	۷۰	۲۱۴۰ "	اے۔ حکیم بٹ صاحب " "	۸ر
۴۷	۲۱۱۷ "	سید انصار علی صاحب بی اے ایل ایل بی فراشخانہ	عمر	۷۱	۲۱۴۱ "	سید غلام حسین صاحب اسمبلی ڈپارٹمنٹ نئی دہلی	عار
۴۸	۲۱۱۸ "	شاہد احمد صاحب ایڈیٹر ساقی۔ گلی تاشہ والی۔	عمر	۷۲	۲۱۴۲ "	طاہر علی صاحب سپرنٹنڈنٹ۔ رابرٹ سوئر	عمر
۴۹	۲۱۱۹ "	مولوی سعید احمد صاحب مدرس مسجد فتحپوری	عہ	۷۳	۲۱۴۳ "	صدیق حسن صاحب ہولاک سکوائر	عہ
۵۰	۲۱۲۰ "	شیخ محمد ادریس صاحب۔ چاندنی چوک	۲ر	۷۴	۲۱۴۴ "	رفیق احمد صاحب۔ ڈاکٹر لین نئی دہلی	عہ
۵۱	۲۱۲۱ "	حاجی چھوٹے میاں صاحب۔ بازار گنده نالہ	۸ر	۷۵	۲۱۴۵ "	محمد صدیق محمد عمر صاحبان آہنیان۔ بلیماران	عـہ
۵۲	۲۱۲۲ "	حاجی رشید احمد صاحب۔ کشمیری گیٹ	عار	۷۶	۲۱۴۶ "	شیخ انیس الرحمٰن صاحب صدر بازار	۸ر

نمبر شمار	نمبر حوالہ رسید	ہمدرد جامعہ	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ	رقم موصولہ
۷۷	۲۱۴۷	ڈی۔ ایم ملک صاحب۔ تاجران کتب عیدگاہ روڈ	عـہ ر	۱۰۱	۲۳۷۱	محمد سلام محمد سعید صاحبان زرمجوب ٹوپی چاندنی چوک	ے ر
۷۸	۲۱۴۸ ،،	ملک غلام محمد صاحب معرفت ڈی۔ ایم ملک صاحب ،،	عـلہ ر	۱۰۲	۲۳۷۲ ،،	عبدالخالق صاحب چوڑی والے۔ بلیماران	عہ ر
۷۹	۲۱۴۹ ،،	دریا خاں صاحب مدرسہ ارادت خاں۔ رنگران	عہ	۱۰۳	۲۳۷۳ ،،	اسلام الدین شجاع الدین صاحبان۔ چاندنی چوک	۸ ر
۸۰	۲۱۵۰ ،،	آغا محمد امین صاحب۔ فیض منزل۔ قرولباغ	عہ ر	۱۰۴	۲۳۷۴ ،،	محمد نظام الدین صاحب انصاری برادرس ،،	عہ ر
۸۱	۲۲۵۱ ،،	مولوی حکیم حبیب اللہ صاحب۔ باڑہ ہندوراؤ	۴ ر	۱۰۵	۲۳۷۵ ،،	ڈاکٹر محمد احمد صاحب ایل ڈی ایس سرجن فتحپوری	۸ ر
۸۲	۲۲۵۲ ،،	برکات احمد صاحب منیجر سلطانی دواخانہ ،،	۴ ر	۱۰۶	۲۳۷۶ ،،	عبدالعلیم صاحب۔ ٹیگور روڈ۔ نمبر ۳۔ نئی دہلی	۴ ر
۸۳	۲۲۵۳ ،،	سید حفیظ الدین صاحب۔ کھجور روڈ قرولباغ	۸ ر	۱۰۷	۲۳۷۷ ،،	صلاح الدین صاحب۔ ہیلی روڈ نمبر ۲۳ ،،	۱۲ ر
۸۴	۲۲۵۴ ،،	شمس الدین خاں صاحب ،،	۸ ر	۱۰۸	۲۳۷۸ ،،	محمود علی صاحب علوی سپرنٹنڈنٹ نظام پیس ،،	للعہ ر
۸۵	۲۲۵۵ ،،	حکیم نذیر الدین احمد صاحب پروفیسر طبیہ کالج	۴ ر	۱۰۹	۲۳۷۹ ،،	صوفی محمد صغیر حسن صاحب ہیڈ ماسٹر مسلم ہائی سکول فتحپوری	عہ ر
۸۶	۲۳۵۶ ،،	ملک آفتاب احمد صاحب آب گنج۔ باڑہ ہندوراؤ	عہ ر	۱۱۰	۲۳۸۰ ،،	حافظ نور محمد صاحب صدر بازار	۴ ر
۸۷	۲۲۵۷ ،،	محمد شفیع صاحب پروپرائٹر حنیف پریس۔ صدر بازار	۸ ر	۱۱۱	۲۳۸۱ ،،	حکیم ذکی احمد صاحب۔ جید پریس۔ بلیماران	عہ ر
۸۸	۲۲۵۸ ،،	محمد وزیر صاحب۔ وزیر پرنٹنگ پریس ،،	عہ ر	۱۱۲	۲۳۸۲ ،،	محمد غالب صاحب منیجر ڈاکٹر انصاری صاحب مرحوم	عہ ر
۸۹	۲۲۵۹ ،،	غلام السبطین صاحب۔ منیجر بڑا دواخانہ	عاہ ر	۱۱۳	۲۳۸۳ ،،	منشی حشمت اللہ صاحب چتہ تیلیان گلی باتا والی	عہ ر
۹۰	۲۲۶۰ ،،	شیخ محمد صدیق صاحب۔ صدر بازار	عہ ر	۱۱۴	۲۳۸۴ ،،	عبدالرزاق صاحب۔ تراہا بہرام خاں	۲ ر
۹۱	۲۲۶۱ ،،	شیخ محمد سعید صاحب۔ ،،	۸ ر	۱۱۵	۲۳۸۵ ،،	حکیم عنایت اللہ صاحب کوچہ تاراچند	۸ ر
۹۲	۲۲۶۲ ،،	حاجی محبوب بخش رفیع الدین صاحبان ،،	صہ ر	۱۱۶	۲۳۸۶ ،،	ڈاکٹر بشیر احمد صاحب۔ چتلی قبر	عہ ر
۹۳	۲۲۶۳ ،،	بابو فیروز الدین صاحب موری گیٹ	۴ ر	۱۱۷	۲۳۸۷ ،،	سید محمد صاحب کلاہ ساز ،،	عہ ر
۹۴	۲۲۶۴ ،،	بابو محمد ابراہیم صاحب۔ گلی سوئیوالاں	۴ ر	۱۱۸	۲۳۸۸ ،،	سید نصیر الدین صاحب شمسی کالج۔ چوڑیوالان	عہ ر
۹۵	۲۲۶۵ ،،	بابو محمد شفیق صاحب۔ متصل ہائی سکول موری گیٹ	عہ ر	۱۱۹	۲۳۸۹ ،،	ایم ذکاء اللہ صاحب۔ لال دروازہ	صہ ر
۹۶	۲۲۶۶ ،،	محمد سلیم خانصاحب۔ محلہ دودروالان ،،	۴ ر	۱۲۰	۲۳۹۰ ،،	عبدالرزاق صاحب ایم اے مسلم ہائی اسکول	عہ ر
۹۷	۲۲۶۷ ،،	سعید احمد صاحب۔ گلی کلیان سنگھ۔ گندہ نالہ	۴ ر	۱۲۱	۲۳۹۱ ،،	کالے خاں صاحب فروٹ مرچنٹ۔ فتحپوری	۸ ر
۹۸	۲۲۶۸ ،،	محبوب احمد صاحب انصاری ،، ،،	۴ ر	۱۲۲	۲۳۹۲ ،،	شمس العارفین صاحب گلاس مرچنٹ ،،	عہ ر
۹۹	۲۲۶۹ ،،	پروفیسر عبدالرحمٰن صاحب۔ گلی راجان کلاں	عہ ر	۱۲۳	۲۳۹۳ ،،	سراج الدین صاحب صابن مرچنٹ صدر بازار	۴
۱۰۰	۲۲۷۰ ،،	وحید الدین احمد صاحب وکیل۔ بلیماران	عہ ر	۱۲۴	۲۳۹۴ ،،	آغا عبدالحمید صاحب حلوہ سوہن والے۔ کوچہ قابل عطار	۱۲ ر

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ	رقم موصولہ
۱۲۵	۲۳۹۵ نمبر	محمد الیاس صاحب ایجنٹ گلیکسو لی نواب گنج میں نگشٹر	صہ/	۱۴۹	۲۴۱۹ نمبر	حاجی عبد المجید صاحب موتی والے۔ صدر بازار	۴/
۱۲۶	۲۳۹۶ "	محمد عثمان محمد سلیمان صاحبان بازار کھاری باؤلی	صہ/	۱۵۰	۲۴۲۰ "	میسرز ایچ۔ ایس محمد صدیق محمد اسمٰعیل فتحپوری	صہ/
۱۲۷	۲۳۹۷ "	حافظ مشتاق احمد صاحب کٹرہ قطب الدین	ے/	۱۵۱	۲۴۲۱ "	حاجی محمد ابراہیم محمد صدیق صاحب کٹرہ قطب الدین	للعہ/
۱۲۸	۲۳۹۸ "	محمد تقی محمد احمد صاحبان کٹرہ موہن۔ چاندنی چوک	سے/	۱۵۲	۲۴۲۲ "	حاجی نور الدین صاحب۔ باڑہ ہندوراؤ	سہ/
۱۲۹	۲۳۹۹ "	خان بہادر سلیمان صاحب انجینئر دہلی ڈسٹرکٹ نئی دہلی	صہ/	۱۵۳	۲۴۲۳ "	ڈاکٹر فضل الرحمٰن صاحب۔ کچا باغ	صہ/
۱۳۰	۲۴۰۰ "	عبد الحق سراج الحق صاحبان۔ ٹوپی والے۔ فتحپوری	عہ/	۱۵۴	۲۴۲۵ "	محبوب الٰہی محمد امین صاحبان۔ کٹرہ قطب الدین	صہ/
۱۳۱	۲۴۰۱ "	بیگم صاحبہ عبد المتین صاحب۔ احمد منزل قرولباغ	عا/	۱۵۵	۲۴۲۶ "	عبد الرزاق حاجی ننھے صاحبان۔ سرکیوالان	عہ/
۱۳۲	۲۴۰۲ "	مرغوب احمد صاحب توفیقی جسین والا "	عا/	۱۵۶	۲۴۲۷ "	سید نصرت علی صاحب۔ چتلا دروازہ	عہ/
۱۳۳	۲۴۰۳ "	حاجی بشیر احمد صاحب تاجر جفت۔ چاوڑی بازار	۸/	۱۵۷	۲۴۲۸ "	عبد الرزاق محمد اسحٰق صاحبان۔ کوچہ خانچند	عہ/
۱۳۴	۲۴۰۴ "	امتیاز احمد خانصاحب۔ کوچہ چیلاں	سے/	۱۵۸	۲۴۲۹ "	انوار الحق صاحب ایس محمد عرفان صاحب "	عہ/
۱۳۵	۲۴۰۵ "	منشی بشیر ثاقب صاحب۔ چھتہ گڑھیا "	٭/	۱۵۹	۲۴۳۰ "	ایم۔ اے رب اینڈ برادرز "	عہ/
۱۳۶	۲۴۰۶ "	سرفراز الحق صاحب۔ مسجد کالیناں	۴	۱۶۰	۲۴۳۱ "	محمد شفیع صاحب حلوائی دکان حبش حلوائی بلیماران	عـہ۱۲
۱۳۷	۲۴۰۷ "	حکیم محمد ظہیر علی صاحب سہسوانی کوچہ چیلاں	۸/	۱۶۱	۲۴۳۲ "	محمد حسن محمد صدیق صاحبان۔ صدر بازار	عـہ
۱۳۸	۲۴۰۸ "	سید محمد شفیع صاحب۔ چھالیہ فروش۔ چتلی قبر	۲/	۱۶۲	۲۴۳۳ "	محمد عبد اللہ صاحب۔ سوداگر چرم "	عـہ
۱۳۹	۲۴۰۹ "	" سلیم الزماں صاحب صدیقی۔ "	۴/	۱۶۳	۲۴۳۴ "	سید انوار احمد صاحب مبارک منزل گلی قاسم جان	صہ/
۱۴۰	۲۴۱۰ "	حکیم احمد حسن خانصاحب "	۲/	۱۶۴	۲۱۷۳ "	مولوی عبد الرب صاحب۔ نئی دہلی	عہ/
۱۴۱	۲۴۱۱ "	حکیم شریف الدین خانصاحب۔ مالک دواخانہ بقائی "	۴/	۱۶۵	۲۱۷۴ "	خان بہادر حافظ عبد الحکیم صاحب "	ے/
۱۴۲	۲۴۱۲ "	حافظ سبحان اللہ صاحب لانڈری ورکس "	۸/	۱۶۶	۲۱۷۵ "	فتح محمد صاحب شیفتہ "	عہ/
۱۴۳	۲۴۱۳ "	احمد حسن خانصاحب معرفت آغا برادرس نئی سڑک	عہ/	۱۶۷	۲۱۷۶ "	طفیل محمد صاحب "	۸/
۱۴۴	۲۴۱۴ "	نواب قدیر الدین احمد صاحب وکیل۔ بلیماران	عہ	۱۶۸	۲۱۷۷ "	خواجہ غلام نسین صاحب "	عہ
۱۴۵	۲۴۱۵ "	عبد المغنی صاحب۔ محلہ شیش محل	عہ/	۱۶۹	۲۱۷۸ "	عبد الواحد صاحب "	۴/
۱۴۶	۲۴۱۶ "	حاجی عبد السلام صاحب سوداگر چرم۔ صدر بازار	عـہ۱۲/	۱۷۰	۲۱۷۹ "	سید محمد مرتضیٰ علی صاحب "	عہ/
۱۴۷	۲۴۱۷ "	حاجی شرف الدین صاحب " "	ے/	۱۷۱	۲۱۸۰ "	سید حامد علی صاحب "	عہ/
۱۴۸	۲۴۱۸ "	محمد جمیل صاحب۔ قصاب پورہ	عہ/	۱۷۲	۲۱۸۱ "	محمد اشرف صاحب "	۸/

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ		رقم موصولہ
۱۷۳	۲۱۸۲	مرزا جی۔ اے بیگ	نئی دہلی	عا ر
۱۷۴	۲۱۸۳	محمد فاضل صاحب	"	۸ر
۱۷۵	۲۱۸۴	شمعون احمد صاحب	"	عہ ر
۱۷۶	۲۱۸۵	لیاقت اللہ خاں صاحب	"	۸ر
۱۷۷	۲۱۸۶	محمد شریف صاحب قریشی	"	۸ر
۱۷۸	۲۱۸۷	شیخ محمد حشمت علی صاحب	"	سہ ر
۱۷۹	۲۱۸۸	محمد اکرام اللہ خاں صاحب	"	۸ر
۱۸۰	۲۱۸۹	غلام حسن صاحب	"	۸ر
۱۸۱	۲۱۹۰	چودھری محمد سرور صاحب	"	عا ر
۱۸۲	۲۱۹۱	محمد نصر اللہ صاحب	"	عہ ر
۱۸۳	۲۱۹۲	محمد عبد الغنی صاحب شہید	"	عہ ر
۱۸۴	۲۱۹۳	غلام محمد صاحب	"	۰ر
۱۸۵	۲۱۹۴	عبد الرحمٰن صاحب	"	۳ر
۱۸۶	۲۱۹۵	معصوم علی صاحب	"	۴
۱۸۷	۲۱۹۶	میاں محمد صاحب	"	عہ ر
۱۸۸	۲۱۹۷	احسان الحق صاحب	"	۴ر
۱۸۹	۲۱۹۸	حامد علی صاحب	"	۸ر
۱۹۰	۲۱۹۹	منشی کریم بخش صاحب	"	غا
۱۹۱	۲۲۰۰	رشید علی خاں صاحب	"	۴ر
۱۵۲	۲۶۵۲	تنویر علی صاحب	"	عہ ر
۱۹۳	۲۶۵۳	طفیل محمد صاحب	"	۸ر
۱۹۴	۲۶۵۴	سردار محمد خاں صاحب	"	عہ ر
۱۹۵	۲۶۵۵	حکیم علی صاحب	"	سہ ر
۱۹۶	۲۶۵۶	ضیاء الدین احمد صاحب	"	۸ر

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ		رقم موصولہ
۱۹۷	۲۶۵۷	خورشید الدولہ صاحب	نئی دہلی	سہ ر
۱۹۸	۲۶۵۸	جمیل الدین صاحب	"	سہ ر
۱۹۹	۲۶۵۹	امین صاحب	"	۴ر
۲۰۰	۲۶۶۰	بشیر احمد صاحب	"	۱۲ر
۲۰۱	۲۶۶۱	معراج الدین احمد صاحب	"	۸ر
۲۰۲	۲۶۶۲	مولوی عبد الرحمٰن صاحب	"	۸ر
۲۰۳	۲۶۶۳	بیگم صاحبہ محمد غیور صاحب	"	سہ ر
۲۰۴	۲۶۶۴	محمد اسمٰعیل صاحب	"	عہ ر
۲۰۵	۲۶۶۵	تاج الدین صاحب	"	عہ ر
۲۰۶	۲۶۶۶	ملک علم الدین صاحب	"	۸ر
۲۰۷	۲۶۶۷	محمد غیور صاحب	"	۸ر
۲۰۸	۲۶۶۸	منشی کریم بخش صاحب	"	۸ر
۲۰۹	۲۶۶۹	صوفی غلام قادر صاحب	"	۸ر
۲۱۰	۲۶۷۰	مقبول احمد صاحب انصاری	"	عہ ر
۲۱۱	۲۶۷۱	خواجہ محمد حسن صاحب	"	سہ ر
۲۱۲	۲۶۷۲	آغا علی مصطفےٰ صاحب	"	سہ ر
۲۱۳	۲۶۷۳	سید محمد ذاکر صاحب	"	سہ ر
۲۱۴	۲۶۷۴	منشی حبیب الرحمٰن صاحب	"	سہ ر

۲ – یوپی:-

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ		رقم موصولہ
۱	۲۱۷	والدہ صاحبہ چودھری خلیق الزماں صاحب	لکھنؤ	صہ ر
۲	۲۳۱	محمد اعظم خاں صاحب	قائم گنج	صہ ر
۳	۲۳۵	چودھری محمد وسیم صاحب بار ایٹ لا	لکھنؤ	صہ ر
۴	۲۴۶	اے۔ ایم خواجہ صاحب	الٰہ آباد	صہ ر

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ		رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ		رقم موصولہ
۵	۲۵۹	مولوی محمد عبدالحافظ خانصاحب	قائم گنج	عـہ ر	۲۹	۱۴۲۱ ئے	محمد اختر صاحب	علیگڈھ	۴ ر
۶	۲۶۶	فصیح اللہ صاحب کرمانی وکیل	گونڈہ	ے ر	۳۰	″ ۱۴۲۲	مولوی نورالہدیٰ صاحب ایڈوکیٹ	″	عہ ر
۷	۲۷۰	تہور علی صاحب انصاری ″	″	ے ر	۳۱	″ ۱۴۲۳	اختر حسن صاحب	″	عہ ر
۸	۲۷۱	سید امداد حسین صاحب ایڈوکیٹ	″	عا ر	۳۲	″ ۱۴۲۴	مولانا ابوبکر محمد شیث صاحب	″	عہ ر
۹	۲۷۲	حکیم عبداللطیف صاحب	″	عہ ر	۳۳	″ ۱۴۲۵	نعیم الدین صاحب	″	۸ ر
۱۰	۱۴۰۱ ئے	نادر علی اینڈ کو	میرٹھ	عہ ر	۳۴	″ ۱۴۲۶	مسٹر نصیرالدین علوی صاحب	″	عہ ر
۱۱	″ ۱۴۰۲	سید محمد یحییٰ صاحب	″	۸ ر	۳۵	″ ۱۴۲۷	آل احمد صاحب سرور	″	عہ ر
۱۲	″ ۱۴۰۳	شیخ نورالدین صاحب	″	للعہ ر	۳۶	″ ۱۴۲۸	خان بہادر حبیب اللہ خانصاحب	″	عہ ر
۱۳	″ ۱۴۰۴	بیگم صاحبہ نواب محمد اسمٰعیل صاحب	″	عـہ ر	۳۷	″ ۱۴۲۹	سید بشیر الدین صاحب	″	۱۵ ر
۱۴	″ ۱۴۰۵	غلام محمد صاحب	″	۸ ر	۳۸	″ ۱۴۳۰	عبدالعلیم احراری صاحب	″	عا ر
۱۵	″ ۱۴۰۶	ڈاکٹر مشکور احمد صاحب	مراد آباد	عـہ ر	۳۹	″ ۱۴۳۱	غلام ربانی صاحب صدیقی	″	۴
۱۶	″ ۱۴۰۷	عبدالمجید خانصاحب ایڈوکیٹ	″	عہ ر	۴۰	″ ۱۴۳۲	شاہد احمد خانصاحب	″	۴ ر
۱۷	″ ۱۴۰۸	سید تصور حسین صاحب نقوی	″	ت ر	۴۱	″ ۱۴۳۳	مولانا اکرام اللہ خانصاحب	″	عہ ر
۱۸	″ ۱۴۰۹	عبدالنعیم صاحب	″	عہ ر	۴۲	″ ۱۴۳۴	محمد شاغل صاحب	″	عہ ر
۱۹	″ ۱۴۱۰	محمد عاصم صاحب	″	عہ ر	۴۳	″ ۱۴۳۵	پروفیسر محمد حاذق صاحب	″	عہ ر
۲۰	″ ۱۴۱۲	رشید احمد صاحب صدیقی	علیگڈھ	عہ ر	۴۴	″ ۱۴۳۶	دوست محمد خانصاحب	″	۴ ر
۲۱	″ ۱۴۱۳	بیگم صاحبہ رشید احمد صاحب صدیقی	″	عہ ر	۴۵	″ ۱۴۳۷	خواجہ بیگم صاحبہ منظور حسین صاحب	″	عا ر
۲۲	″ ۱۴۱۴	ڈاکٹر رفیق احمد صاحب	″	عا ر	۴۶	″ ۱۴۳۸	سید تجمل حسین صاحب	″	عہ ر
۲۳	″ ۱۴۱۵	خواجہ غلام السیدین صاحب	″	ے ر	۴۷	″ ۱۴۳۹	سید محمد یوسف صاحب	″	۴ ر
۲۴	″ ۱۴۱۶	مسعود حسن صاحب صدیقی	″	۲ ر	۴۸	″ ۱۴۴۰	رعایت خانصاحب	″	۱ ر
۲۵	″ ۱۴۱۷	مرزا ابراہیم بیگ صاحب	″	ے ر	۴۹	″ ۱۴۴۱	غضنفر علی خانصاحب	″	۴ ر
۲۶	″ ۱۴۱۸	معصوم علی صاحب	″	۴ ر	۵۰	″ ۱۴۴۲	محمد انور صاحب صمدانی	″	۴ ر
۲۷	″ ۱۴۱۹	سید ریع علی صاحب الوری	″	۴	۵۱	″ ۱۴۴۳	سید محمد شکیل صاحب	″	۸ ر
۲۸	″ ۱۴۲۰	سراج الحسن صاحب	″	۴	۵۲	″ ۱۴۴۴	قاضی محمد یونس صاحب	″ میزان	مالعہ ۱۲

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ		رقم موصولہ
۳ - بمبئی :-				
۱	۲۱۴	ڈاکٹر خواجہ عبدالحمید صاحب مالک اوکاسا بمبئی		۱۰ مار
۲	۱۲۳۵ لے	موذن محمد یوسف صاحب	،،	۲ر
۳	۱۲۳۶ ،،	عبدالکریم صاحب لالہ	،،	۸ر
۴	۱۲۳۷ ،،	معین الدین صاحب حارث	،،	عہ ر
۵	۱۲۳۸ ،،	بیگم صاحبہ معین الدین صاحب حارث	،،	عہ ر
۶	۱۲۳۹ ،،	عثمان حسین خانصاحب	،،	عہ ر
۷	۱۲۴۰ ،،	چودھری صاحب معرفت وی وائز برادرس	،،	عہ ر
۸	۱۲۴۱ ،،	ڈاکٹر مظہر الحق صاحب گور	،،	صہ ر
۹	۱۲۴۲ ،،	محمد ابراہیم علیصاحب قزلباش	،،	عاَر
۱۰	۱۲۴۳ ،،	حبیب رحیم صاحب پرپیا	،،	سے ر
۱۱	۱۲۴۴ ،،	قاضی عبداللطیف صاحب	،،	۴ر
۱۲	۱۲۴۵ ،،	محمود حسین صاحب مقری	،،	عہ ر
۱۳	۱۲۴۶ ،،	غلام حسین یونس صاحب	،،	۴ر
۱۴	۱۲۴۷ ،،	حکیم فضل رحیم صاحب	،،	عہ ر
۱۵	۱۲۴۸ ،،	ایس - ایم ابراہیم صاحب	،،	عہ ر
۱۶	۱۲۴۹ ،،	قاضی باپو صاحب بھیسلائی	،،	۴ر
۱۷	۱۲۵۰ ،،	محمد شبیر و علی محمد صاحبان	،،	عہ ر
۱۸	۱۲۵۱ ،،	حکیم عبدالرحمٰن صاحب	،،	۴
۱۹	۱۲۵۲ ،،	رحیم اللہ صاحب ہیڈ ماسٹر	،،	عہ ر
۲۰	۱۲۵۳ ،،	فقیر محمد صاحب قیصر	،،	۴ر
۲۱	۱۲۵۴ ،،	فقیہ عباس صاحب آرائی	،،	۴ر
۲۲	۱۲۵۵ ،،	حسن علیصاحب راجکوٹی		۴ر
۲۳	۱۲۵۶ ،،	چودہری چراغ الدین اینڈ برادرس		عاَر
۲۴	۱۲۵۷ لے	ڈاکٹر محمد اسحٰق صاحب	بمبئی	عاَر
۲۵	۱۲۵۸ ،،	شیخ احمد صاحب سنگلے	،،	۴ر
۲۶	۱۲۶۰ ،،	موذن محمد یوسف صاحب	،،	۲ر
۲۷	۱۲۶۱ ،،	عبدالکریم صاحب لالہ	،،	۸ر
۲۸	۱۲۶۲ ،،	محمد یحییٰ صاحب تاجر عطر	،،	یعہ ر
۲۹	۱۲۶۳ ،،	ابراہیم عمادی صاحب	،،	۴ر
۳۰	۱۲۶۴ ،،	محمد احمد برادرس	،،	عےَ
۳۱	۱۲۶۵ ،،	قاضی حسن صاحب چلمائی	،،	۴ر
۳۲	۱۲۶۶ ،،	معین الدین صاحب حارث	،،	عہ ر
۳۳	۱۲۶۷ ،،	بیگم صاحبہ معین الدین صاحب حارث	،،	عہ ر
۳۴	۱۲۶۸ ،،	عثمان حسین خانصاحب	،،	عہ ر
۳۵	۱۲۶۹ ،،	چودہری صاحب معرفت وی وائز برادرس	،،	عہ ر
۳۶	۱۲۷۰ ،،	محمد اسمٰعیل صاحب لانبے	،،	عہ ر
۳۷	۱۲۷۱ ،،	حاجی اسمٰعیل حاجی احمد صاحبان	،،	عاَر
۳۸	۱۲۷۲ ،،	رئیس احمد صاحب جعفری	،،	عہ ر
۳۹	۱۲۷۳ ،،	خلیل الرحمٰن صاحب شیرودی۔ شیروڈ بن		۴ر
۴۰	۱۲۷۴ ،،	عبدالحمید صاحب کاتب	بمبئی	۴ر
۴۱	۱۲۷۵ ،،	غلام حسین یونس صاحب	،،	۴ر
۴ - سی پی :-				
۱	۲۱۵	حاجی حیات خانصاحب ولد گلزار خانصاحب دریاپور		سے ر
۲	۲۲۵	ناصر علی عباس صاحب	جبلپور	عاَر
۳	۲۲۶	محمد عبدالرزاق صاحب	بالاگھاٹ	عہ ر
۴	۲۳۴	ایچ - ایس ظہیر الدین صاحب	چھندوارہ	صہ ر

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ		رقم موصولہ
۵	۲۳۳	میسرز حاجی نور محمد حاجی عبد لی	کارنجہ	عسہ
۶	۲۴۳	محمد ارشاد اللہ خانصاحب	امراؤتی	چہ
۷	۱۳۸	بچو جان محمد صاحب سلیٹھ	بجھ ساول	ست
۸	۱۳۹ "	محمد بشیر صاحب	برہانپور	صہ
۹	۱۴۰ "	مولوی امانت اللہ صاحب	"	صہ
۱۰	۱۴۱ "	محمد زاہد صاحب	"	صہ
۱۱	۱۴۲ "	محمد ابراہیم ولد چھوٹے میانصاحب	کارنجہ	ے
۱۲	۱۴۴ "	محمد حسن صاحب صدیقی		صہ
۱۳	۱۴۵ "	ڈاکٹر عبد الحفیظ خانصاحب	"	عار
۱۴	۱۴۷ "	حاجی عبد الشکور ہاشم صاحب	"	سے
۱۵	۱۴۸ "	احمد حسین صاحب	"	سے
۱۶	۱۴۹ "	حاجی ولی محمد علی محمد صاحب	"	ے
۱۷	۱۵۰ "	محمد حیات خانصاحب	آکولا	عہ

بنگال :-

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ		رقم موصولہ
۱	۲۱۲	میسرز محمد اسمٰعیل عبد العزیز	کلکتہ	صعہ
۲	۲۲۱	محمد عبد العزیز الفنا ...ی صاحب	"	ص
۳	۲۴۵	ڈاکٹر محمود حسین خانصاحب	ڈھاکہ	صعہ
۴	۲۲۰۱	مولوی محمد مبین صاحب	کلکتہ	عہ
۵	۲۲۰۲	انور النبی محمد یحیٰی صاحبان	"	عہ
۶	۲۲۰۳ "	سیٹھ عبد الرحمٰن عثمان صاحب	"	صہ
۷	۲۲۰۴ "	مولوی مشتاق احمد صاحب	"	صعہ
۸	۲۲۰۵ "	حاجی سراج الدین صاحب	"	صہ

سنٹرل انڈیا :-

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ		رقم موصولہ
۱	۲۶۴	عالی مرتبت مشیر الملک قاضی علی حیدر عباسی صاحب	بھوپال	عہ
۲	۲۶۷۵	نجم الانشا سید سخاوت حسین صاحب	بھوپال	عار
۳	۲۶۷۶ "	بیگم صاحبہ علی احمد خانصاحب	"	سے
۴	۲۶۷۷ "	علی احمد خانصاحب مشیر قانون	"	سے
۵	۲۶۷۸ "	افسر الاطبا حکیم سید ضیاء الحسن صاحب	"	عار
۶	۲۶۷۵ "	پیرزادہ عبد السلام صاحب	"	سے
۷	۲۶۸۰ "	مفتی شمس الدین صاحب	"	سے

بہار :-

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ		رقم موصولہ
۱	۲۲۰	سید محمد رشید صاحب	بانکی پور	عار
۲	۲۴۰	سید امین الدین صاحب آئی سی ایس حاجی پور		للعہ
۳	۲۷۶	بدر الحسن صاحب وکیل	مظفر پور	سے

مدراس :-

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ		رقم موصولہ
۱	۲۱۸	غلام احمد صاحب کلامی	بنگلور	عہ
۲	۲۶۰	ایم۔ جے جمال محی الدین صاحب	مدراس	عسہ
۳	۲۶۱	ایم۔ جے جمال الدین	"	عسہ
۴	۲۶۲	ایم محمد اسمٰعیل صاحب	"	عسہ

پنجاب و سرحد :-

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ		رقم موصولہ
۱	۲۳۲	ایم زاہد حسین صاحب	پشاور	صہ

حیدر آباد دکن :-

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ		رقم موصولہ
۱	۲۵۶	نواب ناظر یار جنگ بہادر ڈاکٹر ناظر الدین حسن صاحب	حمید آباد دکن	صہ

دیگر

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ		رقم موصولہ
۱	۲۶۸	ایم عبد العزیز صاحب	مونگیالی	للعہ
۲	۲۷۹	سید امام الدین صاحب رضوی اودے پور میواڑ		سے
۳	۲۱۹	فضل الدین احمد صاحب فدا۔ فورٹ سینڈیمن بلوچستان		سے
۴	۲۵۸	شیخ عبد الوہاب صاحب دہلوی مکہ معظمہ		عسہ

رجسٹرڈ نمبر ل ۳۹۳۸

(مطبوعہ جامعہ پریس دہلی)

مرتب اور ناشر و طابع شفیق الرحمٰن بی۔ اے (جامعہ)

ہمدردِ جامعہ

مرتبہ

ناظم

حلقۂ ہمدردانِ جامعہ دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہمدرد جامعہ

جلد ۱ | بابت ماہ مارچ ۱۹۳۷ء مطابق محرم الحرام ۱۳۵۶ھ | نمبر ۹

فہرست مضامین

چندہ سالانہ عہ ر

قیمت فی پرچہ ۲ر

ہدیہ تہنیت

فرماں روائے کشور دکن اعلیٰحضرت

حضور نظام خلد اللہ ملکہ وحشمتہ

کے جشن سیمیں پر کارکنان جامعہ اور ہمدردان جامعہ

دلی مبارک باد پیش کرتے ہیں اور بارگاہ ایزدی

میں دست بدعا ہیں کہ وہ سایہ ہمایونی کو ملت اسلامیہ

کے سروں پر تادیر قائم رکھے۔

ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

شذرات

ایک مدت سے پنجاب کے بعض علاقوں کا دورہ کرنے کا قصد تھا لیکن ایسے مواقع پیش آتے رہے کہ ہمیشہ دورہ کی تاریخیں مقرر کرنے کے بعد پھر سفر ملتوی کرنا پڑا بالآخر گذشتہ فروری میں ناظم ہمدردان جامعہ نے بمعیت مولینا عبدالحی صاحب فاروقی شیخ التفسیر و ناظم شعبہ دینیات جامعہ ملیہ بہاولپور، لائلپور، چک جھمرہ، سیالکوٹ اور لاہور کا سفر کیا۔ بہاولپور میں ہمارے ایک قدیم کرم فرما اور ہمدرد میر سراج الدین صاحب سابق چیف جج ریاست بہاولپور کی عنایت سے ہمدردان جامعہ کا ایک حلقہ پہلے سے موجود تھا، اس میں ۲۵ ہمدردان کا اور اضافہ ہوگیا۔ ریاست کے عہدیداران بالخصوص وزیر اعظم، وزیر تعلیمات، وزیر عدلیہ اور ڈائرکٹر سررشتۂ تعلیم سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا، موخر الذکر حضرات سے چند مخصوص صحبتوں میں جامعہ کے تعلیمی نصب العین اور قومی تعلیم کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال اور گفتگو کا بھی موقع ملا۔ اس کے علاوہ ریاست کے ہر طبقہ کے لوگوں سے ملنے کا اتفاق ہوا جامعہ ملیہ کے نام سے سبھی لوگ واقف تھے۔ اس سفر میں ذاتی طور پر ان حضرات سے ملاقات ہوئی جو جامعہ کے ساتھ غائبانہ ہمدردی رکھتے تھے۔ جامعہ عباسیہ بہاولپور کے ایک مخلص کارکن مولانا عبداللہ صاحب دیوبندی اور حزب الاسلام کے نوجوان اور پرجوش خدام سے وفد جامعہ کو بہت مدد ملی چنانچہ میر صاحب ممدوح کے تعلق اور سرپرستی اور دیگر احباب کی کوششوں سے بہاولپور میں ہمدردان جامعہ کا ایک قابل قدر حلقہ قائم ہوگیا ہے جملہ عہدیداران ریاست اور بالخصوص حکیم شمس الدین صاحب وزیر تعلیمات وکرنل مقبول حسن صاحب قریشی وزیر عدلیہ میر سراج الدین صاحب سابق چیف جج اور خان بہادر مولوی ضیاء الدین صاحب ناظم سررشتہ تعلیمات کے ہم بدل ممنون ہیں کہ حلقہ ہمدردان میں شرکت فرما کر اہل ریاست کے لئے ایک مثال قائم کردی۔ رئیس الوزراء نواب نبی بخش محمد حسین صاحب نے اعلیحضرت فرمانروائے ریاست کی طرف سے یہ وعدہ فرمایا ہے کہ آئندہ بجٹ میں انشاء اللہ ریاست کی طرف سے بھی مستقل امداد کی گنجائش نکالی جائے گی۔ اعلیحضرت کی توجہ اور عماد الملک رئیس الوزراء کی ہمدردی اور عنایت کے لئے کارکنان جامعہ دل سے شکر گذار ہیں۔

بہاولپور کے بعد وفد جامعہ لائلپور گیا۔ یہ ضلع ہمارے رفیق کار ڈاکٹر اکبر علی صاحب کا وطن ہے، چنانچہ اس تعلق سے و نیز ہمارے ایک جامعی دوست میر عبدالقیوم صاحب بی اے۔ ایل ایل بی وکیل کی وجہ سے لائلپور کے مختصر قیام میں ہمدردان جامعہ کا ایک بہت اچھا حلقہ قائم ہوگیا ہے جسمیں شہر کے وکلاء و روساء اور زراعتی کالج کے اساتذہ، غرض ہر طبقہ کے لوگ شریک ہوئے ہیں۔ میر عبدالقیوم صاحب چونکہ خود جامعی ہیں اس لئے انہوں نے باوجود مقامی سیاست اور اپنے پیشہ کی مصروفیتوں کے جو کچھ دوڑ دھوپ جامعہ کے وفد کے ساتھ کی یہ ان کا حق تھا اور اس لئے ان کا شکر ادا کرنے میں بھی ہمیں تامل ہے۔ لیکن ڈاکٹر غلام رسول صاحب چیما، رانا فیروز الدین صاحب ایڈوکیٹ، چودھری محمد افضل صاحب (کاٹن ریسرچ بوٹنسٹ) میاں افضل حسن صاحب پرنسپل زراعتی کالج اور مسٹر اے رحمٰن کے ہم بدل ممنون ہیں کہ ان حضرات نے جامعہ کے ساتھ اپنی ہمدردی اور

دلچسپی کا گراں قدر ثبوت دیا۔ شہر لائلپور کے علاوہ مضافات میں صرف چک جھمرہ تک جانے کا موقع ملا وہاں بھی غازی جمال الدین صاحب جامعی علیگ اور ریاض حسن صاحب ہیڈ ماسٹر اور میاں فضل الدین صاحب کے توسط سے چند اصحاب حلقۂ ہمدردان میں شریک ہوگئے۔

سیالکوٹ میں صرف ایک روز قیام رہا۔ وہاں ایک حلقہ پہلے سے قائم ہے اور اس حلقہ کے اعزازی کارکن پروفیسر فیض احمد صاحب ایم اے ہیں۔ سیالکوٹ کے سفر کی غرض اس مرتبہ صرف یہ تھی کہ ان حضرات سے ذاتی طور پر نیاز حاصل کیا جائے جو جامعہ پر مستقلاً عنایت فرماتے رہتے ہیں چنانچہ چند ہمدردان سے ملاقات ہوگئی۔ پروفیسر صاحب گذشتہ انتخاب کے مایوس کن نتائج سے بہت متاثر تھے اسلئے اس سفر میں ہم لوگ ان کی عنایت سے فائدہ نہیں اٹھا سکے اور یہ طے ہوا ہے کہ آئندہ تعطیلات میں جامعہ کا وفد ایک بار پھر سیالکوٹ حاضر ہو۔ خدا کے فضل سے ہمدردان سیالکوٹ کا موجودہ چندہ اس وقت بھی اوسطاً ۲۵ عہ ماہوار سے کم نہیں ہے۔ لیکن امید ہے کہ آئندہ سفر میں یہ امداد دگنی ضرور ہو جائے گی۔

سیالکوٹ سے ہم لوگ لاہور پہونچے۔ یہ اس دورہ کی آخری منزل تھی۔ لاہور میں جامعہ کی برادری کے بہت سے لوگ موجود ہیں۔ سید نذیر نیازی صاحب بی اے جامعی (مالک دارالاشاعت طلوع اسلام)، سید سلامت اللہ شاہ صاحب بی اے جامعی (مالک یونائیٹڈ آرٹ پارٹ) جنگ بہادر صاحب اسسٹنٹ ایڈیٹر "ٹریبون"۔ محمد سرور صاحب بی اے جامعی و فاضل الازہر (مصر) مالک مکتبہ پنجاب۔ سید مضیر احمد صاحب جامعی مدیر رسالہ "طلوع اسلام"۔ ملک حسن علی صاحب بی اے جامعی۔ اتالیق یتیم خانہ حمایت اسلام۔ محمد علی صاحب جامعی (مالک نیئرہ کمپنی فوٹوگرافر مال روڈ) محمد اسلم خاں صاحب جامعی بیرسٹر ایٹ لا اور سید منیر احمد صاحب۔ ان دوستوں کے مشورے اور جامعہ کے قدیم کرم فرما ملک نصر اللہ خاں صاحب عزیز کی کوشش سے شہر میں ایک اچھے حلقہ کی بنیاد ڈال دی گئی ہے۔ لیکن لاہور ہندوستان کے ان شہروں میں سے ہے جہاں سینکڑوں نہیں بلکہ ہزاروں کی تعداد میں جامعہ کے کام سے دلچسپی رکھنے والے حضرات موجود ہیں ان سب تک پہنچنا اور انکو حلقۂ ہمدردان میں شریک کرنے کیلئے مستقل کوشش کی ضرورت ہے۔ چنانچہ حالات کا جائزہ لینے کے بعد یہ طے کیا گیا ہے کہ اس سال کے دوران میں انشاءاللہ لاہور میں خاص طور پر حلقۂ ہمدردان کی توسیع کی کوشش کی جائے گی۔ لاہور کے سرآوردہ حضرات نے بالخصوص ڈاکٹر سیف الدین صاحب کچلو نے ہر ممکن امداد کا وعدہ فرمایا ہے۔ جامعی دوستوں نے بھی یہ طے کیا ہے کہ اپنے اپنے حلقہ میں حلقۂ ہمدردان جامعہ کی توسیع کا کام شروع کر دیا جائے۔ ہم لوگ حضرت مولینا احمد علی صاحب (انجمن خدام دین)، مولوی محمد حنیف صاحب، خواجہ عبدالوحید صاحب اور ملک نصر اللہ خاں صاحب عزیز مدیر زمیندار کے ممنون ہیں کہ ان حضرات نے لاہور کے مختصر قیام میں وفد جامعہ کا ایک بہت وسیع حلقہ سے تعارف کرا دیا۔ ہمیں افسوس ہے کہ وقت کی قلت کی وجہ سے وفد جامعہ اس سفر میں لاہور کے دیگر کرم فرما اور سرپرستوں کی عنایت سے فائدہ نہ اٹھا سکا۔ لاہور کے جامعی دوستوں کی محبت اور عنایت کا شکریہ ادا کرنے سے قصداً گریز کیا گیا ہے۔ امید ہے کہ اس بے تکلفی کو وہ ناپسند نہ کرینگے۔

بچوں کی تربیت

(ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب شیخ الجامعہ جامعہ ملیہ اسلامیہ)

کوئی تین ہفتے ہوتے ہیں میں نے آپ سے بچوں کی تربیت پر کچھ باتیں کی تھیں باتیں بھی کچھ یونہی سی تھیں اور زمانہ بھی خاصا گذر گیا اس سے یقین ہے کہ آپ سب کچھ بھول گئے ہوں گے اور میں اگر آج بھی وہی کہتا پھر دہراؤں تو شاید ہی کوئی پکڑ پائے مگر یہاں آغا صاحب کھڑے ہیں کیوں اس کی اجازت دینے لگے سنئے کچھ اور ہی کہنا پڑے گا۔ میں نے اس دفعہ بتایا تھا کہ بچہ کی ذہنی زندگی میں دو چیزوں پر خاص دھیان دینے کی ضرورت ہے ایک اس کے اس احساس پر کہ وہ اوروں سے کم ہے اور دوسرے اس کمی کو دور کرنے کے لئے اسکی کوششوں پر۔ انہی دو چیزوں سے اسکی ذہنی زندگی کا سانچہ بنتا ہے انہی میں اسے سہارے اور ہدایت کی ضرورت ہوتی ہے اور اس میں ماں باپ سے غلطیاں ہوجاتی ہیں۔ آج میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ یہ غلطیاں عام طور پر خاص خاص موقعوں پر ہوتی ہیں۔ ماں باپ ان سے آگاہ ہوجائیں تو شاید ان غلطیوں سے بچنے میں آسانی ہو

سب سے پہلے تو ان غلطیوں سے بچنے کی ضرورت ہے جو ماں باپ اس وجہ سے کرتے ہیں کہ انھیں یا تو اپنے بچہ کی ان جسمانی خرابیوں کا علم نہیں ہوتا جو وہ ساتھ لیکر پیدا ہوا ہے۔ یا علم ہوتا ہے تو وہ ادھر توجہ نہیں کرتے اور ان کمیوں کی وجہ سے بچہ کو دشواریاں پیش آتی ہیں۔ ان کا ذرا خیال نہیں کرتے۔ کتنے بچے ہیں جو آنکھ کی خلقی خرابیوں کی وجہ سے کبھی بلا تکلیف لکھ پڑھ نہیں سکتے۔ کسی کو دہرا دکھائی دیتا ہے کسی کے سر میں درد ہونے لگتا ہے۔ بچے جب پڑھتے لکھتے ہیں اوروں سے پیچھے رہتے ہیں تو بجائے اسکے کہ ان کی اصلی مشکل کو حل کیا جائے انھیں برا بھلا کہا جاتا ہے سزا دی جاتی ہے۔ بچہ اپنے قصور کو سمجھتا نہیں سزا کو ظلم جانتا ہے اور اپنے بس بھر اس سے بچنے کی نئی نئی تدبیریں نکالتا ہے یا اپنی نااہلی کا یقین کرکے محنت اور توجہ سے ہاتھ اٹھا لیتا ہے۔ آپکو سنکر تعجب ہوگا کہ بچوں میں بہت بڑی تعداد خلقی طور پر بیں ہتوں کی ہوتی ہے آپ کا جی آزمانے کو چاہے تو بچوں کی کسی جماعت سے کہئے کہ اپنے پنجہ میں پنجہ ڈالو جن بچوں کا بایاں انگوٹھا سیدھے انگوٹھے کے اوپر ہو وہ خلقی بیں ہتے ہیں۔ یہ طریقہ سو فیصدی سچا نہیں لیکن تقریباً ٹھیک نتیجے بتا سکتا ہے۔ ان بے شمار بیں ہتے بچوں کو رہنا سہنا ہے دیں ہتوں کی دنیا میں۔ گذر کرتے تو کرتے ہی ہیں لیکن ان کی دشواری کا کچھ اندازہ کرنا چاہیے اور ان سے کچھ تو ہمدردی ضروری ہے اگر آپ ہندوستان سے جہاں سڑک پر بائیں ہاتھ کو بچتے ہیں، جرمنی جائیں جہاں دائیں کو بچنا ہوتا ہے تو آپ کو ان غریب بچوں کی دشواری کا کچھ اندازہ ہوگا۔ جناب، قدم قدم پر کسی نہ کسی سے معافی مانگنی پڑے گی، یا ڈانٹ سننی ہوگی۔ اگر آپ خود اپنی موٹر کار چلاتے ہوں تو خدا جانے کیا گذرے۔ مگر اس سے بہت زیادہ مصیبت ان بیں ہتے بچوں کو آپکی دیں ہتی دنیا میں اٹھانی پڑتی ہے سیدھے ہاتھ سے لکھنا سکھایا جاتا ہے جب اچھا نہیں لکھتے تو برا بھلا سننا پڑتا ہے۔ کیا تعجب ہے کہ بہتیرے بھلے مانسوں کا خط ایسا خراب ہوتا ہے کہ تحریر بھی بعض لوگوں کی تقریر کی طرح رازوں کو چھپانے کا ذریعہ بن گئی ہے۔ یہ نہیں کہ بچے کچھ کوشش سے سیدھے ہاتھ سے لکھنے کی پوری مشق بہم نہیں پہنچا سکتے۔ بعض مشہور مصور جو سیدھے ہاتھ سے کام کرتے تھے خلقی بیں ہتے تھے۔ مگر ضرورت اسکی ہے کہ دشواری سمجھکر بچوں کی

ہمت افزائی کی جائے، الٹی ڈانٹ سے انہیں ضد یا کم ہمتی کا سبق نہ دیا جائے۔ یہی حال آنکھ کان کے بہت سے نقائص کا ہے۔

پیدائشی نقائص کے بعد بچہ کی آئندہ ذہنی نشوونما کے لئے خطرہ کا ایک وقت وہ ہوتا ہے جب اس کا دودھ چھڑاتے ہیں۔ عموماً جس طرح دھمکا دیکر، ڈرا دھمکا کر دودھ چھڑاتے ہیں، ماں اس زمانہ میں جسطرح بچہ سے کچھی کچھی الگ الگ رہتی ہے وہ بچوں میں ماؤں کی دنیا کی طرف سے ایسی بے اعتباری پیدا کرنے کا سامان ہوتا ہے جو اکثر ساری عمر ساتھ نہیں چھوڑتا۔ ماں کی گود اور ماں کا دودھ ہی تو بچہ کی ساری لذت و مسرت کی کائنات تھی، اب چالوں سے ان سے محروم کیا جاتا ہے۔ تو جن پر بچہ سب سے زیادہ بھروسہ کرتا تھا ان پر شبہ کرنے لگتا ہے، دودھ چھڑانے کے ساتھ یہ ضروری نہیں کہ ماں بچہ سے الگ الگ بھی رہے اور اسے اپنی محبت سے اور اپنی گود کی سوح پرور حرارت سے بھی محروم کرنا چاہے۔ اس زمانہ میں تو بچہ سے اور زیادہ محبت کرنے کی ضرورت ہے تاکہ بچہ اپنی زندگی کے اس پہلے انقلابی تجربہ کے اثرات پر سے آسانی کے ساتھ گذر سکے۔

ایک اور خطرہ کا وقت وہ ہوتا ہے جب بچہ بولنا شروع کرتا ہے بولنا جماعتی فصل ہے اور بولنے کی صلاحیت جماعتی احساس سے فروغ پاتی ہے جو بچے دوسروں سے بے جھجک ملتے ہیں وہ جلد بولنا سیکھتے ہیں، جو نچلے مٹھکے اکیلے رہتے ہیں وہ دیر میں، اور بچوں کا یہ ٹھٹکنا اور جھجکنا بے وجہ نہیں ہوتا اس کی وجہ بھی بھروسہ کی کمی ہوتی ہے۔ اسلئے ضرورت ہے کہ اس زمانہ میں بچوں کو ملنے جلنے کا موقع دیا جائے۔ ان کی ہمت بڑھائی جائے اور خود مختار، بے سہارے رہنے کی عادت ڈالی جائے۔ کھیل کود اور سہل سہل کام کرنے کے موقعے نکالے جائیں تاکہ ان میں کامیابی سے ان کی ڈھارس بندھے اور اپنے پر بھروسہ بڑھے اور اپنے کمتیار رہنے کے خیال اور اوروں سے کم رہنے کے احساس پر غالب آسکیں بعض ماں باپ خصوصاً مالدار اپنے بچوں کے اوپر اتنے خدمتگار مسلط کر دیتے ہیں اور لاڈ پیار میں وہ وہ اہتمام فرماتے ہیں کہ غریب کو اپنی ضرورتوں تک کے اظہار کا موقعہ نصیب نہیں ہوتا۔ اظہار سے پہلے ہی کوئی نہ کوئی اسے پورا کرنے پر آمادہ ملتا ہے، اسی وجہ سے یہ اکثر بہت دیر میں بولنا سیکھتے ہیں اور وہ بھی واجبی واجبی، بدایوں کے وہ مشہور للا جو خاصی بڑی عمر تک اپنی انا کی انگلی تھامے باہر نکلتے تھے، انہی باثروت کم نصیبوں میں تھے۔ یہی بات تھی کہ سن شعور کو پہنچ گئے تھے اور تتلاتے تھے۔ کسی نے پوچھا میاں صاحبزادے کیا پڑھتے ہو؟ تو شرمائے، چہرہ لال ہو گیا، انا کے لہنگے سے منہ آدھا چھپا لیا اور بولے، جی ہاں، بولے "انا تو ہی ہنسٹے وطیل اللحق پلھتا ہوں"

ہکلانے کی عادت بھی، اکثر بلا کسی عضوی خرابی کے بچپن میں اسی وجہ سے پیدا ہو جاتی ہے کہ دوسروں سے تعلق پیدا کرنے میں کسی کمی کے ہے، دوسروں کے اکتانے سے، ماں باپ کے بُرا کہنے سے جھجک پیدا ہو جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ گفتگو کے ذریعہ دوسروں سے تعلق پیدا کرنے میں کوئی سہولت پیدا ہو جائے، مثلاً کسی لکھی ہوئی یا یاد کی ہوئی نظم کو پڑھنا ہو اور اس طرح خود سوچنا نہ پڑے اور مخاطب کی طرف سے توجہ ہٹا لینا ممکن ہو تو ہکلانے میں بہت کمی ہو جاتی ہے۔ اکثر ہکلانے والے نغمہ میں بالکل نہیں ہکلاتے، خوب رواں رواں سناتے ہیں۔ عشق اور محبت کی خلوتوں میں بھی کہتے ہیں کہ ہکلاہٹ جاتی رہتی ہے . . . لیکن دوسروں سے تعلق پیدا کرنے کی دشواری کے علاوہ ایک اور وجہ ہکلاہٹ کی عادت پڑ جانے کی یہ ہوتی ہے کہ بچہ ہمیشہ دوسروں کی توجہ اپنی طرف کھینچنا چاہتا ہے۔ جو بچے شروع سے صاف بولتے ہیں ان کی طرف کوئی توجہ نہیں کرتا۔ پر جن بچوں کی بولی میں کوئی نقص ہوتا ہے ان کی طرف سب توجہ کرنے لگتے ہیں۔ اسے چھیڑتے ہیں، اس پر ہنستے ہیں، اس کی نقل کرتے ہیں۔ ناچار یہ بچہ بھی اپنی بولی کیطرف زیادہ توجہ کرنے لگتا ہے اور اس توجہ سے بولنا اور مشکل ہو جاتا ہے بہت

سے کام جنہیں آدمی عادت کے طور پر بے تکلف کرتا ہے اگر ان کی طرف توجہ ہو جائے تو کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اس بات پر مجھے ایک دوست کا قصہ یاد آیا۔ یہ نارتھ کے رہنے والے بہت بڑے آدمی تھے کوئی ۷۰ - ۷۵ کی عمر تھی۔ کئی سال ہوئے انتقال فرما گئے۔ کہیں گے کہ کاہے پر یاد کیا۔ ان کی داڑھی بڑی شاندار تھی۔ ایسی ویسی نہیں، پوری ناف تک، اور نہایت گھنی، سفید جیسے براق۔ ایک دن ریل میں بیٹھے جا رہے تھے، سامنے ایک خاتون بیٹھی تھیں اور ان کی آٹھ برس کی لڑکی۔ بچی پہلے تو کئی منٹ تک ہرنیلزون کی طرف دیکھتی رہی پھر ماں کے کان میں کچھ کہا۔ ماں مسکرا کر چپ ہو رہی۔ اس نے پھر ماں سے کہا "پوچھوں" ماں چپ رہی۔ پھر کہا "پوچھوں" تو ماں نے کہا "پوچھ"۔ بچی ہرنیلزون کے پاس ادب سے آکر کھڑی ہوئی اور کہا۔ "دادا ابا ایک بات پوچھوں؟" ہرنیلزون نے شفقت سے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا اور کہا۔ "بیٹی پوچھو"۔ بچی بولی۔ دادا ابا تم رات کو سوتے وقت یہ داڑھی لحاف کے اندر رکھتے ہو یا باہر؟ غریب دادا ابا نے بہت سوچا مگر سمجھ میں نہ آیا کہ کیا جواب دیں، آدمی سچے تھے کہہ دیا "بیٹی یاد نہیں آتا" خود بیان کرتے تھے کہ اس دن دن بھر یہی دھیان رہا۔ رات ہوئی سونے لیٹا تو پہلے داڑھی لحاف کے اندر رکھی، جی گھبرایا۔ باہر رکھی، پھر بے کلی سی رہی، اسی اندر باہر میں تین پہر رات بیت گئی۔ آخر اٹھ کر ایک صوفہ پر بیٹھا پیروں پر کمبل ڈال لیا تو آنکھ لگی۔ ہاں تو ہکلے بچے بھی جب اپنی بولی کی طرف متوجہ ہو جاتے ہیں تو اس طرح یوں اور بھی مشکل ہو جاتا ہے اور کمزور یا کسی کمی کا احساس رکھنے والے بچوں کو اپنی اسی نئی کمزوری سے بڑوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے کا ایک اور وسیلہ ہاتھ آجاتا ہے۔ اسی طرح کمی کا احساس رکھنے والے بچے جب کوئی مثبت طریقہ اپنی کمیوں کی تلافی کا نہیں اختیار کر پاتے تو کچھ کمزوروں کی سیاست سے کام لیتے ہیں اور اوروں کو متوجہ کرنے کی منفی تدبیریں سوچتے ہیں۔ مثلاً یہ کہ کام میں سستی کرنے لگتے ہیں۔ بیمار بن بن کر پڑ جاتے ہیں، کھانا نہیں کھاتے، اور کچھ نہیں بن پڑتا تو بستر پر پیشاب کر دیتے ہیں خصوصاً جس غذا کو ماں کھلانا چاہتی ہے اس سے انکار ہوتا ہے۔ ماں کی طرف سے خوشامد ہوتی ہے، پھر دھمکیاں، پھر ٹھکائی۔ ان کا مقصد سب سے حاصل ہوتا ہے اوروں کو متوجہ کر لیا۔ رفتہ رفتہ غذا کی طرف سے ہی طبیعت میں ایک روک سی پیدا ہو جاتی ہے اور یہ بچے کبھی کبھی واقعی بیمار ہو جاتے ہیں۔ بستر پر پیشاب کر دینے کی وجہ بھی عموماً کوئی عضوی خرابی نہیں ہوتی۔ بچہ کا مثانہ اور آنتیں ٹھیک ہوتی ہیں تو بس ماں باپ یا استاد کی توجہ حاصل کرنے کی ایک چال ہوتی ہے۔ اس پر سزا دینے سے ضد یا توجہ حاصل کرنے کی کامیابی سے ایک غیر عقلی محرک پیدا ہو جاتا ہے جس کا عمل رفتہ رفتہ عادت بن جاتا ہے۔ اگر ان حالتوں میں طبی علاج کی جگہ دیسی علاج کیا جائے یعنی بچہ کی توجہ طلبی کو کسی طرح تسکین دی جائے اس کا اعتماد حاصل کیا جائے اسے ہمت دلائی جائے، تو یقیناً زیادہ کامیابی ہو۔ برخلاف اس کے بچہ کو اوروں کے سامنے شرمانا بڑی غلطی ہے اس سے بچہ کو اپنے اوپر بھروسہ اور کم ہوتا ہے اور مرض گھٹنے کی جگہ بڑھتا ہے۔

پھر بچہ کی تربیت کے لئے ایک کٹھن مرحلہ دوسرے بھائی بہن کی پیدائش کے وقت پیش ہوتا ہے۔ جس خاندان میں بہت سے بچے ہوں ہوں وہاں سب سے بڑا بچہ ایک عرصہ تک اکیلا بچہ ہوتا ہے، یہ شرف دوسرے بچوں کو حاصل نہیں ہوتا جب پہلوٹھے کا بہن بھائی پیدا ہوتا ہے تو اس بڑے بھائی کو ایسا لگتا ہے کہ اس نووارد نے مجھے تخت سے اتار دیا اور اس میں ابا اماں نے اس اجنبی کی مدد کی اور مجھے چھوڑ دیا۔ اس پر ماں باپ سے اور نووارد سے خفا ہوتا ہے تو کیا بیجا کرتا ہے اور اپنی کھوئی ہوئی مملکت کو دوبارہ حاصل کرنے کے لئے کوشش کرتا ہے تو کیا عجب اور یہی ہوتا ہے۔ میں ایک خاندان کو جانتا ہوں اس میں دو بچے ہیں ایک بھائی ایک بہن۔ بہن چھ برس چھوٹی ہے۔ بھائی کی عمر گیارہ برس کی ہے، باپ انشورنس کمپنی کے ایجنٹ ہیں ہمیشہ دورہ میں رہتے ہیں۔ شادی کے بعد

چار برس بے اولاد گذرے۔ بڑی دعاؤں، منتوں، تعویذ گنڈوں، اور علاج معالجے کے بعد بچہ پیدا ہوا۔ ظاہر ہے ماں کی آنکھ کا تارا تھا۔ اس نے جو چاہا وہی ہوا۔ بچہ کی ماں لکھی پڑھی سلیقہ مند بی بی ہے۔ بچہ کی معمولی تربیت اچھی ہوئی تھی۔ تیسرے درجہ تک مدرسہ میں بھی خوب شوق سے پڑھنے جاتا تھا۔ سب امتحانوں میں پاس ہوتا تھا۔ ادھر دو برس سے حال ہی کچھ اور ہے۔ ماں کو طرح طرح سے دق کرتا ہے۔ مارتا ہے، بال کھینچتا ہے، مہمانوں کے سامنے خاص طور پر بدتمیزی کرتا ہے، کپڑے پھاڑتا ہے، میلا رہتا ہے، استاد برابر شکایت لکھ لکھ کر گھر بھیجتے ہیں۔ یہ آپ سمجھئے کہ معاملہ کیا ہے؟ بات یہ ہے کہ بہن نے اس کی زندگی کا سانچہ بدل ڈالا۔ اس کا آنا ہی اسے ناگوار تھا۔ جب یہ تین سال کی ہوئی اور اپنے میٹھے میٹھے بولوں سے ماں کا دل بہلانے لگی۔ یہ مدرسہ میں رہتا اور وہ ماں کی گود میں، باپ بھی دورہ سے آتے تو اسی سے باتیں زیادہ کرتے، یہ ناقابل برداشت تھا۔ اب یہ اسے بہن کیسے سمجھتا، اسے رقیب جانتا ہے، مقابل گردانتا ہے۔ اس کا تخت چھن گیا۔ آپ چاہتے ہیں کوئی تدبیر نہ کرے۔ اسی تخت کو پھر سے پلٹنے کے لئے یہ طفلانہ جتن کرتا ہے۔ یہ کوششیں بے شک طفلانہ ہیں آپ کا جی چاہے ان پر ہنسئے مگر اسکے دل سے پوچھئے، ملے یہی تدبیر آتی ہے ایسی بدتمیزی سے ماں کو نئے دفاؤں کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہے، استاد کی خراب رپورٹوں سے خوش ہوتا ہے اسلئے کہ ایک مرتبہ کسی استاد نے کہہ دیا تھا کہ تم پڑھتے لکھتے نہیں ہو، ہم تمہارا نام کاٹ دینگے۔ تم گھر ہی پر پڑھا کرو۔ اسے امید ہو گئی ہے کہ مدرسہ سے نجات پاکر گھر رہ سکوں گا تو دن بھر وہ رقیبہ ماں پر قابض نہ رہ سکے گی۔ غرض اس بچہ نے ساری زندگی اسی ایک خیال پر منحصر کر دی ہے۔ لیکن کیا یہ سب ضروری اور لازمی ہے، نہیں۔ اگر ماں بڑے بچے کو چھوٹے کی آمد سے پہلے اس واقعہ کے لئے تیار کرے تو اس میں بہت کچھ کمی ہو سکتی ہے۔ پھر رقابت کے اس امکان کا خیال رہے تو یہ اپنی اس محرومی کو اس درجہ محسوس نہ کرے۔ سلیقہ والی ماؤں کے لئے یہ ناممکن نہ ہونا چاہئے کہ وہ اس بڑے بچہ کے لئے اس واقعہ پیدائش کو حریف کی ولادت کے حادثہ کی جگہ واقعی بھائی، دوست، ساتھی کی آمد کا مبارک موقع بنا دے۔

زیادہ بچوں والے خاندان میں اس سے بھی عموماً بچوں کی ذہنیت پر برا اثر پڑتا ہے کہ ان کا مرتبہ ان بچوں میں کیا ہے؟ عموماً سب سے چھوٹا بچہ یا تو سب سے تیز ہوتا ہے یا بالکل نکما۔ وجہ صاف ہے، یہ سب سے کم ہوتا ہے اسلئے سب سے بڑھنا چاہتا ہے، اگر صلاحیت ہے اور حالات موافق ہیں تو تیزی سے بڑھتا ہے اور سب پر سبقت لے جاتا ہے اگر قوتیں حوصلہ کا ساتھ نہیں دیتیں تو بالکل شل ہو کر مایوسی سے کندھا ڈال دیتا ہے۔ سب سے چھوٹے بچے کے لئے یہ خطرہ ہے کہ کچھ نہ ہو اور یہ امکان کہ سب کچھ ہو جائے۔ اس کے مقابلہ میں سب سے بڑا بچہ عموماً قوت کا پرستار، جبر کا حامی، حکومت اور قانون کا ساتھی ہوتا ہے۔ اس لئے کہ اس نے اقتدار کا مزا چکھا ہے اور جب دوسرے بچوں کی پیدائش نے اس سے یہ اقتدار کچھ چھینا تو وہ اس وقت سے اسے اور بھی قیمتی سمجھنے لگا ہے۔

ماں باپ اگر ان موقعوں پر جن کا ذکر میں نے کیا ہے ذرا ہوشیاری سے کام لیں تو بچہ کی زندگی میں بہت سے پیچ نہ پڑ جائیں۔ ضرورت ہے محبت کے ساتھ تھوڑی سی سمجھ اور تھوڑے سے علم کی اور ہاں صبر کی۔ محبت تو کہتے ہیں ماں باپ کو بچوں سے ہوتی ہے، مگر یہ آخری تین چیزیں ذرا کمیاب ہیں۔

(ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب ایم اے۔ پی، ایچ، ڈی برلن شیخ الجامعہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی کی یہ تقریر ۶ اپریل ۱۹۳۶ء کو دہلی براڈ کاسٹنگ اسٹیشن سے براڈ کاسٹ ہوئی تھی)

اس سلسلہ کی دو تقریریں رسالہ میں درج کی جا چکی ہیں۔ دو اور باقی ہیں وہ انشاء اللہ آئندہ اشاعتوں میں ہدیہ ناظرین کی جائینگی۔

تعلیم کا مقصدی طریقہ

(جناب عبدالخالق صاحب جامعی مدرس مدرسۂ تعلیمی مرکز ملا جامعہ ملیہ)

جامعہ ملیہ کی تعلیم اور ہمدرد جامعہ سے دلچسپی رکھنے والے حضرات کے لئے "مقصدی طریقہ" کی اصطلاح اجنبی نہیں ہوگی۔ جامعہ میں بڑی حد تک اسی طرز تعلیم سے کام لیا جا رہا ہے۔ ذیل کے مختصر مضمون میں چوتھی جماعت کے ایک سبق کا ذکر ہے جس سے اس طریقۂ تعلیم کے سمجھنے میں آسانی ہوگی ہم نے تعلیم کے مروجہ طریقوں میں سے اس طریقہ کو بچوں کے لئے بہت مفید پایا ہے اور اسی لئے چاہتے ہیں کہ ہر درسگاہ میں یہ عام ہو جائے لیکن اس طریقۂ تعلیم کی اشاعت اور رواج سے زیادہ ضروری یہ ہے کہ ہم تعلیمی مسائل سے بیش از بیش دلچسپی لیں اور ذاتی غور و فکر، اجتماعی اصلاح و مشورہ اور تعلیمی دنیا کے عام تجربات کے ذریعہ بہتر سے بہتر طور پر تعلیم کا انتظام کریں۔ امید ہے کہ صاحبان علم اس سلسلہ میں اپنے قیمتی مشوروں سے ہمیں مستفید فرمائیں گے۔

اب کے اگست میں ہمارے مدرسہ تعلیمی مرکز ملا کا نیا سال شروع ہوا بچے جب مدرسے آئے تو بہت خوش و خرم تھے۔ ایک تو انہیں امتحان میں پاس ہونے اور اگلی جماعت میں ترقی پانے کی خوشی تھی دوسرے نئی نئی کتابیں انھیں ملی تھیں۔ ان کتابوں میں وہ نئی نئی نظمیں اور مضمون اور نئی نئی تصویریں دیکھکر پڑھنے پر بہت آمادہ نظر آتے تھے۔ اس موقعہ پر عام طور پر ایسا ہی ہوتا ہے ویسے تو تقریباً مدرسہ کے تمام بچوں کی یہی کیفیت تھی لیکن ان سطور میں مجھے اپنے مدرسہ کی چوتھی جماعت کے بچوں کے متعلق کچھ بیان کرنا ہے۔

اس جماعت میں کچھ بچے تو ایسے تھے جو تیسری جماعت سے ترقی پاکر آئے تھے اور بعض نئے داخل ہوئے تھے جماعت کے اردو کے نصاب میں "اردو کی چوتھی کتاب" جو انجمن ترقی اردو نے شایع کی ہے بچے کتاب شروع کرنے پر مستعد نظر آتے تھے جب ان سے یہ پوچھا گیا کہ "کونسا سبق پہلے پڑھیں"؟ تو جواب ملا کہ "ہمارے بادشاہ ظل اللہ" یہ اس کتاب کا پہلا سبق تھا۔ یہ جواب بچوں نے کیوں دیا؟ اسلئے کہ وہ اس کے عادی تھے اور انہوں نے عام طور پر کتابیں ایسے ہی پڑھی تھیں۔ ہمارے مدرسوں میں درسی کتابیں پڑھانے کا یہی طریقہ ہے کہ شروع سے لیکر آخر تک تمام کتاب سلسلہ وار پڑھائی جاتی اور اسباق کو اس طرح سے سلسلہ وار پڑھانے کی پابندی ہم نے اپنے اوپر اس درجہ لازم اور ضروری قرار دے لی ہے کہ پڑھاتے وقت بہت ہی کم یہ سوچتے ہیں کہ جو سبق ہم پڑھا رہے ہیں وہ حالات کے موافق بھی ہے یا نہیں یا جو مضمون کہ ہم شروع کرنے والے ہیں اس کا موسم اور وقت سے بھی کچھ تعلق ہے یا نہیں۔ یہ باتیں سوچنے کی ہمیں فرصت کہاں اور اس دوسری کی ضرورت بھی کیا ہے۔ ہمیں تو بس کتاب ختم کرانے سے مطلب اور یہ اسی طرح ہو سکتا ہے کہ شروع سے لیکر آخر تک تمام اسباق سلسلہ وار پڑھا دیں اور ان کے معنی لکھوا کر ازبر کرا دیں۔ خواہ بچے اس سے دلچسپی لیں یا نہ لیں۔ خواہ اس سے ان میں پڑھنے کا ذوق پیدا ہو یا نہ ہو اور چاہے انھیں اس سے کوئی فائدہ حاصل ہو یا نہ ہو۔

یہ برسات کا زمانہ تھا دہلی میں ان دنوں خوب بارش ہو رہی تھی مطلع ابر آلود رہتا تھا' اس موقع پر حالات' موسم اور وقت کا تقاضا یہ تھا کہ کتاب میں برسات یا اس کے متعلق جو سبق ہو انھیں پڑھایا جائے۔ ایسے اسباق کے پڑھانے کا اس سے اچھا اور کوئی موقع نہ مل سکتا تھا اسلئے کہ مینہ' بوندیا پھوار' ابر' بجلی' گرج' کڑک اور قوس و قزح یہ سب چیزیں مشاہدہ میں آ ہی

کھیلیں۔ اب یہ بیان کرنے سے پہلے کہ بچے اپنے منتخب سبق "ہمارے بادشاہ ظل اللہ" کو ترک کرکے ایک نیا سبق پڑھنے پر کیسے آمادہ ہوگئے، مناسب معلوم ہوتا ہے کہ کتاب کے چند اسباق سلسلہ وار لکھدئے جائیں۔

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
۱- ہمارے بادشاہ ظل اللہ	۱	۷- برسات (نظم)	۲۹
۲- ہنس (نظم)	۲	۲۴- بادل	۱۰۹
۳- گولکنڈہ	۹	۲۸- مینڈک	۱۳۳
۴- گنگا	۱۳	۲۹- کھیتی کی فصلیں	۱۳۸
۵- فاتح لڑکا	۱۹	۳۱- مچھر	۱۴۰

اب بچوں کو مناسب سبق یا "مقصد" کی تلاش کی طرف توجہ دلانے کے لئے سلسلہ گفتگو شروع ہوا۔ "تم نے چھٹیوں میں برسات کا خوب لطف اٹھایا ہوگا۔ بڑی دلچسپی رہی ہوگی"۔

اس قسم کے چند سوالات نے بچوں کے جذبات پر وہی اثر کیا جو مضراب ساز پر کرتا ہے۔ معلوم ہوا کہ نغمے نکلنے کے لئے ان کے سینہ میں بیتاب تھے، بس چھیڑنے کی دیر تھی۔ اب ہر بچہ اس کوشش میں تھا کہ وہ دوسروں سے پہلے اپنے تاثرات کو ظاہر کرے۔

"ماسٹر صاحب کچھ نہ پوچھئے خوب ہی لطف آیا۔ دھوتی باندھکر مینہ میں خوب نہایا کرتا تھا"۔

"ہم قطب گئے، بوندیں پڑ رہی تھیں لوگ جھولے جھول رہے تھے ہنسے مزے سے گرما گرم کباب اور پراٹھے اڑائے"۔

"اماں جان نے منع کیا کہ مینہ میں مت نہاؤ، لیکن ہمیں لطف آرہا تھا خوب نہائے آخر انہوں نے پکڑ کر دو تین چانٹے لگائے"۔

"آپا گرما گرم پھلکیاں پکاتی جاتی تھیں اور ہم خوب مزے سے چاروں طرف بیٹھکر کھاتے تھے"۔

"ہمارے ابا کہتے تھے کہ اگر مینہ میں نہائے تو بری طرح پیٹوں گا"۔

"میرا پاؤں جو پھسلا تو دھڑام سے کیچڑ میں۔ تمام کپڑے لت پت ہوگئے"۔

"ہم باغ جاتے تھے تو خوب لطف آتا تھا"۔

غرض کہ اس طرح بہت سے دلچسپ جواب بچوں نے دئے مطلع ابر آلود تھا۔ اس دوران میں بعض بچے کھڑکیوں اور دروازہ میں سے باہر جھانکنے لگے ان سب کی نظریں آسمان پر تھیں اور وہ بغیر کچھ دریافت کئے کہنے لگے :-

"ماسٹر صاحب دیکھئے تو کس زور سے گھٹا اٹھی ہے"۔

"دیکھئے اب اندھیرا ہو رہا ہے"۔

"یہ بادل ایسے بھاگ کیوں رہے ہیں"؟

"وہ دیکھئے دونوں کی ٹکر ہوگئی"!

"اب یہ پانی پیے جارہے ہیں"۔

سب لڑکوں نے خواہش کی کہ جماعت سے باہر جاکر دیکھیں گے۔ دیکھنے کی اجازت دی گئی جب بچے جماعت میں واپس آئے تو کہا گیا "ہم نے بہت سی باتیں کیں۔ اب ہمیں کچھ پڑھنا چاہئے تم اپنی اپنی کتاب کے سبقوں کی فہرست دیکھکر بتاؤ کہ ہمیں کونسا سبق شروع کرنا چاہئے"۔

بچوں نے فہرست کا بغور مطالعہ کیا اور یہ اسباق منتخب کئے۔

برسات۔ مینڈک، بادل، کھیتی کی فصلیں، مچھر اور گنگا۔ تقریباً سولہ لڑکوں میں سے دو تین لڑکوں نے ایک دو اور سبق بھی بتائے مثلاً بندر۔ جادو کا برج وغیرہ۔ لیکن اور کسی نے ان کی تائید نہ کی۔ مندرجہ بالا چھ سبقوں میں سے تین سبق ایسے تھے جنھیں زیادہ لڑکوں نے پسند کیا تھا۔ برسات، مینڈک، بادل۔ اس پر بحث شروع ہوئی کہ پہلے کونسا سبق پڑھا جائے۔ ایک گروہ برسات کے حق میں تھا اور ایک جماعت مینڈک کی حامی، اور چند لڑکے یہ چاہتے تھے کہ بادل کا سبق شروع کردیا جائے آخر بہت سی بحث و تمحیص کے بعد یہ طے ہوا کہ "برسات" (نظم) کا سبق شروع

کیا جائے۔ اس سبق کے چند اشعار ملاحظہ ہوں۔

سب ابر کی فوج آگے آگے ، اور پیچھے ہیں دل کے دل ہوا کے
گھنگھور گھٹائیں چھا رہی ہیں جنت کی ہوائیں آ رہی ہیں ،
مینہ کا زمیں پہ ہے دڑیڑا گرمی کا ڈبو دیا ہے بیڑا
پھولوں سے پٹے ہوئے ہیں کہسار دولہا سے بنے ہوئے ہیں اشجار
پانی سے بھرے ہوئے ہیں جل تھل ہے گونج رہا تمام جنگل
مینڈک جو نہیں ہونے پہ آئے سنسار کو سر پہ ہیں اٹھائے

ان اشعار سے اس کا اچھی طرح اندازہ ہو سکتا ہے کہ بچوں نے کتنا صحیح سبق یا "مقصد" منتخب کیا تھا۔ یا ایسے حالات اور موسم سے کسقدر مناسبت تھی۔ بچے ان دنوں اپنے گرد و پیش جو چیزیں دیکھتے تھے تقریباً ان سب کا ذکر اس سبق میں آگیا تھا۔ اس کے بعد مینڈک، بادل اور گنگا وغیرہ سبق پڑھائے گئے۔ اس سلسلہ میں بچوں نے صرف پڑھا ہی نہیں بلکہ بہت کچھ لکھا بھی۔ اور سب کچھ بڑی محنت اور شوق سے کیا۔ بچوں سے کہا گیا کہ "برسات" پر ایک مضمون لکھکر لاؤ اور مضمون لکھنے سے پہلے اپنے مضمون کے لئے اچھا سا عنوان تجویز کرو۔ جو عنوانات بچوں نے تجویز کئے ان میں سے بعض یہ ہیں۔

۱۔ برسات کا لطف ۔ ۲۔ برسات کی بہاریں۔
۳۔ برسات کی خوشیاں۔ ۴۔ برسات کی سیر
۵۔ ہماری برسات ۔ ۶۔ برکھا رُت ۔

اب بچوں کے مضامین ملاحظہ فرمائیے۔ جو مضامین وہ لکھکر لائے تھے ان کے اچھے حصوں پر نشان لگا دئے گئے تھے۔ ان حصوں کو انہوں نے الگ نقل کر لیا۔

احسن محسن۔ ۱۱سال

"اہاہا! ذرا دیکھنا یہ آسمان پر کیسے رنگ برنگ کے بادل ہیں دیکھو کہیں کالے ہیں تو کہیں لال۔ یہ جب برسینگے تو جل تھل ایک کر دینگے اور تمام جنگل ہرا بھرا ہو جائے گا۔ اے لو بوندیں آگئیں۔"

عبد العزیز۔ ۱۱سال:۔

"اب ذرا جانوروں کی خوشی کا حال سنئے، مینڈک ٹرا رہے ہیں۔ لمبے لمبے کیچوے پھرتے نظر آتے ہیں۔ کوئل کوکتی ہے، چڑیاں چہکتی ہیں مور چنگھاڑتے ہیں پپیہے پیو پیو کرتے ہیں۔"

عبد الجبار۔ ۱۴سال:۔

"جدھر دیکھو پانی ہی پانی نظر آتا ہے۔ ان دنوں سیلاب بہت آتے ہیں۔ سینکڑوں آدمی گھر سے بے گھر ہو جاتے ہیں۔ چاروں طرف بادل ہی بادل نظر آتے ہیں۔ کبھی بجلی چمکتی ہے۔ کبھی ستارے نکل آتے ہیں۔ کبھی ننھی ننھی بوندیں پڑنے لگتی ہیں۔"

ہاشم علی۔ ۱۱سال:۔

"برسات کے موسم میں جدھر نظر اٹھاؤ سبزہ ہی سبزہ دکھائی دیتا ہے۔ اگر آپ کسی جنگل میں جاکر دیکھیں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کسی نے سبز چادر بچھا دی ہے۔"

رشید احمد۔ ۱۱سال:۔

"جدھر دیکھو پانی ہی پانی نظر آتا ہے۔ ابھی دھوپ نکلی ابھی ابر ہو گیا لو وہ بجلی چمکی، گھٹا چاروں طرف پھیل گئی اور مینہ برسنے لگا۔"

اسد علی۔ ۱۲سال:۔

"برسات کا موسم ہے آسمان پر کالی گھٹائیں چھا رہی ہیں۔ لوگ سیر کو جا رہے ہیں۔ کوئل کوک رہی ہے۔ چڑیاں چہچہا رہی ہیں، بادل گرج رہے ہیں عجیب لطف آ رہا ہے۔ میاں مینڈک ٹرا رہے ہیں۔ باغ میں کیا بہار آ رہی ہے۔ سڑکوں پر عجیب تماشا ہے!"

عبید اللہ۔ ۹سال:۔

"برسات کا موسم بھی کیسا خوشگوار ہوتا ہے۔ گرمی کے بعد برسات آتی ہے ہر وقت بادل سر پر منڈلاتے رہتے ہیں، گھٹائیں گھر گھر کر آتی ہیں۔

ہر طرف سبزہ نظر آتا ہے۔ پھول کھل رہے ہیں باغوں میں ہر سبز گھاس کیا بھلی معلوم ہوتی ہے۔ جس کو دیکھ کر دل میں تراوٹ اور آنکھوں میں ٹھنڈک آتی ہے۔ باغوں میں مور ناچتے ہیں اور کوئل کوکتی ہے۔ درخت ہوا سے جھومتے ہیں"۔

قدسیہ صدیق - ۹ سال :-

"برسات کا موسم بھی کیا سہانا ہوتا ہے گرمی کے بعد یہ موسم شروع ہوتا ہے۔ سب لوگ گرمی سے گھبرائے ہوتے ہیں جب برسات آتی ہے تو سب کی طبیعت خوش ہوتی ہے جب آسمان پر کالی کالی گھٹائیں چھاتی ہیں اور ٹھنڈی ٹھنڈی ہوائیں چلتی ہیں۔ کیا بہار ہوتی ہے کبھی کبھی ننھی ننھی بوندیں پڑتی ہیں کبھی موسلادھار بارش ہوتی ہے کھیت باغ اور پھلواریاں ہرے سبز ہو جاتے ہیں تو کیسا بھلا معلوم ہوتا ہے۔ ندی نالے دریا سب بھر جاتے ہیں۔ جسوقت زور شور کی بارش ہوتی ہے تو سڑک پر ندی کی طرح پانی بہتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سب کا گھر دریا کے کنارے ہے۔ برسات میں لڑکیاں جھولے ڈالتی ہیں اور برسات کے گیت گا گا کر جھولا جھولتی ہیں۔ برسات کا موسم بہت ہی بہار کا موسم ہوتا ہے"۔

ان مضمونوں میں آپ کو بعض چیزیں اور محاورے ایسے ملیں گے جو بچوں کی استعداد سے باہر ہیں، مثلاً کوئل کی کوک۔ پپیہے کا شور اور مور کا چنگھاڑنا وغیرہ۔ لیکن چونکہ ان کے منتخب سبق "برسات" میں ان چیزوں کا ذکر تھا جیسے

کرتے ہیں پپیہے پیہو پیہو　　اور مور چنگھاڑتے ہیں ہر سو
کوئل کی ہے کوک جی لبھاتی　　گویا کہ ہے دل میں بیٹھی جاتی

اور اسکے علاوہ دوسری کتابوں سے بھی بچوں نے برسات کے متعلق جتنی نظمیں اور مضمون پڑھے تھے ان سب میں برکھا رت کی دلچسپیوں اور دلفریبیوں کو اسی انداز میں بیان کیا گیا تھا مثلاً ایک بچہ نے کسی کتاب سے ایک نظم نقل کی، کے چند شعر ملاحظہ ہوں:-

بندوں نے ہر سو مچائی ہے دھوم　　کہ آئے ہیں بادل سیاہ جھوم جھوم
جو پریاں اپنے پھیلا کے ناچے ہیں مور　　تو مینڈک نے پانی میں ڈالا ہے شور
پپیہوں کی پی پی وہ کوئل کی کوک　　کلیجہ کے انسان کے نکلے ہے ہوک

اسلئے مضمون لکھنے سے پہلے ان چیزوں پر مختصر سی گفتگو جماعت میں ہو گئی تھی اور یہ صحیح ہے کہ ان سب باتوں کا بچوں پر بہت اثر ہوا لیکن سب سے زیادہ متاثر کن ان کا برساتی ماحول تھا۔

حکومت برطانیہ کی طرف سے جو مصنوعی تحفظ آپ کو ملا ہوا تھا وہ اب روز بروز کمزور ہوتا جائیگا۔ آپ اب برطانیہ کی امداد پر اپاہج بن کر اپنے ہاتھ پاؤں ہلائے بغیر بھروسہ نہیں کرسکتے۔ برطانیہ کی گردن میں اب آپ کے مردہ بوجھ کو کھینچنے کی قوت باقی نہیں رہی ہے۔ گذشتہ نصف صدی میں اس میں شک نہیں مسلمانوں کی سیاست برطانیہ کی شہنشاہی بساط کے ایک مُہرہ کی سی رہی ہے برطانیہ کے مدبروں نے ان کے جذبات کی ترجمانی کی، اُن کی تمناؤں اور حوصلوں اور اُن کے مطالبات کی تشکیل کی۔ اور گراموفون کے ریکارڈوں کو بھر بھر کر جو چاہا اُن سے کہلوایا۔ لیکن مستقبل کی سیاست میں برطانیہ کا کام کاٹھ کے مہروں اور بے جان مشینوں سے نہیں چل سکتا۔ اسے باشعور اور منظم اتحادیوں کی ضرورت ہے۔ جو اپنے زور بازو سے اس کیلئے سینہ سپر اور پشت پناہ بن سکیں۔ اس لئے اگر آپ برطانیہ کے چشم و کرم کے جویا ہیں تب، اور نہیں ہیں تب، دونوں صورتوں میں اپنی تنظیم کرنے اور اپنی آرزوؤں اور تمناؤں کی تشکیل کرنے کی ضرورت ہے۔ ورنہ آپ کا کوئی ساتھی نہیں ہے۔

نئے ماحول اور نئی فضا نے جو مسائل آپ کے سامنے رکھے ہیں اُن میں سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ نئے سیاسی اقتدار میں مسلمانوں کی شرکت کس طرح کرائی جائے۔ کہ اُن کے تمدن، اُن کی زبان، اُن کی معاشی حالت، اُن کی تعلیم و ترقی پر اس کا کوئی بُرا اثر نہ پڑے بلکہ وہ بھی دوسروں کے دوش بدوش اس نئے انتقال اختیارات اور اُس کی وجہ سے جو مواقع اور امکانات پیدا ہوں گے اُن سے پوری طرح مستفید ہو سکیں۔ یہ بات ہمارے سوچنے اور غور کرنے اور برابر غور کرتے اور سوچتے رہنے کی ہے۔ تاکہ ہم اپنے لئے ایک معقول اور مناسب لائحہ عمل بنا سکیں۔ اور نئے ماحول سے مطابقت پیدا کرکے اپنی بقا اور تحفظ کا انتظام کرسکیں۔

مسلمانوں کے سامنے دو راستے ہیں جنہیں وہ اختیار کرسکتے ہیں۔ ایک راستہ ماضی و حال کو زندہ اور قائم رکھنے کا ہے اور دوسرا استقبل کے پیدا کرنے کا ہے۔ ایک مدافعت کا ہے۔ دوسرا فتح و تسخیر کا۔ ایک میں وقتی فائدہ اور خود غرضی ہے۔ دوسرے میں آئندہ کا نفع اور عام بہبودی۔ ایک میں موجودہ با اقتدار لوگوں کی حمایت ہے۔ دوسرے میں آئندہ کے حکمرانوں کی قسمت سے وابستگی۔ ایک میں قیام ہے۔ دوسرے میں ترقی +

شذرات

ہندوستان کے مسلمانوں میں مآل اندیشی کی صفت تقریباً غائب نظر آتی ہے۔ توکل اور راضی برضا کی جیسی غلط تعبیر انہوں نے کی ہے۔ ویسی ایک زوال پذیر قوم تو شاید کرسکتی ہے۔ لیکن کوئی ترقی پسند قوم کبھی مستقبل کی طرف سے اِس قدر غافل اور لاپرواہ نہیں ہوسکتی۔ ہم نے ناگوار امکانات کو "اندیشہ ہائے دور و دراز" کہہ کر بالکل نظر انداز کر دیا ہے۔ چاہے اولاد کی تعلیم و تربیت کا سوال ہو یا بیماری اور بڑھاپے کے لئے روپیہ پس انداز کرنے کا ہم لوگ آئندہ کی ضرورتوں کی طرف مطلقاً توجہ کرنا نہیں چاہتے۔ اور اس میں ہمارے پڑھے لکھے اور جاہل دونوں برابر کے شریک نظر آتے ہیں۔ بغیر کوشش اور تدبیر کے خدا پر شاکر ہیں سلطنت اور حکومت گئی۔ ریاست اور زمینداری گئی۔ علمی پیشوں میں سروری اور سرداری گئی۔ ساہوکار کے ہاتھوں باپ، دادا کی عزت و آبرو خاک میں ملی۔ لیکن یہاں ٹس سے مس نہیں ہوئے۔ وہی مدہوشی اور بدمستی جو محمد شاہ رنگیلے اور جانِ عالم پیا کا شعار تھی، ہمارا بھی طرۂ امتیاز ہے۔

ہندوستان میں اِس وقت نہایت خاموشی کے ساتھ آہستہ آہستہ ایک انقلاب ہو رہا ہے۔ اور اپنی اس خاموشی کی وجہ سے یہ انقلاب پچھلے تمام انقلابوں سے زیادہ مسلمانوں کے لئے مہلک اور خطرناک ہے۔ اِس انقلاب میں کوئی کھلی ہوئی خونریزی قتل و غارت گری، فتنہ و شورش، لوٹ مار، اور پکڑ دھکڑ نظر نہیں آتی۔ اور اُن کے نظر نہ آنے کی وجہ سے ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ملک میں امن و سکون اور قیام و استحکام ہے۔ اور ہم پچھلے زمانہ کے معمول کے مطابق اپنی زندگی کو جاری رکھنا چاہتے ہیں۔ ہمارے لئے نئے حالات پیدا ہی نہیں ہوئے ہیں اس لئے ہم اُن سے مطابقت کی کوئی شعوری کوشش کرنا نہیں چاہتے۔ اور جنہیں کچھ خفیف سا احساس ہے انہوں نے توکل اور راضی برضا کے سہل راستہ کو اختیار کر رکھا ہے۔ اور کہتے ہیں ؎

ہو رہے گا کچھ نہ کچھ گھبرائیں کیا۔

لیکن جو "ہو رہے گا" وہ ممکن ہے ایسا ہو جو ہمیں بعد میں پسند نہ آئے۔ اور پھر پچھتانے سے کام نہ چلے۔ ابھی تو وقت اور موقع ہے۔ تیر کمان سے بالکل نہیں نکلا ہے۔ لیکن اگر غفلت کا یہی عالم رہا تو پھر بچاؤ کی کوئی صورت نہیں ہے۔

ہندوستان کے جدید دستور کے خلاف جو پروپگنڈا کیا گیا ہے وہ اِس کی خامیوں کا جہاں تک تعلق ہے۔ بالکل بجا اور درست ہے لیکن اِس کے ساتھ ساتھ ہمیں اِس حقیقت کو ہرگز ہرگز نظر انداز نہیں کرنا چاہئے کہ اس کی وجہ سے سنہ ۱۹۱۹ء کی اصلاحات کی طرح، بلکہ اس سے بھی بہت زیادہ، ایسی نئی قوتیں رہا ہوں گی جو تمام خس و خاشاک کو اپنے سیلاب میں بہاتی اور کمزور موانع کو پاؤں تلے روندتی اور کچلتی آگے بڑھتی چلی جائیں گی۔ اگر آپ اپنا تحفظ چاہتے ہیں تو آپ کو اٹھنا پڑے گا۔ اور اپنی حفاظت کی تدبیریں سوچنا پڑیں گی

عید اضحیٰ

جامعہ کے تعلیمی مرکز ۱ (واقع قرول باغ) میں اس سال چار پروجکٹ پہلے منائے جا چکے ہیں۔ نباتات کا جلسہ، پرندوں کا جلسہ برسات کا جلسہ، عید کا جلسہ۔ ان میں سے تین کا ذکر ہمدرد جامعہ میں کیا جا چکا ہے۔ آج ہم چاہتے ہیں کہ تازہ پروجکٹ یعنی عید کے جلسہ کی تفصیل آپ کو سنائیں، طلبا نے یہ طے کیا کہ عید قرباں کے موقعہ پر ہم جلسہ منعقد کریں۔ اور حسب معمول اس میں جامعہ کی ساری برادری اور اپنے سرپرستوں کو دعوت دیں۔ لیکن غیر معمولی بات یہ ہو کہ عید کی رعایت سے روکھے سوکھے مضمونوں اور تقریروں کے علاوہ پر تکلف دسترخوان بھی چنا جائے۔ طلبا نے تو یہ طے کر لیا۔ استاد کو یہ فکر ہوئی کہ اس سلسلہ میں پڑھائی کیسے ہو، سب نے مل کر سوچا، مشورہ کیا۔ اور ایک پروگرام تیار کر لیا۔

سب سے پہلے تو عید قربان کی تاریخ کے سلسلہ میں اسلامیات کے استاد نے یہ بتلایا کہ خدا کے ایک برگزیدہ بندے نے جو اس کا رسول بھی تھا کس طرح خدا کی خوشنودی کی خاطر قربانی اور ایثار کا بے نظیر نمونہ پیش کیا تھا۔ اور کس طرح اب ہر سال عید اور حج کی صورت میں اس عظیم الشان قربانی کی یادگار منائی جاتی ہے۔ اس اجمال کی تفصیل ذہن نشین کرا کے استاد نے طلبہ کو مشورہ دیا کہ وہ اس سلسلہ میں اردو کے مختلف رسالوں اور کتابوں میں مضامین پڑھیں تاکہ حضرت ابراہیم حضرت اسمٰعیل علیہما السلام در مکہ مکرمہ، عید اور حج کے سلسلہ میں زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل ہو۔

اسلامیات کے نصاب کا ایک حصہ تو اس طرح پورا ہو گیا تھا۔ لیکن نصاب کی کتاب "اچھی باتیں" (یہ کتاب قرآن کی اخلاقی آیات اور احادیث کا ایک چھوٹا سا مگر بہت کار آمد مترجم مجموعہ ہے) ہنوز باقی تھی۔ حضرت ابراہیم و حضرت اسمٰعیل علیہما السلام کے ذکر اور اُن کی اطاعت گذاری و وفا کیشی کی سچی داستان کے ساتھ احکام و اوامر قرآنی کا سلسلہ جس آسانی سے جوڑا جا سکتا ہے۔ وہ ظاہر ہے۔ اُستاد کے ایک اشارہ نے طلبا میں اس کتاب کے پڑھنے اور یاد کرنے کا شوق پیدا کر دیا۔ اردو کے کام کی تحریک اسلامیات کے سلسلہ میں خود بخود ہو گئی تھی۔ اُستاد نے اُسی جذبہ سے فائدہ اُٹھا کر اتنا اور اضافہ کر دیا کہ جن مضامین کو تم پڑھو۔ اُس کے "اچھے حصّوں" کو کاپی پر نقل بھی کر لو۔ اور ایک کام یہ کرو کہ جن لوگوں کے مضامین ہوں اُن کی زندگی کے حالات بھی خوب سوچ سمجھ کر پڑھو۔ اور پھر اُن پر علیحدہ علیحدہ مضمون لکھ ڈالو۔ یہ کام اول تو خود ہی دلچسپ تھا لیکن اس بات نے اُن میں اور شوق پیدا کر دیا۔ کہ اِن مضمون نگاروں میں وہ لوگ بھی ہیں جو اللہ کے دین کی خدمت کے سلسلہ میں زبان، ادب کو ترقی دیتے ہیں۔ اور قوم و وطن کی فلاح و کامیابی کی خاطر اپنے تن، من، دھن کی پرواہ نہیں کرتے یہ بھی ایک قسم کی قربانی ہے۔ اور خدا کے ہاں اِس کا بھی اجر ملیگا۔ بشرطیکہ اِن کاموں کی اصل بنیاد خدا کی رضامندی رہی ہو۔ اس ضمن میں طلبا نے ملک و قوم کے اکابرین و مشاہیر کے متعلق بہت کچھ پڑھا اور لکھا۔

ڈرائنگ کے اُستاد نے دیکھا کہ سب لوگوں نے اپنے لئے راہ نکال لی ہے۔ اور مجھے بھی کچھ کرنا ہے۔ اُنہوں نے طلبار کو جمع کیا۔ باتوں ہی باتوں میں یہ تجویز پیش کی کہ ہم لوگ عید کارڈ تیار کریں۔ ہر شخص نیا نمونہ اور نیا ڈیزائن بنائے۔ اور مختلف رنگوں سے اس کی خوبصورتی بڑھائے۔ جو کارڈ اچھے ہوں گے۔ وہ جلسہ کی نمائش گاہ میں دیواروں پر آویزاں کئے جائیں گے۔

خوش خطی کے اُستاد صاحب نے فوراً یہ مشورہ پیش فرمادیا کہ عید کارڈ کے ان نمونوں میں آپ معمولی اشعار درج نہ کریں بلکہ "اچھی باتیں" میں سے اچھی اچھی حدیثیں اور خاص خاص آیتیں لکھیں۔ اور یہ بھی کہہ دیا کہ حدیثوں اور آیتوں کے علاوہ اردو مضامین کی چیدہ چیدہ عبارتیں بھی اشعار کی جگہ لکھی جاسکتی ہیں۔ یہ ایک بالکل نئی چیز ہوگی اور اس سے آپ کے عید کارڈوں کی شان دوبالا ہوجائیگی۔ اکابرین و مشاہیر کے حالات میں بہت سے شہروں اور بستیوں کا ذکر آیا۔ جغرافیہ کے اُستاد نے اس سلسلہ میں طلبار سے اپنا کام بھی کرالیا۔ اور ان شہروں کے حالات طلبا کو بتادیئے۔ جب شہروں کا ذکر آیا تو دریا اور پہاڑ بھگکر کہاں جاتے۔ اس طرح طبعی جغرافیہ کا بھی ایک حصہ بچوں نے پڑھ لیا۔

عید کے پروجکٹ میں بظاہر حساب کے اُستاد کے لئے زیادہ دشواری نظر آتی تھی لیکن جب طلبار کی حساب کی کاپیاں دیکھیں تو معلوم ہوا کہ شاید سب سے زیادہ کام اسی سلسلہ میں کیا گیا ہے۔ ششم کے طلبار کی کاپی میں پہلا سوال یہ تھا۔

ایک پاؤ دودھ آٹھ پیالیوں کے لئے کافی ہوتا ہے۔ تو بتاؤ چار سو پیالیوں کے لئے کتنا دودھ لینا ہوگا۔

دوسرا سوال تھا:۔

آٹھ آدمیوں کے لئے کافی ہوتی ہے آدھ پاؤ شکر تو چار سو آدمیوں کے لئے کتنی چاہیئے۔

اسی طرح تیسرا:۔

۴۰ پیالیاں بنتی ہیں ایک پاؤ چائے میں، تو چار سو پیالیوں کے لئے کتنی چائے چاہیئے۔

چوتھا:۔

پہلے، دوسرے اور تیسرے سوالوں میں شکر، دودھ اور چائے کی قیمت معلوم کرو جب کہ دودھ پانچ روپے من، شکر نو روپے من، اور چائے ساڑھے سات روپے من ہے۔

دعوت میں چائے، کباب، شاہی ٹکڑے، مٹھائی، پھل وغیرہ کتنی چیزیں تھیں۔ اُن کے اجزار کا علیحدہ علیحدہ اور یکجا حساب کے سلسلہ میں اُستاد نے ہر جزو میں متعدد سوالات تیار کئے۔

دسترخوان کے تمام اجزار کا واقعی خرچ معلوم کرنے کے لئے طلبا نے اپنا تمام نصاب پورا کرڈالا۔ آپ کو تعجب ہونا چاہیئے کہ بچوں نے حساب جیسے خشک مضمون کو جو بدقسمتی سے اب سلمانوں میں اور بھی بدنام ہوگیا ہے۔ ایسی ہی دلچسپی اور خوشی کے ساتھ پڑھا اور سیکھا جیسے وہ کہانیاں پڑھتے ہیں۔ اس لئے وہاں بحث تمامتر مشاہدات و واقعات سے تھی، اور طلبار اس فکر میں تھے کہ اپنی دعوت کے خرچ کا صحیح صحیح حساب لگائیں۔

یہ تمام حساب اشیاء کے تازہ ترین نرخوں کے اعتبار سے لگایا گیا تھا، آپ اندازہ کرسکتے ہیں کہ ان حالات کی وجہ سے اس مضمون میں کیسی جان پڑگئی ہوگی۔

عید کے دوسرے دن تعلیمی مرکز کا ہال تصویروں، رنگ برنگ کے عید کارڈوں سے سجا ہوا تھا۔ اردو ادب کے مشہور مصنفین، نامور شعراء، قومی رہنما، اور ملکی اکابرین کی تصویریں، اور اُن میں سے بیشتر کی دستی تحریریں خوبصورتی کے ساتھ دیواروں پر آویزاں تھیں۔ اُن سے زیادہ کشش اُن عید کارڈوں میں تھی جو طالب علموں نے خود بنائے تھے، ارباب صورت کے لئے رنگ آمیزی دِلآویز تھی تو ارباب معنی کے لئے اُن کی عبارتیں۔ چند عبارتیں یہ ہیں۔

۱۔ تم میں سب سے بڑا اللہ کے نزدیک وہ ہے جو تم میں سب سے زیادہ پرہیزگار ہے۔ (انوار احمد، ششم)

۲۔ ذلت کو پی جانا اخلاقی پستی کی آخری حد ہے۔ (محمود احمد)

۳۔ جب ہم کوئی کام کرنے کا ارادہ کرتے ہیں، تو طاقت آپ ہی آپ آجاتی ہے۔ (احمد دین)

۴۔ پاکیزہ خیالی قدرتی حُسن کو کتنا دلفریب بنا دیتی ہے۔ (حسن احمد)

بعض طالب علموں نے عید کارڈوں میں اپنے کچھ عہد لکھے تھے۔

۱۔ میں اللہ کی راہ میں اپنی جان کو قربان کردونگا۔ (سید مطیع اللہ)

۲۔ میں ہمیشہ اپنے ملک و قوم کا خادم بن کر رہونگا۔ (احمد دین)

۳۔ میں ہمیشہ پنج وقتہ نماز پڑھونگا۔ (حسن احمد)

۴۔ میں ہمیشہ سچ بولونگا۔ اور محتاجوں کی مدد کیا کرونگا (جواں بخت)

میزوں پر گلدستوں کے علاوہ طالب علموں کے مضامین بھی چھوٹی چھوٹی خوش نما کتابوں کی صورت میں رکھے ہوئے تھے۔ لوگ آتے تھے اور اُنہیں بڑے شوق سے دیکھتے تھے۔

ایک بات قابل ذکر یہ ہے کہ کھانا کھانے کا سارا انتظام جو تقریباً چار سو مہمانوں کے لئے کیا گیا تھا وہ اوّل سے لیکر آخر تک انہی طلباء کے ہاتھوں انجام پایا۔ جیسیں ان نوعمر طالب علموں نے بڑی پختہ کاری کا ثبوت دیا۔ اور اس خصوصیت کی وجہ سے تعلیمی مرکز کا یہ جلسہ پچھلے تمام جلسوں سے بازی لے گیا۔ ماکولات و مشروبات کے علاوہ یہ تمام کام طلباء نے عید سے پہلے مکمل کرلئے تھے۔ اس تیاری کے زمانہ میں طلبا کو اپنے کاموں کو پورا کرنے اور جلسہ کو کامیاب بنانے کا کچھ ایسا شوق پیدا ہوگیا تھا کہ چھٹی کے بعد گھر سے بھاگ بھاگ کر مدرسہ آتے تھے۔ تعلیمی مرکز نمبر ۱ شروع سال سے غیر مقیم طلبہ (ڈے اسکالر) (وہ طلبا جو دار الاقامہ میں نہیں رہتے ہیں۔ بلکہ اپنے گھروں پر رہتے ہیں) کے لئے مخصوص کردیا گیا ہے۔ اور مدرسہ کے لئے اب یہ سہولت باقی نہیں رہی ہے کہ وہ طلباء کو اقامتی ہونے کی حیثیت سے مدرسہ کے علاوہ وقت میں بھی کام میں لگائے رکھے۔ لیکن ان کاموں میں کسی جبر کی ضرورت ہی پیش نہیں آتی بچوں کو کام کے کرنے پر خود اصرار ہوتا ہے۔ اور وہ استاد کو مجبور کرتے ہیں، گذشتہ سال تک غیر مقیم طلبہ کی شخصیت اس مدرسہ

میں کچھ پیچھے ہی سی تھی۔ اِس لئے نہیں کہ خدانخواستہ مدرسین اقامتی طلبار کے مقابلہ میں اُن پر توجہ کم کرتے تھے۔ بلکہ بات یہ ہے کہ اساتذہ کو قدرتاً اقامتی طالب علموں سے کام لینے اور نگرانی کرنے کے زیادہ مواقع حاصل ہوتے ہیں۔ اِس لئے ہر طلبہ میں اقامتی طالب علم ہی نمایاں اور ممتاز نظر آتے تھے لیکن اقامتی طلبار کے جامعہ نگر منتقل ہوجانے سے اِس مدرسہ میں صرف دوسرا عنصر باقی رہ گیا ہے۔ اور اب استادوں کی ساری کوششیں انہی پر صرف ہورہی ہیں۔ اور یہ طلبار روز بروز ابھر رہے ہیں۔ اور اُن کے جوہر کھل رہے ہیں۔ اگر بچوں کے شوق و ذوق کا یہی عالم رہا تو بہت ممکن ہے کہ وہ اس دوڑ میں اقامتی طالب علموں سے بھی بازی لے جائیں ؎

دینی خطبات کا سلسلہ

جامعہ کے شعبہ دینیات کی طرف سے اس سال دینی خطبات کا جو پروگرام ترتیب دیا گیا تھا اُس میں ذیل کی پانچ تقریریں رکھی گئی تھیں۔

۱:۔ مقصد قرآن۔ — مولنا احمد علی صاحب امیر انجمن خدام الدین لاہور۔
۲:۔ امثال القرآن۔ — مولنا نجم الدین صاحب سابق پروفیسر اورنٹیل کالج لاہور
۳:۔ اسلام میں دولت کی تقسیم۔ — مولنا غلام مرشد صاحب آنریری پروفیسر اشاعت اسلام کالج لاہور
۴:۔ اسلام اور موجودہ مدنی مسائل۔ — مولنا ابوالبرکات حکیم عبدالروف صاحب داناپوری
۵:۔ حدیث — مولنا میر ابراہیم صاحب سیالکوٹی۔

بحمداللہ اِن میں سے چار جلسے کامیابی کے ساتھ ختم ہوئے اب صرف آخری جلسہ حدیث باقی ہے۔ جو اپریل کے وسط میں منعقد ہوگا۔

شعبۂ دینیات اِن قیمتی خطبات کی اشاعت کا انتظام کر رہا ہے۔ اور انشاراللہ بہت جلد وہ حضرات بھی جو اِن خطبات کو سُن نہیں سکے ہیں۔ پڑھ کر استفادہ کرسکیں گے۔

آیندہ سال کا پروگرام زیرِ تجویز ہے۔ اور خیال یہ ہے کہ ہمارا دوسرا سال اِس سے زیادہ بہتر ثابت ہوگا۔

جیسا کہ ہمدرد جامعہ کی دوسری اشاعت میں عرض کیا گیا تھا کہ یہ "سلسلہ خطبات" شعبہ دینیات کے اصل پروگرام کی محض ایک شاخ ہے یہ پہلا سال تھا، اِس لئے زیادہ ہمت نہیں کرسکے لیکن آنے والے سال میں خدا کے احسان سے توقع ہے کہ یہ شعبہ دوسرے ارادوں کو بھی عملی جامہ پہنا سکے گا ؎

مدرسہ ابتدائی جامعہ نگر کے چند بچے

(جناب عبدالغفور صاحب استاد مدرسہ ابتدائی جامعہ نگر)

۱۵ راگست سنہ ۳۲ء کو جب جامعہ نگر میں مدرسہ ابتدائی کا افتتاح ہوا۔ تو حسب معمول ملک کے مختلف حصوں سے بچّے آنا شروع ہوئے۔ مدرسہ کا خوف، اپنے عزیز ترین ماحول سے جدائی، اور ایک اجنبی ماحول میں یکایک رہنے کا اتفاق ہونا بچّے کی زندگی میں کیا بڑوں کی زندگی میں ایک انقلابی دور ہوتا ہے۔ شروع میں عام طور پر بچّوں کے ساتھ سرپرست آتے ہیں، اس لئے ایک دو دن تک بچے کچھ مطمئن سے رہتے ہیں۔ اور تعجب کے ساتھ مختلف چیزوں اور اپنے نئے ساتھیوں پر نظر ڈالتے ہیں۔ مگر جب وہ رخصت ہوتے ہیں تو ان کو اپنی پچھلی زندگی اور گھر کا خیال آنا شروع ہوتا ہے جس کی وجہ سے ایک عرصہ تک اُن کو اور ان کے اساتذہ کو بڑی پریشانی ہوتی ہے۔ اس پہلے ہفتہ میں جتنا جھوٹ چھوٹے بچّوں کی خاطر اساتذہ اور خصوصاً نگرانِ مدرسہ کو بولنا پڑتا ہے شاید ہی سال بھر میں اس کی نوبت آتی ہو۔ نگران مدرسہ کبھی فون پر رامپور سے نبو اور ببو میاں کے باغ سے سنگترے منگواتے ہیں۔ کبھی احمد آباد سے بسکٹ منگواتے ہیں۔ کبھی ابا جان کو تار کے ذریعہ بلواتے ہیں۔ غرض جتنی فرمائشیں ہوتی ہیں سب کی سب پوری کی جاتی ہیں۔ اور اگر خدانخواستہ کوئی فرمائش پوری نہیں ہوئی تو سلیم میاں جیسے منچلے فوراً کہہ اٹھتے ہیں۔ "ہیڈ ماسٹر صاحب بڑے بے ایمان ہیں۔ بہت جھوٹے ہیں۔ پہلے درجہ کے دغاباز ہیں۔ بڑے دھوکے باز ہیں۔ وغیرہ وغیرہ"

میں جس دار الاقامہ کا ذکر کر رہا ہوں۔ یہ سب سے چھوٹے بچّوں کا گھر ہے۔ اس میں ہر سال سب سے زیادہ ننھے بچّے داخل ہوتے ہیں۔ اس لئے یہ خاص طور پر دلچسپ ہوتے ہیں۔ میں مختصراً بعض بچّوں کے حالات پیش کرتا ہوں۔ جو اپنے عادات و خصائل کے لحاظ سے بہت کچھ مختلف اور دلچسپ ہیں۔ سب سے پہلے ہم اس دار الاقامہ کے سب سے چھوٹے بچے سلیم میاں کو لیتے ہیں۔ جو اپنے ساتھیوں میں کیا پورے مدرسہ میں ایک نمایاں حیثیت رکھتے ہیں۔ ان کی عمر ۵ سال سے کچھ زیادہ ہوگی۔ تندرستی خاصی ہے۔ کبھی نچلا نہیں بیٹھتا۔ ہر وقت کسی نہ کسی بہانے سے اِدھر اُدھر پھرتا ہے۔ کم عمری کی وجہ سے لڑکوں کے ساتھ کھیلتا تو نہیں۔ مگر سب کو خوش ضرور رکھتا ہے۔ ہر وہ حرکت جس سے اس کے ساتھی خوش ہوں کرنے کے لئے تیار رہتا ہے۔ ایک خاص بات یہ ہے کہ جب کبھی درجہ میں کوئی تندرست بچہ کمزور بچہ کی چیز چھینتا ہے۔ یا اسے مارتا ہے تو یہ بیساختہ اس کی خبر لیتا ہے۔ اور کہتا ہے تم میرے دوست کو کیوں مارتے ہو۔ یہ دوسری بات ہے کہ غصہ ہونے پر اسے خود مار بیٹھے۔

درجہ میں بھی سلیم میاں کی حالت عجیب رہتی ہے۔ ابتدا میں عام طور پر بچّے درجہ میں سہمے سے رہتے ہیں۔ مگر سلیم میاں بہت جلد کھلے۔ شروع میں بجائے پڑھنا لکھنا اور گنتی سکھانے کے میں نے درجہ کے ساتھ کہانی، ہٹھو کھیلنا۔ تصویریں بنانا،

گھبرانا شروع کیا۔ جب اور بچے رفتہ رفتہ پڑھنے کے لئے آمادہ ہو گئے۔ اور مجھ سے اور نئے ماحول سے واقفیت پیدا ہو گئی تو نما سٹے درجہ کو پڑھنا شروع کر دیا۔ سلیم میاں ابتدا ہی سے پڑھنے سے گھبراتے ہیں۔ اور اگر پڑھتے بھی ہیں۔ تو پورے جملے یا (Sentences) کو پڑھتے ہیں۔ اور پڑھتے بھی صرف اس لئے ہیں کہ استاد خوش ہو جائے۔ ڈرائنگ کے لئے رنگ، پنسل اور کاغذ ملے۔ اچھی سی کہانی یا لطیفہ سننے میں آئے۔ لطیفہ سننے کا اس بچہ کو بہت شوق ہے۔ اور تعجب کی بات ہو کہ یہ لطیفہ کے ان پہلوؤں کو بھی سمجھتا ہے۔ جس کی طرف اس عمر کے بچوں کا خیال بھی نہیں جاتا۔ حالانکہ بظاہر بچہ بہت لا پروا معلوم ہوتا ہے۔ مفرد الفاظ سے گھبراہٹ شروع میں زیادہ تھی۔ اب کم ہو رہی ہے۔ ابتدا میں جب میں کسی لفظ کے شناخت کے لئے کہتا تھا۔ تو یہ پورا جملہ بلکہ پوری کہانی سناتا تھا۔ اور جب میں اصرار کرتا تو جھنجلا کر کہتا تھا "ماسٹر صاحب کیوں خواہ مخواہ پریشان کرتے ہو۔ پورا سبق سنو مجھے یاد ہے"۔

اتفاق سے اس بچہ کو ہندسوں کی شناخت پہلے ہی تھی۔ جب میں کوئی ہندسہ کسی کمزور لڑکے سے پوچھتا تھا تو یہ فوراً بتا دیتا۔ جب میں اسکو خاموش کرتا تو جواب ملتا کہ یہ تو میرا دوست ہے۔ میں اس کو ضرور بتا دوں گا۔ تعجب ہے ابتک اس بچہ میں بڑے چھوٹے کا کوئی احساس پیدا نہیں ہوا۔ اس لئے جو کچھ جی میں آتا ہے کہدیتا ہے۔ اس مدد کے سلسلہ میں ان کی دوستی سیف الرحمٰن سے ہوئی۔ چونکہ یہ بچہ بھی بہت چھوٹا ہے۔ اور شرارتیں کرتا رہتا ہے اس لئے ان دونوں کی دوستی بڑی گہری ہوئی۔ یہ اس کو تلو (ٹلو) کہتا ہے۔ اور جب کبھی طبعزاد کہانی سناتا ہے تو اس میں ضرور تلو کو ہیرو بنا دیتا ہے اور ماسٹر صاحب بچارے کو بری طرح پیٹتا ہے۔

سلیم میاں کی طبعزاد کہانی ملاحظہ ہو۔

"ایک تھے تلو ایک تھے پلو اور ایک تھے ماسٹر صاحب یہ تینوں جنے ایک دن شکار کو گئے۔ تلو نے ماری ایک ہرن۔ تلو کو ملی بوٹی (بوٹی)، پلو کو ملی بوٹی اور ماسٹر صاحب کو ملا چھیچھڑا۔ ایک جگہ پر کسی کا گھر جل رہا تھا۔ تو تلو نے ڈالی بوٹی (بوٹی)، تو ان کی بھن گئی بوٹی۔ پلو نے ڈالی بوٹی تو ان کی بھن گئی بوٹی۔ ماسٹر صاحب نے ڈالا چھیچھڑا تو ان کا جل گیا چھیچھڑا۔ ایک جگہ پر گئے۔ وہاں پہ ایک نہر تھی۔ تلو نے پانی خوب پیا، پلو نے پانی خوب پیا۔ جب ماسٹر صاحب نے منہ لگایا تو ان کا پاؤں پھسل گیا۔ ٹلو نے پکڑ ہی ٹانگ، پلو نے پکڑی ٹانگ۔ تب ماسٹر صاحب نکل آئے ایک جگہ پر گئے وہاں پر گھوڑے، موٹریں، سائیکلیں بک رہی تھیں۔ تلو کو موٹر، پلو ملا گھوڑا، ماسٹر صاحب کو ملی بگھی۔ ٹلو کی موٹر کہتی پوں پوں۔ پلو کا گھوڑا کہتا ہیں ہیں۔ ماسٹر صاحب کی بگھی کہتی چرخ چوں، چرخ چوں، چرخ چوں"۔ کہانی سنانے کے بعد آپ قہقہے لگاتے ہیں۔

۲۔ سلیم میاں اور ٹلو کی دوستی درجہ میں بے نظمی پیدا کرنے لگی۔ ٹلو میاں زیادہ شوخ نہیں ہیں۔ ان میں بھولا پن زیادہ ہے، جہاں کہانی شروع کی اور وہ سنبھل گئے۔ پڑھنے کے لئے بھی ذرا سی ترغیب سے آمادہ ہو جاتے ہیں۔ مگر سلیم میاں آسانی سے اس طرف مائل نہیں ہوتے۔ لیکن چونکہ اس بچہ کو ڈرائنگ کا شوق ہے اس لئے جہاں تختہ پر تصویر کھینچ جاتی ہے یہ متوجہ ہوتے ہیں۔ اور آٹھ دس منٹ کے لئے پڑھتے ہیں۔ مگر جب مخصوص جملے دہراتے دہراتے اکتا جاتا ہے تو ٹلو سے کہتا ہے "چلو تلو وہ صبح کا ترانہ سناؤ"۔ ٹلو مسکرا دیتا ہے۔

اور ہاتھ اٹھاکر پوچھتا ہے۔ جو میرا دوست بنے وہ میرا ہاتھ پکڑلے سب بچے ارد گرد جمع ہو جاتے ہیں۔ پھر یہ سب کو ملکر کورس میں ترانہ سنانے کے لئے کہتا ہے۔ سب سے پہلے یہ خود مصرع طرح اٹھاتے ہیں" اے دُنیا کی شان کے مالک جسم کے مالک، جان کے مالک" اور پھر سارا درجہ کورس میں جتنے شعر یاد ہوتے ہیں سنا دیتا ہے۔ تلو ویسے تو لاپروا بچہ ہے۔ مگر سعید سے بہت محظوظ ہوتے ہیں۔ یہ لطیفہ کو بڑے غور سے سنتا اور اپنے مخصوص انداز میں بیان کرتا ہے۔ لطیفہ سناتے وقت ہمیشہ دلچسپ حصہ پر جلد از جلد پہونچنے کی کوشش کرتا ہے، اور پُرلطف جگہ بیان کرنے سے پہلے ہنس پڑتا ہے۔ بیان کرتے وقت اس کا چہرہ کہانی کے پورے اثرات کو ظاہر کرتا ہے۔ سب سے پہلے آنکھیں بیچ جاتی ہیں۔ رُخساروں میں گڑھے پڑ جاتے ہیں۔ ایک لمحے کے لئے ٹھیر جاتا ہے گردن ذرا اوپر کو کر لیتا ہے۔ اور پھر خوب ہنستا ہے اس لئے عام طور پر وہ کہانی میں پورے طور پر الفاظ کو ادا نہیں کرسکتا۔ مگر اس کا چہرہ کہانی کے کیفیات کو اس قدر صاف ظاہر کر دیتا ہے کہ سب بچے محظوظ ہوتے ہیں۔

۴ - ان کے ساتھ ایک اور بچہ سلیمان مشہور ہے۔ مگر طبیعت میں ان تینوں کے برخلاف۔ عمر تو ان کی زیادہ نہیں مگر طبیعت میں سنجیدگی حد سے زیادہ ہے۔ یہ بھی کہانی سناتا ہے۔ اور اچھی سناتا ہے۔ مگر ان کی کہانی کو بڑے لڑکے زیادہ پسند کرتے ہیں۔ ان کی زبان تو اچھی ہے مگر لب و لہجہ نہایت سنجیدہ۔ بیان بھی کسی قدر طویل ہوتا ہے۔ ہمیشہ کہانی میں اپنی طرف سے اضافہ کرتے رہتے ہیں اور بہت برمحل۔ جو کچھ اضافہ کرتے ہیں پوری کہانی کے دوران میں اسے نباہتے ہیں۔ کسی واقعہ کو بیان کرتے کرتے ایک خاص مقام پر لے جاکر چھوڑ دیتے ہیں۔ اور نیا سلسلہ شروع کر دیتے ہیں۔ مگر پھر اس کو جہاں سے چھوڑا تھا وہاں سے شروع کر دیتے ہیں۔ اور ایک ماہر فن داستان گو کی طرح اُسے ختم کرتے ہیں۔ مگر بچوں میں اتنی لمبی داستان سننے کی تاب کہاں۔ وہ تو بہت جلد نتیجہ چاہتے ہیں۔ اس لئے تھوڑی دیر تو وہ متوجہ رہتے ہیں۔ مگر پھر فوراً اُکتا کہتے ہیں۔ یہ کہانی بہت لمبی ہے ہم نہیں سنتے۔

سلیمان بھی سلیم کی نقل میں طنزاً کہانی کہتے ہیں۔ مگر جہاں سلیم کی کہانی میں استاد کی ہجو ہوتی ہے۔ وہاں پر ان کی کہانی میں ہمیشہ مدح ہوتی ہے۔ سلیم درجہ میں باغی ہے اور یہ صاحب نظم و نسق ہمیشہ مانیٹر بننے کی خواہش کرتے ہیں اور اسکے لئے استاد کی بات مانتے ہیں۔ درجہ میں لڑکوں کی شکایت بھی کرتے ہیں۔ اس لئے لڑکے اسے بڑے میاں اور مولوی صاحب کہتے ہیں۔ درجہ میں یہ مانیٹر تھے ہی کچھ عرصہ بعد دارالاقامہ کی مانیٹری کی خواہش ظاہر کی اور جب بچوں نے مانیٹر نہیں بنایا تو منتخب شدہ مانیٹروں سے ان کی ان بن رہنے لگی۔ بات بات پر شکایت کرنے لگے اس لئے عام طور پر بچے اس سے ناراض ہو گئے۔ اس ناراضگی کا اثر درجہ تک پہونچا۔ چنانچہ بچوں کی خواہش پر معزول کر دیئے گئے اس کے بعد پھر یہ کسی کی بات پر بھی توجہ نہیں کرتے تھے اور درجہ میں شرارت بھی کرنے لگے۔ لیکن اس کا ایک سبب یہ بھی ہے۔ کہ صحت اچھی ہوگئی اور گھر سے جو قبض کی شکایت لے کر آئے تھے وہ جاتی رہی جسمانی تبدیلیوں کے متعلق میں دارالاقامہ کی عام زندگی کے سلسلہ میں کسی دوسرے موقع پر تفصیل بتاؤنگا یہ بھی بہت دلچسپ ہے۔

سلیمان کی مانیٹری سے الگ ہونے پر محمد شہنشاہ اس کی جگہ منتخب ہو گئے۔ اس بچہ کی طبیعت میں سلامت روی ہے

کسی قاعدے کے خلاف ورزی نہیں کرتا۔ دارالاقامہ کے تمام معمولات کا بہت پابند ہے۔ چہرہ ہمیشہ شگفتہ رہتا ہے۔ صفائی پسند بھی ہے۔ پورے دارالاقامہ کی صفائی کا خیال رکھتا ہے۔ کبھی معمولی بات پر شکایت نہیں کرتا۔ اس کا لب ولہجہ بہت صاف اور شائستہ ہے۔ ڈرائنگ سے بھی دلچسپی رکھتا ہے۔ کہانی سننے کا بھی شوق ہے۔ مگر خود کم سناتا ہے۔ ان میں سلیمان کی سی سنجیدگی تو نہیں ہے۔ مگر ویسے بچہ بہت باادب ہے ان کے کام پر پورے درجہ کو بھروسہ رہتا ہے۔ کبھی سلیمان کی طرح مانیٹری کی شیخی نہیں کرتے۔ البتہ استاد کے سامنے اپنی کارگذاری کا ذکر کرتے ہیں۔ اور اس کی داد چاہتے ہیں۔

۵۔ شاہ ابوتراب اس درجہ میں ایک بڑا لڑکا ہے۔ جو اپنی عمر کے لحاظ سے درجہ سوم میں پڑھنے کے قابل ہے۔ مگر ابتدائی تعلیم نہ ہونے کی وجہ سے ابتدائی اول میں داخل ہونا پڑا۔ ان کی بچپن میں چند عادتیں کچھ خراب ہو گئیں۔ جس کی وجہ سے ان کے ساتھیوں کو بڑی شکایت رہتی ہے۔ سب سے بری بات یہ ہے کہ اس بچہ میں دوستداری نہیں۔ معمولی بات پر اپنے ساتھیوں کو ٹھوکتا ہے۔ کھیل کا اسے شوق ہے۔ مگر ہمیشہ خودغرضی سے کھیلتا ہے۔ خود گیند لے کر دوڑ پڑتا ہے جب میں نے بڑوں کے ساتھ کھیلنے کے لئے کہا تو اس نے بہت پس وپیش کیا اب اپنے ہم عمر بچوں کے ساتھ میدان میں کھیلتا ہے۔ اور وہاں ٹھونکنے کا کوئی ۔۔۔ موقع نہیں چیزوں کو توڑنے اور خراب کرنے کی ایسی عادت ہے کہ خدا کی پناہ۔ درجہ میں ساتھی نالاں رہتے ہیں اور کہتے ہیں۔ "ماسٹر صاحب ابوتراب کو دوسری میں بھیج دو" بڑا ہونے کے باوجود جب اسے بچوں نے مانیٹر نہیں بنایا تو اسکو بہت افسوس ہوا۔ مجھ سے کہنے لگے "ماسٹر صاحب مجھے مانیٹر بنادیجئے میں اچھا انتظام کروں گا۔ درجہ کا سامان حفاظت سے رکھونگا" میں نے کہا یہ بات تو درجہ کے ہاتھ میں ہے۔ اس دن سے اس نے درجہ کو خوش کرنے کی کوشش شروع کی۔ سامان کو محفوظ رکھنے میں مانیٹروں کی مدد بھی کرنے لگا۔ ایک مرتبہ میری عدم موجودگی میں نبو میاں کی شرارت سے تختہ سیاہ سینڈ پر سے گرنے لگا۔ اس نے فوراً لپک کر سنبھال لیا۔ اور آس پاس کے چھوٹے بچوں کو اس کی زد سے بچالیا۔ اس بات کی پورے درجہ نے میرے سامنے تعریف کی اور انتخاب کے موقع پر مانیٹر منتخب کردیا۔ مانیٹر ہونے کے ساتھ اس نے پڑھائی پر خوب توجہ دی اور بہت جلد ترقی کی۔ یہ حالت دیکھکر میں نے بچوں سے کہا۔ ابوتراب تم میں بڑا ہے۔ پڑھنے میں بھی اچھا ہے۔ تم لوگ اس کی عزت کرو۔ اور پڑھنے میں اس سے مدد لو۔ اس وقت سے بچوں کے ساتھ ان کا رویہ بہت کچھ بدل گیا ہے۔ اور درجہ کی چیزیں بھی محفوظ ہونے لگیں۔ مانیٹر ہونے کے بعد پہلی ششماہی میں درجہ اول کا کورس ختم کردیا۔ اور دوم میں بھیج دیا گیا۔

۶۔ سلیم میاں کے ساتھیوں میں ایک منو صاحب بھی ہیں۔ یہ بہت سنجیدہ ہیں۔ باتیں تو زیادہ نہیں بناتے۔ مگر اپنے چال چلن میں بڑوں کا سا رویہ رکھتے ہیں عام بچوں کی طبیعت کے خلاف ان میں دیر تک یکسوئی کے ساتھ کام کرنے کی عادت ہے۔ طاقت تو چنداں نہیں۔ مگر بچہ ہمت والا ہے۔ اس لئے ابوتراب جیسے لڑکے بھی مارنے یا دھمکانے کی جرأت نہیں کرسکتے۔ ان کے دوستوں کا حلقہ بہت محدود ہے طبیعت میں شوخی ضرور ہے۔ مگر اس کا اظہار استاد کی عدم

موجودگی میں ہوتا ہے۔ پہلے گالیوں میں بہت مشّاق تھے۔ مگر اس وقت بھی جان پہچان کے لوگوں کو گالیاں دیا کرتے تھے یہ بات بھی نہیں رہی۔ ماحول کی وجہ سے لب ولہجہ بہت کچھ سدھر گیا ہے۔ عجیب بات تو یہ ہے کہ ان کو ڈرائنگ سے کوئی دلچسپی نہیں۔ البتہ کہانی سننے کا بہت شوق ہے جب کوئی کہانی سناتا ہے تو یہ خاموشی کے ساتھ منہ کھولے ہوئے سنتے رہتے ہیں۔ کہانی کے دوران میں اگر کوئی گڑبڑ کرے تو آپ بگڑ جاتے ہیں۔

۹۔ فاضل شاہ صوبہ سرحد کا رہنے والا ایک بچہ ہے جو ان تمام بچوں سے مختلف ہو۔ اُن کی معلومات کا ذخیرہ اچھا ہے۔ درجہ میں ہمیشہ سوال کرتے رہتے ہیں۔ جب تک اسے مطمئن نہ کیا جائے وہ برابر سوال پر سوال کرتے جاتے ہیں۔ ویسے یہ بہت کم سخن اور دیر آشنا بچہ ہے۔ مگر جب کسی سے واقفیت ہو جاتی ہے تو پھر بہت صفائی کے ساتھ بات چیت کرتے ہیں۔ چہرہ ہمیشہ شگفتہ رہتا ہے۔ بڑوں کے ساتھ بھی ان کو بات کرنے کا شوق ہے۔ مگر اس میں تصنع یا شیخی کا شائبہ تک نہیں ہوتا۔ اگرچہ اس کی زبان پشتو ہے۔ مگر چھوٹے بچوں میں رہنے سے زبان بہت صاف ہوگئی ہے۔ یہ بھی عام پٹھان بچوں کی طرح حا سے ہندی ادا نہیں کرسکتے۔ اس لئے عام طور پر بچے ان کی باتوں سے بہت محظوظ ہوتے ہیں۔ پڑھنے میں یہ بچہ غیر معمولی طور پر اچھا ہے۔ طبیعت میں بڑوں کی طرح یکسوئی پائی جاتی ہے۔ اس لئے ہمیشہ کام جم کر کرتا ہے۔ یہ بات بھی نہیں ہے کہ جسمانی طور پر کمزور ہو۔ اور اس لئے کوئی شرارت کرنے کی ہمت نہ ہو۔ بچپن کی تربیت بہت اچھی ہے۔ طبیعت میں بڑوں کی طرح مستقل مزاجی ہے۔ ایک دن کے لئے بھی اس نے گھر کی پرواہ نہ کی۔ حالانکہ بچہ بہت خوشحال گھرانے سے تعلق رکھتا ہے۔ بیمار ہونے پر عام طور پر بچے شفاخانہ سے ڈرتے اور گھبراتے ہیں مگر یہ کبھی پرواہ نہیں کرتے تھے پشتو مادری زبان ہے۔ مگر کابل میں رہنے سے فارسی بھی جانتے ہیں۔ کچھ عرصہ انگریز دایہ کی نگرانی میں رہے۔ اس لئے تھوڑی سی انگریزی بھی جانتے ہیں۔ جب کبھی میں درجہ میں یا دوسرے بچوں کے سامنے پشتو میں بات چیت کرتا ہوں تو یہ شرماتے ہیں اور ہمیشہ اُردو میں جواب دیا کرتے ہیں۔ مگر تخلیہ میں خالص پشتو بولتے ہیں

۸۔ ان بچوں میں ایک چھوٹا دُبلا پتلا بچہ حامد ہے ان کو پڑھانے میں استاد کو بالکل دقت نہیں ہوتی۔ صحت ابتدا سے کمزور رہائی ہے۔ اس لئے کوئی جسمانی شرارت تو کرتے نہیں۔ آتے ہی درجہ میں بیٹھ جاتے ہیں۔ استاد کے کہنے پر کتاب کھول لیتے ہیں۔ اور جب تک عبدالرحمٰن یا محمد ابراہیم کا غلط تلفظ نہیں سنتے پڑھتے رہتے ہیں۔ چونکہ پڑھنے میں تیز ہیں اس لئے ذرا سی توجہ سے سبق یاد کرتے ہیں اور پھر محمد ابراہیم اور عبدالرحمٰن کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ عبدالرحمٰن ایک افریقی بچہ ہے۔ اس کا تلفظ سلیم کے برعکس ہوتا ہے۔ یہ دوم کو ڈوم۔ کبوتر کو کبوٹر اور کوّا کو کوّا آپڑھتے ہیں۔ اس لئے حامد صاحب ان کے تلفظ سے بہت محظوظ ہوتے ہیں۔ اور چپکے چپکے دیر تک ہنستے رہتے ہیں۔ عبدالرحمٰن کے تلفظ کا بھی یہی حال ہے وہ حلوے کو ہوّا دودھ کو دوھ، دلیہ کو ڈلیہ، سورج کو جو رج پڑھتا ہے۔ حامد میاں ان سے بہت لطف اندوز ہوتے ہیں۔ تعجب کی بات ہو کہ اس غلط تلفظ کا ایک بچہ کو احساس ہے اور دوسرے کو بالکل نہیں۔ عبدالرحمٰن صرف اس وجہ سے پڑھنے میں کمزور ہیں کہ وہ ہمیشہ ڈرتا ہے کہ کہیں غلط لفظ منہ سے نہ نکل جائے حالانکہ وہ الفاظ کو اچھی طرح پہچان لیتے ہیں۔ ابراہیم ان کے برعکس

خوب ہنستے ہیں۔ اس کی پرواہ بھی نہیں کرتے۔ بے وجہ بھی ہر ایک بات پر ہنستے ہیں۔ اور ان کی ہنسی بیوقوفی کے درجہ تک پہنچ گئی ہے۔

ان کی پارٹی میں ضیاء الدین ایک اور دلچسپ بچہ ہے درجہ میں یہ کبھی بھی یکسوئی کے ساتھ کام نہیں کرتے۔ استاد کے توجہ دلانے پر تھوڑی دیر تک کام کرتے ہیں پھر فوراً چھوڑ دیتے ہیں اور کبھی مونچھوں پر تاؤ دیتے ہیں۔ کبھی رجسٹر حاضری میں اپنے ساتھیوں کے نام ڈھونڈتے ہیں کبھی پوائنٹر سے کھیلتے ہیں۔ کبھی اس درجہ کے فریق اعلیٰ کی کتابوں میں تصویریں ڈھونڈتے ہیں۔ ہاں بعض اوقات درجہ میں بالکل سست بھی نظر آتے ہیں آنکھوں میں پانی ہوتا ہے۔ جمائی پر جمائی لیتے ہیں۔ میں مختلف طرح سے پڑھنے کے لئے آمادہ کرنے کی کوشش کرتا ہوں مگر اس کوشش کا چنداں اثر نہیں ہوتا۔ شروع میں مجھے خیال تھا کہ یہ بچہ طبعاً لاپرواہ ہے۔ مگر بعد میں معلوم ہوا کہ ان کو قبض کی شکایت ہے۔ بچہ طبعاً کند ذہن نہیں ہے۔ بلکہ جب پڑھنے کے لئے آمادہ ہوتا ہے تو بہت جلد اپنا سبق یاد کرلیتا ہے تعجب کی بات ہے کہ ڈرائنگ سے ان کو بالکل دلچسپی نہیں۔ مگر اپنے عملی کاموں میں بہت حصہ لیتے ہیں۔ آج کل ان کے ساتھی نوسنے کی بستی بنا رہے ہیں۔ اور اس میں یہ سب سے زیادہ سرگرمی سے حصہ لیتے ہیں۔

ان سب بچوں کے مختصر حالات سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ یہ لوگ کس قدر اپنی عادات و خصائل اور قابلیت میں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ اس لئے کسی طرح سے بھی ان کو ایک طریقہ سے پڑھانا مناسب نہیں۔ جہانتک ممکن ہو ہر ایک بچہ کی طرف انفرادی توجہ دینے کی ضرورت ہے اس کی وجہ سے درجہ میں اصلی ضبط بھی قائم رہتا ہے اور ہر ایک بچہ کم و بیش اپنی اپنی جگہ پر ترقی بھی کرسکتا ہے بالعموم خیال میں پڑھانے کے مختلف طریقوں کو آزمانے سے پہلے اس بات کی ضرورت ہے کہ بچے سے انفرادی طور پر واقفیت حاصل کرلی جائے۔ اور ان کی ضرورتوں اور میلانات کو سمجھکر ان کی مدد کی جائے۔ میں کسی موقع پر اپنے طریقہ کار کے متعلق کسی قدر وضاحت کے ساتھ عرض کروں گا۔

مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کی طلائی جوبلی

مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کی طلائی جوبلی آخر مارچ (۲۵-۲۸ سنہ ۱۹۳۶ء) میں علیگڈھ میں منائی جارہی ہے۔ ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب کے علاوہ دوسرے اساتذہ اور طلبا کانفرنس کی شرکت کا ارادہ رکھتے ہیں۔ کانفرنس کا ایک خاص شعبہ تعلیمی نمائش بھی ہے۔ جامعہ سے بھی متعدد چیزیں نمائش کے لئے گئی ہیں۔

شیخ الجامعہ صاحب کانفرنس میں ثانوی تعلیم کے شعبہ کے صدر رہیں۔ صاحب موصوف کا خطبۂ صدارت اور تعلیمی کانفرنس کی اہم کارروائیاں ہم آئندہ اشاعت میں ہدیۂ ناظرین کریں گے۔

شریر بچے

(جناب عبدالواحد صاحب سندھی استاد تعلیمی مرکز ملا جامعہ ملیہ)

عام طور پر بچوں کے ماں باپ یا سرپرست اس بات کے شاکی رہتے ہیں کہ ان کا بچہ بڑا شریر ہے۔ استادوں کو اس قسم کی شکایتوں سے آئے دن سابقہ پڑتا ہے۔ ماں باپ یا سرپرست بچہ کو جب کسی مدرسہ میں داخل کرتے ہیں تو ان کی گفتگو کا ماحصل یہ ہوتا ہے کہ "ننھے میاں بڑے شریر ہیں۔ گھر میں بھائی بہنوں سے لڑتے ہیں اور گھر کی چیزیں خراب کرتے رہتے ہیں۔"

داخلہ کے بعد تو اس قسم کی شکایتیں اکثر اوقات سننے میں آتی ہیں۔ "ماسٹر صاحب! ننھے میاں کسی کا کہنا نہیں مانتے کسی وقت اپنی شرارتوں سے باز نہیں آتے۔ گھر بھر میں ادھم مچاتے ہیں۔ آپ کے نام سے بھی نہیں ڈرتے۔" یہ شکایتیں اس ملازم کی زبانی سنی جاتی ہیں جو ننھے میاں کو مدرسہ پہنچانے آتا ہے۔

بعض والدین اپنے بچوں کو ڈرانے دھمکانے کے لئے جہاں اور فرضی تصورات بچہ کے معصوم ذہن میں بٹھاتے ہیں وہاں استاد کا خوف بھی ہے۔ گویا ماں باپ یا سرپرستوں کے نزدیک استاد ان کے بچوں کے لئے ہوّے کی حیثیت رکھتا ہے۔ یا پھر استاد کا تصور والدین اور سرپرستوں کے نزدیک ایسے آدمی کا ہوتا ہے جو جلاد سے کم نہ ہو۔ وہ نہ بچوں سے ہنس کر بولے نہ ان کے کھیل میں شریک ہو۔ بس تیوری چڑھائے ہمیشہ بچوں کو ڈانٹتا رہے۔

سب سے بڑی دقت یہ ہے کہ والدین اور استادوں کو اپنے بچوں کے متعلق تبادلۂ خیالات کرنے کے مواقع کم ملتے ہیں۔ اور دوسرے یہ کہ بعض والدین بچہ کی شرارت کو ایک بہت بڑی چیز خیال کرتے ہیں۔ لیکن ایک حقیقی استاد کے نزدیک یہ شرارت ہی اصلی جوہر ہے جو بچہ کی ترقی اور نشوونما کا سب سے بڑا سبب ہے اور یہ ایک مسلّمہ بات ہے جو بچہ بچپن میں جتنا زیادہ شریر ہوگا۔ اتنا ہی مستقبل میں اُبھرے گا۔

میں اپنے محدود تجربہ کی بنا پر کہہ سکتا ہوں کہ تعلیمی مرکز ملا کی پہلی جماعت میں وہی بچے لکھنے پڑھنے میں تیز اور ہوشیار نکلتے ہیں جو زیادہ شریر ہوتے ہیں۔ اور جو بچے سنجیدہ خاموش اور سیدھے سے ہوتے ہیں وہ اکثر کند ذہن اور ڈرپوک ہوتے ہیں۔

دو سال ہوئے بنگال کے دو بچے پہلی جماعت میں داخل ہوئے تھے۔ دونوں بھائی تھے۔ ننھے بڑے شریر جماعت میں ایسی ایسی شرارتیں کرتے کہ میں دیکھ کر حیران ہو جایا کرتا تھا۔ لیکن جسمانی اور ذہنی لحاظ سے تمام جماعت میں اول تھے اور سالانہ امتحان میں وہ دونوں نہ صرف اپنی جماعت کی پڑھائی میں اوّل ہی رہے بلکہ اپنے ساتھیوں میں ہر دلعزیز بھی ہو گئے چنانچہ چھوٹے بچوں کے دار الاقامہ میں دو سال تک متواتر مختلف چیزوں کے مہتمم رہے۔

میرے خیال میں یہ دونوں بچے ایک دن قوم کے مفید رکن بنیں گے۔ دونوں میں ایک خاص قسم کی انتظامی قابلیت ہے۔ جو اکثر شریر بچوں میں پائی جاتی ہے۔ یہ دونوں بچے یکے بعد دیگرے جماعت کے مانیٹر رہے۔ جب کوئی استاد جماعت میں نہ ہوتا تو یہ دونوں جماعت کا ایسا اچھا انتظام رکھتے کہ دیکھکر حیرت ہوتی تھی۔

اسی سال ایک دوسرا بچہ دہلی کا رہنے والا پہلی جماعت میں داخل ہوا جو درجہ میں بڑی سنجیدگی اور خاموشی کے ساتھ بیٹھا کرتا تھا۔ جماعت میں جس جگہ بٹھادیا وہیں گھنٹوں بیٹھا رہتا۔ اگر بچپن کے تقاضے کی بنا پر کبھی شرارت کو جی چاہا تو آنکھ بچا کر شرارت کرلی۔ لیکن اس شرارت میں کوئی بچپن نہ ہوتا تھا بس ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کسی بڑے بوڑھے نے شرارت کی ہے۔

جسمانی لحاظ سے یہ بچہ بہت ہی کمزور تھا۔ ہفتہ میں دو تین دن خرابیِ صحت کی وجہ سے غیر حاضر رہتا تھا۔ ایک نوکر اس کے سامانِ نوشت خواند اور اشیائے خورد و نوش کو اٹھائے رہتا۔ اور بچہ گاڑی کی نگرانی کرتا جس میں وہ سوار ہوکر آتا تھا۔ اب وہ بچہ اپنے والد کے ساتھ دہلی سے باہر ہے۔ لیکن اس کی جسمانی اور ذہنی حالت قابل اطمینان نہیں ہے۔ میرا ذاتی خیال ہے کہ یہ مستقبل میں "مرزا پھویا" سے کم نہیں ہوگا۔

نہ معلوم والدین کو بچوں کی شرارتیں کیوں ناگوار خاطر ہوتی ہیں۔ حالانکہ ان معصوموں کی شرارتیں بڑی معصوم ہوتی ہیں۔ ان میں ایک خاص لطف آتا ہے جو صرف اس شخص کو حاصل ہوتا ہے۔ جو بچوں میں رہتا ہے اور بچوں کے کھیل میں شریک ہوتا ہے اور ان سے محبت اور پیار سے پیش آتا ہے۔

بچوں کے ساتھ رہ کر ان کا اعتماد حاصل کرلیتا ہے۔ اس کے نزدیک یہ شرارتیں بری چیزیں نہیں ہیں۔ بلکہ بچہ کی بہتری کے لئے خدا کی ایک رحمت ہے۔

بچے بڑے ہوشیار ہوتے ہیں وہ خوب جانتے ہیں کہ انکے استاد یا ماں باپ کس طرح کا سلوک کرتے ہیں۔ وہ اسی لحاظ سے اپنی شرارتوں کی نوعیت بدل دیتے ہیں۔ اگر آپ بچوں سے سختی سے پیش آئیں گے تو ان کی شرارتوں میں قدرے سختی ہوگی۔ اور اگر آپ بچوں سے محبت، پیار اور نرمی کا برتاؤ کریں گے تو ان کی شرارتوں میں ایک خاص قسم کا بھولاپن اور معصومیت نظر آئے گی جو آپ کے لئے ناگوار خاطر ہونے کی بجائے دلچسپی کا باعث ہوگی۔

اس سال پہلی جماعت میں ایک بچہ داخل ہوا ہے۔ جس کو اس کی شرارتوں کی وجہ سے مجسمہ شرارت کہیں تو بجا اور درست ہوگا۔ اس بچہ سے ذرا دیر بھی نچلا نہیں بیٹھا جاتا ہے بلا کا ذہین۔ اس کی عادت ہے کہ سبق پڑھنے میں جب وہ سمجھتا ہے کہ اب استاد بات ختم کرنے کو ہے تو جھٹ کوئی نہ کوئی شرارت کردیتا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں یہ شرارت پڑھائی میں مزاحم ہوتی ہے۔ لیکن بچہ کے نشو و نما اور ذہنی ترقی کے لئے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ اس شرارت کی نوعیت بدلنے کے لئے جب سے میں نے محبت اور پیار کے برتاؤ کو اختیار کیا ہے تو اس کی شرارتوں کا رُخ فوراً بدل گیا اور برابر بدلتا جارہا ہے اس کی شرارتوں میں خیر کوئی کمی تو ہوئی نہیں اور نہ میں اس کا خواہاں ہوں۔ البتہ اب اس کی شرارتیں منظم ہوگئی ہیں۔ اب وہ با موقع شرارتیں کرتا ہے۔ جس کا لطف نہ صرف استاد ہی کو حاصل ہوتا ہے

بلکہ ان ننھے ننھے ساتھیوں کو بھی آتا ہے جو خود اس جیسے بھولے بھالے ہیں ۔

ایسے موقعوں پر اساتذہ اور والدین کو ہوشیار رہنا چاہئے کہ کہیں وہ ایسے بھولے بھالے بچوں کو شرارت کی وجہ سے کھلونا نہ بنا دیں ۔ اگر ایسا کیا گیا تو یہ چیز بچہ کے لئے بڑی خطرناک ثابت ہوگی ۔ یہ بات یقینی ہے کہ ایسا بچہ اپنی پوری توجہ انہیں شرارتوں کی طرف کرے گا جس کی بنا پر وہ کھلونا سمجھا جاتا ہے اور وہ اپنے آپ کو ہردلعزیز بنانے کے لئے ایسا ضرور کرے گا ۔ اس طرح سے بہت ممکن ہے کہ وہ آگے چلکر محض مسخرا بن جائے ۔

والدین اور اساتذہ کا مشترکہ فرض ہے کہ بچہ کی شرارتوں کو اس طرح پر منظم کریں کہ اس کی آنے والی زندگی میں زیادہ سے زیادہ مفید ہوں ۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ بچوں کی شرارتوں کے منظم کرنے کا کیا قاعدہ ہونا چاہئے ۔ میرا تجربہ ہے کہ اگر موقع محل دیکھکر بچے کو محبت اور پیار سے سمجھایا جائے تو وہ نقصان دہ شرارتوں سے باز آجاتا ہے ۔ جب نقصان دہ شرارتوں سے باز آنے کے بعد معصوم شرارتوں کا زمانہ شروع ہوتا ہے اس وقت بس اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ اس کی بھولی بھالی شرارتوں کی وجہ سے لوگ اس کو اپنے لئے کھلونا نہ بنالیں ۔

اساتذہ اور والدین کا بچوں کی تعلیم و تربیت کے متعلق سب سے اہم فرض یہ ہے کہ قدرت کے دئے ہوئے عطیات کو ضائع نہ ہونے دیں ۔ بلکہ اس سے کوئی مفید چیز پیدا کریں ۔ ظاہر ہے کہ قدرت نے شرارت بچہ کو اس لئے نہیں دی کہ وہ بچہ کی تخریب کے درپے ہے ۔ واقعہ یہ ہے ۔ قدرت نے اس میں ایک قابل ترین جوہر پیدا کیا ہے ۔ جس کو جلا دیکر بچہ کے مستقبل کو روشن بنایا جاسکتا ہے

اگر آپ بچہ کی شرارتوں کو دبانے کی کوشش کریں گے تو اس کے نتائج بہت خراب ہوں گے ۔ ممکن ہے کہ مار پیٹ کر بچہ کی معصومانہ شرارتوں کو تو آپ کم کرادیں ۔ لیکن یہ معلوم رہنا چاہئے کہ اس سے کیا کیا نتائج پیدا ہوں گے آپ بچہ کا اعتبار کھودیں گے ۔ بچہ میں جھوٹ مکاری اور ریاکاری کی عادتیں پیدا ہو جائیں گی ۔ سب سے بڑی چیز جو بچہ میں پیدا ہوگی ۔ وہ بزدلی ہے ۔ بہت ممکن ہے کہ رفتہ رفتہ یہ بری عادتیں اسکی معصوم طبیعت میں جڑ پکڑ جائیں اور اس کی زندگی خراب ہو جائے ۔

اس لئے والدین اور استادوں کو اس معاملہ میں حکمت عملی اور ہوشیاری سے قدم اٹھانا چاہئے ۔ ایسا نہو کہ ہماری ذرا سی سستی کاہلی اور غفلت ایک معصوم انسان کے مستقبل کو برباد کردے ۔ جس کے لئے نہ صرف قوم کے سامنے جواب دہ ہونا پڑے گا بلکہ خدا کے سامنے بھی ۔

حالاتِ جامعہ

دلی رنج والم کے ساتھ یہ اطلاع سپردِ قلم کی جاتی ہے کہ جامعہ کے ایک محسن اور ملت کے قدیم دردمند کنور عبدالوہاب خاں صاحب ایک عرصہ تک علیل رہ کر رہ گذارِ عالمِ جاودانی ہوئے۔ اِنّا للّٰہ وانّا الیہ راجعون ؂

جامعہ میں جب یہ اطلاع پہنچی تو تعزیت کا جلسہ منعقد ہوا۔ اور ایصالِ ثواب کیا گیا۔ مرحوم کو جامعہ کے ساتھ بہت قریبی اور قدیمی تعلق تھا۔ بانیانِ جامعہ کے آپ خاص رفیقوں میں تھے، اور جس طرح خلافت کی تحریک میں آپ نے اُن کا پورا ساتھ دیا اسی طرح جامعہ کی تاسیس وتعمیر میں اُن کے دوش بدوش حصّہ لیا۔ اور اپنے اس تاسیسی تعلق کی وجہ سے آپ ہمیشہ جامعہ پر مہربان رہے۔ اور اس کی امداد و اعانت سے کبھی گریز نہیں فرمایا۔ مرحوم نے پچھلے سال سے اپنے فرزند وحید میاں عبدالباقی خاں کے لئے جامعہ ہی کی تعلیم اور اُس کے ماحول کو پسند فرمایا تھا۔ اور اکثر دہلی تشریف لاکر ارکانِ جامعہ کی ہمت افزائی فرماتے رہتے تھے۔

خدا مرحوم کی قبر پر اپنی رحمت کے پھول برسائے۔ اور اُس کو حکیم اجمل، محمد علی اور ڈاکٹر انصاری کی روحوں کے ساتھ اعلیٰ علیین میں جگہ دے۔

جامعہ کا ہر شخص اِس صدمہ سے مُتاثر ہے جناب بیگم عبدالوہاب صاحب اور میاں عبدالباقی سلمۂ اور اُن کی بچی کے ساتھ پوری جامعہ اُن کے غم میں شریک ہے۔ اللہ سب کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔

شیخ الجامعہ جناب ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب مدظلہٗ، آنکھ کے نہایت کامیاب علاج کے بعد بمبئی سے تشریف لے آئے ہیں اب آنکھ میں کوئی تکلیف نہیں ہے۔ اور نہ بصارت پر کوئی صدمہ، الحمدللہ علیٰ احسانہ ؂

۱۵ مارچ سے آپ نے اپنے دفتری معمولات کو باقاعدہ شروع کر دیا ہے۔

برما کے ہمدردانِ جامعہ کے صلاح و مشورہ سے طے پایا ہے کہ مارچ کی آخری تاریخوں میں رنگون تشریف لے جائیں۔ ناظم حلقہ ہمدردان بھی آپ کے ہمراہ ہوگا ؂

مسٹر ووڈ جنہیں گورنمنٹ ہند نے ہندوستان میں ثانوی اور اعلیٰ تعلیم کے متعلق مشورہ کے لئے انگلستان سے بُلایا تھا خواہش ظاہر فرمائی تھی کہ میں جامعہ ملیہ کے مدرسوں اور اُن کے طریق کار کو دیکھنا چاہتا ہوں۔ چنانچہ وہ اور مسٹر جے۔ آئی پارکنسن ایجوکیشنل کمشنر آف انڈیا اور مسٹر فیلڈن جو آل انڈیا ریڈیو کے کنٹرولر ہیں۔ ۳ مارچ کو جامعہ قرولباغ میں تشریف لائے۔ اور ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کی معیت میں انہوں نے جامعہ کے مختلف شعبوں خصوصاً ابتدائی درجوں کو ملاحظہ فرمایا۔ اگلے روز ۴ مارچ کو شام کے وقت جامعہ نگر

اوکھلا میں تشریف لے جاکر مدرسہ ابتدائی کو دیکھا۔ جامعہ کے کام سے وہ بیحد خوش ہوئے۔ اور انہوں نے اِسے ہندوستان میں ایک نیا تعلیمی تجربہ قرار دیا ہمیں افسوس ہے کہ اُن کے پاس کافی وقت نہیں تھا۔ اور وہ تفصیلی نظر سے سب چیزوں کو نہ دیکھ سکے تاہم اُن کی تشریف آوری اور نہایت بہت افزا کلمات کے بیحد ممنون ہیں۔

اُنہوں نے جو رائے کتاب آرائے میں درج فرمائی ہے۔ اُس کی نقل ذیل میں درج کیجاتی ہے۔

"مجھے جامعہ ملیہ کا ابتدائی مدرسہ اس لئے بہت پسند آیا کہ یہاں بچے ضرورت سے زیادہ متین اور سنجیدہ نہیں ہیں آپ کسی دوسرے مدرسہ میں جائیے بچّوں کو خاموش نہیں پائیں گے۔ چھوٹے بچوں کے مدرسہ میں سکوت اور خاموشی کے کیا معنیٰ؟ بچّے زندہ دل ہوتے ہیں۔ اور مدرسہ میں بھی اُن کو خوش و خرم رہنا چاہئیے"

مقصود علی صاحب ایروڈرم آفیسر الہ آباد جنکی خدمات اسی مہینہ کراچی کے ایروڈرم میں تبدیل کردی گئی ہے۔ ہندوستان کے اُن چند لوگوں میں ہیں جو فنِ پرواز کے متعلق خاص تجربہ اور علم رکھتے ہیں۔ آپ نے اپنی تعلیمی منازل کو یورپ میں رہ کر پورا کیا ہے مارچ کے پہلے ہفتہ میں موصوف دہلی آئے تھے۔ اپنے قدیم دوستوں (پروفیسر محمد مجیب اور شیخ الجامعہ صاحب) سے ملنے کے لئے جامعہ بھی آئے مدرسۂ ثانوی کے طالب علموں کے اصرار سے مجبور ہوکر آپ نے ہوائی جہاز کے عنوان پر ایک تقریر کی۔ جہاز کی تاریخ، تدریجی ترقی، اس کی قسمیں، اور مشینیں غرض کہ عام معلومات کے لئے انہوں نے بہت کچھ بتلایا۔ مقرر کے ذاتی تجربات اور عینی مشاہدہ کی بناپر اس تقریر کی اہمیت بڑھ گئی تھی۔ اور پھر میجک لال ٹین نے اس کو طالب علموں کے لئے اور بھی دلچسپ اور مفید بنادیا تھا

دینی خطبات کی تیسری تقریر فروری میں ہوئی، جناب مولنا غلام مرشد صاحب پروفیسر اشاعت اسلام کالج لاہور دہلی تشریف لے آئے تھے۔ اور اپنا عالمانہ مقالہ "اسلام میں دولت کی تقسیم" پڑھکر سنایا۔

مولنائے موصوف نے اپنی علمی قابلیت اور موجودہ مسائل کو سمجھنے کی غیرمعمولی صلاحیت کے لئے محتاج تعارف نہیں ہیں آپنے اس مسئلہ پر جس عمدگی سے بحث کی وہ آپ کی دقت نظر اور اصابت رائے پر دال ہے۔

مقالہ کے ختم ہونے پر صاحب صدر جناب مولنا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند نے مخصوص انداز میں اس مسئلہ پر روشنی ڈالی۔ جس سے حاضرین جلسہ نہایت محظوظ ہوئے۔

دینی خطبات کی چوتھی تقریر ۲۰ مارچ ۱۹۴۳ء کی شام کو ہوئی، ابوالبرکات حکیم عبدالرؤف صاحب داناپوری نے "اسلام اور موجودہ مدنی مسائل" کے عنوان پر ایک نہایت مبسوط مقالہ پڑھا۔

مولنا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر امارت شرعیہ صوبہ بہار نے صدارت فرمائی جلسہ تقریباً ۲ گھنٹہ تک جاری رہا۔

حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب مدظلہٗ اور مولانا احمد سعید صاحب کے علاوہ مولانا عبدالقادر صاحب قصوری، مولانا بشیر احمد صاحب مولانا حفظ الرحمٰن صاحب، ملک نصر اللہ خاں صاحب عزیز مولانا حامد الانصاری صاحب غازی بھی جلسہ میں شریک تھے۔

مولوی مسعود علی صاحب ندوی مارچ میں دہلی تشریف لائے تھے، آپ کا قیام شہر میں تھا۔ لیکن از رہ محبت وکرم زیادہ وقت آپنے کارکنانِ جامعہ کے ساتھ گذارا۔ جامعہ نگر کی نئی بستی کو دیکھ کر آپ بہت خوش ہوئے، جناب ممدوح کو فنِ تعمیر سے جو دلچسپی ہے۔ اس لحاظ سے آپ کی رائے نہایت وقیع ہے۔ ہماری تو آرزو تھی کہ جامعہ کی تعمیر مولوی صاحب موصوف کی نگرانی میں انجام پائے لیکن دارالمصنفین کے اہتمام وانصرام کی ساری عمارت آپ کے دم سے قائم ہے۔ وہاں سے ایک دن کے لئے نکلنے کی بھی گنجائش نہیں۔ اِس لئے ہماری یہ آرزو پوری نہ ہو سکی۔

جامعہ کے قدیم طلباء کو مادرِ علمی کے ساتھ جو محبت اور شیفتگی ہے۔ وہ انہیں ہمیشہ جامعہ کی بہتری کی مساعی کے لئے بے چین رکھتی ہے اور اِس طرح دور رہ کر بھی وہ ہم سے قریب رہتے ہیں لیکن محض اِس روحانی قرب پر بس نہیں کرتے بلکہ اس فکر میں رہتے ہیں کہ کوئی موقعہ ملے اور وہ دہلی پہنچیں، اِس سال جامعہ میں کوئی تقریب نہیں ہوئی تو اس مہینہ کنونشن کے بہانے کچھ نہ کچھ لوگ آہی گئے۔ جناب معین الدین صاحب حارث بی۔ اے مدیر اجمل بمبئی کے علاوہ جو اپنی برادری میں سب سے پہلے جامعہ پہنچے۔ پشاور سے جناب عبدالکریم صاحب بی۔ اے جامعہ اور مولوی احسان اللہ صاحب بی۔ اے جامعہ لاہور سے، مولوی محمد سرور صاحب بی اے جامعہ و فاضل مصر، لکھنؤ سے، ڈاکٹر عبدالعلیم صاحب احراری، ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی (پروفیسر عربی لکھنؤ یونیورسٹی) بھی آئے۔ اور جامعہ کے ساتھ اپنے گہرے تعلق اور محبت کا ثبوت دیا۔

طلباء قدیم کے علاوہ بہت سے ہمدردانِ جامعہ بھی کنونشن کے سلسلہ میں دہلی تشریف لائے تھے جن میں سے بیشتر کو اپنی سیاسی مصروفیتوں کی وجہ سے جامعہ آنے کی مہلت نہیں مل سکی۔ لیکن پھر بھی ملک نصر اللہ خاں عزیز مدیر زمیندار۔ حافظ محمد ابراہیم صاحب ایم۔ ایل۔ سی (یو۔ پی)، میر عبدالقیوم صاحب وکیل لائلپور، جناب جمیل الرحمٰن صاحب قدوائی، مولوی عبداللطیف صاحب بجنوری۔ مولوی عبدالحی صاحب وکیل، شیخ خلیق الرحمٰن صاحب نے جامعہ میں قدم رنجہ فرما کر ہمیں ممنون فرمایا۔

آل انڈیا کنونشن میں معزز مہمانوں کی خدمت کے لئے جامعہ سے بھی طالب علموں کی ایک جماعت نے شرکت کی ہمیں مسرت ہے کہ منتظمین اُن کے کام سے مطمئن اور مہمان خوش رہے۔ بحمد اللہ انہوں نے وہاں جامعی امتیاز کو قائم رکھا جن طلبہ نے اِس سلسلہ میں کام کیا یہ ہیں۔

۱- برکت علی	متعلم سندی	۲- محمد عمر	ثانوی ششم
۳- محمد عرفان	ثانوی ششم	۴- محمد اسمٰعیل خاں	ثانوی پنجم
۵- عبداللطیف اعظمی	درجۂ خاص	۶- احمد خاں	ثانوی سوم
۷- عبدالعزیز خاں	ثانوی سوم	۸- آزاد رسول	"
۹- محمود حسین	ثانوی دوم	۱۰- محمد قاسم	ثانوی دوم
۱۱- محمد یٰسین	"	۱۲- حفیظ اللہ	ثانوی اوّل

مولٰنا شوکت علی صاحب مدظلہٗ دہلی کے قیام میں ہماری خوش نصیبی سے قرولباغ ہی میں اور جامعہ سے بالکل قریب (شانتی نواس) میں رہتے ہیں۔ آجکل یہیں تشریف رکھتے ہیں۔ اسمبلی کی عام مصروفیات کے علاوہ مسلمانوں کی موجودہ سیاسیات کے سلسلہ میں اس درجہ مصروف ہیں کہ ایک لمحہ کی فرصت نہیں ملتی۔ اخبار خلافت کے دوبارہ اجراء میں بھی اسی لئے دیر ہو رہی ہے لیکن اپریل میں اخبار جاری ہوجائیگا

مولٰنا محمد علی مرحوم کو دہلی سے جو تعلق تھا۔ اسی بنا پر محترمہ بیگم صاحبہ مرحوم کی وفات کے بعد بھی دہلی کو نہ چھوڑ سکیں۔ اب آپ کا مستقل قیام قرولباغ (شانتی نواس) ہی میں ہے۔ قیام دہلی کی ایک وجہ اپنے دختر زادہ عزیزی طارق علی (نبیرہ مولٰنا شوکت علی صاحب) کی نگرانی بھی ہے۔ جو جامعہ میں تعلیم پا رہے ہیں۔ محترمہ بیگم صاحبہ کو جامعہ کی خدمت میں کبھی تامل نہیں ہوتا۔ ہمیشہ کارکنان جامعہ کی ہمت افزائی فرماتی رہتی ہیں۔ مولٰنا مرحوم کے اہم کاغذات وکتب خانہ تو پہلے ہی مرحمت فرما چکی ہیں۔ کچھ کاغذات باقی رہ گئے تھے۔ اُن کو بھی جامعہ کے لئے انتخاب (Sorts) کرا رہی ہیں۔

طلبائے کالج اور ثانوی مدرسہ کی انجمنوں کے معمولی جلسے حسب معمول اس مہینہ بھی ہوتے رہے۔ بزم ادب کی نئی وزارت اپنا کام کر رہی ہے۔ اگرچہ زیادہ جوش نہیں معلوم ہوتا۔ اُن کا رسالہ "گلشن" بھی باقاعدگی کے ساتھ شائع ہو رہا ہے۔ انجمن اتحاد کا ماہنامہ جوہر طلبا کی بعض غیر معمولی مصروفیتوں کی وجہ سے اس مہینہ شائع نہیں ہوا۔ اُن کے ہاں ایک جلسہ میں اس موضوع پر گرما گرم بحث رہی کہ "آیا کانگریس کو عہدے قبول کرنے چاہئیں یا نہیں"

تحریک حلقہ ہمدردانِ جامعہ

گذشتہ سال حلقہ ہمدردان نے ۱۷ ہزار کی رقم جامعہ کی نذر کی تھی اور سالِ رواں کے متعلق ناظم حلقہ نے جامعہ کو یہ یقین دلایا تھا کہ اِس دفعہ انشاء اللہ العزیز ہمدردانِ جامعہ چوبیس ہزار کی رقم خطیر جامعہ کو پیش کرسکیگا۔ اگست سے فروری تک جو رقم وصول ہوئی ہے۔اُس کی میزان نوہزار چھ سو سولہ روپے ہے۔ اِس طرح چودہ ہزار آٹھ سو چوراسی کی رقم باقی رہتی ہے۔ جب کہ ہمارے پاس صرف چار مہینے باقی ہیں۔

اگر انتخابات کی ہنگامہ خیز جد و جہد ہمدردانِ جامعہ اور خادمان ملت کی توجہ کو اپنی طرف نہ کھینچ لیتی تو ہمیں یقین تھا کہ مجوزہ رقم کا بیشتر حصہ اب تک وصول ہوجاتا۔ اب اِن چار ماہ کے اندر یعنی آخر جولائی تک باقی پندرہ ہزار روپیہ وصول کرنا ہے۔

اِس سلسلہ میں ہمدردانِ جامعہ کے علاوہ جامعہ کے قدیم طلباء، طلباء جامعہ کے سرپرست اور تمام ہمدردان اور بہی خواہان جامعہ سے توقع ہے کہ وہ بھی اپنے اپنے صوبہ میں جامعہ کے لئے مجوزہ رقم وصول کرنیکی کوشش فرمائیں گے۔

ختم جولائی تک جو رقوم ہمیں جمع کرنی ہیں۔ وہ صوبہ وار درج ذیل ہیں۔

صوبہ یو۔پی	پندرہ سو۔
صوبہ دہلی	آٹھ سو۔
ریاست حیدرآباد	تین ہزار
صوبہ بنگال	ڈھائی ہزار
صوبہ بمبئی	بارہ سو
ممالک متوسط	ایک ہزار
صوبہ پنجاب و سرحد	ایک ہزار
صوبہ مدراس	ڈیڑھ ہزار
صوبہ برما	بارہ سو۔
صوبہ بہار	ایک ہزار
دیگر	ایک سو چوراسی
میزان	**چودہ ہزار آٹھ سو چوراسی** ۱۴۸۸۴

جدید اضافہ

ذیل میں ہم اُن بزرگوں کے اسمائے گرامی درج کرتے ہیں جو ماہ فروری ۱۹۳۶ء میں حلقۂ ہمدردان جامعہ میں شریک ہوئے ہیں

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	ہمدرد جامعہ جناب		نمبر شمار	ہمدرد نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	
۱	۴۰۶۴	فضل الٰہی خاں صاحب	بستی دانشمندان	۲۱	۴۰۸۴	ابوسعید بزمی صاحب۔ ایم۔ اے	بجنور
۲	۴۰۶۵	عبدالحفیظ صاحب	گوپال گنج رینج	۲۲	۴۰۸۵	قاضی حامد علی صاحب	علیگڈھ
۳	۴۰۶۶	میاں محمد اسحٰق صاحب	دہلی	۲۳	۴۰۸۶	مولوی نذر حسین صاحب	دہلی
۴	۴۰۶۷	الائنز اینڈ اسٹنٹ گارڈر لائف انشورنس کمپنی	〃	۲۴	۴۰۸۷	محمد اسمٰعیل صاحب	نئی دہلی
۵	۴۰۶۸	مسرز سید شاہد علی اینڈ برادرس	〃	۲۵	۴۰۸۸	رقیہ جہاں بیگم صاحبہ	دہلی
۶	۴۰۶۹	عبدالرزاق صاحب	نئی دہلی	۲۶	۴۰۸۹	میمونہ بیگم صاحبہ	〃
۷	۴۰۷۰	عبدالغفار صاحب	〃	۲۷	۴۰۹۰	محمد قاسم علی صاحب	〃
۸	۴۰۷۱	بیگم صاحبہ حشمت علی صاحب	〃	۲۸	۴۰۹۱	محمد معین الدین صاحب۔ اے۔ ایس۔ ایم	پنڈارک
۹	۴۰۷۲	حمیرہ صاحبہ حشمت علی صاحب	〃	۲۹	۴۰۹۲	ایم حبیب الحسن صاحب	کلکتہ
۱۰	۴۰۷۳	نورالحسن خانصاحب	کونڈوا	۳۰	۴۰۹۳	ایم، عبدالاحد صاحب عثمانی ندوی	〃
۱۱	۴۰۷۴	جے۔ آر خاں صاحب	ماٹونگا	۳۱	۴۰۹۴	مولوی مقبول احمد صاحب انصاری	〃
۱۲	۴۰۷۵	عبدالحمید نعمانی صاحب	بمبئی	۳۲	۴۰۹۵	الطاف احمد صاحب چودھری	〃
۱۳	۴۰۷۶	نور مصطفےٰ صاحب	نئی دہلی	۳۳	۴۰۹۶	شیخ نسیم صاحب انصاری	〃
۱۴	۴۰۷۷	محمد یار خاں صاحب	دہلی	۳۴	۴۰۹۷	جعفر علی خانصاحب	〃
۱۵	۴۰۷۸	رضی الدین صاحب	میرٹھ	۳۵	۴۰۹۸	ایس۔ ایم تجمل صاحب	〃
۱۶	۴۰۷۹	میر قاسم علی صاحب	〃	۳۶	۴۰۹۹	اکرم شاہ صاحب	〃
۱۷	۴۰۸۰	مسز مولوی نصیر الدین صاحب	علیگڈھ	۳۷	۴۱۰۰	ایس۔ ایم معین الدین صاحب۔ قادری	〃
۱۸	۴۰۸۱	مولانا محمد عقیل صاحب	〃	۳۸	۴۱۰۱	عبدالقدیر صاحب	〃
۱۹	۴۰۸۲	ابوالیث صاحب ندوی	بجنور	۳۹	۴۱۰۲	محمد افضل بھٹی صاحب	لاہور
۲۰	۴۰۸۳	فدا محمد صاحب	〃	۴۰	۴۱۰۳	الہ دین صاحب ٹھیکیدار	〃

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	ہمدرد جامعہ جناب		نمبر شمار	ہمدرد نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	
۴۱	۴۱۰۴	محمد سرور صاحب ۔ بی ۔ اے ۔ جامعہ	لاہور	۶۵	۴۱۲۸	محمد حسین صاحب قریشی	لاہور
۴۲	۴۱۰۵	محمد علی صاحب جامعی	〃	۶۶	۴۱۲۹	عذرا بیگم صاحبہ	〃
۴۳	۴۱۰۶	محمد صادق صاحب ہوشیارپوری	〃	۶۷	۴۱۳۰	مولانا عبدالمجید صاحب عتیقی	〃
۴۴	۴۱۰۷	لاہور بوٹ ہاؤس	〃	۶۸	۴۱۳۱	سید محمد شاہ صاحب	چک جھمرہ
۴۵	۴۱۰۸	محمد احسان صاحب	〃	۶۹	۴۱۳۲	میاں حاجی محمد اسمٰعیل صاحب	〃
۴۶	۴۱۰۹	ملک حسن علی صاحب ۔ بی ۔ اے ۔ جامعہ	〃	۷۰	۴۱۳۳	ملک عبدالرحمٰن صاحب	〃
۴۷	۴۱۱۰	محمد شفیع صاحب	〃	۷۱	۴۱۳۴	عبدالعزیز صاحب	〃
۴۸	۴۱۱۱	سلامت اللہ صاحب	〃	۷۲	۴۱۳۵	حاجی امان اللہ میاں فضل الدین صاحبان گورا	〃
۴۹	۴۱۱۲	جنگ بہادر سنگھ صاحب	〃	۷۳	۴۱۳۶	سکرٹری صاحب امداد فنڈ کمیٹی	لائل پور
۵۰	۴۱۱۳	ملک محمد اسلم صاحب ۔ جامعی بیرسٹرایٹ لا	〃	۷۴	۴۱۳۷	خواجہ غلام حسن صاحب ۔ ایم ۔ ایل ۔ اے	〃
۵۱	۴۱۱۴	ڈاکٹر محمد یوسف صاحب	〃	۷۵	۴۱۳۸	چودھری رحمت علی صاحب ناگرہ	〃
۵۲	۴۱۱۵	پروفیسر منیر الدین صاحب	〃	۷۶	۴۱۳۹	چودھری عنایت اللہ خاں صاحب	〃
۵۳	۴۱۱۶	میر غلام رسول صاحب	〃	۷۷	۴۱۴۰	میر عبدالقیوم صاحب جامعی	〃
۵۴	۴۱۱۷	مولانا محمد یوسف خاں صاحب سلیم چشتی ۔ بی ۔ اے ۔	〃	۷۸	۴۱۴۱	چودھری منظور احمد صاحب	〃
۵۵	۴۱۱۸	محمد عبدالقوی لقمان صاحب	〃	۷۹	۴۱۴۲	ملک فیض اللہ خانصاحب	〃
۵۶	۴۱۱۹	عنایت اللہ صاحب	〃	۸۰	۴۱۴۳	ڈاکٹر غلام رسول صاحب چیما	〃
۵۷	۴۱۲۰	ایک مسلمان	〃	۸۱	۴۱۴۴	میاں عنایت اللہ صاحب	〃
۵۸	۴۱۲۱	خواجہ غلام محمد صاحب	〃	۸۲	۴۱۴۵	شیخ محمد عمر صاحب	〃
۵۹	۴۱۲۲	مولانا محمد حنیف صاحب ندوی	〃	۸۳	۴۱۴۶	چودھری الٰہی بخش صاحب	〃
۶۰	۴۱۲۳	چودھری جلال الدین صاحب اکبر ۔ بی ۔ اے	〃	۸۴	۴۱۴۷	شیخ محمد بشیر صاحب	〃
۶۱	۴۱۲۴	چودھری غلام محمد صاحب	〃	۸۵	۴۱۴۸	محمد رمضان خاں سرور صاحب	〃
۶۲	۴۱۲۵	خدا بخش صاحب	〃	۸۶	۴۱۴۹	چودھری نجیب اللہ خانصاحب	〃
۶۳	۴۱۲۶	مرتضیٰ احمد خاں صاحب	〃	۸۷	۴۱۵۰	چودھری محمد جلال خانصاحب	〃
۶۴	۴۱۲۷	خواجہ عبدالوحید صاحب	〃	۸۸	۴۱۵۱	محبوب الرحمٰن صاحب	〃

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	ہمدرد جامعہ جناب		نمبر شمار	ہمدرد نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	
۸۹	۴۱۵۲	سید محبوب شاہ صاحب	لائل پور	۱۱۳	۴۱۷۶	کیپٹن غلام محمد صاحب	بہاولپور
۹۰	۴۱۵۳	چودھری فضل محمد صاحب	؍	۱۱۴	۴۱۷۷	محمد صادق صاحب	؍
۹۱	۴۱۵۴	محمد علی صاحب باجوہ	؍	۱۱۵	۴۱۷۸	محمد افضل صاحب	؍
۹۲	۴۱۵۵	محمد اکبر صاحب	؍	۱۱۶	۴۱۷۹	سید غلام محی الدین صاحب ہمدانی	؍
۹۳	۴۱۵۶	خان شیر محمد خانصاحب	؍	۱۱۷	۴۱۸۰	غلام محمد صاحب	؍
۹۴	۴۱۵۷	سید دیوان علی شاہ بخاری صاحب	؍	۱۱۸	۴۱۸۱	محمد عظیم الدین علوی صاحب	؍
۹۵	۴۱۵۸	رانا فیروز الدین خاں صاحب	؍	۱۱۹	۴۱۸۲	بابن خاں ولد مہتاب خاں صاحب کونذری	
۹۶	۴۱۵۹	میاں برکت اللہ صاحب	؍	۱۲۰	۴۱۸۳	میاجملا صاحب	؍
۹۷	۴۱۶۰	میاں فتح اللہ صاحب	؍	۱۲۱	۴۱۸۴	بابنا وسرام صاحب	؍
۹۸	۴۱۶۱	حاجی محمد یار خانصاحب	بہاولپور	۱۲۲	۴۱۸۵	بھگوان راؤجی بہار کر صاحب	؍
۹۹	۴۱۶۲	خان بہادر مولوی ضیاء الدین صاحب	؍	۱۲۳	۴۱۸۶	مہرام تھادریا صاحب	؍
۱۰۰	۴۱۶۳	محمد عبد الحمید صاحب	؍	۱۲۴	۴۱۸۷	لالو ولد رام سنگھ صاحب	؍
۱۰۱	۴۱۶۴	محمد عبد الرحمٰن خالد صاحب	؍	۱۲۵	۴۱۸۸	ہیم جی سگھا صاحب	؍
۱۰۲	۴۱۶۵	قمر الدین صاحب	؍	۱۲۶	۴۱۸۹	رامو ولد دھنو صاحب	؍
۱۰۳	۴۱۶۶	میجر شمس الدین صاحب	؍	۱۲۷	۴۱۹۰	کھیما امر سنگھ صاحب	؍
۱۰۴	۴۱۶۷	کرنل مقبول حسن صاحب قریشی	؍	۱۲۸	۴۱۹۱	محمد مستان خاں صاحب	کانگ لی
۱۰۵	۴۱۶۸	بقا محمد خانصاحب	؍	۱۲۹	۴۱۹۲	مولوی حافظ نور اللہ صاحب	کلکتہ
۱۰۶	۴۱۶۹	خواجہ عبد الغفور صاحب	؍	۱۳۰	۴۱۹۳	مولوی احمد دین صاحب	؍
۱۰۷	۴۱۷۰	مولوی عبد اللہ صاحب	؍	۱۳۱	۴۱۹۴	رحیم الدین احمد صاحب	؍
۱۰۸	۴۱۷۱	خان بہادر شاہ نواز خاں صاحب	؍	۱۳۲	۴۱۹۵	عبد الجبار صاحب	؍
۱۰۹	۴۱۷۲	حافظ مشتاق احمد صاحب	؍	۱۳۳	۴۱۹۶	سید محمد ولی حیدر صاحب	؍
۱۱۰	۴۱۷۳	حکیم ظہور احمد صاحب	؍	۱۳۴	۴۱۹۷	خواجہ محمد شفیع صاحب	؍
۱۱۱	۴۱۷۴	بندہ حاجی احمد صاحب	؍	۱۳۵	۴۱۹۸	خواجہ سراج الدین صاحب	؍
۱۱۲	۴۱۷۵	محمد عبد المجید صاحب رحمانی	؍	۱۳۶	۴۱۹۹	قاضی محمد لشبیر صاحب	؍

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	ہمدرد جامعہ جناب		نمبر شمار	ہمدرد نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	
۱۳۷	۴۲۰۰	مولوی بشیر حسن صاحب	کلکتہ	۱۴۱	۴۲۰۴	زید۔ ایچ خانصاحب	نئی دہلی
۱۳۸	۴۲۰۱	خواجہ محمد شبیر صاحب	"	۱۴۲	۴۲۰۵	میاں محمد صاحب	سورت
۱۳۹	۴۲۰۲	محمد منظور الٰہی صاحب	"	۱۴۳	۴۲۰۶	عبدالغفار صاحب	اکیاب
۱۴۰	۴۲۰۳	ایس۔ اے حیات صاحب	نئی دہلی				

مستقل امداد وعطیات

فروری ۱۹۳۷ء

ذیل کی رقومات جنمیں بعض ہمیں اپنے مہتممین اور سُفراء کی معرفت وصول ہوئی ہیں اور بعض براہ راست درج رجسٹر ہو چکی ہیں۔ حوالہ رسید اور رقومات کی صحت کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ اگر کوئی غلطی رہ گئی ہو تو اطلاع بخشئے دفتر آپ کا ممنون ہوگا۔ اور آئندہ پرچہ میں تصحیح کر دیجائیگی۔ (مرتب)

۱۔ دہلی

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصولہ
۱	۲۹۸۷ لے	بابو رحمت اللہ صاحب گلی کلو خواص	عار	۱۶	۳۱۰۲ لے	سکرٹری صاحب برلا ملز سبزی منڈی	عے ر
۲	۲۹۸۸ ٫	خواجہ احمد اللہ صاحب مشن کوٹھی دریا گنج	ہہر	۱۷	۳۱۰۳ ٫	چودھری الٰہی بخش صاحب امین منزل قرولباغ	۸ر
۳	۲۹۸۹ ٫	منشی علی احمد خانصاحب جمعیۃ العلما گلی ماماولی	عہر	۱۸	۳۱۰۴ ٫	حکیم ذکی احمد صاحب جید پریس بلیماران	عہر
۴	۲۹۹۰ ٫	انوار الحق ایس ایم عرفان صاحبان کوچہ خانچند	۸ر	۱۹	۳۱۰۵ ٫	سراج الدین صاحب صدر بازار سرائے فطنیہ	۴ر
۵	۲۹۹۱ ٫	عبد الحق صاحب متولی معرفت منشی عبد الوہاب صاحب چوک چاندنی	صہ ر	۲۰	۳۱۰۶ ٫	حاجی عبد الحمید صاحب موتی والے صدر بازار	۴ر
۶	۲۹۹۲ ٫	حاجی عبد الغنی فضل الحق صاحبان جنت فروش بلیماران	عار	۲۱	۳۱۰۷ ٫	شیخ محمد رفیع صاحب دوائی والے بلیماران	۴ر
۷	۲۹۹۳ ٫	حاجی نذیر الدین احمد صاحب ٹھیکیدار عقب کلاں مسجد	سے ر	۲۲	۳۱۰۸ ٫	شیخ محمد تقی صاحب برٹش بوٹ ہاؤس بلیماران	عہر
۸	۲۹۹۴ ٫	سرفراز الحق صاحب مسجد کالے خاں	۴ر	۲۳	۳۱۰۹ ٫	ڈاکٹر مشتاق احمد صاحب کڑہ بڑیاں	عہر
۹	۲۹۹۵ ٫	ڈاکٹر بشیر احمد صاحب چتلی قبر	عہر	۲۴	۳۱۱۰ ٫	قدیر الدین احمد صاحب وکیل بلیماران	عہر
۱۰	۲۹۹۶ ٫	سید معین الدین صاحب چوڑی والان	عہر	۲۵	۳۱۱۱ ٫	بدر الدجیٰ صاحب ویسٹرن سٹور کشمیری گیٹ	۸ر
۱۱	۲۹۹۷ ٫	لیڈی صاحبہ ڈاکٹر ایف ڈی محمود طبیہ کالج	عہر	۲۶	۳۱۱۲ ٫	میاں محمد اسحٰق صاحب منیجر فرم ایس ایم عبد الغنی	عہر
۱۲	۲۹۹۸ ٫	عبد الحامد صاحب خوشنویس کیپٹل پریس صدر بازار	عہر	۲۷	۳۱۱۳ ٫	محمد اسمٰعیل صاحب صدر بازار	عہر
۱۳	۲۹۹۹ ٫	حکیم نذیر الدین احمد صاحب طبیہ کالج	۴ر	۲۸	۳۱۱۴ ٫	عبد المغنی صاحب ولد عبد الغنی صاحب تیلی واڑہ	۸ر
۱۴	۳۰۰۰ ٫	محمد احمد صاحب چانولا صابن فیکٹری باڑہ ہندو راؤ	عہر	۲۹	۳۱۱۵ ٫	حاجی بشیر احمد صاحب جنت فروش چاوڑی بازار	۸ر
۱۵	۳۱۰۱ ٫	محمد تقی صاحب اللہ والے سینیر سپورٹس کمپنی موید روڈ	ہہر	۳۰	۳۱۱۶ ٫	ایم ملک صدیق اینڈ برادرس کوچہ خانچند	عہر

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصولہ
۳۱	۳۱۱۷ لمے	محمد ادریس بارڈی اینڈ کو کٹرہ قطب الدین	عہ	۵۵	۳۱۴۱ لمے	حاجی رشید احمد صاحب کشمیری دروازہ	عار
۳۲	۳۱۱۸ ،	قطار رحمت الٰہی محمد بلال صاحبان۔ " "	۴ر	۵۶	۳۱۴۲ ،	مرزا غلام قطب الدین احمد خانصاحب۔ لال دروازہ	عہ
۳۳	۳۱۱۹ ،	عبدالرحیم صاحب۔ ولد حاجی محبوب الٰہی صاحب " "	۴ر	۵۷	۳۱۴۳ ،	رازق الخیری صاحب۔ دفتر رسالہ عصمت	۸ر
۳۴	۳۱۲۰ ،	محمد رفیع صاحب ولد شیخ محمد صدیق صاحب " "	۴ر	۵۸	۳۱۴۴ ،	ڈاکٹر محمد احمد صاحب سرجن فتحپوری	عہ
۳۵	۳۱۲۱ ،	محمد حسین خادم صاحب اسٹیشن دہلی	۸ر	۵۹	۳۱۴۵ ،	اسلام الدین شجاع الدین صاحبان چوک چاندنی	۸ر
۳۶	۳۱۲۲ ،	ڈاکٹر ناصر عباس صاحب فتحپوری	عہ	۶۰	۳۱۴۶ ،	ممتاز الدین صاحب سوداگر صدر بازار	عہ
۳۷	۳۱۲۳ ،	شمس العارفین صاحب دوائی والے فتحپوری	۴ر	۶۱	۳۱۴۷ ،	حکیم حاجی عبدالحمید صاحب ہمدرد دواخانہ	صہ
۳۸	۳۱۲۴ ،	محمد یوسف صاحب امپائر واچ کمپنی بلیماران	عہ	۶۲	۳۱۴۸ ،	میاں اللہ بخش محمد سعید صاحبان کوچہ قابل عطار	ے ر
۳۹	۳۱۲۵ ،	محمد اقبال حسین صاحب۔ میونسپل بورڈ	عہ	۶۳	۳۱۴۹ ،	زرین خانصاحب۔ فروٹ مرچنٹ سبزی منڈی	عار
۴۰	۳۱۲۶ ،	عبدالمجید خانصاحب۔ مفتی والان	عہ	۶۴	۳۱۵۰ ،	محمد سعید صاحب امام جی والے معرفت محمد احمد صاحب چانو	عہ
۴۱	۳۱۲۷ ،	نظام الرحمٰن صاحب تاجر کتب دریبہ کلاں	عار	۶۵	۳۲۰۱ ،	محمد احمد صاحب چانو لاصابن فیکٹری باڑہ ہندو راؤ	۴ر
۴۲	۳۱۲۸ ،	منشی بشیر بیگ صاحب محلہ گڑھیا کوچہ چیلان	۲ر	۶۶	۳۲۰۲ ،	شمس الدین صاحب مٹر کھور دالی قرولباغ	۸ر
۴۳	۳۱۲۹ ،	حکیم عنایت اللہ صاحب۔ کوچہ تارا چند	۸ر	۶۷	۳۲۰۳ ،	سید حفیظ الدین صاحب " " "	۸ر
۴۴	۳۱۳۰ ،	کلو صاحب۔ تانبے والے دکان حاجی رفیع الدین چوک چاندنی	۴ر	۶۸	۳۲۰۴ ،	آغا محمد امین صاحب فیض منزل قرول باغ	عہ
۴۵	۳۱۳۱ ،	منشی سید اوصاف علی صاحب۔ محلہ گڑھیا	عہ	۶۹	۳۲۰۵ ،	مقبول الحق صاحب انصاری سلطان منزل قرولباغ	عا
۴۶	۳۱۳۲ ،	مرزا شوکت اللہ صاحب ٹھیکیدار چوک جامع مسجد	۸ر	۷۰	۳۲۰۶ ،	غلام نبی صاحب وائسرائے ہاؤس ریڈنگ روڈ	عار
۴۷	۳۱۳۳ ،	وحید الدین احمد صاحب وکیل۔ بلیماران	عہ	۷۱	۳۲۰۷ ،	اے حکیم بٹ صاحب۔ " " کوارٹر ۳۶	۸ر
۴۸	۳۱۳۴ ،	منشی شمس الدین صاحب۔ محلہ ڈوروالان	۴ر	۷۲	۳۲۰۸ ،	ایس۔ محمد یوسف صاحب ریڈنگ روڈ کوارٹر ۵	۸ر
۴۹	۳۱۳۵ ،	میر محمد حسین صاحب۔ نمر فرنیچر ہاؤس موریدروازہ	صہ	۷۳	۳۲۰۹ ،	بیگم صاحبہ محمد یعقوب صاحب " " "	۸ر
۵۰	۳۱۳۶ ،	مقبول احمد صاحب صابن مرچنٹ باغیچی اچھوجی	عار	۷۴	۳۲۱۰ ،	احسان الحق صاحب ۱۱ پارک لین	عہ
۵۱	۳۱۳۷ ،	شیخ جمال الدین صاحب چوک جامع مسجد	۴ر	۷۵	۳۲۱۱ ،	صدیق حسن صاحب ہولاک اسکوائر کوارٹر ۳	عہ
۵۲	۳۱۳۸ ،	مولوی سجاد حسین صاحب مدرسہ عربیہ فتحپوری	۴ر	۷۶	۳۲۱۲ ،	سید غلام حسنین صاحب اسمبلی ڈیپارٹمنٹ	عار
۵۳	۳۱۳۹ ،	مولوی سعید احمد صاحب نسیم بلڈنگ قرولباغ	عہ	۷۷	۳۲۱۳ ،	احسن حامد علی صاحب مکتبہ جامعہ قرولباغ	عہ
۵۴	۳۱۴۰ ،	مولوی عبدالصمد صاحب۔ عربک کالج	عار	۷۸	۳۲۱۴ ،	حاجی عباد اللہ خانصاحب۔ فروٹ مرچنٹ سبزی منڈی	عار

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصولہ
۷۹	۳۲۱۵ لے	منشی حفیظ احمد صاحب معرفت حاجی عبداللہ صاحب	۴ر	۱۰۳	۳۲۴۰ لے	محمد اسمٰعیل صاحب ۔ حمیدیہ پریس	عہ
۸۰	، ۳۲۱۶	محمد یار خانصاحب فروٹ مرچنٹ سبزمنڈی	۸ر	۱۰۴	، ۳۲۴۱	ڈی ۔ ایم ۔ ملک صاحب ۔ تاجران تحت عیدگاہ روڈ	عہ۲
۸۱	، ۳۲۱۷	میاں محمد رفیق صاحب سوداگر چرم صدر بازار	عار	۱۰۵	، ۳۲۴۲	ملک غلام محمد صاحب معرفت ڈی ایم ملک صاحب	عہ۱
۸۲	، ۳۲۱۸	منشی ناظر حسن صاحب ۔ سبزمنڈی	۸ر	۱۰۶	، ۳۲۴۳	منشی اختر حسین صاحب ۔ محلہ نیاریان	۸ر
۸۳	، ۳۲۱۹	حکیم محمد احسن صاحب انصاری یونانی شفاخانہ سبزمنڈی	عہ	۱۰۷	، ۳۲۴۴	حاجی محبوب بخش حاجی رفیع الدین صاحبان صدر بازار	صہ
۸۴	، ۳۲۲۰	احمد اسلام خانصاحب کلاتھ ملز	صہ	۱۰۸	، ۳۲۴۵	شیخ محمد اسمٰعیل صاحب دکان حاجی رفیع الدین صاحب	۴ر
۸۵	، ۳۲۲۱	بابو تلوکی ناتھ صاحب ”	عہ	۱۰۹	، ۳۲۴۶	شیخ انیس الرحمٰن صاحب ” ” ” ”	۴ر
۸۶	، ۳۲۲۲	محمد شفیع صاحب پروپرائٹر مرچنٹ پریس صدر بازار	۸ر	۱۱۰	، ۳۲۴۷	محمد عارف صاحب شیشے والے ۔ صدر بازار	عہ
۸۷	، ۳۲۲۳	طاہر علی صاحب رابرٹ روڈ کوٹھی ۹	عہ	۱۱۱	، ۳۲۴۸	مولوی سید عبدالغنی صاحب رئیس شملہ کوچہ پنڈت	سے
۸۸	، ۳۲۲۴	شمس العارفین صاحب گلاس مرچنٹ فتحپوری	عہ	۱۱۲	، ۳۲۴۹	غلام السبطین صاحب زاد دواخانہ لال کنواں	عار
۸۹	، ۳۲۲۵	عبدالعلیم صاحب ۔ ٹیگور روڈ کوارٹر نمبر ۲۰	۴ر	۱۱۳	، ۳۲۵۰	حکیم محمد کبیرالدین احمد صاحب دفتر المسیح قرولباغ	عہ
۹۰	، ۳۲۲۶	عبدالرزاق صاحب ۔ ایم ۔ اے فتحپوری مسلم ہائی سکول	عہ	۱۱۴	، ۳۲۵۱	حکیم نذیر الدین احمد صاحب پروفیسر طبیہ کالج	۴ر
۹۱	، ۳۲۲۷	صوفی محمد صغیر حسن صاحب ہیڈ ماسٹر ” ” ”	عہ	۱۱۵	، ۳۲۵۲	مرغوب احمد صاحب توفیقی ۔ صدر بازار	عار
۹۲	، ۳۲۲۸	مولانا اصغر علی صاحب ” ” ”	۸ر	۱۱۶	، ۳۲۵۳	حکیم محمد فرید احمد صاحب عباسی ۔ طبیہ کالج	عہ
۹۳	، ۳۲۲۹	حسین نظامی صاحب درگاہ حضرت نظام الدین اولیا	للعہ	۱۱۷	، ۳۲۵۴	بیگم عبدالمتین صاحب احمد منزل قرولباغ	عار
۹۴	، ۳۲۳۰	ملک آفتاب احمد صاحب ۔ نواب گنج چمن منزل	عہ	۱۱۸	، ۳۲۵۵	سلیم الزماں صاحب صدیقی ریسرچ انسٹیٹیوٹ طبیہ کالج	عہ
۹۵	، ۳۲۳۲	بابو محمد یعقوب صاحب انسپکٹر ورکس متصل برف خانہ	سے	۱۱۹	، ۳۲۵۶	ٹیلی سلیم الزماں صاحب صدیقی ”	۸ر
۹۶	، ۳۲۳۳	سید نصیرالدین صاحب شمسی کانچ چوڑی والاں	عہ	۱۲۰	، ۳۲۵۷	محمد ابراہیم صاحب گلی سوئیوالان	۴ر
۹۷	، ۳۲۳۴	عبدالخالق صاحب چوڑی والے ۔ بلیماران	عہ	۱۲۱	، ۳۲۵۸	محمد سلیم خانصاحب محلہ ڈوروالان	۴ر
۹۸	، ۳۲۳۵	عزیزالدین صاحب ۔ دواخانہ یونانی	۸ر	۱۲۲	، ۳۲۵۹	منشی شمس الدین ”	۴ر
۹۹	، ۳۲۳۶	رفیق احمد صاحب ڈاکٹر لین	عہ	۱۲۳	، ۳۲۶۰	محمد سعید احمد گلی کلیان سنگھ	۴ر
۱۰۰	، ۳۲۳۷	محمود علی صاحب علوی سپرنٹنڈنٹ نظامس پیلس	عار	۱۲۴	، ۳۲۶۱	محبوب احمد صاحب انصاری گلی کلیان سنگھ	۴ر
۱۰۱	، ۳۲۳۸	خان بہادر سلیمان صاحب انجینیر ہیلی روڈ نمبر ۱	صہ	۱۲۵	، ۳۲۶۲	حاجی چھوٹے میاں صاحب بازار گندہ نالہ	۸ر
۱۰۲	، ۳۲۳۹	صلاح الدین صاحب میر درد روڈ نمبر ۲۳۷	۸ر	۱۲۶	، ۳۲۶۳	پروفیسر عبدالرحمٰن صاحب گلی راجان کلاں	عہ

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصولہ
۱۲۷	۳۳۶۴	حاجی محمد بخش صاحب بازار کشمیری گیٹ	عہ۴ر	۱۵۱	۳۳۸۸	حاجی عبدالغنی فضل الحق صاحبان بلیماران	؏ر
۱۲۸	۳۳۶۵	بیرخاں صاحب ڈیوی اینڈ کو " "	۸ر	۱۵۲	۳۳۸۹	ڈاکٹر ناصر عباس صاحب فتحپوری	عمر
۱۲۹	۳۳۶۶	احمد حسن خانصاحب معرفت آغا برادرس نئی سڑک	عہ ر	۱۵۳	۳۳۹۰	محمد شفیع الدین صاحب نیر کوچہ تاراچند	؏ر
۱۳۰	۳۳۶۷	لیڈی صاحبہ ڈاکٹر اے ڈی محمود صاحب طبیہ کالج	عہر	۱۵۴	۳۳۹۱	ڈاکٹر بشیر احمد صاحب چتلی قبر	عہر
۱۳۱	۳۳۶۸	عبدالحق سراج الحق صاحبان فتحپوری	عہ۸ر	۱۵۵	۳۳۹۲	سید محمد صاحب کلاہ ساز چتلی قبر	عہر
۱۳۲	۳۳۶۹	شیخ عبدالحمید صاحب ولد شیخ عبدالغفور صاحب کوچہ تاراچند	۱۲ار	۱۵۶	۳۳۹۳	محمد غالب صاحب منیجر ڈاکٹر انصاری مرحوم دریاگنج	؏ر
۱۳۳	۳۳۷۰	محمد اقبال حسین صاحب میونسپل بورڈ	عمر	۱۵۷	۳۳۹۴	منشی حشمت اللہ صاحب پھاٹک تعلیاں گلی ماتاوالی	عہر
۱۳۴	۳۳۷۱	خواجہ احمد اللہ صاحب مشن کوٹھی دریاگنج	۴ر	۱۵۸	۳۳۹۵	منشی سید اوصاف علی صاحب محلہ گڑھیا	عہر
۱۳۵	۳۳۷۲	سرفراز الحق صاحب مسجد کالے خاں	۴ر	۱۵۹	۳۳۹۶	محمد اسمٰعیل صاحب نارتھ ویسٹرن سٹور صدر بازار	عمر
۱۳۶	۳۳۷۳	منشی بشیر بیگ صاحب محلہ گڑھیا	۲ر	۱۶۰	۳۳۹۷	میاں محمد اسحٰق صاحب - صدر بازار	عمر
۱۳۷	۳۳۷۴	حکیم محمد ظہیر علی صاحب سہسوانی کوچہ چیلان	۸ر	۱۶۱	۳۳۹۸	ڈاکٹر مسعید احمد صاحب بریلوی نواب گنج	عہر
۱۳۸	۳۳۷۵	سید محمد شفیع صاحب چھالیہ فروش چتلی قبر	۲ر	۱۶۲	۳۳۹۹	عبدالحق صاحب معرفت منشی عبدالوہاب صاحب چاندنی چوک	صر
۱۳۹	۳۳۷۶	سید سلیم الدین صاحب بزاز "	۴ر	۱۶۳	۳۴۰۰	حاجی بشیر احمد صاحب چاوڑی بازار	۸ر
۱۴۰	۳۳۷۷	حکیم احمد حسن خاں صاحب "	۲ر	۱۶۴	۳۵۰۱	رازق الخیری صاحب دفتر رسالہ عصمت	۸ر
۱۴۱	۳۳۷۸	حکیم شریف الدین خانصاحب بقائی دواخانہ	۴ر	۱۶۵	۳۵۰۲	سردار علی صاحب - چوک جامع مسجد	۸ر
۱۴۲	۳۳۷۹	عبدالحمید صاحب حمیدیہ پریس کوچہ چیلان	؏ر	۱۶۶	۳۵۰۳	عبدالرزاق محمد اسحٰق صاحبان کوچہ خانچند	عہر
۱۴۳	۳۳۸۰	محمد ابراہیم صاحب فتحپوری مسلم ہائی سکول	عمر	۱۶۷	۳۵۰۴	انوار الحق - ایس - ایم عرفان صاحبان "	عہر
۱۴۴	۳۳۸۱	رفیع اللہ خانصاحب شاہجہاں پوری فتحپوری	۸ر	۱۶۸	۳۵۰۵	بابو رحمت اللہ صاحب گلی کلو خواص	؏ر
۱۴۵	۳۳۸۲	کالے خاں صاحب فرد ٹ مرچنٹ "	۸ر	۱۶۹	۳۵۰۶	مرزا اسلیمان صاحب جوہری نئی سڑک	عمر
۱۴۶	۳۳۸۳	ڈاکٹر مشتاق احمد صاحب کٹڑہ پڑیاں	عہر	۱۷۰	۳۵۰۷	مولوی عبدالصمد صاحب - عربک کالج	؏ر
۱۴۷	۳۳۸۴	محمد شفیع محمد خلیل صاحبان صدر بازار	۸ر	۱۷۱	۳۵۰۸	محمد صدیق صاحب کراچی والے۔ صدر بازار	عکر
۱۴۸	۳۳۸۵	حکیم عزیز الرحمٰن صاحب متصل بڑی مسجد	۸ر	۱۷۲	۳۵۰۹	برکات احمد صاحب منیجر سلطانی دواخانہ باڑہ ہندوراؤ	۴ر
۱۴۹	۳۳۸۶	عبدالرزاق، حاجی ننھے صاحبان سرکیوالان	عمر	۱۷۳	۳۵۱۰	حکیم ذکی احمد صاحب جید پریس - بلیماران	عہر
۱۵۰	۳۳۸۷	حامد علی صاحب معرفت محمد علی صاحب محلہ چابک سواران	۴ر	۱۷۴	۳۵۱۱	محمد تقی صاحب اینڈ سنز - چاندنی چوک	۴ر

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصولہ
۱۷۵	۳۵۱۲ لہ	عزیز الرحمٰن ولی اللہ صاحبان کٹرہ قطب الدین	ے ر	۱۹۹	۱۳۱۰۷ لہ	محمد شفیع صاحب گورنمنٹ آف انڈیا	عمر
۱۷۶	۳۵۱۳ ۰	محمد رفیع صاحب ولد شیخ محمد صدیق صاحب	۴ر	۲۰۰	۳۱۸۸ ۰	ایم طفیل محمد صاحب " "	۸ر
۱۷۷	۳۵۱۴ ۰	محمد ادریس صاحب بارڈی اینڈ کوکٹرہ قطب الدین	عمر	۲۰۱	۳۱۸۹ ۰	خواجہ غلام یسین صاحب " "	عمر
۱۷۸	۳۵۱۵ ۰	حافظ رحمت الٰہی محمد بلال صاحبان " "	۴ر	۲۰۲	۳۱۹۰ ۰	عبدالواحد صاحب " "	۴ر
۱۷۹	۳۵۱۶ ۰	ضیاء الدین صاحب ورق والے پھاٹک حبش خاں	۶ر	۲۰۳	۳۱۹۱ ۰	سید محمد مرتضیٰ علی صاحب " "	عمر
۱۸۰	۳۵۱۷ ۰	محمد رفیق صاحب سوداگر سوت والے صدر بازار	۴ر	۲۰۴	۳۱۹۲ ۰	سید حامد علی صاحب " "	عمر
۱۸۱	۳۵۱۸ ۰	وحید الدین احمد صاحب وکیل بلیماران	عمر	۲۰۵	۳۱۹۳ ۰	محمد اشرف صاحب " "	۸ر
۱۸۲	۳۵۱۹ ۰	عبدالرزاق صاحب تراہا بہرام خاں	۲ر	۲۰۶	۳۱۹۴ ۰	مرزا جی۔ اے بیگ صاحب " "	عمر
۱۸۳	۳۶۰	الائنس اینڈ سٹنگارڈ لائف انشورنس بنک منشی ذکاء اللہ روڈ	ف ر	۲۰۷	۳۱۹۵ ۰	مولوی عبدالرحمٰن صاحب " "	۸ر
۱۸۴	۳۶۲	عبدالرزاق صاحب ریلوے بورڈ ڈپارٹمنٹ	عا ر	۲۰۸	۳۱۹۶ ۰	محمد فاضل صاحب " "	۸ر
۱۸۵	۳۶۴	محمد عبدالغفار خانصاحب " "	۸ر	۲۰۹	۳۱۹۷ ۰	عبدالحق صاحب " "	۴ر
۱۸۶	۳۶۵	سید شاہد علی صاحب اینڈ برادرس صدر بازار نواب گنج	صر	۲۱۰	۳۱۹۸ ۰	بیگم صاحبہ محمد غفور صاحب " "	۴ر
۱۸۷	۳۸۴	نور مصطفےٰ صاحب ڈرافسمین ریلوے بورڈ ڈپارٹمنٹ	عا ر	۲۱۱	۳۱۹۹ ۰	ملک علم الدین صاحب " "	۸ر
۱۸۸	۳۸۸	خواجہ محمد عبدالمجید صاحب بی۔ اے۔ شیا محل	سے ر	۲۱۲	۳۲۰۰ ۰	محمد غفور صاحب " "	۸ر
۱۸۹	۴۰۳	مولوی نذیر حسین صاحب سوداگر چرم صدر بازار	ف ر	۲۱۳	۳۶۵۱ ۰	منشی کریم بخش صاحب " "	۸ر
۱۹۰	۴۰۴	محمد اسمٰعیل صاحب وائرلیس آپریٹر۔ قرولباغ	۸ر	۲۱۴	۳۶۵۲ ۰	صوفی غلام قادر صاحب " "	۸ر
۱۹۱	۴۰۵	محمد قاسم علی صاحب محلہ کشن گنج	ار	۲۱۵	۳۶۵۳ ۰	آغا علی مصطفےٰ صاحب " "	۴ر
۱۹۲	۴۰۶	رقیہ جہاں بیگم صاحبہ معرفت محمد قاسم علی صاحب	۲ر	۲۱۶	۳۶۵۴ ۰	سید محمد ذاکر صاحب " "	۴ر
۱۹۳	۴۰۷	میمونہ بیگم صاحبہ " " " "	ار	۲۱۷	۳۶۵۵ ۰	مولوی حبیب الرحمٰن صاحب " "	۴ر
۱۹۴	۴۱۶	رشید احمد صاحب رزاقی ایسوشیئٹڈ پریس آف انڈیا	عمر	۲۱۸	۳۶۵۶ ۰	بختیار علی خانصاحب گورنمنٹ آفس	عمر
۱۹۵	۴۱۷	محمود الحسن صاحب اسمٰعیل ڈپارٹمنٹ "	سے ر	۲۱۹	۳۶۵۷ ۰	شمعون احمد صاحب " "	عمر
۱۹۶	۳۱۸۴ لہ	مولوی عبدالرب صاحب گورنمنٹ آف انڈیا	عمر	۲۲۰	۳۶۵۸ ۰	لیاقت اللہ خان صاحب " "	۸ر
۱۹۷	۳۱۸۵ ۰	خان بہادر حافظ عبدالحکیم صاحب "	سے ر	۲۲۱	۳۶۵۹ ۰	محمد شریف صاحب قریشی " "	۸ر
۱۹۸	۳۱۸۶ ۰	فتح محمد صاحب شیفتہ "	عمر	۲۲۲	۳۶۶۰ ۰	شیخ محمد حشمت علی صاحب " "	۸ر

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ جناب		رقم موصولہ
۲۲۳	۳۶۶۱ ؁	بیگم صاحبہ شیخ محمد حشمت علی صاحب گورنمنٹ آفس		ہر
۲۲۴	۳۶۶۲	حمیرہ صاحبہ	" "	ہر
۲۲۵	۳۶۶۳	خانصاحب عبد العلی صاحب	" "	عہر
۲۲۶	۳۶۶۴	اکرام اللہ خانصاحب	" "	۸ر
۲۲۷	۳۶۶۵	غلام حسن صاحب	" "	عہر
۲۲۸	۳۶۶۶	اے۔ ایس۔ محمود صاحب	" "	عہر
۲۲۹	۳۶۶۷	مولوی محمد ابراہیم صاحب	" "	ہر
۲۳۰	۳۶۶۸	چودھری محمد سرور صاحب	" "	عہر
۲۳۱	۳۶۶۹	محمد نصر اللہ صاحب	" "	عہر
۲۳۲	۳۶۷۰	محمد عبد الغنی صاحب شہید	" "	عاؔر
۲۳۳	۳۶۷۱	صدر العلی صاحب	" "	۸ر
۲۳۴	۳۶۷۲	غلام محمد صاحب	" "	عہر
۲۳۵	۳۶۷۳	عبد الرحمٰن صاحب	" "	ہر
۲۳۶	۳۶۷۴	معصوم علی صاحب	" "	۸ر
۲۳۷	۳۶۷۵	میاں محمد صاحب	" "	عہر
۲۳۸	۳۶۷۶	احسان الحق صاحب	" "	ہر
۲۳۹	۳۶۷۷	حامد علی صاحب	" "	ہر
۲۴۰	۴۱۵	سید ضمیر الحسن صاحب برنی	" "	عہر
۲۴۱	۳۷۹	عبد السلام صاحب	" "	عہر
		میزان		للعہ ۱۲ر

یو، پی:-

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ جناب		رقم موصولہ
۱	۳۶۱	شمس العارفین صاحب	آگرہ	ثہ
۲	۳۶۴	نواب جلیل القدر صاحب	انچولی	سہ

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ جناب		رقم موصولہ
۳	۳۸۷	ملک عبد المجید صاحب	مارہرہ	پے
۴	۳۹۳	سید نصیر الدین حیدر صاحب ڈپٹی کلکٹر	الموڑہ	سے ر
۵	۴۰۸	قاضی حامد علی صاحب	علیگڈھ	سے ر
۶	۴۰۹	حبیب احمد علی صاحب نائب تحصیلدار	بسولی	عہر
۷	۴۲۷	سبطین احمد صاحب	بدایوں	ہر
۸	۴۲۸	چودھری راحت حسین صاحب	"	۲ر
۹	۴۲۹	مولوی تسلیم الدین صاحب شرقی	"	ہر
۱۰	۴۳۰	محمد عالم صاحب قریشی	"	۲ر
۱۱	۴۳۱	سید عبد الواحد شاہ صاحب	"	۲ر
۱۲	۴۳۲	مولوی معین الدین صاحب	"	ہر
۱۳	۱۴۶۳ ؁	محمد شاغل صاحب	علیگڈھ	عہر
۱۴	۱۴۶۴	فہیم الدین صاحب	"	۸ر
۱۵	۱۴۶۵	محمد فاتح فرخ صاحب	سیوہارہ	عاؔر
۱۶	۱۴۶۶	شیخ محمد مہدی صاحب وکیل	مراد آباد	عہر
۱۷	۱۴۶۷	ڈاکٹر مشکور احمد صاحب	"	عہر
۱۸	۱۴۶۸	شمیم الصباح بیگم صاحبہ	رامپور	سے ر
۱۹	۱۴۶۹	آفتاب احمد صاحب منصف	نگینہ	سے ر
۲۰	۱۴۷۰	مولوی حکیم خلیل الرحمٰن صاحب	"	عہر
۲۱	۱۴۷۱	ابو سعید صاحب بزمی۔ ایم۔ اے	بجنور	عہر
۲۲	۱۴۷۲	محمد علی صاحب	نجیب آباد	عہر
۲۳	۱۴۷۳	حاجی محب اللہ خانصاحب	"	للعہ
۲۴	۱۴۷۴	مبارک حسین صاحب	علیگڈھ	۸ر
۲۵	۱۴۷۵	محمد اختر صاحب انصاری	"	ہر
۲۶	۱۴۷۷	سراج الحسن صاحب	"	ہر

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ جناب		رقم حوالہ
۲۷	۱۴۷۸ اے	معصوم علی صاحب	علیگڈھ	۴ر
۲۸	″ ۱۴۷۹	سید رفیع علی صاحب انوری	″	۴ر
۲۹	″ ۱۴۸۰	قاضی محمد یونس صاحب	″	۸ر
۳۰	″ ۱۴۸۱	خلیل الرب صاحب	″	عمہ ر
۳۱	″ ۱۴۸۲	مولوی محمد عقیل صاحب	″	۴ر
۳۲	″ ۱۴۸۳	خواجہ غلام السیدین صاحب	″	لعہ ر
۳۳	″ ۱۴۸۴	خان بہادر حبیب اللہ خانصاحب	″	عہ ر
۳۴	″ ۱۴۸۶	مہر عالم صاحب	″	۸ر
۳۵	″ ۱۴۸۷	اختر حسن صاحب	″	عہ ر
۳۶	″ ۱۴۸۸	ڈاکٹر مشکور احمد صاحب	مراد آباد	عہ ر
		میزان		۱۰۲ مالعہ ۱۲ر

پنجاب و سرحد

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ جناب		رقم حوالہ
۱	۳۸۲	ایم. زاہد حسین صاحب	پشاور	صر
۲	۳۲۵۱ اے	حاجی احمد صاحب	بھاولپور	سےر
۳	″ ۳۲۵۳	قمر الدین صاحب	″	عہ ر
۴	″ ۳۲۵۴	حکیم ظہور احمد صاحب	″	ےر
۵	″ ۳۲۵۵	حافظ مشتاق احمد صاحب	″	۶ر
۶	″ ۳۲۵۶	محمد عبدالمجید رحمانی صاحب	″	ےر
۷	″ ۳۲۵۷	محمد عبدالرحمٰن خالد صاحب	″	۶ر
۸	″ ۳۲۵۸	کپتن غلام محمد صاحب	″	ےر
۹	″ ۳۲۶۳	خان بہادر شیخ شاہ نواز خانصاحب	″	صر
۱۰	″ ۳۲۶۵	مولوی ضیاء الدین صاحب. ایم اے، ایل ایل بی	″	صعہ
۱۱	″ ۳۲۶۶	میجر شمس الدین صاحب بالقابہ	″	صعہ ر
۱۲	۳۲۶۸ اے	خواجہ عبدالغفور صاحب	بھاولپور	سعہ ر
۱۳	″ ۳۲۶۹	مولانا محمد عبداللہ صاحب	″	عہ ر
۱۴	″ ۳۲۷۰	میاں برکت اللہ صاحب	لائلپور	سعہ ر
۱۵	″ ۳۲۷۱	میاں فتح اللہ صاحب	″	سعہ ر
۱۶	″ ۳۲۷۲	میر عبدالقیوم صاحب جامعی وکیل	″	سعہ ر
۱۷	″ ۳۲۷۳	ڈاکٹر غلام رسول صاحب جامعی	″	سعہ ر
۱۸	″ ۳۲۷۴	میاں عنایت اللہ صاحب	″	سعہ ر
۱۹	″ ۳۲۷۵	ملک فیض اللہ خاں صاحب	″	صر
۲۰	″ ۳۲۷۶	خان شیر محمد خانصاحب وکیل	″	صر
۲۱	″ ۳۲۷۷	شیخ محمد عمر صاحب ریڈر سشن جج	″	صر
۲۲	″ ۳۲۷۸	چودھری الٰہی بخش صاحب	″	سعہ ر
۲۳	″ ۳۲۷۹	حاجی امان اللہ میاں فضل الدین صاحبان گوجرانوالہ	″	سعہ ر
۲۴	″ ۳۲۸۰	صوفی ریاض حسین صاحب. بی اے. بی. ٹی	″	عہ ر
۲۵	″ ۳۲۸۱	ملک عبدالرحمٰن صاحب	″	ےر
۲۶	″ ۳۲۸۳	میاں حاجی محمد اسمٰعیل صاحب	″	سعہ ر
۲۷	″ ۳۲۸۴	ڈاکٹر عبدالعزیز صاحب	″	ےر
۲۸	″ ۳۲۸۵	سید محمد شاہ صاحب	″	ےر
۲۹	″ ۳۲۸۶	حکیم محمد شفیع صاحب	سیالکوٹ	عہ ر
۳۰	″ ۳۲۸۷	محمد علی صاحب جامعی	لاہور	سعہ ر
۳۱	″ ۳۲۸۸	لاہور بوٹ ہاؤس	″	صر
۳۲	″ ۳۲۹۸	منیر الدین صاحب	″	عہ ر
۳۳	″ ۳۲۹۰	شاہ سلامت اللہ صاحب	″	۶ر
۳۴	″ ۳۲۹۱	ڈاکٹر عبدالحق صاحب	″	صر
۳۵	″ ۳۲۹۳	ملک حسن علی صاحب جامعی	″	عہ ر

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ جناب		رقم حوالہ
۳۶	۳۲۹۴	عنایت اللہ صاحب	لاہور	صر
۳۷	〃 ۳۲۹۶	ڈاکٹر محمد یوسف صاحب	〃	عـہ/
۳۸	〃 ۳۲۹۷	جنگ بہادر سنگھ صاحب بی۔ اے۔ بجا	〃	عـہ/
۳۹	〃 ۳۲۹۸	اللہ دین صاحب ٹھیکیدار	〃	۲ر
۴۰	〃 ۳۲۹۹	عذرا بیگم صاحبہ	〃	عمر
۴۱	〃 ۳۳۰۰	محمد سرور صاحب جامعی	〃	عمر
		میزان		۴۳۷ سامعہ

بنگال

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ جناب		رقم حوالہ
۱	۲۲۲۶	حاجی انیس الرحمن صاحب	کلکتہ	عاہ/
۲	〃 ۲۲۲۷	مولوی عبدالعزیز صاحب انصاری	〃	صر
۳	〃 ۲۲۲۸	شیخ نسیم صاحب انصاری	〃	۴ر
۴	〃 ۲۲۲۹	جعفر علی خاں صاحب	〃	۴ر
۵	〃 ۲۲۳۰	مقبول احمد صاحب انصاری	〃	۸ر
۶	〃 ۲۲۳۱	الطاف احمد صاحب چودھری	〃	۸ر
۷	〃 ۲۲۳۲	ایس۔ ایم تجملی صاحب	〃	۴ر
۸	〃 ۲۲۳۳	اکرم شاہ صاحب	〃	۴ر
۹	〃 ۲۲۳۴	نصیر الدین احمد صاحب	〃	۲ر
۱۰	〃 ۲۲۳۵	مولوی محمد سعید صاحب	〃	صر
۱۱	〃 ۲۲۳۶	مولوی عبدالوہاب صاحب	〃	للعہ
۱۲	〃 ۲۲۳۷	مولوی محمد مبین صاحب	〃	عـہ
۱۳	〃 ۲۲۳۸	سید سعید الزماں صاحب	〃	عمر
۱۴	〃 ۲۲۳۹	بیگم صاحبہ سید سعید الزماں صاحب	〃	عمر
۱۵	〃 ۲۲۴۰	مولوی نور الرحمن صاحب	〃	عمر
۱۶	۲۲۴۱	حاجی محمد یوسف صاحب	کلکتہ	عـہ/
۱۷	〃 ۲۲۴۲	ایس۔ ایم قیامن اینڈ کمپنی	〃	عاہ/
۱۸	〃 ۲۲۴۳	مولوی محمد حبیب الحسن صاحب	〃	عمر
۱۹	〃 ۲۲۴۴	مولوی عبدالاحد صاحب عثمانی ندوی	〃	عمر
۲۰	〃 ۲۲۴۵	مولوی انوار حسن صاحب	〃	۴ر
۲۱	〃 ۲۲۴۶	سید محمد مبین الدین صاحب	〃	۴ر
۲۲	〃 ۲۲۴۷	مولوی عبدالقدیر صاحب	〃	۴ر
۲۳	〃 ۲۲۴۸	مولوی حافظ نور اللہ صاحب	〃	عمر
۲۴	〃 ۲۲۴۹	مولوی بشیر حسن صاحب	〃	۱۲ر
۲۵	〃 ۲۲۵۰	مولوی رحیم الدین احمد صاحب	〃	عمر
۲۶	〃 ۲۲۵۱	مولوی عبدالجبار صاحب	〃	عمر
۲۷	〃 ۲۲۵۲	خواجہ محمد بشیر احمد صاحب	〃	۸ر
۲۸	〃 ۲۲۵۳	مولوی محمد منظور الٰہی صاحب	〃	۸ر
۲۹	〃 ۲۲۵۴	مولوی سید محمد ولی حیدر صاحب	〃	عمر
۳۰	〃 ۲۲۵۵	مولوی قاضی محمد بشیر صاحب	〃	عمر
۳۱	〃 ۲۲۵۶	مولوی خواجہ محمد شفیع صاحب	〃	عمر
۳۲	〃 ۲۲۵۷	مولوی سراج الدین صاحب	〃	عمر
۳۳	〃 ۲۲۵۸	مولوی احمد دین صاحب	〃	عـہ/
		میزان		معـہ ۱۰

سی۔ پی

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ جناب		رقم حوالہ
۱	۳۷۰	آغا عبدالجبار خاں صاحب	جبلپور	عاہ/
۲	۳۷۱	ایس امتیاز حسین صاحب	〃	عاہ/
۳	۳۷۲	مقبول الکریم صاحب	〃	عمر

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ جناب		رقم موصول
۴	۳۷۶	اے۔ اے خانم صاحبہ	دریاپور	سے ر
۵	۴۲۵	منشی الٰہی بخش صاحب مالگذار	سکتاپور	صر
۶	۴۲۵	میاں بخش صاحب مالگذار	"	عہ
۷	۱۵۱ الف	خانصاحب عبدالرحمٰن خانصاحب کھام گاؤں		عمر
۸	" ۱۵۲	مرزا حفیظ اللہ صاحب	کالی	عـــہ
۹	" ۱۵۳	انند کاشیا نائک صاحب	کونڈری	صر
۱۰	" ۱۵۴	محمد مستان خانصاحب	کانگلی	عہ
۱۱	" ۱۵۵	کشن بہاؤ ڈو صاحب سونار	کونڈری	عمر
۱۲	" ۱۵۶	ستیلا والو صاحب سونار	"	عمر
۱۳	" ۱۵۷	کھیا امر سنگھ صاحب	"	عمر
۱۴	" ۱۵۸	رامو ولد دھنو صاحب	"	عمر
۱۵	" ۱۵۹	ہیم جی سنگھا صاحب	"	عمر
۱۶	" ۱۶۰	لالو رام سنگھ صاحب	"	عمر
۱۷	" ۱۶۱	دیوبا چمنا بھی سا صاحب	"	عمر
۱۸	" ۱۶۲	ہیرام بھاؤ دریا صاحب	"	عمر
۱۹	" ۱۶۳	بھگوان راؤ جی صاحب بھارکر	"	عمر
۲۰	" ۱۶۴	بابنا دسرام صاحب	"	عمر
۲۱	" ۱۶۵	جہریار املا صاحب	"	عمر
۲۲	" ۱۶۶	منیا جبلا صاحب	"	عمر
۲۳	" ۱۶۷	لوبنا لوکا صاحب	"	عمر
۲۴	" ۱۶۸	گنپت راجی صاحب تیلی	"	عمر
۲۵	" ۱۶۹	دھرباجیولیا صاحب	"	عمر
۲۶	" ۱۷۰	پانڈو پونجاجی صاحب کھنڈاریا	"	عمر
۲۷	" ۱۷۱	بابن خاں ولد مہتاب خانصاحب	"	عمر

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ جناب		رقم موصول
۲۸	۱۷۲ الف	دیوراؤ بھاگاجی صاحب	کونڈری	عمر
۲۹	" ۱۷۳	ڈگرو گنو صاحب	"	عہ
		بہار		صـــہ
۱	۳۷۵	سید محمد رشید صاحب	بانکی پور	عہ
۲	۳۸۱	سید سعید الدین احمد صاحب	بہار شریف	سے
۳	۳۸۶	سید شاہ محمد اقبال صاحب	پٹنہ	سے
۴	۳۹۰	نور الحسن خانصاحب	کنڈوا	عـــہ
		حیدر آباد دکن		صـــہ
۱	۳۸۳	نواب ناظر یار جنگ بہادر ڈاکٹر ناظر حسن صاحب	حیدر آباد دکن	صر
۲	۳۸۹	مولوی مصطفےٰ بیگ صاحب	"	صر
۳	۳۹۲	ایم قمر الاسلام صاحب زبیری	گلبرگہ شریف	صر
		بمبئی		صـــہ
۱	۳۶۶	ڈاکٹر خواجہ عبدالحمید صاحب مالک کاساکمپنی	بمبئی	تما
۲	۴۲۶	میاں محمد صاحب	سورت	صر
		سنٹرل انڈیا		ماصر
۱	۳۶۹	لفٹننٹ خواجہ علاؤ الدین صاحب	بھوپال	صر
۲	۴۱۰	عالیمرتبت شیر الملک عالیقدر علی حیدر صاحب نبی بہادر	"	عمر
		مدراس		سے ر
۱	۳۶۸	نواب غلام احمد صاحب کلامی	بنگلور	عـــہ
		راجپوتانہ		
۱	۳۷۷	غازی عبدالجبار صاحب	بیاور	صر
		برما		
۱	۴۰۱	عبدالغفار صاحب	اکیاب	صر

عطیات

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدردِ جامعہ جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدردِ جامعہ جناب	رقم موصولہ
۱	۳۷۹	عبدالسلام صاحب نئی دہلی	عہ/	۱۵	۲۲۶۰ الف	مولوی محمد حفیظ خاں صاحب کلکتہ	للعہ/
۲	۳۹۱	حکیم وکیل احمد صاحب حیدرآباد دکن	صہ/	۱۶	۲۲۶۱ ،	مولوی محمد شفیع صاحب ،	؎/
۳	۳۹۴	رضوان احمد خان صاحب قانون گو بلاری	عے/	۱۷	۲۲۶۲ ،	محمد گل صاحب ،	عہ/
۴	۳۹۹	سید اسد علی صاحب انوری بہرائچ	عسے/	۱۸	۳۲۳۱ ،	ملک آفتاب احمد صاحب دہلی	عہ/
۵	۴۰۰	مولوی عبدالغنی صاحب دہلی	۲/	۱۹	۳۲۵۲ ،	اللہ نواز خاں صاحب بہاولپور	ے/
۶	۴۰۲	محمد یعقوب صاحب صوابی	صہ/	۲۰	۳۲۵۹ ،	پیرزادہ عبدالرشید صاحب ،	صہ/
۷	۴۱۸	مغنی الدین صاحب شمسی دہلی	صہ/	۲۱	۳۲۶۰ ،	محمد اقبال صدیقی صاحب ،	عہ/
۸	۴۱۹	ابوالخیر صاحب صدیقی حیدرآباد دکن	عے/	۲۲	۳۲۶۱ ،	پیرزادہ محمد سلیم صاحب ،	عہ/
۹	۴۲۰	والدہ صاحبہ تصدق مصطفیٰ صاحب شروانی کانپور	عسہ/	۲۳	۳۲۶۲ ،	ڈاکٹر ضیاء الدین صاحب ،	عہ/
۱۰	۱۴۷۶ الف	سراج الحسن صاحب علیگڑھ	۲/	۲۴	۳۲۶۴ ،	پروفیسر حافظ صادق علی صاحب ،	للعہ/
۱۱	۱۴۸۵ ،	حکیم مولوی ظہیر الدین صاحب ،	عہ/	۲۵	۳۲۶۷ ،	خان فیض اللہ خان صاحب ،	صہ/
۱۲	۲۲۲۴ ،	قاسم صاحب سردار کلکتہ	صہ/	۲۶	۳۲۸۲ ،	اعجاز احمد صاحب چک جھمرہ	عہ/
۱۳	۲۲۲۵ ،	مولوی محمد امین صاحب ،	؎/	۲۷	۳۲۹۲ ،	حکیم مولانا سید علی احمد صاحب نیر واسطی لاہور	صہ/
۱۴	۲۲۵۹ ،	محمد سعید صاحب ،	عہ/	۲۸	۳۲۹۵ ،	شفاء الملک حکیم فقیر محمد صاحب چشتی نظامی ،	عسہ/
						میزان	۱۳۷ عہ/ ۵ پ

جامعۂ ملیہ کا مشہور علمی ماہنامہ

جامعہ

زیر ادارت ڈاکٹر سید عابد حسین ایم اے پی ایچ ڈی

جلد ۳۶	مارچ ۱۹۳۶ء	نمبر ۳

فہرست مضامین

قیمت سالانہ صہ　　فی پرچہ آٹھ آنے

پروفیسر محمد مجیب بی اے (آکسن) پرنٹر و پبلشر نے محبوب المطابع برقی پریس میں چھپوا کر شائع کیا۔

(مطبوعہ جامعہ پریس دہلی)

(مرتب اور ناشر و طابع شفیق الرحمٰن بی۔ اے (جامعہ)

ہمدردِ جامعہ

مُرتبہ

ناظم

حلقہ ہمدردانِ جامعہ۔ دہلی

رجسٹرڈ نمبر ایل ۳۹۳۸

(مطبوعہ جامعہ پریس دہلی)

مرتب اور ناشر و طابع شفیق الرحمٰن بی۔ اے (جامعہ)

ہمدردِ جامعہ

مُرتبہ

ناظم

حلقہ ہمدردانِ جامعہ۔ دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہمدردِ جامعہ

نمبر ۸	بابتہ ماہ مئی سنہ ۱۹۳۷ء مطابق ربیع الاول سنہ ۱۳۵۶ھ صلعم	جلد ۱

فہرست مضامین

خطبۂ صدارت

جناب ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب (شیخ الجامعہ)

مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کی پنجاہ سالہ جوبلی کے موقعہ پر شعبۂ ثانوی تعلیم کے صدر کی حیثیت سے ۲۹ر مارچ سنہ ۱۹۳۶ء کو اسٹریچی ہال علیگڈھ میں ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب نے ذیل کا خطبہ دیا تھا۔

حضرات!

شکریہ اس تاریخی تعلیمی انجمن کے محترم کارکنوں کی خدمت میں اُس کی پنجاہ سالہ جوبلی پر دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں اور اِس ذرہ نوازی پر جو مجھے اس شعبہ کی صدارت کے لئے بلا کر فرمائی گئی ہے۔ دلی شکریہ۔ اپنی بے بضاعتی کے علم کے باوجود اپنی طلبی پر اس لئے خوش ہوں کہ شاید اس سے اس اہم تعلیمی تجربہ میں جو میرے ساتھی جامعہ ملیہ میں کر رہے ہیں۔ اُن کی اور میری ہمت افزائی مقصود ہے، اور شاید اس میں یہ احساس بھی مضمر ہے کہ مسلمانانِ ہند کے تعلیمی نظام میں اس کانفرس کے نزدیک صرف ایک خاص قسم کی تعلیم گاہوں کے لئے ہی جگہ نہیں بلکہ اس کی تکمیل ابھی بہت سے دوسرے تعلیمی تجربوں اور کوششوں کی محتاج ہے۔

پچاس سالہ تعلیم پر تبصرہ اس کانفرنس کو اپنا تعلیمی کام شروع کئے آج پچاس سال ہوئے لیکن محض پچاس سال کا گزر جانا کوئی خوشی کی بات نہیں۔ وقت تو جوں توں بیتتا ہی ہے، زمانہ شاد و ناشاد کٹتا ہی ہے۔ اس کے گزر جانے پر نہ خوشی کا موقع ہے نہ رنج کا۔ ہاں خوشی اس پر ہو سکتی ہے کہ جو کام لے کر اٹھے تھے وہ اچھا تھا اور جہاں تک بن پڑا کیا بھی۔ رنج اس پر ہو سکتا ہے کہ جو پیش نظر تھا اس میں خامیاں تھیں یا اس کے پورا کرنے میں کوتاہیاں ہوئیں۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہم دیانت سے اپنے ماضی کا جائزہ لیں تو شاید خوشی اور افسوس دونوں ہی کے مواقع ملیں گے۔ مگر یہ ٹھیک نہ ہوگا کہ اس وقت کو جب کہ ہم اپنے کام پر ایک مدت کے گزر جانے کی وجہ سے خاص طور پر متوجہ ہوگئے ہیں۔ یوں ہنس کر یا رو کر گزار دیں۔ بہتر یہ ہے کہ ہم اپنے کام کا جائزہ لیں۔ اپنی کامیابیوں اور ناکامیوں دونوں سے سبق حاصل کریں اور نصف صدی کے تجربے کی روشنی میں آگے چلنے کی راہ ڈھونڈیں، یعنی اپنے پچاس سال کے تعلیمی کام پر ایک تنقیدی نظر ڈالیں۔

اُصولِ تنقید کسی تعلیمی کوشش پر تنقیدی نظر ڈالنے کیلئے ضروری ہے کہ تعلیم کی صحیح ماہیت پیش نظر ہو۔ آپ کی کانفرنس کا نام اور اُس کے کاموں کی تاریخ بتاتی ہے کہ آپ صحیح طور پر تعلیم کو ایک جماعتی کام سمجھتے ہیں فرد کی تمام قوتوں کی پوری پوری نشو و نما جماعت ہی میں ممکن ہے خصوصاً ذہنی زندگی، کہ حیاتِ انسانی کی خصوصیت ہے۔ بلا جماعت کے ممکن ہی نہیں۔ ہر جماعت اپنے وجود کو قائم رکھنے اپنے ماضی کی تحصیلات کو محفوظ کرنے، اور اُن میں حسب ضرورت تبدیلی اور اضافہ کرنے کا اہتمام اپنی تعلیمی کوششوں

شذرات

ہمارا سیاسی شعور اور قومی بیداری ابھی اُس ابتدائی منزل میں ہے جہاں پُرشور تحریکوں کے مقابلہ میں سنجیدہ کاموں کی کچھ اہمیت نہیں سمجھی جاتی۔ باوجود اس علم کے کہ دنیا کی تمام فلک بوس عمارتیں حقیر سی بنیاد سے شروع ہوتی ہیں۔ ہمارے دل میں تعمیر قوم کی حقیقی بنیاد کی کوئی وقعت پیدا نہیں ہوتی ہے۔ سنہ ۲۰ء سنہ ۲۱ء کے طوفان خیزیوں میں جامعہ کی بنیاد پر لوگ ہنسا کرتے تھے۔

جامعہ کی بنا محمد علیؒ کے جوش ایمانی کا کرشمہ تھا۔ بنیاد رکھنا بڑی جرأت گہری نظر اور اعلیٰ دماغ کا کام ہے۔ لیکن کام محض تاسیس پر ختم نہیں ہو جاتا۔ سب سے دشوار منزل وہ ہے جب زمانہ کی مخالفت کے طوفان میں ثابت قدمی، مضبوطی، اور ہمت کے ساتھ اس کی تعمیر جاری رکھی جاتی ہے۔ کوئی کہتا ہے یہ عمارت بن ہی نہیں سکتی۔ اس کی بنیاد کج ہے۔ کوئی کہتا ہے اب اس کی ضرورت ہی باقی نہیں رہی۔ بڑے کہتے ہیں اسے چھوڑ دو بیکار ہے۔ چھوٹے کہتے ہیں اسے توڑ دو ناہموار ہے۔ یہ منزل امتحان کی منزل ہے۔ اگر ان مخالف آوازوں سے متاثر ہوکر بنانے والا مایوس ہو جائے تو "عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ" کا مقصد پورا ہو جاتا ہے لیکن اگر آدمی پتا مار کر پورے ضبط و صبر اور خاموشی کے ساتھ اپنی سی کئے جائے تو خزاں کے بعد بہار بھی آتی ہے۔

جامعہ کی حقیر بنیاد اُٹھانے والے محسنوں کے نام رہتی دنیا تک باقی رہیگا۔ اور ہماری تاریخ شیخ الہند، محمد علی، حکیم اجمل اور انصاری کو کبھی محو نہیں کرسکتی۔

حکیم صاحب مرحوم و مغفور کا سایہ اُٹھ جانے کے بعد جامعہ یتیم ہوگئی تھی، سوائے خدا کے اس کا کوئی سہارا نہ تھا۔ قوم کے نزدیک اس کی کوئی قیمت نہ تھی۔ انصاری کی نظر کی داد دیجئے کہ اُس نے اس دُرِ یتیم کی پیشانی پر ستارۂ بلندی کی چمک دیکھی اور آغوش میں لے لیا۔ پھر روپیہ، محنت، وقت کیا چیز تھی جو جامعہ پر نثار نہ تھی مرحوم کی سیاسی مصروفیتیں اتنا بھی دم نہیں لینے دیتی تھیں کہ وہ اپنی روزی کا سامان کرسکے۔ لیکن اس کے باوجود وہ ہر مصیبت میں ہمارا دستگیر، ہر مشکل میں ساتھی۔ ہر زخم کا مرہم۔ ہر درد کا درمان۔ اور ہر دکھ کی دوا تھا۔ جامعہ کے استحکام اور عمارت کی تعمیر کے لئے موصوف نے جو کوششیں اور کامیاب کوششیں کیں۔ اُس کا ذکر ایک مستقل باب چاہتا ہے۔ مرحوم کی جدوجہد کا ایک ظاہری ثبوت تو جامعہ نگر کی وہ عمارت ہے جس کے صدر دروازہ کے عین مقابل وہ آسودہ ہے۔

آج مرحوم کو رخصت ہوئے ایک سال ہوگیا۔ اس کی محبت اور شفقت ہم بھول نہیں سکتے۔ لیکن ہماری قوم اپنے محسنوں کو عموماً یاد نہیں رکھا کرتی۔ بہت ممکن ہے ہم انصاری کو بھول جائیں لیکن یقین رکھیے۔ جب ہم اُسے بھول جائیں گے تو یہ وہ وقت ہوگا۔ جب ہم اپنے آپ کو بھی بھول چکے ہوں گے ÷

ہی سے کرتی ہے۔ اپنی آنے والی نسلوں کی ذہنی نشو ونما کا کام اپنے موجودہ تمدن کی چیزوں سے لیتی ہے۔ نوخیز دماغ اِن چیزوں سے دوچار ہوتے ہیں۔ تو اُن کی خفتہ ذہنی قوتیں بیدار ہوتی ہیں اور تربیت پاتی ہیں۔ اور یوں تربیت پاکر اُس متاعِ تمدنی میں اضافہ کرنے اور اُسے بدلنے کی صلاحیت بھی اپنے اندر پیدا کرتی ہیں۔ تعلیم نام ہی اس کا ہے کہ متعلم کے کل قوائے جسمانی و ذہنی کی تربیت کرکے اُن میں ہم آہنگی پیدا کی جائے اور اُسے تمدنی زندگی کے کل شعبوں کا محرم بناکر اس میں اپنی استعداد کے مطابق حصّہ لینے کے لئے تیار کیا جائے۔ لہٰذا تعلیمی نظام کی تشکیل اُسی وقت ممکن ہے کہ جماعت کے سامنے کوئی تمدنی نصب العین موجود ہو۔

تنقید کی دو راہیں

جماعت کے تمدنی مطمحِ نظر اور اُس کے تعلیمی نظام میں جب یہ چولی دامن کا ساتھ ہے تو پھر تعلیم پر تنقید کی دو راہیں ہو سکتی ہیں۔ ایک تو یہ دیکھنا کہ آیا تعلیم اس تمدنی مطمحِ نظر کے مطابق ہے یا نہیں اور اُس کی صحیح خدمت کرکے اپنا مخصوص وظیفہ انجام دے رہی ہے یا نہیں۔ یا اگر وہ خدمت گذاری کا یہ فرض انجام دے رہی ہے تو یہ دیکھنا چاہیئے کہ وہ خود مطمحِ نظر درست ہے یا نہیں۔ عارضی طور پر بعض وقتی حالات نے جماعت کا یہ نصب العین بنا دیا ہے یا یہی اُس کا مستقل منتہائے نظر ہے، وغیرہ وغیرہ۔ پہلی راہ گویا وسائل پر تنقید ہے اور دوسری مقاصد

ثانوی تعلیم کی اہمیت

میں تنقید کی یہ صورت اِس وجہ سے اور بھی اختیار کرنا چاہتا ہوں۔ کہ تعلیم کی تین رسمی تقسیموں یعنی ابتدائی، ثانوی اور اعلیٰ میں ثانوی تعلیم کا تعلق تمدنی زندگی اور اُس کے مقاصد سے بہت ہی گہرا ہے۔ اِس لئے کہ ابتدائی تعلیم تو بچّہ کو اس عمر میں دیجاتی ہے۔ جبکہ اُس کا شعور مقابلۃً بہت محدود ہوتا ہے، اور اُس کی ترکیب نفسی میں وحدت ہوتی ہے وہ تمدن کی تحلیل مختلف اجزا میں نہیں کر سکتا نہ اُس پر تنقیدی نظر ڈال سکتا ہے۔ وہ تو زیادہ تر اپنے ماحول کی زندگی سے غیر شعوری طور پر متاثر ہوتا ہے۔ اِس لئے اِس منزل میں معلم کا کام بہت کچھ یہ ہے کہ بچّہ کے لئے ایسا مفید تعلیمی ماحول مہیا کر دے جس میں اُس کی جسمانی اور ذہنی قوتیں مجموعی طور پر اُبھر سکیں۔ اِس راہ میں ایک حد تک معلم بچّے کو انگلی پکڑ کر چلاتا ہے۔ اور اگرچہ اچھے اُستاد کی کوشش یہی ہوتی ہے کہ بچّہ جلد بغیر سہارے کے خود چلنے لگے۔ پھر بھی رستہ بتانے کی ذمہ داری بہت کچھ اُسی پر ہوتی ہے۔ یہاں تک کہ بچّہ عمر کی اُس منزل پر پہنچ جاتا ہے جب وہ ہر چیز کو آپ جانچنا اور پرکھنا چاہتا ہے۔ جہاں ایک طرف اِس میں شعوری تنقید کا مادہ ابھر آتا ہے۔ اور دوسری طرف اُس کے قوائے ذہنی میں تفریق پیدا ہوتی ہے۔ وہ تمدنی شعبوں کے تنوع کو محسوس کرنے لگتا ہے، اُن کی کثرت کو دیکھ کر پریشان بھی ہوتا ہے۔ اور اُن میں وحدت کی تلاش بھی کرتا ہے۔ اِس منزل میں خصوصیت سے معلم کا کام بہت نازک ہے اب اُسے نوجوان متعلم کے سامنے الگ الگ ہر شعبۂ زندگی، مذہب، معاشرت، سیاست وغیرہ کی تفسیر کرنی ہے۔ اِن سب کا باہمی ربط سمجھانا ہے۔ اسے اُن میں حصّہ لینے کے لئے تیار کرنا ہے۔ مگر اس طرح نہیں کہ نوجوان کی آزادیٔ رائے کو دباکر اِسے تقلید پر مجبور کرکے۔ بلکہ اس طرح کہ اِسے تنقید کا پورا موقع دے، اِس کے سارے شک شبہے جہاں تک ہو سکے دور

سیاسی اقتدار کی ضرورت کچھ بہت واضح نہ تھی حکومت کی جو شکل بھی ہو ہو۔ بس وہ امن قائم رکھ سکے محکوموں کے معاملات باہمی میں انصاف کر سکے۔ نوکریاں دے، چند افراد کو مراتب بلند تک پہنچائے۔ کہ اس کا کام نکلے اور ہماری عزت بڑھے۔ مذہب، کہ صدیوں اس جماعت کی زندگی کا مرکز رہ چکا تھا، چھوٹتا تو کیسے ضرور قائم رکھا جائے۔ مگر اس طرح کہ دوسرے ارادوں میں بھی مانع نہ ہو، اور ترقی کی راہ میں حائل نہ ہونے پائے۔ معاملات پر کہ اہلِ دنیا سے متعلق ہیں اُس کی تعلیمات اور اُن کی حکمتوں کو زیادہ نہ اُبھارا جائے۔ جب جیاتے دوسرے زیادہ "ترقی یافتہ" اہلِ دنیا کے اسالیب عمل کو اختیار کر لیا جائے۔ البتہ عقائد و عبادات پر زبانی زور رہے اور عملاً رخصت، اور ہاں، احساس مذہبیت کے باب میں خود فریبی کے لئے مذہب کے اِن حصوں پر جو ماورائے عقل ہیں عقلی بحثیں اور فلسفہ و حکمت سے تطابق کی کوششیں بھی ہوتی رہیں تو مضائقہ نہیں ؛

اس نصب العین کے حصول کے لئے جو نظام تعلیم کارآمد ہو سکتا تھا۔ وہ وجود میں آگیا۔ بہت کچھ دوسروں کی مدد سے، کچھ کچھ اپنی کوشش سے۔ اس نظام تعلیم کے پیش نظر ظاہر ہے کہ یہی ہو سکتا تھا کہ نوجوان لکھنا پڑھنا سیکھ کر سرکاری ملازمت حاصل کر لیں، اپنا پیٹ پال لیں۔ معاشرت میں مغربی نمونوں کی بھلی بُری نقل اُتار سکیں، مذہب کے سرے سے منکر تو نہ ہوں مگر اس کی حیات بخش اور زندگی پرور قوت سے محروم رہیں۔ تو ہرج نہیں؛ سیاست کے جھگڑوں سے الگ تھلگ رہیں۔ شخصی مفاد کی خاطر قوم کا نام لینے کی ضرورت پڑے تو یہ ہنر زمانہ خود سکھا دیگا یعنی تعلیم عبارت تھی چند جزوی ہنرمندیوں سے۔ اطاعت شعاری کی چند عادتوں سے، انفرادی معاشی خوشحالی کے لئے مسابقت اور مقابلہ کے رجحانات سے۔

خالص اسلامی ادارے

ہم نے جو تعلیمی ادارے خاص مسلمانوں کے لئے بنائے اور اُن میں اپنی قوت اور وقت اور وسائل کا جو صرفِ کثیر نصف صدی سے زیادہ کیا اُن کو دیکھئے۔ کیا انہوں نے بھی اسی نصب العین کی خدمت انجام نہیں دی۔ اکبر مرحوم نے "تعلیم یافتہ" آدمی کی زندگی کا جو خلاصہ کیا ہے کہ بی۔ اے کیا، نوکر ہوئے۔ پنشن ملی اور مر گئے؛ کیا وہ ہمارے اِن ملی اداروں کے تعلیم یافتوں پر بھی صادق نہیں آتا؟ ہم کس معنی میں اُنہیں اسلامی ادارے بتاتے ہیں؟ کیا اسلام میں زندگی اسی پیٹ پالنے اور مر جانے کا نام ہے؟ کیا اسلام کے پیش نظر جماعت کا یہی تصور ہے کہ وہ الگ الگ افراد کا بس ایک اتفاقی اور افادی مجموعہ ہے؟ کیا اسلام کی مذہبیت ایسی رسمی اور خارجی چیز ہے جیسی کہ اِن مدرسوں کے عمل سے ظاہر ہوتی ہے؟ کیا اسلام کی سیاست ایسی ہی عافیت پسندی اور دریوزہ گری کی سیاست ہے؟ کیا شخصی مفاد کی خاطر اسلام اپنے ماحول اور اپنی جماعت کے مقاصد کی طرف سے ایسی ہی بے اعتنائی سکھاتا ہے جیسی کہ ہم نے اپنی تعلیمی کوششوں سے پیدا کی ہے؟ نہیں اور ہزار بار نہیں۔

ہماری قومی زندگی

مگر یہ رونا اپنے تعلیمی نظام کا نہیں۔ اپنی قومی زندگی کا رونا ہے۔ قومی انتشار و انحطاط نے قوم کے نصب العین ہی کو

کرے۔ اور جہاں یہ نہ ہوسکے اپنی راہ پر چلنے دے بشرطیکہ وہ دوسروں کی راہ میں حائل نہ ہو۔

اس کے بعد اعلیٰ تعلیم کی باری آتی ہے جس میں نوجوان متعلم عام ذہنی تربیت کی منزل سے گزر کر خاص علوم و فنون میں مہارت حاصل کرتا ہے۔ اگر ثانوی تعلیم صحیح اور مکمل ہو تو۔ اعلیٰ تعلیم کا مسئلہ بہت سہل ہوجاتا ہے۔ یہاں بھی اسے ضرور معلم کی مدد درکار ہوتی ہے۔ مگر اب پیش قدمی اس کی طرف سے ہوتی ہے۔ اور ذمہ داری بھی اُس کی اپنی ہوتی ہے۔

مندرجہ بالا بحث سے یہ واضح ہوگیا ہوگا کہ ثانوی تعلیم کی منزل اس لحاظ سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے کہ اُس میں تمدن کی تفسیر اور ترجمانی کا کام جو معلم کو ہر منزل میں کرنا پڑتا ہے خاص طور پر مشکل ہوجاتا ہے۔ یہاں معلم کا کام یہ ہے کہ تمدنی زندگی کو مختلف اجزا میں تحلیل کرسکے؛ نوجوان کی تنقیدی قوت کو بھی ابھارے مگر صحیح راہ سے بھٹکنے بھی نہ دے، اس کی انفرادیت کا احترام بھی کرے اور اسے جماعتی زندگی سے ربط دینے کی کوشش بھی۔ غرض یہ کہ یوں تو تعلیم کی ہر منزل میں ایک تمدنی نصب العین کا رکھنا ضروری ہے لیکن ثانوی منزل میں معلم کے لئے ناگزیر ہے۔ کہ وہ اس نصب العین کا واضح تصور اور اس سے دلی لگاؤ رکھتا ہو۔ اور اُس کی تفسیر و ترجمانی بخوبی کرسکے۔

پچھلے ۵۰ سال میں تعلیم کا نصب العین

نصب العین کے معین ہونے کے بعد ہی نصاب اور طریقہ تعلیم یعنی اُن وسائل و ذرائع کا تعین ممکن ہوتا ہے۔ جن سے وہ نصب العین حاصل کیا جاسکے چنانچہ میں اس وقت مسلمانوں کی موجودہ ثانوی تعلیم کے نصب العین نصاب اور طریقہ ہی پر اجمالی تبصرہ کرنا اور یہ بتانا چاہتا ہوں کہ تینوں میں کس حد تک اصلاح کی ضرورت ہے۔ اس تبصرہ کو مجبوراً مسلمانوں کی جدید تعلیمی کوششوں تک محدود رکھونگا قدیم نظام تعلیم پر بھی اس نقطۂ نظر سے تنقید ایک ضروری کام ہے، لیکن اس کا یہ موقع نہیں۔

اکثر کہا جاتا ہے کہ مسلمانوں کی جدید تعلیم، جو سرکاری محکمۂ تعلیم کی پابند اور مقلد ہے کوئی نصب العین نہیں رکھتی۔ مگر میرے خیال میں یہ صحیح نہیں۔ نصب العین کے وجود کے لئے یہ ضروری نہیں کہ وہ معین الفاظ میں قلم بند ہو؛ تعلیم دینے والوں تعلیم کا انتظام کرنے والوں، تعلیم دلانے والوں کے ذہن میں اس کا ہونا اور ان کے عمل سے اس کا اظہار کافی ہے۔

ہاں تو یہ نصب العین کیا تھا؟ یہ نصب العین یہ تھا کہ اس ملک کے مسلمانوں میں اعلیٰ اور متوسط طبقہ کے افراد کی جتنی تعداد اپنا پیٹ پال لے، سرکاری نوکریاں پاپا کر آرام چین اور ہاں تھوڑی سی حکومت کے ساتھ زندگی کے دن کاٹنے کے قابل ہوجائے۔ اچھا ہے یہ چند افراد اپنی خوشحالی کا معیار جس قدر بڑھالیں اتنی ہی قوم خوشحال سمجھی جائے؛ اس راہ میں جو رکاوٹیں ہوں وہ ہر طرح کم کی جائیں؛ مستقبل کے مشتبہ منصوبوں سے حال کی یقینی بہرہ مندیوں میں ہرج نہ ہو۔ اور قومی آخرت کا تصور انفرادی دنیا کے عیش میں خلل نہ ڈالنے پائے۔ معاشرت بدل جائے۔ اپنی پرانی معاشرت بری ہے۔ اور بری اس لئے ہے کہ ایک با اقبال صاحب اقتدار قوم کی معاشرت سے مختلف ہے۔ سیاست سے بے تعلقی رکھی جائے۔ اس لئے کہ انفرادی ترقی و ترفع کے لئے اپنی جماعت کے

اتنا پست بنادیا تھا، پھر تعلیم اتنا دامن کیسے بچاتی۔ لیکن اس وقت کہ ہم اس نصب العین کو کچھ کچھ غلط سمجھنے لگے ہیں اگر اس تعلیمی نظام کو ہم نے نہ بدلا تو پھر خود نصب العین کو پست رکھنے کی ذمہ داری بھی تعلیم پر آئے گی۔ شکر ہے کہ آج پھر ہمیں اپنی حقیقت کا کچھ کچھ احساس ہوتا جاتا ہے ہم کچھ کچھ سمجھتے جاتے ہیں کہ قومی زندگی کا وہ انفرادی انتشاری تصور ہم نہیں اپنا سکتے جو اس دور انحطاط میں ہم پر مسلط ہوگیا تھا۔ کہ اس سے تو وجود ملت ہی کے مٹ جانے کا خدشہ ہے ہم پھر اپنی ملی ہستی کی خالص دینی اور اخلاقی اساس کو دیکھنے اور سمجھنے لگے ہیں۔ ہمیں اپنی ملت کے انسانی اور عالمی فرائض کا بھی کچھ کچھ دھیان پھر آنے لگا ہے۔ اور کانوں اور دلوں تک " شہداء علی الناس " کے مرتبہ اور ذمہ داریوں کی یاد دلانے والی آوازیں بار پانے لگی ہیں ہم دین کی خارجی رسمیت کی جگہ اس کی تخلیقی اور تنویری قوت کی طرف بھی آنکھیں اٹھانے لگے ہیں جو ساری زندگی پر حاوی ہو کر اُسے بامقصد اور بامعنی بناتی اور کل زندگی اور کل کائنات میں ہمیں ہماری حیثیت اور جگہ بتاتی ہے اور ایک ایسی دنیا جو نسل، وطن، اور دولت کی تفریقوں سے انسانیت کے لیے جہنم بن گئی ہے۔ پھر ہم سے اس حقیقی عدل و مساوات کی فرمانروائی کا پیام سننے اور اُس کا عملی تجربہ دیکھنے کے لئے بیتاب ہے جو ایک اُمّی نبی نے دُنیا کو سنایا۔ اور دکھایا تھا۔ کیا ملتِ اسلامی اس تقدیر، اس موقع اور اس ذمہ داری کو دو روٹیوں کے بدلے بیچ دیگی؟

آپ کی ذمہ داری اس سوال کا جواب آپ کے ذمہ ہے۔ اس لئے کہ قوم کے عام نصب العین کو بدلنے کا کام اس کے مدبروں اور مفکروں اس کے ادیبوں اور شاعروں، اس کے دینی خادموں اور سیاسی کارکنوں کا بھی ہے۔ اور اس کے اعلیٰ تعلیمی اداروں کا بھی۔ اسی لئے مسلمانوں کی اعلیٰ تعلیم کے اس مرکز میں جہاں اکابر ملت اس خاص موقع پر مجتمع ہیں میں نے آپ کی توجہ اس طرف منعطف کرانے کی جرأت کی۔

آپ کا فرض اگر آپ اپنی حیاتِ قومی کی موجودہ حالت پر مطمئن نہیں ہیں تو آپ کا فرض ہے کہ قوم کو ان مضر خیالات اور مہلک ذہنی عادات سے نجات دلائیں جن سے آپ کا وجود خطرہ میں ہے۔ جوں جوں آپ قومی تخیل میں اس نئے۔ مگر در اصل پرانے نصب العین کو جاگزیں کرتے جائیں گے۔ آپ کا نظام تعلیم اس کے ساتھ ساتھ بدلنے پر مجبور ہوگا اور ایک نظام تعلیم کیا، حیاتِ ملی کے تمام گوشے جنہیں پست مقصدی نے اُجاڑ دیا ہے۔ نئی اُمنگوں اور نئے ولولوں، نئی کوششوں، اور نئی اُمیدوں، غرض ایک نئی زندگی کی بہار سے لہلہانے لگیں گے۔

کیا آپ موجودہ تعلیم سے مطمئن ہیں؟ اگر آپ اپنی قومی زندگی کی موجودہ پستی پر مطمئن ہیں تو میں آپ کو بشارت دیتا ہوں کہ آپ کے ناتوی مدرسہ ہی کیا آپ کا سارا تعلیمی نظام بالکل ٹھیک ہے۔ اس میں ذرا تبدیلی نہ کیجئے۔ وہ معاشرت میں اندھی تقلید مذہب میں کھوکلی رسمیت، سیاست میں محکومیت پسندی کی پیدا کرنے، علم میں ذوقِ تحقیق سے اور فنون میں ذوقِ تخلیق سے نوجوانوں کو بے بہرہ رکھنے اور کمزور جسم اور بے نور دماغ اور بے سوز دل پیدا کرنے کے نہایت کامیاب کارخانے ہیں؛

تمدنی اشیار سے اپنے طلبہ کی ذہنی تربیت کا انتظام کرے؛ کوئی حکمیاتی، صنعتی صلاحیتوں کو سامنے رکھے؛ کوئی جمالیاتی تحقیقی میلانات کو۔ لیکن چونکہ سب صورتوں میں پورے یقین کے ساتھ یہ معلوم ہو جانا ضروری نہیں کہ طبیعت کا مستقل رجحان کیا ہے۔ اس لئے اِن ثانوی مدارس میں بھی شاید اس بات کا اہتمام کیا جائے کہ مدرسوں کا مخصوص نصاب طالب علم کا سارا وقت نہ لے لے۔ بلکہ اس کے لئے دوسرے مشاغل کا بھی موقع ہوتا کہ دوسری صلاحیتیں بھی اگر ہوں تو بے استعمال سے پژمردہ نہ ہو جائیں۔ اور اگر کسی صلاحیت کے اندازے میں غلطی ہوئی ہے تو اُس کی تصحیح ہو سکے۔

امید کی کرن اگر یہ انتظام ہو جائے تو شاید ہم عام تعلیم اور پیشہ کی تعلیم کے تضاد اور بے سود بحثوں اور روٹی کمانے اور آدمی بنانے کی جُدا جُدا تعلیموں کے امکان پر لاحاصل طبع آزمائیوں سے بچ جائیں۔ اس لئے کہ جب ثانوی تعلیم کا یہ متنوع نظام اپنے طلبہ کی فطری صلاحیتوں کی رعایت شروع ہی سے رکھے گا تو گویا یہ ثانوی مدرسے دراصل عام طور پر تو اس پیشے ہی کے لئے طلبہ کو تیار کریں گے جن کے وہ اہل ہیں۔ تمدن کے اِس مخصوص شعبے کی مدد سے جس کے ساتھ اِسے طبعی مناسبت ہے۔ ہر طالب علم کی ذہنی نشو و نما کا سامان ہو گا۔ اور یوں ترتیب پاکر یہ تمدن کے دوسرے شعبوں سے بھی متمتع ہو سکے گا۔ شاید اِن تعلیم کا انتظام کرنے والوں سے، جو اِس وقت میرے تخیل کے سامنے ہیں یہ حقیقت پوشیدہ نہ ہوگی کہ ثانوی تعلیم تمدن کے کسی مخصوص جزو کی مدد سے ہی طلبہ کو کل تمدن کا محرم بنا سکتی ہے۔ اور پہلے پورا متمدن انسان بناکر مخصوص صلاحیتوں کی تہذیب نہیں ہوتی۔ بلکہ مخصوص صلاحیتوں کی تربیت کے ذریعہ ہی پورا متمدن انسان بنتا ہے۔

ذہنی تربیت کے لئے تو کہیں ادب و لسانیات سے کہیں فنونِ لطیفہ سے، کہیں صنعت و حکمیات سے مختلف مدرسے زیادہ کام لیں گے۔ لیکن غالباً ہماری ثانوی تعلیم کا یہ نیا نظام اپنے طلبہ کے اُفق اقدار کو معین کرنے اور وسعت دینے کے لئے، اُنہیں اپنے نصب العین سے آگاہ کرنے، انہیں اپنے ماضی کا رمز شناس بنانے، اور اُن میں مستقبل کے امانتدار ہونے کا احساس پیدا کرنے کے لئے تمام مدارس میں اپنے دین، اپنی تاریخ اور اپنی زبان کی تعلیم کا خاص انتظام رکھے گا اور اُنہیں خالی چندہ وصول کرنے یا اعتراضات ٹال سکنے کا وسیلہ نہ بنائیگا۔ وہ اُن چیزوں کے بہتر سے بہتر اسلوب ڈھونڈیگا اُن پر بہتر سے بہتر تعلیمی سامان فراہم کریگا۔ اور ان کی تعلیم کیلئے بہتر سے بہتر استاد تیار کرنے کا خاص اہتمام کریگا۔ اس لئے کہ ثانوی تعلیم کی منزل میں نوجوان اپنے جذبات کی تہذیب کے لئے شخصی مثال کا بہت ہی زیادہ محتاج ہوتا ہے۔ اور اخلاقی و مذہبی اقدار کی پہچان اور اُن سے لگاؤ کے لئے تو اکثر تاریخی اور اپنے ماحول کی شخصیتوں کا اثر ہی فیصلہ کن ثابت ہوتا ہے۔

نیا نظام شاید یہ نیا نظام اپنے استادوں کا اِس سے زیادہ احترام کریگا۔ جتنا کہ ہم آجکل کرتے ہیں۔ وہ شاید بہت دیکھ بھال کے بعد کسی کو اُستاد بننے دیگا۔ لیکن جس کو اُستاد بنائیگا اُسے قومی زندگی میں وہ بلند مرتبہ بھی دیگا جس کا کہ ہر اچھا استاد مستحق ہے۔ وہ اپنے نوجوانوں کو، کہ سب سے گراں بہا متاعِ ملّی ہیں، اُن استادوں کے سپرد کریگا تو اُن کی امانت پر بھروسا بھی کریگا۔ پھر اِن اُستادوں کے پاس قوم کے دِل کی

کتنی ہوگی۔ اُن کی شخصیت کے جادو سے اجاڑ دلوں سے حیاتِ تازہ کے چشمے ابلیں گے۔ اور متحیر و متلاشی نوجوانوں کی شبِ تاریکِ جستجو بے شمار ماہ نما تاروں سے جگمگا اُٹھے گی۔

شاید اِس نئے نظام میں، جس کا ذکر اِس وقت ایک خواب کے بیان سے زیادہ نہیں معلوم ہوتا۔ مگر جس کو سچ کر دکھانا بہت کچھ آپ کے میرے ہاتھ میں ہے، غالباً تعلیم کا خالص کتابی و نظری طریقہ بھی اِس طرح نہ چھایا رہیگا۔ جیسا کہ آج ہے۔ اور مدرسوں میں ہمارے بچے اور نوجوان صرف سُن سُن کر اور مقررہ کتابیں پڑھ پڑھ کر اپنے دماغوں کو غیر منہضم معلومات اور واقفیت سے نہ اٹا کریں گے۔ بلکہ کارگاہوں اور معملوں اور کتب خانوں میں اپنی جستجو، اپنے شوق اور اپنی محنت سے بے شک شفیق اور لائق اُستادوں کی نگرانی میں مگر اپنی آزادی اور ذمہ داری کے پورے احساس کے ساتھ، سچے اکتشاف کی لذت سے آشنا ہو سکیں گے۔

لیکن ذہنی تحصیل کے اِس انفرادی طریقہ کے باوجود شاید یہ مدرسے جماعتی احساس پیدا کرنے اور جماعتی تعاون کی عادت ڈالنے کے مواقع اور وسائل سے اِس طرح تہی دامن نہ ہونگے جس طرح ہمارے موجودہ مدارس ہیں۔ اور شاید سیرت کی تربیت کو معلومات کے حصول سے پیچھے رکھنے پر یہ مدرسے کسی حال میں راضی نہ ہوں گے۔ شاید جماعتی احساس اور جماعت کی خدمت کا ولولہ ان مدرسوں میں خالی زبانی تلقین کے ذریعہ پیدا نہ کیا جائیگا۔ بلکہ مدرسوں کی زندگی خود باہر کی جماعتی زندگی کا نمونہ ہوگی۔ اور اُس کے انتظام و انصرام کا بوجھ زیادہ تر خود طلبہ پر ہوگا ہمارے یہ نئے مدرسے نوجوانوں کی خود مختار آبادیاں ہوں گے جن میں نئی نسل اپنی جماعتی زندگی کی تشکیل کا عملی تجربہ حاصل کریگی۔ اور ایک آزاد قوم کے نوجوان آزادی کو قائم رکھنے اور برتنے اور ترقی دینے کے لئے تیار ہوں گے۔

ہمارے نئے مدرسے

ہمارے یہ نئے مدرسے شاید باہر کی دنیا سے ایسے بے خبر نہ ہوں گے جیسے کہ آج ہیں اور ثانوی تعلیم کے اداروں میں اُستادوں کو یہ فکر نہ ہوگی کہ اپنے طلبہ کو مدرسہ کے کانچ گھر میں چھوئی موئی کی طرح دنیا سے الگ تھلگ رکھیں۔ بلکہ یہ فکر رہا کریگی کہ ان نوجوانوں کے لئے قومی زندگی کے مختلف شعبوں میں کہاں کہاں خدمت کے مواقع پیدا کریں اور کس کس طرح انہیں حقیقی زندگی سے دوچار کرنے کی سبیل نکالیں۔ اِس لئے کہ اِن مدرسوں کے اُستاد اپنی زندگی کا مقصد ہی یہ سمجھیں گے کہ ایک طرف طلبہ کی فطری خصوصیات کا پاس رکھ کر اُن کے ذہن کی تربیت کریں اور دوسری طرف اِس تربیت یافتہ ذہن کو قومی نصب العین کا خادم بنائیں۔ اور اِس لئے تیار کریں کہ یہ اپنی جماعت کو انسانیت کی فلاح یعنی مرضی الٰہی کے پورا کرنے کا آلہ بنائیں۔

ہمارے یہ مدرسے بے شک اسلامی مدرسے ہونگے۔ اور اسلامی نصب العین ہی اِن کے سامنے ہوگا مگر اِس نصب العین کی کوئی تنگ اور غلط تعبیر اِن مدرسوں کو فرقہ پروری اور جماعتی خود غرضی کا مرکز نہ بنانے پائیگی اور بے جا تعصب ان کی نظر سے اِس نکتے کو نہ چھپا سکے گا۔ کہ اگر ہم مسلمان کی حیثیت سے حریت خواہ ہونے پر مجبور ہیں، اگر ہم دُنیا سے ہر قسم کی غلامی کو مٹانے پر مامور ہیں۔ اگر ہم انسانیت کی ایسی معاشی تنظیم چاہتے ہیں جس میں امیر و غریب کا فرق انسانوں کی اکثریت کو انسانیت کے شرف ہی سے محروم نہ کر دے۔ اگر ہم دولت کی شرافت کی جگہ تقوٰی کی شرافت کا قیام چاہتے ہیں، اگر ہم نسل و رنگ کے

تعصبات کو مٹانا اپنا فرض سمجھتے ہیں۔ تو ان سب فرائض کو پورا کرنے کا موقع سب سے پہلے خود اپنے پیارے وطن میں ہے جس کی مٹی سے ہم بنے ہیں اور جس کی مٹی میں ہم پھر واپس جائیں گے چنانچہ ہمارے نئے مدرسوں کی تعلیم نوجوانوں کے دل میں جماعتی خدمت کی وہ لگن لگائیگی کہ جب تک اِن کے ارد گرد اِن کے اپنے گھر میں غلامی رہے گی، اور افلاس، فلاکت، مہنگی اور جہل و بیماریاں رہیں گی، اور بدکرداریاں، پست حوصلگیاں رہیں گی اور ریاویں یہ چین کی نیند نہ سوئیں گے۔ اور اپنے بس بھر اِن کو دور کرنے میں اپنا تن من دھن سب کھپائیں گے۔ یہ روٹی بھی کمائیں گے۔ اور نوکریاں بھی کریں گے، پر اِن کی نوکری خالی پیٹ کی چاکری نہ ہوگی۔ بلکہ اپنے دین کی اور اپنے وطن کی خدمت ہوگی جسسے اِن کے پیٹ کی آگ ہی نہ بجھے گی۔ دل اور روح کی کلی بھی کھلے گی یہ اپنے دینی نصب العین ہی کی وجہ سے اپنے دیس کی، کہ کبھی دنیا اسے جنت نشان کہتی تھی، پر جو آج بے شمار انسانوں کے لئے دوزخ سے کم نہیں، سیوا کریں گے۔ اور ایسا بنائیں گے کہ پھر اِس کے بھوکے بیمار، بے کس، بے اُمید، غلام باسیوں کے سامنے انہیں اپنے رحمٰن و رحیم، رزاق و کریم، حی و قیوم خدا کا نام لیتے وقت شرم سے سر نہ جھکانا پڑیگا۔ کہ انہیں بعض کی زیادتیوں اور بعض کی کوتاہیوں نے، بعض کے ظلم اور بعض کی غفلت نے آج اِس حال کو پہنچا دیا ہے کہ اِن کا وجود محدود نگاہوں کو اُس کی شانِ ربوبیت پر ایک دھبہ سا معلوم ہوتا ہے۔

اور یہی نہیں یہ اپنی اس بے غرض خدمت سے خود اپنے دیس والوں کو تنگ نظر وطنیت کے عذاب سے بچائیں گے اور اپنے وطن کو دنیا اور انسانیت کا خادم بنائیں گے۔ ہمارا وطن اپنی آبادی کے لئے دوسروں کی بربادی۔ اپنی ترقی کے لئے دوسروں کا تنزل، اپنی قوت کے لئے دوسروں کی کمزوری اور اپنی آزادی کے لئے دوسروں کی غلامی کے سامان کبھی نہ کریگا۔ بلکہ جس طرح ہمارا ہر فرد اس نئے نظام تعلیم کی مدد سے اپنی تمام مخصوص صلاحیتوں کو نشو و نما دیکر اپنی تربیت یافتہ شخصیت کو جماعتی خدمت کے لئے وقف کریگا۔ اسی طرح ہمارا وطن اپنی تمام مخصوص قوتوں کو ترقی دے کر دنیا اور انسانیت کی خدمت گزاری کا شرف حاصل کریگا۔

عالم کے اچھے اخلاق یہ ہیں۔ اپنے گناہوں پر ہمیشہ توبہ کرنا۔ اخلاص، یقین، پرہیزگاری، صبر و رضا، قناعت و زہد و توکل، دل کی پاکیزگی، حسنِ ظن، درگزر، شکرِ نعمت، مخلوقات پر شفقت۔ اللہ تعالیٰ اور آدمیوں سے حیا اِن تمام صفتوں کی جامع اللہ تعالیٰ کی محبت ہے۔ جو رسول اللہ کی پیروی سے حاصل ہوتی ہے۔

کوشش اور محنت کی زیادتی پر ہمیشہ حریص رہے عبادت کا پابند ہو۔ خدمتِ علم میں مصروفیت۔ پڑھنے، پڑھانے، مطالعہ، غور و فکر، حفظ۔ تصنیف، بحث اور کتاب پر اُس کا مطلب لکھنے کے ذریعے سے رکھے۔

اپنی عمر کے کسی حصّے کو غیر مقصود میں صرف نہ کرے مگر بہ ضرورت مثلاً کھانے یا سونے یا آرام کرنے میں۔ اس لئے کہ مومن کی عمر بے بہا ہے۔ ایک دن بھی کھویا تو خسارے میں رہا۔

حضرت سعید بن جُبیرؒ کا قول ہے کہ انسان عالم جب ہی تک ہے کہ سیکھتا رہے۔ جب سیکھنا چھوڑا اور یہ سمجھ لیا کہ سیکھ چکا اور یہ سمجھ کر اپنے علم پر قانع ہوگیا وہ صد کا جاہل بن گیا۔

تصنیف و تالیف میں مصروف رہے۔ شرط یہ ہے کہ اُس کے لئے علم کی تکمیل کرے۔ اور تصنیف کی پوری قابلیت حاصل کرے۔ تصنیف کے ذریعہ سے فنون کی حقیقتوں کو اور علوم کی باریکیوں کو پائے گا۔ اس لئے کہ تصنیف کی ضرورت سے اُس کو تحقیقات۔ مطالعہ، اور کتابوں میں تلاش کی حاجت لاحق رہیگی۔

تصنیف میں عام نفع اور ضرورت کا لحاظ رکھے بیجا طوالت اور مخلِ مطلب اختصار دونوں سے بچے۔ جب تک پورا اطمینان نہ کرلے تصنیف کو شائع نہ کرے۔

درس گاہ کے پہنچنے تک ذکرِ الٰہی میں مشغول رہے مجلس میں پہنچکر حاضرین کو سلام کرے اگر وقت مکروہ نہ ہو تو دو رکعت نماز پڑھے اور دعا کرے۔ ممکن ہو تو قبلہ رخ بیٹھے نشست وقار سکون اور تواضع کے ساتھ ہو۔ خفیف حرکات سے احتراز رکھے۔ بھوک پیاس وغیرہ حالتوں میں درس نہ دے۔ تاکہ درس پر پوری توجہ کرسکے۔ درس کا آغاز کلام پاک کا کچھ حصّہ پڑھ کر کرے۔ اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگے۔

متعدد فنون پڑھانے کی صورت میں مراتبِ علم کا لحاظ رکھے مثلاً اوّل تفسیر پڑھائے۔ پھر حدیث۔ علیٰ ہذالقیاس۔

جس علم کی تعلیم کا اہل نہ ہو اُس کو ہرگز نہ پڑھائے۔ حدیث میں ارشاد ہے۔ جس کام کی قابلیت کسی کو نہ دی گئی ہو اُس کو طلب کرنا گویا دھوکے کا لباس پہننا ہے۔

امام ابو یوسفؒ کا قول ہے" لوگو! تحصیل علم کا مقصد اللہ تعالیٰ کو قرار دو۔ دیکھو میں جب کسی مجلس میں تواضع اور فروتنی کی نیت سے بیٹھا تو اُس سے بلند ہوکر اُٹھا اور جب کسی مجلس میں اِس نیت سے بیٹھا کہ سب سے اونچا ہوں تو اُس سے فضیحت کے ساتھ اٹھا۔ علم منجملہ عبادتوں کے ایک عبادت ہے۔ اور (اللہ تعالیٰ) کی نزدیکیوں میں سے ایک نزدیکی"۔

کہا گیا ہے کہ جب تک تم سب کچھ علم کو نہ دیدوگے وہ اپنا ایک حصّہ بھی تم کو نہ دیگا۔ امام شعبیؒ کا قول ہے کہ علم کے ایک مسئلے کی خاطر کوئی ملک شام کی انتہا سے یمن کی انتہا تک سفر کرے تو میرے نزدیک اس کی محنت ضائع نہ ہوگی۔

تھوڑی حلال روزی سب سے بڑا سبب اطمینانِ خاطر کا بن جاتی ہے۔ امام شافعیؒ کا قول ہے کہ سولہ برس سے میں نے پیٹ بھر کر کھانا نہیں کھایا ہے۔

جب طبیعت محنت سے تھکے تو جسم و قلب کو اور نگاہ کو آرام دے۔ خوش فضا مقام کی سیر کرے۔ ریاضت کرے بعض علماء کی بابت بیان کیا گیا ہے کہ وہ طلبا کو خوش فضا مقامات میں لے جایا کرتے تھے۔

لہو ولعب سے بچنا، بری صحبت سے پرہیز سخت ضروری ہے۔ انسانی طبیعتیں برائیوں کو خفیہ طور پر قبول کر لیتی ہیں۔ نیک لوگوں کی صحبت اختیار کرے جن سے اس کو علمی فائدہ پہنچے۔ یا جن کو علمی فائدہ پہنچائے۔ حدیث میں ارشاد ہے۔ عالم ہو یا طالب علم۔ ان دو کے سوا تیسرا مت ہو ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے۔

ب. استاد کے آداب طالب علم کے ذمہ

استاد کی فرمانبرداری کرے۔ اس کی رائے اور تدبیر سے باہر نہ ہو۔ یعنی مریض اور طبیب کا معاملہ رکھے۔

استاد کو ہمیشہ عزت و جلال کی نظر سے دیکھے امام شافعیؒ کا قول ہے کہ "میں امام مالک کے حضور میں کاغذ کو آہستہ موڑتا تھا تاکہ اس کی آواز ان کے کانوں تک نہ جائے"۔

خلیفۂ بغداد مہدی کی اولاد میں سے بعض افراد حضرت شریکؒ کے درس میں گئے۔ اور دیوار سے پشت لگا کر بیٹھ گئے اور اس طرح بیٹھ جانے کے بعد حدیث پوچھی۔ انہوں نے کچھ توجہ نہ کی۔ مکرر سوال ہوا۔ اور مکرر بے توجہی۔ خلیفہ زادوں نے بگڑ کر کہا کہ تم اولادِ خلیفہ کی تذلیل کرتے ہو۔ فرمایا "نہیں! علم کی عزت کرتا ہوں"۔

استاد کی سختی پر تحمل کرے۔ سختی کی وجہ سے بددل نہ ہو، عقیدت میں فرق نہ ڈالے۔ اگلوں کا قول ہے "جس نے تحصیل علم میں ذلت نہیں اٹھائی وہ ساری عمر ذلیل رہا۔ اور جس نے اس پر صبر کیا۔ اس کو دنیا و آخرت دونوں کی عزت ملی۔ حضرت ابن عباسؓ کا قول ہے "طالب علمی میں میں نے ذلت برداشت کی۔ عالم ہو کر عزت حاصل کی"۔

استاد کی خلوت گاہ استاد کی خلوت گاہ میں بدون اجازت داخل نہ ہو۔ اگرچہ اس کے پاس اور آدمی بیٹھے ہوں۔ اجازت لینے کے لئے دروازہ ادب سے آہستہ ناخنوں سے کھٹکھٹائے۔ استاد کے پاس اچھی ہیئت اور جسم و لباس کی صفائی کے ساتھ اور خوشبو لگا کر جائے۔

اگر کسی کام میں مصروف پائے تو خاموشی کے ساتھ اس کے فارغ ہونے کا وہاں بیٹھ کر انتظار کرے۔

درس کے وقت کے آداب درس میں استاد کے سامنے ادب سے بیٹھے استاد کا کلام توجہ سے اس کی طرف نظر جما کر سنے۔ ہمہ تن گوش بن کر۔ دوسری جانب متوجہ نہ ہو۔ اثنائے درس میں فضول حرکتوں سے باز رہے۔ زیادہ کلام نہ کرے۔ چھینک وغیرہ فطری ضرورتوں میں اخفاء اور آہستگی کا پورا اہتمام رکھے کتاب کی تعظیم کرے۔ ہدایہ کے مصنف امام برہان الدینؒ نے یہ واقعہ بیان کیا ہے کہ ایک استاد نے دیکھا کہ ایک طالب علم نے کتاب پر دوات رکھ دی تھی۔ انہوں نے فارسی میں کہا۔ "برنیابی" تجھ کو علم کا پھل نہ ملے گا۔ کہا گیا ہے کہ دو حرفوں کا یاد کر لینا دو دفتروں کے حفظ کر لینے سے بہتر ہے اگر ابتدا میں سمجھنے کی کوشش نہ کریگا تو سست فہمی کی عادت پڑ جائیگی۔

بچوں کا بنک اور دکان

سالانہ رپورٹ

جیسا کہ ہم کئی بار عرض کر چکے ہیں، جامعہ ابتدائی تعلیم میں پروجکٹ میتھڈ (مقصدی یا منصوبی طریقۂ تعلیم) کو ترجیح دیتی ہے۔ اور اسباب و حالات جہاں تک اجازت دیتے ہیں۔ اسی سے کام لیتی ہے۔ جس کے متعدد فائدے ہیں۔ بچہ کی طبیعت پر کوئی ناگوار اثر نہیں پڑتا وہ ہنسی خوشی اپنا تعلیمی کام کر لیتا ہے۔ اپنے اوپر سخت بندشیں نہ پاکر اس کی فطری قوتیں مرجھانے کی بجائے ترقی پاتی ہیں۔ استاد اپنے کو ایک دوست اور مشیر کی حیثیت دیکر بچہ میں ذمہ داری کا احساس جگاتا رہتا ہے۔ اور بچہ میں اپنے ایک سوچے سمجھے مقصد کو پوری قوت اور لطافت کے ساتھ پورا کرنے سے قوتِ ارادی بیدار ہونے لگتی ہے "بچوں کا بنک" جس نے واقعہ سے حقیقت کی صورت اختیار کر لی ہو سنہ ۱۹۳۰ء میں استاد کی نظر میں بھی محض بچوں کا کھیل تھا۔ اور کچھ بتانے اور پڑھانے کا ایک دلچسپ ذریعہ۔ پہلا سال نہ صرف اپنے عمل کی دھیمی رفتار کیوجہ سے خاموش گیا تھا بلکہ اس سال کا جلسہ بھی اتنا سادہ اور بے رنگ تھا کہ اُس کے نقوش خود ناظم صاحب کے حافظہ میں بھی پوری طرح محفوظ نہیں رہے۔ اور اُنہیں ایک سہو کی معذرت پیش کرنی پڑی۔ لیکن ساتویں سال کی دھوم دھام نے یاد دلایا کہ بڑی چیزوں کی بنیادیں عموماً حقیر ہوتی ہیں۔

مولوی عبدالغفار صاحب مدھولی (بنک اور دکان کے ناظم) نے اپنی محنت کے خون سے سینچ کر اس بے نشان پودے کو شجرِ ثمردار بنا دیا۔ بنک کو افسوس ہونا چاہیئے کہ وہ اب موصوف کی براہِ راست خدمات سے محروم ہو گیا لیکن ہم خوش ہیں۔ گلستانِ جامعہ کے کسی دوسرے پژمردہ شعبے میں جان پڑ جائیگی۔ (مرتب)

جامعہ کے مدرسہ ابتدائی کو جدید اصولوں پر چلانے کیلئے کارکنوں کے پیش نظر جو جو چیزیں تھیں۔ اُن سب کی ابتدا موقع بموقع بچوں ہی سے کرائی گئی۔ سنہ ۱۹۳۰ء کے موسم سرما میں بچوں نے باغبانی کا کام شروع کیا۔ نوعیت کے اعتبار سے ہر کام کی اجرت، نفری یعنی معاوضہ بجائے نقد ادا کرنے کے پرچی کی صورت میں دیا جاتا تھا۔ البتہ ابتدا ہی میں اعلان کر دیا گیا تھا کہ فلاں فلاں وقت، اور تاریخ پر اِن پرچیوں کے دام مل سکتے ہیں۔ کچھ دنوں بعد وہ مبارک ساعت بھی آ گئی کہ ان کی محنتوں کا ثمرہ کاغذ کے پرزوں سے سکوں کی شکل میں منتقل ہو جائے۔ اس عرصہ میں طلبہ کو کمانے اور جمع کرنے کا چسکا پڑ گیا تھا۔ اب اُن کا اِس دام سے نکلنا آسان نہ تھا۔ نقد رقم لینے کی خوشی کے ساتھ ساتھ رقم کے بڑھانے اور جمع کرنے کا شوق بھی چہروں سے جھلکنے لگا۔ بعض بے اختیار ہو کر بول بھی اٹھے کہ ماسٹر صاحب اِن پرچیوں کی نقدی تو ضرور دیجئے مگر اپنے پاس ہی جمع رکھیے۔ تاکہ بہت ساری رقم ہو جائے استاد کا

دو کارگر اور ذہن کا رجحان ظاہر ہو چکا تھا۔ توجہ کی راہ کھل
ی تھی۔ اب صرف پٹری بدلنے کی ضرورت تھی۔ استاد
، توجہ کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں لے لی اور ہر طرف موڑنا
رُوع کیا۔ پھر کیا تھا مشوروں کے انبار لگنے لگے۔ اگرچہ
ں کی تفصیل بھی دلچسپ ہے لیکن مختصر یہ کہ ایک چھوٹا سا
ہی بنک عالمِ وجود میں آگیا۔ جس کا نام **"بچوں کا بنک"**
لا گیا۔

پہلا قدم

۷ نومبر ۱۹۳۰ء کو یہ پودا لگایا گیا تھا۔ اس کی نشوونما میں تدریجی ترقی کا اصول مدنظر تھا
سا لئے قدم بھی گِن گِن کر اُٹھائے گئے۔ استاد کی یہ رائی اس میں
ی کہ بنک کا پورا ڈھانچہ فوراً سامنے نہ کھڑا کر دے۔ بلکہ مجمل
ے مفصل کی طرف سفر کا طریقہ اختیار کرے۔ اب ذرا آیئے
پ کو اس بنک کے اندر کی بھی سیر کرا لائیں۔ ایک چھوٹے
ے کمرے میں دو تین ٹاٹ سلیقے سے بچھے ہوئے ہیں۔ ایک
سک بھی موجود ہے۔ جس پر دفتر محاسبی کے رد کئے ہوئے
ہوں کی ایک کیش بک رکھی ہوئی ہے۔ درجہ چہارم کے چند
بار نہایت سنجیدگی و انہماک سے کام میں لگے ہوئے ہیں۔ یہ
ا بنک اور اُس کی کل کائنات۔

ابتدائی سرمایہ وہی باغبانی کی اُجرت کی چند پرچیاں تھیں
بار روزانہ اپنی پرچیوں کو بطور آمدنی جمع کر دیتے تھے روزا
ہیں اُن کی میزان بتا دی جاتی تھی طے یہ تھا کہ جمعرات کے دن
ڑکا اپنی ضرورت کے لئے ایک رسید کے ذریعہ اس بنک
، نقدی لے سکے گا جمعرات کے دن سب کو یقین ہو گیا کہ
ین دین دلچسپ بھی ہے۔ اور نفع بخش بھی۔ رقم کا لین دین
رف پرچیوں ہی تک محدود نہ رہا طلبا اپنے جیب خرچ کا

پس انداز، اور والدین کے عطیے بھی جمع کرنے لگے۔ مدرسہ نے
ہمت افزائی کے خیال سے ڈاکخانہ کے نمونہ کی ایک پاس بک
بنوا دی اس پاس بک میں صرف ۵ قاعدے درج تھے
سرمایہ اتنا کم تھا کہ اسے کسی تجارت میں لگانے اور نفع تقسیم
کرنے کا سوال ہی پیدا نہ ہوتا تھا۔ پہلے سال بچوں کے لئے یہی
بات کافی تھی کہ روپیہ جمع کرنا اور نکالنا سیکھیں۔ جیسا کہ کہا
گیا ہے پہلے بنک چند روپوں سے شروع ہوا تھا۔ سال کے
آخر میں لین دین کے بعد کوئی ۲۶ روپے جمع تھے۔

دوسری منزل

اب تک اس مدرسہ میں صرف چار جماعتیں تھیں۔ دوسرے سال
۱۹۳۱ء میں ایک جماعت پنجم کا اضافہ ہوا۔ طلباء کے ساتھ ساتھ
بنک کی رقم بھی بڑھنے لگی۔ اور ایک طرف تو کتب درسی
اور اسٹیشنری کی ضرورت، دوسری طرف بنک کی بڑھتی ہوئی
رقم نے دکان کا سوال پیدا کر دیا۔ مگر کارکنانِ مدرسہ نے
اس کی پوری پوری احتیاط کی کہ چند ہی ماہ میں ایسی دکان
کھڑی نہ ہو جائے جس کا چلانا اور سمجھنا اُن کے لئے مشکل ہو
چنانچہ ابتداً صرف اسٹیشنری کا انتظام رکھا گیا۔ دکان کے
قیام سے یہ سوال بہ آسانی حل ہو گیا کہ بنک کی جمع شدہ رقم
کا فاضل حصّہ تجارت میں لگانے سے نفع حاصل ہوتا ہے۔ اور
اس میں سے کچھ حصّہ بچا کر باقی نفع بنک کے ممبروں میں تقسیم
کیا جا سکتا ہے۔ یہی سب بنک کیا کرتے ہیں۔ دکان کے لئے
جگہ کی جستجو ہوئی۔ سردست کمرے کو دو حصّوں میں تقسیم کر دیا
گیا ایک طرف بنک دوسری طرف دکان۔ طلباء کی رقم
۳۹ روپے ۱۳ آنے ۹ پائی جمع تھی۔ لہٰذا ۲۵ فیصدی کے حساب
سے ۱۰ روپے ۳ آنے نفع دیا گیا۔

تیسرا سال

۱۹۳۳ء میں تیسرے سال کا آغاز ہوا بنک ترقی پاکر شکم میں پہنچ گئی تھی۔ اب اس مدرسہ میں پہلی سے چھٹی تک کی تعلیم ہونے لگی۔ طلباء کی تعداد ڈیڑھ سو تک پہنچ گئی۔ اس عرصہ میں باغبانی، میلاد النبی، بیت بازی اور تعلیمی کھیل کے پروجکٹ طلباء بڑی خوبی اور کامیابی کے ساتھ چلا چکے تھے۔ مدرسہ کی فضا بدل گئی تھی بنک کے دو سالانہ جلسے ہو چکے تھے۔ جلسوں میں حاضرین نے بچوں کے کارناموں کی دل کھول کر داد دی تھی۔ ہر طرف سے واہ واہ کی آوازیں کانوں میں آنے لگیں تھیں۔ حوصلے بڑھ گئے کاروبار وسیع کرنے کا ارادہ پیدا ہو گیا۔ مختلف خریدے گئے کتابوں کی خرید و فروخت شروع ہوئی۔ قاعدے قانون بڑھانے کی ضرورت محسوس ہوئی دکی بجائے ۱۵ قاعدے بنے پاس بک کا دوسرا مجلد اڈیشن شائع ہوا۔ نئی رسیدوں کی بجائے چک بک تیار ہوئی۔ لڑکوں نے چندہ جمع کرکے ایک رکن کے حساب میں رقم جمع کی۔ اور اس رکن نے بچوں کی طرف سے پہلا چک شیخ الجامعہ صاحب کے نام کاٹا۔ شیخ الجامعہ صاحب بنک میں بنفس نفیس تشریف لائے۔ اور چک کے ذریعہ لین دین کا افتتاح فرمایا۔ کارکنانِ بنک نے شیخ الجامعہ صاحب کے چک کی پوری طرح پڑتال کرنے کے بعد نقدی دی۔ اسی طرح کاروبار جاری رہا۔ ۳۰ر اپریل کو پوری تیاری کے ساتھ سالانہ جلسہ ہوا۔ بنک و دکان پر مضامین پڑھے گئے۔ نفع تقسیم ہوا۔ بنک کے اراکین اور جامعہ کے اساتذہ کو عصرانہ دیا گیا۔ اس سال کی رپوٹ سناتے وقت بنک کی تحویل ۱۱۰ روپیہ ۴ آنہ ۳ پائی تھی جس کا ۱۵ فیصدی کے حساب سے ۳۰ روپے ۴ آنے نفع دیا گیا۔

انقلابی سال

چوتھے سال کو ہر لحاظ سے انقلابی سال کہنا چاہیئے۔ تیسرے سال کے اختتام تک بازار کے چھپے ہوئے رجسٹر فارم وغیرہ استعمال کئے جاتے تھے۔ لیکن اب اپنے نمونے طبع کرانے کی ہمت ہو گئی تھی، کھاتے، کیش بک، فارم وغیرہ سب کچھ چھپوا لئے گئے۔ ان نئی نئی چیزوں کو دیکھ کر ہر شخص کا دل چاہتا تھا کہ حساب کھلوائے۔ ادھر کارکنوں کی طرف سے اعلان ہو گیا تھا۔ کہ بنک کی تحویل ۵۰۰ ہونے پر ایک خاص جشن منایا جائیگا۔ جس میں بنک کا دستور باقاعدہ منظور ہوگا۔ ایک مہینہ کی کوشش نے تحویل کو ۵۰۰ سے بھی زیادہ کر دیا۔ چنانچہ ۱۲ر فروری ۱۹۳۴ء کو خاص جشن منایا گیا جس میں بنک کا جدید دستور منظور ہوا۔ اس جلسہ کی خاص بات یہ تھی کہ ہر رکن کے پاس بنک کی پاس بک موجود تھی۔ جب جلسہ کی منظوری کے لئے صدر صاحب نے رائے لی تو سب نے اپنی اپنی پاس بک لئے ہوئے ہاتھ اٹھائے۔ پاس بکوں نے سروں کو ڈھک لیا تھا۔ اس انقلابی سال میں نوٹوں کا اجرا بھی خاص چیز ہے اب لوگ بنک کے پرزوں پر ایسا ہی اعتبار کرنے لگے تھے۔ جیسے سونے چاندی کے سکوں پر۔ چنانچہ ایک پیسہ اور ایک آنہ والے نوٹ جاری کئے گئے۔ دفتر جامعہ۔ مکتبہ۔ دفتر نونہال بچوں کی دکان۔ خونچہ اور بعض منظور شدہ دکانوں پر ان کا لین دین بغیر کسی رکاوٹ کے ہونے لگا۔

سال کے آخر میں بنک کی تحویل ۱۱، روپے ۱۰ آنے ۹ پائی ہو گئی تھی۔

۱۹۳۴ء میں خیر سے پانچواں سال لگا تھا۔ کہ دو امتحانی موقعوں پر بنک کو اپنی ساکھ قائم رکھنے کی آزمائش سے گزرنا پڑا۔

ایک دفعہ طویل عرصہ تک طلبا جیب خرچ نہ ملا۔ اتفاق سے "ٹرم ہالیڈے" آ پڑیں۔ طلبا سیر کے لئے باہر جانا چاہتے تھے چھٹی سے پہلے اچانک چکوں کا ڈھیر جمع ہو گیا۔ مگر سب کی نقدی دیدی گئی۔ چھٹیاں ختم ہونے کے بعد ایک طالب علم مضمون نویسی کے سلسلہ میں لکھتا ہے۔ . . . .

. . . . "ترقی ہونیکی ایک بڑی وجہ یہ ہے۔ کہ بنک کا کام ہمیشہ صحیح اور وقت پر ہوتا ہے۔ لین دین میں رکاوٹ نہیں ہے اور تو اور جس طرح سونے کے لین دین کی وجہ سے بنکوں پر اثر پڑتا ہے اسی طرح جب دفتر جامعہ میں کبھی روپیہ نہ ہوا۔ تو لڑکے بنک میں دوڑے ہوئے آئے۔ لیکن بنک والوں نے رقموں کے ادا کرنے میں کوئی کمی اٹھا نہ رکھی اس وجہ سے بنک کی ساکھ بہت بڑھ گئی ہے۔"

دوسرے موقعہ کی سخت آزمائش خود کارکنوں کی غلطی کی وجہ سے تھی۔ مندرجہ بالا اقتباس کے خط کشیدہ حصہ پر ہمارے ننھے مضمون نگار نے جس چیز کی طرف اشارہ کیا تھا۔ کارکنوں نے اس پر زیادہ توجہ نہ دی نتیجہ ظاہر تھا، نہ صرف آمدنی رکی۔ بلکہ کثیر تعداد میں چکوں کی نقدی ہونے لگی۔ جناب نائب صدر اور صدر بنک نے بر وقت توجہ دیکر اعلان فرمایا۔

"بنک کا کام ہمیشہ صحیح اور وقت پر ہوگا۔ لین دین میں رکاوٹ نہ ہوگی"

کارکنوں کے رویے میں تبدیلی ہوگئی۔ اور کام اسی جگہ جا پہنچا۔ جہاں کچھ عرصہ کے لئے رکا ہوا تھا۔ حسابات کی جانچ میں بھی تبدیلی کی گئی۔ یعنی ہر ششماہی پر حسابات جانچے جانے کی بجائے ماہوار جانچے جانے لگے۔ اس سال کے آخر میں بنک کی تحویل ۷۰۰ روپے ۳ پائی رہ گئی تھی۔ اس جمود کو دور کرنے اور ساکھ کو برقرار رکھنے کے لئے ایک انقلاب کی ضرورت تھی۔ یہ چھٹا سال پورا ہوا۔

رفتہ رفتہ طلبا میں دلچسپی اور شوق پیدا کیا گیا طلبا کا اعتماد حاصل کیا گیا۔ جب کارکنوں نے دیکھا کہ طلبا بنک کے ہر اعلان پر لبیک کہنے کے لئے تیار ہیں تو ایک ایسی تجویز سوچی گئی جو اراکین اور بنک دونوں کے لئے مفید ثابت ہوئی۔ جامعہ میں عام اعلان کیا گیا کہ بنک کی تحویل ایک ہزار ہونے پر جشن منایا جائیگا۔ لوگوں کے اعتبار کا یہ حال تھا۔ کہ ایک ماہ کے اندر تحویل گیارہ سو تک ہوگئی۔ اس خوشی میں حسب وعدہ ۳۰ جنوری ۳۳ء کو اوکھلے میں ایک خاص جشن منایا گیا جو بنک کی تاریخ میں ایک یادگار جشن ہے۔ سالانہ جلسے کے وقت تحویل ۱۱۰۷ روپے ۱۳ آنے ۹ پائی تھی۔

ساتواں سال

ساتواں سال شروع ہونے کے چار ماہ بعد ہم لوگ یہاں جامعنگر میں منتقل ہوئے ضرورت تھی کہ تعلیمی مرکز اور جامعنگر دونوں میں یہ شعبے قائم رہیں۔ اس لئے بنک و دوکان کا سرمایہ دو برابر حصوں میں تقسیم کیا گیا۔ بنک کے رکن جہاں جہاں رہ گئے وہیں اُن کی رقم بھیجدی گئی۔ اس کے علاوہ ذاتی ملکیت کی تقسیم میں ہر ایک مدرسہ کو ڈیڑھ ڈیڑھ سو کا مال ملا اسی طرح ہر ایک کے ذمے سو سو کا قرض بھی واجب الادا کیا گیا۔

جامعنگر منتقل ہوتے وقت بحیثیت نتیجہ ہمیں (بنک کے اراکین کی نقدی کا علاوہ) ۵۰ روپے بطور نفع ملے۔ یہاں نئے فرنیچر کی فراہمی کا سوال پیدا ہوگیا۔ پچھلے تجربات کو مدنظر رکھتے ہوئے پورے غور و خوض کے بعد ۵۰ روپے کی لاگت سے بنک و دوکان کے شایان شان نہایت مضبوط مستحکم اور خوشنما فرنیچر

بنوایا گیا۔ اب تک نئی سیج دھج کے ساتھ یہ کاروبار اسی طرح جاری رہا۔ جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا تھا۔ ہم نے اپنا کاروبار جامعہ نگر منتقل ہونے کے بعد شروع کیا تھا۔ لہٰذا ۱۵ اگست ۳۶ء سے ۲۵ اپریل ۳۶ء تک آٹھ ماہ کی رپورٹ مختلف نقشوں میں درج ذیل ہے۔

نقشہ نمبر ۱

بنک کے متعلق ضروری اعداد و شمار

سال کے آخر میں اراکین کی تعداد	...	...	۱۵۱
سال کے آخر میں اراکین کی امانت	...	...	۷۵۵ روپے ۶ پائی
سال کے آخر میں اوسطاً ہر ایک رکن نے رقم چھوڑی	...	...	۵ روپے
اس سال کتنی مرتبہ رقم جمع ہوئی	...	...	۹۴۰ دفعہ
اس سال کتنی دفعہ رقم نکالی گئی	...	...	۶۱۰ دفعہ
اس سال کتنی رقم بنک میں جمع کی گئی	...	...	۱۴۶۳ روپے ۴ آنے ۳ پائی۔
رقم جو گذشتہ سال اراکین نے بنک میں چھوڑی	...	...	
یعنی سابقہ تحویل			۳۴۰ روپے ۴ آنے ۶ پائی۔
کل رقم	...	...	۱۸۰۴ - ۲ - ۹
رقم جو اس سال اراکین نے نکلوائی	...	...	۱۰۴۹ - ۲ - ۳
رقم جو اس سال اراکین نے بنک میں چھوڑی	..	...	
یعنی آج کی تحویل			۷۵۵ — ۰ — ۶

نوٹ:۔ چونکہ اعداد و شمار کی تحویل اور بنک کی کیش بک کی تحویل ملتی ہے اسلئے حسابات درست ہیں۔

نقشہ نمبر ۲

بنک ۔ امانت ۔ دکان ۔ کی تحویل کا خلاصہ

آمد		خرچ	
۱۔ بنک کی تحویل ۔	۷۵۵ — ۰ — ۶	۱۔ قرض بذمہ دکان و بنک	۵۰۰ — ۰ — ۰

آمد		خرچ	
۲۔ امانت کی تحویل	۱۴۰ - ۱۴ - ۹	۲۔ قرض بذمہ جامعہ	۱۰۵ - ۱ - ۰
۳۔ دکان کی تحویل	۲ - ۷ - ۹	۳۔ قرض بذمہ خوانچہ	۵۰ - ۰ - ۰
		۴۔ نزدات	۵۰ - ۰ - ۰
		۵۔ مسلم بنک میں جمع ہیں	۱۵۳ - ۶ - ۰
میزان	۸۹۸ - ۷ - ۰		۸۹۸ - ۷ - ۰

نقشہ نمبر ۳

بنک اور دکان کے نفع نقصان کا حساب

آمد		خرچ	
۱۔ پچھلے سال کی بچت	۵۰ - ۰ - ۰	۱۔ کتب درسی و اسٹیشنری کی لاگت جو اس وقت موجود ہے۔	۲۰۳ - ۳ - ۶
۲۔ اس سال کا نفع (۸ ۱۵ کا)	۱۵۱ - ۷ - ۹	۲۔ نیا فرنیچر خریدا گیا۔	۴۷۷ - ۱ - ۶
۳۔ امداد از جامعہ بسلسلہ فرنیچر	۲۲۸ - ۸ - ۰	۳۔ نفع تقسیم کیا گیا۔	۵۲ - ۶ - ۳
۴۔ قرض از بچوں کا بنک	۵۰۰ - ۰ - ۰	۴۔ طباعت پاس بک امانت	۱۸ - ۰ - ۰
		۵۔ " چک بک مع بلاک	۴ - ۷ - ۰
		۶۔ " متفرق	۹ - ۳ - ۰
		۷۔ حساب زیر رواں کا سامان	۲ - ۷ - ۰
		۸۔ اجرت تنقیح کنندہ	۱۸ - ۱۴ - ۰
		۹۔ بٹہ کھاتہ	۲ - ۴ - ۹
		۱۰۔ سالانہ جلسہ کا خرچ مع دعوت	۴۲ - ۰ - ۶
		۱۱۔ سالانہ رپورٹ کی طباعت	۱۰ - ۰ - ۰
		۱۲۔ متفرق	۱۸ - ۸ - ۶
		۱۳۔ دکان کی تحویل	۲ - ۷ - ۹
میزان۔	۹۳۰ - ۱۵ - ۹		۹۳۰ - ۱۵ - ۹

، سامان فروخت کرنے میں کتب درسی اور کتابوں کی نسبت ۳/۴ کی رہتی ہے۔ اس پر ہمیں زیادہ سے زیادہ ۱۲½ فیصدی کمیشن ملتا ہے۔ باقی سامان ۱/۴ کی نسبت سے فروخت ہوتا ہے جس پر ہمیں ۲۵ سے ۵۰ تک کمیشن ملتا ہے۔ لہٰذا اس تناسب سے زیادہ سے زیادہ نفع جو ہو سکتا ہے۔ وہ ۱۵۰ فیصدی ہے۔ یہی بات ہمارے اصل اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں۔

اس ۵۰۰ کے قرض کے مقابلہ میں ہمارے پاس تقریباً ۸۰۰ کی ملکیت موجود ہے جس کی تفصیل ذیل کے نقشہ نمبر ۴ میں درج ہے۔

نقشہ نمبر ۴

دکان اور بنک کی موجودہ ملکیت

الف:۔ دکان۔

۱۔ کتب درسی اور اسٹیشنری (فروخت ہونے والی)	۲۰۳ - ۴ - ۶
۲۔ مستقل استعمال ہونے والی اشیاء۔	۲۱۰ - ۱۲ - ۰
میزان	**۴۱۳ - ۱۵ - ۶**

اس ملکیت کے معاوضے میں دکان کو مبلغ ۳۰۰ روپوں کا قرض ادا کرنا ہوگا۔

ب:۔ بنک۔

۱۔ فروخت ہونے والی اشیاء (پاس بک، چک بک)	۶۲ — ۹ — ۰
۲۔ مستقل استعمال میں آنے والی اشیاء	۳۴۱ - ۵ - ۶
میزان	**۴۰۳ — ۱۴ - ۶**

اس ملکیت کے معاوضے میں بنک کو مبلغ ۲۰۰ روپوں کا قرض ادا کرنا ہوگا۔

رپورٹ تنقیح کنندہ

ان حسابات کی مطابقت کرلی گئی ہے۔ اندراجات درست اور صحیح ہیں۔ میں نے بچوں کے بنک و دکان مدرسہ ابتدائی کے حسابات ماہ جنوری ۱۹۴۷ء سے جانچنے شروع کئے ہیں۔ اس درمیان میں حسابات دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جہاں تک حسابات رکھنے کا تعلق ہے حسابات ایک حد تک ضابطے اور قاعدے میں رکھے گئے ہیں۔ اگرچہ کہیں کہیں بے ضابطگی بھی ہوتی ہے۔ لیکن یہ بے ضابطگی ایسی نہیں ہے جس کا اثر حسابات پر پڑتا ہو۔

بہرحال اس سے ناظم صاحب بچوں کے بنک و دکان کے حسابات سے دلچسپی کا پتہ چلتا ہے جو ایک حد تک قابل تعریف ہے۔

شکریہ حضرات اِس اہم کام کا چلانا ظاہر ہے کسی ایک یا چند شخصوں کے بس کی بات نہیں ہو مدرسہ کے تمام طلبا میں جب تک دلچسپی اور سرگرمی نہ ہو یہ شعبہ محض بے روح جسم ہوکر رہ جاتا ہے۔ میں اپنے پچھلے تجربات کی بنا پر یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ اس میں جو کچھ ہوا وہ طلبا کے بڑھتے ہوئے ولولے اور اُن کی دلچسپی کی وجہ سے ہوا ہیں کارکنان بنک و دکان کی طرف سے مدرسے کے سب بچوں کو مبارک باد دیتا ہوں۔

ہمارے ہاں کے اساتذہ طلباء کی دلچسپیوں سے جُدا نہیں کئے جا سکتے ہیں۔ اُن کی بروقت رہنمائی، محنت وشوق سے ہمیشہ اس شعبہ کی ساکھ قائم رہی ہے۔ ہر سال مدرسہ کے دو تین اساتذہ نے اِن شعبوں سے مخصوص ہوکر باری باری سے کام کیا ہے۔ پچھلے سات سال کے کارکنوں کو یکجا کیا جائے، تو میں جناب ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب مسٹر۔ ای۔ جے۔ کیلاٹ۔ ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب۔ جناب اکبر علی صاحب۔ جناب سید نور شاہ صاحب جناب عبدالخالق صاحب۔ جناب محمد عاقل صاحب جناب احمد حسن صاحب قرشی۔ جناب عبدالجلیل صاحب۔ جناب سید مجتبیٰ حسین صاحب نمایاں نظر آئیں گے۔ جناب سید مجتبیٰ حسین صاحب اگرچہ دوسری مصروفیتوں کی وجہ سے اِس شعبہ سے علیحدہ ہو چکے ہیں لیکن دیکھنے والوں کو یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ بھی اس شعبہ کے باقاعدہ منتظم ہیں۔ میں مدرسہ کے سب بچوں کی طرف سے اِن حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ باقی اساتذہ صاحبان یوں تو تعلیمی کام کے سلسلہ میں اِس شعبہ سے ہر طرح دلچسپی رکھتے ہیں لیکن چند سالوں میں اُمید ہے کہ یہ بھی براہِ راست ان شعبوں کو چلالیں گے۔

حسابات جانچنے والوں میں ہمارے پہلے تنقیح کنندہ محمد یوسف صاحب تاباں مرحوم تھے۔ بنک کی ابتدائی حالت بہتر بنانے میں مرحوم نے ہر طرح کی مدد دی۔ اِس کا خیال کچھ نہ کیا کہ معاوضہ کیا ملتا ہے۔ خدا مرحوم کو جوارِ رحمت میں جگہ دے۔ بعد کے تنقیح کنندہ جناب بشیر احمد صاحب انصاری تھے۔ ظاہر ہے جامعہ کے ایک طالب علم کو اپنے مدرسہ کے شعبے سے جیسی دلچسپی ہونی چاہیئے۔ ویسی ہی دلچسپی صاحب موصوف نے ظاہر کی۔ آج کل کے تنقیح کنندہ ہمارے خاموش کارکن جناب محمد مونس صاحب ہیں آپ حسابات جانچنے میں جزئیات کا پورا پورا خیال رکھتے ہیں۔ اِس سے اُن لوگوں کو مدد ملتی ہو جنہیں اپنا بیشتر وقت تعلیمی کاموں میں صرف کرنے کی وجہ سے اُن جزئیات پر غور کرنے کا موقع بعض وقت نہیں ملتا ہے۔ میں کارکنوں کی طرف سے ہر دو صاحبان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

حضرات! رپورٹ ختم کرنے سے پہلے میں آنے والے آٹھویں سال کی اہم تبدیلی کا ذکر کردینا ضروری سمجھتا ہوں۔ بنک اور دکان کا نظام اب تک مشترک تھا۔ لیکن بعض انتظامی اور تعلیمی سہولتوں کو مدِ نظر رکھ کر اور اِس خیال سے کہ مدرسہ کی دو جماعتیں ایک ایک سال کے لئے بنک اور دکان کو علیحدہ علیحدہ پروجکٹ سسٹم پر چلا سکیں۔ اساتذہ صاحبان نے سفارش کی ہے کہ یکم مئی سنہ ۱۹۳۲ء سے یہ شعبہ دو خود مختار شعبوں میں تقسیم کردیا جائے چنانچہ جناب نگران صاحب مدرسہ کی سفارش سے جناب شیخ الجامعہ صاحب نے اِس تجویز کو منظور فرمایا ہے۔ جدید نظام کے مکمل قواعد وضوابط

کا ایک مسودہ بنک و دوکان کی موجودہ مجلس منتظمہ نے اپنے اجلاس منعقدہ ۱۱ر مارچ ۱۹۳۷ء میں منظور کرکے مجلس اساتذہ میں سفارش کے لئے بھیج دیا ہے۔ تاکہ مجلس جناب نگران صاحب مدرسہ اور جناب شیخ الجامعہ صاحب کے پاس منظوری کی سفارش کرے۔ میں یہاں اُس مسودہ سے صرف وہ حصہ نقل کرتا ہوں جسے مجلس منتظمہ نے دونوں شعبوں کے استحکام اور ترقی کے لئے ضروری سمجھا ہے۔

(۱) بین الشعبہ جاتی قوانین

۱۔ یکم مئی ۱۹۳۷ء سے بچوں کے بنک اور دکان کا مشترکہ شعبہ دو خود مختار شعبوں میں منتقل کیا جاتا ہے! ایک کا نام (۱) بچوں کا بنک اور دوسرے کا نام (۲) بچوں کی دکان ہوگا۔ دونوں کا انتظام مدرسے کے دو علیحدہ علیحدہ اساتذہ کے ہاتھوں میں ہوگا۔ جو ناظم بنک یا ناظم دکان کہلائیں گے۔ دونوں شعبے براہ راست نگران صاحب مدرسہ کی نگرانی میں رہیں گے۔ کام کی مصروفیت کا خیال کرتے ہوئے اگر نگران مدرسہ چاہیں تو ضرورت کے وقت اپنی طرف سے ایک استاد نگرانی کے لئے مقرر کریں گے۔ جس کا کام دونوں شعبوں کی نگرانی اور حسابات کی دیکھ بھال ہوگا۔

(۲) سال کے آخر میں اگر دونوں شعبوں میں سے کسی ایک کو نقصان ہو تو دوسرا شعبہ بشرط گنجائش نقصان والے شعبہ کی امداد کرے گا۔ امداد کی رقم کا تعین اُس شعبہ کی مجلس منتظمہ کرے گی۔

(۳) اگر دکان کو بنک سے تجارتی قرضہ لینے کی ضرورت پیش آئے تو بشرط گنجائش بنک کا فرض ہوگا کہ وہ مناسب شرح پر دکان میں روپیہ لگانے کو ترجیح دے۔ اسی طرح دکان کا فرض ہوگا کہ وہ دوسروں کے مقابلہ میں بچوں کے بنک سے تجارتی قرضہ لینے کو ترجیح دے۔

(۴) دکان کا حساب متعلقہ ناظم اور نگران مدرسہ کے مشترکہ دستخطوں سے بچوں کے بنک میں کھلا رہے گا۔ اور بچوں کے بنک کا حساب متعلقہ ناظم اور نگران مدرسہ کے مشترکہ دستخطوں سے کسی ایسے معتبر بنک میں جسے مجلس منتظمہ مقرر کرے۔

(۵) بنک اور دکان کو مدرسہ کی دو جماعتیں ایک ایک سال کے لئے علیحدہ علیحدہ بطور پروجکٹ چلائیں گی۔

(۶) بنک اور دکان کی تمام کارروائی نگران مدرسہ کے توسط سے شیخ الجامعہ صاحب کے پاس جایا کرے گی۔

باقی مکمل قواعد وضوابط ایک سال کے تجربہ کے بعد اسی سالانہ جلسہ کے موقع پر شائع کردیئے جائیں گے۔

اب میں آپ سے رخصت چاہتا ہوں۔ خدا حافظ۔

خادم

محمد عبدالغفار دھولی

ناظم بچوں کا بنک و دوکان

۲۴ر اپریل ۱۹۳۷ء جامعہ نگر۔ دہلی

معذرت

بنک کی مطبوعہ رپورٹ میں جو سالانہ جلسوں کا خاکہ چھپا ہے۔ اس میں غلطی سے پہلے جلسہ کے صدر جناب حافظ فیاض احمد صاحب، مسجل جامعہ کا نام رہ گیا۔ اسی طرح شکریہ کے سلسلہ میں مولوی عبدالجلیل صاحب بی۔ اے۔ اور سید مجتبیٰ حسن صاحب زیدی کا نام بھی چھوٹ گیا ہے۔ مجھے اِن غلطیوں کا بہت افسوس ہے۔

محمد عبدالغفار۔ دھولی

حالاتِ جامعہ

نتیجہ امتحاناتِ جامعہ

جامعہ جونیر، جامعہ سینیر، اور بی۔اے کے امتحانات منعقدہ اپریل ۱۹۳۶ء کے نتائج حسب ذیل ہیں

	درجہ	رول نمبر	نام	نمبر حاصل کردہ
جامعہ جونیر		۱	حسن سبحانی	ریاضی کے ضمنی امتحان میں کامیاب سمجھے گئے۔
جامعہ سینیر	درجہ دوم	۸	منظور الحق خاں	۲۶۳ (۵۰۰ میں سے)
		۵	محمد شفیع	۲۶۳
		۲	عبداللہ زمانی	۲۶۰
		۹	محمد عرفان انصاری	۲۲۹
	درجہ سوم	۷	محمد عمر	۲۰۷
		۴	عثمان سوید سماتری	تاریخ ہند میں ضمنی امتحان دینا ہوگا۔
		۵	عبدالخالق	زیر تجویز (بعد میں اعلان کیا جائیگا)
بی۔اے	درجہ دوم	۲	برکت علی	۲۶۳
	درجہ سوم	۱	اسمٰعیل محمد مدھا	۲۱۲

(حافظ) فیاض احمد صاحب

مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی ۱۵ ؍ ۵ ؍ ۳۶

۱۰ مئی کو ڈاکٹر انصاری مرحوم کی وفات کا دن تھا، مدرسہ کے وقت میں تمام طلباء، اور اساتذہ ہال میں جمع ہوئے۔

مولوی عبدالخالق صاحب مدرس مدرسہ تعلیمی مرکز ۱ نے آسان اور دلنشین انداز میں بچوں کو یہ بتلایا کہ ڈاکٹر صاحب مرحوم کی

ذات میں کون کونسی خوبیاں ایسی تھیں جو بچوں کو اختیار کرنی چاہئیں کہ اُن کی یاد کا سب سے اچھا طریقہ یہی ہے۔ اس کے بعد شیخ الجامعہ جناب ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب نے نہایت موثر انداز میں ایک مختصر سی تقریر کی اور فرمایا۔ کہ دنیا انہی لوگوں کو یاد رکھا کرتی ہے۔ جو اپنے علم، اپنے فن۔ اور اپنی دولت سے دنیا کی مدد کرتے ہیں۔ جامعہ کے ہر بانی کی زندگی دوسروں کی خدمت اور اصلاح میں بسر ہوئی اسی وجہ سے وہ ہمیں یاد آتے ہیں۔ ان تقریروں کے بعد سب نے قرآن پڑھا۔ اور مرحوم و مغفور انصاری کی روح کو ایصال ثواب کیا۔

---

۲۹ راپریل کو جامعہ نگر اوکھلا میں بنک اور دکان کا سالانہ جلسہ تھا۔ ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب قائم مقام شیخ الجامعہ نے صدارت فرمائی۔ مولوی عبدالغفار صاحب مدھولی مدرس مدرسہ ابتدائی نے سالانہ رپورٹ پڑھی۔ رپورٹ پڑھنا اصل میں طالب علم کا حق ہے۔ لیکن اس وجہ سے کہ بنک سات سالہ گہرے تعلق کے بعد دکان سے علیحدہ کیا جا رہا تھا۔ اور خود ناظم صاحب اپنی ہفت سالہ مسلسل خدمات کے بعد اس شعبہ کی ذمہ داری سے سبکدوش ہو رہے تھے۔ رپورٹ آپ ہی کے ذمہ رہی۔ رپورٹ کے بعد منافع تقسیم ہوا جس کی کم از کم مقدار ایک پیسہ تھی۔ اور یہ بہت سے بچوں کو ملا۔ اور بچوں کے علاوہ نگراں مدرسہ جناب (اکبر علی صاحب) کو بھی ایک ہی پیسہ کا نفع ہوا۔ سب سے بڑی رقم عہ/ تھی۔ جو صلاح الدین (ابتدائی پنجم) کے حصہ میں آئی۔

جامعہ (یونیورسٹی) کے امتحانات ۹ راپریل کو شروع ہوئے تھے۔ ۲۹ رکو ختم ہوگئے۔ آج کل کالج کی دوسری جماعتوں کا (ثانوی پنجم، سندی اوّل، درجہ خاص) امتحان ہو رہا ہے۔ ثانوی مدرسہ میں امتحانات کا سلسلہ ۱۰ رمئی سے شروع ہوگا۔ اور تعلیمی مرکز میں ۲۲ رمئی سے۔ مئی کی آخری تاریخوں میں نتیجہ سنا دیا جائیگا۔ جون، جولائی میں چھٹی رہے گی۔ اور اگست میں جامعہ کھل جائیگی۔

مدرسہ ابتدائی جامعہ نگر میں اس دفعہ یکم جولائی سے یکم ستمبر تک چھٹی رہیگی۔ اس لئے وہاں امتحانات بھی جون میں ہونگے۔

چودھری کریم اللہ صاحب۔ بی۔ ایس۔ سی (جامعہ) استاد جامعہ مزید تعلیم کے لئے سنہ ۱۹۳۰ء میں یورپ تشریف لے گئے تھے۔ ۲۸ راپریل کو اپنے مقصد میں بحسن خوبی کامیاب ہو کر واپس تشریف لے آئے ہیں۔ آپ نے جرمنی میں رہ کر کیمسٹری کی اعلیٰ ڈگری حاصل کی اور بعد ازاں اڈنبرا چلے گئے۔ وہاں اپنی محنت اور ذہانت کے باعث ایک معقول انعامی وظیفہ حاصل کیا۔ اڈنبرا میں دو سال تعلیم پائی۔ آئندہ کے لئے ابھی آپ نے کچھ طے نہیں کیا ہے۔ لیکن طبیعت کا رجحان تمام تر عملی سائنس کی طرف ہے۔

ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب شیخ الجامعہ حلقہ ہمدردان کی کی توسیع کے لئے صدر وفد کی حیثیت سے کلکتہ تشریف لے گئے تھے۔ کوئی دو ہفتہ وہاں قیام رہا۔ ۱۰ رمئی کو آپ دہلی تشریف لے آئے۔ کلکتہ کے احباب اور عام دردمند مسلمانوں کی ہمدردی و ایثار کے معترف ہیں۔

تحریک حلقہ ہمدردانِ جامعہ

مستقل امداد و عطیات

ماہ اپریل ۱۹۳۷ء

ذیل کی رقومات جنہیں بعض ہمیں اپنے مہتممین اور سفراء کی معرفت وصول ہوئی ہیں اور بعض براہِ راست درج رجسٹر ہو چکی ہیں حوالہ رسید اور رقومات کی صحت کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ اگر کوئی غلطی رہ گئی ہو تو اطلاع بخشئے۔ دفتر آپ کا ممنون ہوگا۔ اور آئندہ تصحیح کردی جائیگی (مرتب)

۱۔ دہلی

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصولہ
۱	۵۴۷	شاہد علی صاحب معہ برادران جامعہ ملیہ اسلامیہ	صر	۱۸	۱۸۶۶ لے	عبدالرزاق صاحب و محمد اسحٰق صاحب کوچہ فانچند	عمر
۲	۵۴۸	مرغوب احمد صاحب توفیق کوچہ پنڈت	عار	۱۹	۱۸۶۷ "	مسٹر عبدالعلیم صاحب ٹیگور روڈ	۴ر
۳	۵۵۸	شاہجہان بیگم صاحبہ قرولباغ	عـہ ر	۲۰	۱۸۶۸ "	حکیم عنایت اللہ صاحب کوچہ تاراچند	عہ ر
۴	۵۶۷	خواجہ محمد عبدالمجید صاحب ٹیامحل	سے ر	۲۱	۱۸۶۹ "	عبدالرزاق صاحب ترا با بہرام خاں	۴ر
۵	۵۶۸	جلیل احمد صاحب قدوائی جرنلسٹ	عار	۲۲	۱۸۷۰ "	سید محمد شفیع صاحب چتلی قبر	۲ر
۶	۵۶۹	عبدالصمد صاحب انصاری	۲ر	۲۳	۱۸۷۱ "	شیخ محمد شفیع صاحب " "	۲ر
۷	۱۸۵۵ لے	سلیم الزماں صاحب صدیقی طبیہ کالج	عہ ر	۲۴	۱۸۷۲ "	ڈاکٹر بشیر احمد صاحب " "	علعہ ر
۸	۱۸۵۶ "	عبدالرزاق صاحب سرکیوالان	عمر	۲۵	۱۸۷۳ "	عزیز الدین صاحب یونانی دواخانہ	۸ر
۹	۱۸۵۷ "	محمود علی صاحب علوی نظام سپلیس	عار	۲۶	۱۸۷۴ "	مولانا نور الدین صاحب بہاری	؏ر
۱۰	۱۸۵۸ "	خان بہادر سلیمان صاحب انجینیر ہیلی روڈ	صر	۲۷	۱۸۷۵ "	ڈاکٹر مشتاق احمد صاحب کٹرہ بڑیاں	عہ ر
۱۱	۱۸۵۹ "	مسٹر صلات الدین صاحب نئی دہلی	۸ر	۲۸	۱۸۷۶ "	محمد ظفر صاحب نواب گنج	۱۲ر
۱۲	۱۸۶۰ "	سرفراز الحق صاحب مسجد کالے خاں	۴ر	۲۹	۱۸۷۷ "	بابو محمد ابراہیم صاحب گلی سوئی والان	۴ر
۱۳	۱۸۶۱ "	منشی بشیر بیگ صاحب محلہ گڑھیا	۲ر	۳۰	۱۸۷۸ "	بابو محمد شفیق صاحب متصل ہائی سکول	۴ر
۱۴	۱۸۶۲ "	حکیم محمد ظہیر علی صاحب کوچہ چیلاں	۸ر	۳۱	۱۸۷۹ "	محمد سلیم خانصاحب گندہ نالہ	۴ر
۱۵	۱۸۶۳ "	حکیم محمد احسن خانصاحب چتلی قبر	۲ر	۳۲	۱۸۸۰ "	مسٹر صابری صاحب پہاڑی دروازہ چتلی قبر	۴ر
۱۶	۱۸۶۴ "	سید سلیم الدین صاحب "	۴ر	۳۳	۱۸۸۱ "	بابو محبوب احمد صاحب انصاری گلی کلیان سنگھ	۴ر
۱۷	۱۸۶۵ "	حکیم شرف الدین خانصاحب "	۴ر	۳۴	۱۸۸۲ "	سعید احمد صاحب ڈی ایس۔ آفس	۴ر

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصولہ
۳۵	۱۸۸۳ اے	ڈاکٹر سعید احمد صاحب بریلوی	عمر	۵۹	۴۰۱۳ اے	محمد ظفر صاحب قریشی جامع مسجد	۴ر
۳۶	۱۸۸۴ ″	حکیم برکات احمد صاحب سلطانی دواخانہ	۴ر	۶۰	۴۰۱۴ ″	اکرام الدین صاحب حوض قاضی	۴ر
۳۷	۱۸۸۵ ″	چودھری محمد دین صاحب باڑہ ہندو راؤ	۵ر	۶۱	۴۰۱۵ ″	نواب زادہ حکیم ذوالفقار علی صاحب کوچہ چیلان	۱۲ر
۳۸	۱۸۸۶ ″	سراج الحق صاحب عبد الحق صاحب فتحپوری	۱۲ر	۶۲	۴۰۱۶ ″	جی۔ ایم۔ خانصاحب۔ نئی دہلی	عمر
۳۹	۱۸۸۷ ″	شمس العارفین صاحب ″	عہ ر	۶۳	۴۰۱۷ ″	غلام حسین خانصاحب ″	۸ر
۴۰	۱۸۸۸ ″	کالے خاں صاحب ″	۸ر	۶۴	۴۰۱۸ ″	محمد صدیق صاحب متعلم جامعہ	۴ر
۴۱	۱۸۸۹ ″	شیخ جمال الدین صاحب چوک جامع مسجد	۴ر	۶۵	۴۰۱۹ ″	مولوی حافظ رشید احمد صاحب ارشد	عمر
۴۲	۱۸۹۰ ″	سردار علی صاحب ″	۸ر	۶۶	۴۰۲۰ ″	سید منظور حسین صاحب غازی	عمر
۴۳	۱۸۹۱ ″	حاجی بشیر احمد صاحب بازار چاوڑی	عمر	۶۷	۴۰۲۱ ″	محمد حنیف صاحب تیمار پور	۸ر
۴۴	۱۸۹۲ ″	بیگم عبد المتین صاحب احمد منزل قرولباغ	۶ر	۶۸	۴۰۲۳ ″	تسخیر احمد صاحب امپیریل اگریکلچرل انسٹی ٹیوٹ	عمر
۴۵	۱۸۹۳ ″	عبد الرب صاحب کوچہ خانچند	عمر	۶۹	۴۰۲۵ ″	ارشاد حسین صاحب بقائی حوض قاضی	۴ر
۴۶	۱۸۹۴ ″	فضل الحق صاحب قریشی میونسپلٹی آفس	۴ر	۷۰	۴۰۲۶ ″	رشید احمد صاحب نعمانی معلم جامعہ	۴ر
۴۷	۱۸۹۵ ″	عبد المجید خانصاحب گلی مفتی والان	عمر	۷۱	۴۰۲۷ ″	حافظ سراج الدین صاحب محلہ چوڑی والان	۲ر
۴۸	۱۸۹۶ ″	حاجی رشید احمد صاحب کشمیری گیٹ	۶ر	۷۲	۴۰۲۸ ″	سید شبیر الدین صاحب شمسی ″	۴ر
۴۹	۱۸۹۷ ″	محمد صدیق صاحب کراچی والے صدر بازار	۶ر	۷۳	۴۰۲۹ ″	محمد یامین صاحب امپیریل تمباکو کمپنی	عمر
۵۰	۱۸۹۸ ″	شیخ محمد یوسف صاحب ″	۴ر	۷۴	۴۰۳۰ ″	عبد الغفار صاحب ″	عمر
۵۱	۱۸۹۹ ″	محمد شبیر الدین صاحب و نصیر الدین صاحب محلہ شیخان	۴ر	۷۵	۴۰۳۱ ″	عبد الرحمٰن صاحب قطب روڈ	۴ر
۵۲	۱۹۰۰ ″	حافظ محفوظ الٰہی صاحب باڑہ ہندو راؤ	۴ر	۷۶	۴۰۳۲ ″	محمد کاظم حسین صاحب راز	عمر
۵۳	۴۰۰۷ ″	نواب فخر الرحمٰن صاحب باغیچی اچھے جی	عمر	۷۷	۴۰۳۳ ″	محمد ابراہیم صاحب قطب روڈ	۶ر
۵۴	۴۰۰۸ ″	مرتضیٰ خانصاحب قرولباغ	۴ر	۷۸	۴۰۳۵ ″	محمد حسن صاحب ″ ″	۴ر
۵۵	۴۰۰۹ ″	محمد سعید صاحب محلہ مچھلی والان	عمر	۷۹	۴۰۳۶ ″	قمر الدین صاحب ″ ″	۴ر
۵۶	۴۰۱۰ ″	عبد الحلیم صاحب۔ ایم۔ اے۔ پل بنگش	عمر	۸۰	۴۰۳۷ ″	مظفر علی صاحب بیڈن پورہ	۴ر
۵۷	۴۰۱۱ ″	مرزا ہمایوں اختر صاحب کوچہ چیلان	۲ر	۸۱	۴۰۳۹ ″	عبد المجید صاحب صدر بازار	۱۰ر
۵۸	۴۰۱۲ ″	عبد الحمید صاحب۔ ایم اے سیکریٹریٹ آفس	۶ر	۸۲	۴۲۵۱ ″	محمد اسمٰعیل صاحب ″	عمر

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصولہ
۸۳	۴۲۵۲ اے	محمد شفیع صاحب صدر بازار	۸ر
۸۴	۴۲۵۳ "	حکیم حاجی عبدالحمید صاحب ہمدرد دواخانہ	صر
۸۵	۴۲۵۴ "	میاں اللہ بخش صاحب کوچہ قابل عطار	ےر
۸۶	۴۲۵۵ "	میاں محمد رفیق صاحب سوداگر چرم	عار
۸۷	۴۲۵۶ "	سید حفیظ الدین صاحب قرولباغ	۸ر
۸۸	۴۲۵۷ "	سید شمس الدین صاحب "	۸ر
۸۹	۴۲۵۸ "	آغا محمد امین صاحب	مر
۹۰	۴۲۵۹ "	ایس۔ محمد یوسف صاحب ریڈنگ روڈ	۸ر
۹۱	۴۲۶۰ "	بیگم صاحبہ محمد یعقوب صاحب "	۸ر
۹۲	۴۲۶۱ "	غلام نبی صاحب وائسرائے ہاؤس	معہر
۹۳	۴۲۶۲ "	اے۔ حکیم۔ بٹ صاحب	۸ر
۹۴	۴۲۶۳ "	صدیق حسن صاحب فلا ورڈیل قرولباغ	عمر
۹۵	۴۲۶۴ "	سید غلام حسنین صاحب نئی دہلی	عار
۹۶	۴۲۶۵ "	احسان الحق صاحب پارک لین نئی دہلی	عمر
۹۷	۴۲۶۶ "	زرین خانصاحب سبزی منڈی	عار
۹۸	۴۲۶۷ "	حاجی عباد اللہ خانصاحب "	عار
۹۹	۴۲۶۸ "	محمد دیار خانصاحب "	۸ر
۱۰۰	۴۲۶۹ "	منشی حفیظ احمد صاحب "	۴ر
۱۰۱	۴۲۷۰ "	سید نصیر الدین صاحب چوڑی والان	عار
۱۰۲	۴۲۷۱ "	مولوی عبدالصمد صاحب عربک کالج	عار
۱۰۳	۴۲۷۲ "	ایم۔ محمد دین صاحب چودھری سبزی منڈی	معہر
۱۰۴	۴۲۷۳ "	حکیم محمد احسن صاحب انصاری "	عمر
۱۰۵	۴۲۷۴ "	ڈی۔ ایم۔ ملک صاحب۔ عیدگاہ روڈ	عسہر
۱۰۶	۴۲۷۵ "	ملک غلام محمد صاحب "	عسہر

نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصولہ
۱۰۷	۴۲۷۶ اے	طاہر علی صاحب رابرٹ روڈ نئی دہلی	عمر
۱۰۸	۴۲۷۷ "	رفیق احمد صاحب ڈاکٹرز لین "	عمر
۱۰۹	۴۲۷۸ "	ڈاکٹر حسین بخش صاحب، پہاڑ گنج	۸ر
۱۱۰	۴۲۷۹ "	امیر بخش صاحب اجمیری دروازہ	۱۲ر
۱۱۱	۴۲۸۰ "	منشی حشمت اللہ صاحب گلی ماتا والی	عمر
۱۱۲	۴۲۸۱ "	مولٰنا محمد ادریس صاحب، پھاٹک حبش خاں	۸ر
۱۱۳	۴۲۸۲ "	ابوالوفا محمد حسین صاحب "	۸ر
۱۱۴	۴۲۸۳ "	عبدالسمیع صاحب "	۸ر
۱۱۵	۴۲۸۴ "	احمد اسلام خانصاحب کلاتھ مرچنٹ	صر
۱۱۶	۴۲۸۵ "	بابو تلوکی ناتھ صاحب "	عمر
۱۱۷	۴۲۸۶ "	پروفیسر عبدالرحمٰن صاحب	عمر
۱۱۸	۴۲۸۷ "	حاجی چھوٹے منان صاحب، گندہ نالہ	عمر
۱۱۹	۴۲۸۸ "	ملک آفتاب احمد صاحب، نواب گنج	عمر
۱۲۰	۴۲۸۹ "	غلام السبطین صاحب، منیجر ہمدرد دواخانہ	عار
۱۲۱	۴۲۹۰ "	حاجی محبوب بخش صاحب، صدر بازار	صر
۱۲۲	۴۲۹۱ "	شیخ انیس الرحمٰن صاحب "	۴ر
۱۲۳	۴۲۹۲ "	شیخ محمد سعید صاحب الله والے "	عمر
۱۲۴	۴۲۹۳ "	شیخ محمد اسمٰعیل صاحب "	۴ر
۱۲۵	۴۲۹۴ "	محمد عارف صاحب شیشے والے "	عمر
۱۲۶	۴۲۹۵ "	مرزا محمد سلیمان صاحب۔ جوہری نئی سڑک	عمر
۱۲۷	۴۲۹۶ "	محمد صلاح الدین صاحب قریشی۔ جامع مسجد	۸ر
۱۲۸	۴۲۹۷ "	ڈاکٹر لینڈی صاحب ایف۔ ڈی۔ محمود صاحب	عمر
۱۲۹	۴۲۹۸ "	سید محمد علی صاحب۔ طبیہ کالج	عمر
۱۳۰	۴۲۹۹ "	حکیم محمد فرید احمد صاحب عباسی طبیہ کالج	۸ر

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصولہ
۱۳۱	۴۴۰۰ لے	نبیلی سلیم الزماں صاحب صدیقی طبیہ کالج	۸ر
۱۳۲	۴۴۰۱ "	صوفی محمد صغیر حسن صاحب مسلم ہائی سکول	عہ
۱۳۳	۴۴۰۲ "	مولینا صغر علی صاحب "	۴ر
۱۳۴	۴۴۰۳ "	مولوی نورالدین صاحب بیری والا باغ	عہ
۱۳۵	۴۴۰۴ "	حافظ عبدالحکیم صاحب و حبیب الرحمن صاحب سبزمنڈی	۴ر
۱۳۶	۴۴۰۵ "	خواجہ حسین نظامی صاحب	عاہ
۱۳۷	۴۴۰۶ "	ضیاء الدین صاحب ۔ گلی مانا والی	۱۰ر
۱۳۸	۴۴۰۷ "	محمد مصباح الدین صاحب گلی مفتی والان	عہ
۱۳۹	۴۴۰۸ "	عبدالحق صاحب، چاندنی چوک	صہ
۱۴۰	۴۴۰۹ "	وحیدالدین احمد صاحب وکیل محلہ بلیماران	عہ
۱۴۱	۴۴۱۰ "	قدیرالدین احمد صاحب وکیل "	عہ
۱۴۲	۴۴۱۱ "	عبدالخالق صاحب "	عہ
۱۴۳	۴۴۱۲ "	حافظ شہاب الدین صاحب لال کنواں	۲ر
۱۴۴	۴۴۱۳ "	مقبول احمد صاحب، باغیچی اچھے جی	عہ
۱۴۵	۴۴۱۴ "	غلام محمد صاحب ٹھیکیدار پہاڑ گنج	عہ
۱۴۶	۴۴۱۵ "	سراج الدین صاحب صدر بازار	۴ر
۱۴۷	۴۴۱۶ "	محمد رفیق صاحب "	۸ر
۱۴۸	۴۴۱۷ "	حاجی عبدالمغنی صاحب و فضل الحق صاحب محلہ بلیماران	عاہ
۱۴۹	۴۴۱۸ "	حکیم ذکی احمد صاحب "	عہ
۱۵۰	۴۴۱۹ "	محمد شفیع صاحب و محمد خلیل صاحب صدر بازار	۸ر
۱۵۱	۴۴۲۰ "	عبدالرزاق صاحب ایم اے مسلم ہائی سکول	عہ
۱۵۲	۴۴۲۱ "	بابو رحمت اللہ صاحب ۔ گلی کلو خواص	عاہ
۱۵۳	۴۴۲۲ "	محمد صدیق صاحب، حویلی اعظم خاں	۸ر
۱۵۴	۴۴۲۳ "	حکیم محمد کبیرالدین صاحب ۔ قرولباغ	عہ
۱۵۵	۴۴۲۴ لے	رازق الخیری صاحب ۔ بدرعصمت دہلی	۸ر
۱۵۶	۴۴۲۵ "	حافظ سراج احمد صاحب محلہ بلیماران	۸ر
۱۵۷	۴۴۲۶ "	شیخ محمد رفیع صاحب "	۴ر
۱۵۸	۴۴۲۷ "	انوارالحق صاحب ایس ایم عرفان صاحب کوچہ خانچند	عہ
۱۵۹	۴۴۲۸ "	محمد تقی صاحب چاندنی چوک	۴ر
۱۶۰	۴۴۲۹ "	محمد صبغت اللہ صاحب "	۱۲ر
۱۶۱	۴۴۳۰ "	محمد احمد صاحب باڑہ ہندو راؤ	۸ر
۱۶۲	۴۴۳۱ "	شمس العارفین صاحب، چاندنی چوک	۴ر
۱۶۳	۴۴۳۲ "	رفیع اللہ خانصاحب، فتحپوری	۸ر
۱۶۴	۴۴۳۳ "	حاجی عبدالغنی صاحب آنریری مجسٹریٹ	للعہ
۱۶۵	۴۴۳۴ "	ڈاکٹر ناصر عباس صاحب ۔ فتحپوری	عہ
۱۶۶	۴۴۳۵ "	ڈاکٹر عبدالصمد صاحب "	۸ر
۱۶۷	۴۴۳۶ "	شیخ صبور احمد صاحب، صدر بازار	۴ر
۱۶۸	۴۴۳۷ "	عبدالواحد صاحب کوچہ میر عاشق	عہ
۱۶۹	۴۴۳۸ "	سید نصرت علی صاحب جیلا دروازہ	عہ
۱۷۰	۴۴۳۹ "	مرزا غلام قطب الدین احمد صاحب قراشخانہ	عہ
۱۷۱	۴۴۴۰ "	علاء الدین صاحب، باڑہ ہندو راؤ	۸ر
۱۷۲	۴۴۴۱ "	عبدالمتین صاحب شیش محل تیلی واڑہ	۸ر
۱۷۳	۴۴۴۲ "	شیخ محمد ادریس صاحب، چاندنی چوک	۲ر
۱۷۴	۴۴۴۳ "	محمد اشفاق صاحب، بٹر ولیم کمپنی	صہ
۱۷۵	۴۴۴۴ "	محمد ادریس صاحب، کٹرہ قطب الدین	عہ
۱۷۶	۴۴۴۵ "	حافظ رحمت الٰہی صاحب و محمد بلال صاحب " "	۸ر
۱۷۷	۴۴۴۶ "	زاہد حسین صاحب تغلق روڈ	صہ
۱۷۸	۴۴۴۷ "	مولوی قدیر اعظم صاحب عباسی پہاڑ گنج	عہ

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصولہ
۱۷۹	۴۴۴۸ اے	شیخ محمد تقی صاحب، چاندنی چوک	عمر	۲۰۳	۴۷۷۲ اے	حامد علی صاحب، گلی چابک سواران	۴ر
۱۸۰	۴۴۴۹ 〃	حکیم نذیر الدین احمد صاحب طبیہ کالج	۴ر	۲۰۴	۴۷۷۳ 〃	محمد سعید صاحب امام جی والے، صدر بازار	۴ر
۱۸۱	۴۴۵۰ 〃	محمد طیب صاحب۔ بی۔ اے جامعہ	عمر	۲۰۵	۴۷۷۴ 〃	منشی شمس الدین صاحب، محلہ ڈوری والان	۴ر
۱۸۲	۴۷۵۱ 〃	ممتاز الدین صاحب سوداگر صدر بازار	عمر	۲۰۶	۴۷۷۵ 〃	بیگم صاحبہ خان بہادر مولوی ظفر حسن صاحب	عمر
۱۸۳	۴۷۵۲ 〃	کلو صاحب تانگے والے، چاندنی چوک	۴ر	۲۰۷	۴۷۷۶ 〃	مرزا شوکت اللہ بیگ صاحب جامع مسجد	۴ر
۱۸۴	۴۷۵۳ 〃	غلام حامد صاحب انصاری ایم۔ بی مڈل اسکول	عمر	۲۰۸	۴۷۷۷ 〃	سید محمد صاحب کلاہ ساز چتلی قبر	عمر
۱۸۵	۴۷۵۴ 〃	حاجی محمد عمر صاحب ٹھیکیدار، گھنٹہ گھر	عار	۲۰۹	۴۷۷۸ 〃	عبد الرحیم صاحب، کٹرہ قطب الدین	۴ر
۱۸۶	۴۷۵۵ 〃	شہاب الدین احمد صاحب، پہاڑ گنج	عمر	۲۱۰	۴۷۷۹ 〃	محمد شفیع صاحب، صدر بازار دہلی	۸ر
۱۸۷	۴۷۵۶ 〃	فیاض الدین خانصاحب، 〃	۴ر	۲۱۱	۲۶۵۰ 〃	محمد عمر صاحب، 〃 〃	عمر
۱۸۸	۴۷۵۷ 〃	خواجہ اسعد اللہ صاحب مشن کوٹھی 〃	۴ر	۲۱۲	۳۷۲۳ 〃	مولوی عبد الرب صاحب گورنمنٹ آف انڈیا	عمر
۱۸۹	۴۷۵۸ 〃	قمر الاسلام صاحب، صدر بازار	صر	۲۱۳	۳۷۲۴ 〃	خانبہادر حافظ عبد الحکیم صاحب 〃 〃	ےر
۱۹۰	۴۷۵۹ 〃	مرزا فیاض بیگ صاحب، سبزی منڈی	۴ر	۲۱۴	۳۷۲۵ 〃	فتح محمد صاحب شیفتہ 〃 〃	عمر
۱۹۱	۴۷۶۰ 〃	منشی غفران الدین صاحب 〃	۴ر	۲۱۵	۳۷۲۶ 〃	محمد متین صاحب 〃 〃	۸ر
۱۹۲	۴۷۶۱ 〃	حاجی نور الدین صاحب 〃	۴ر	۲۱۶	۳۷۲۷ 〃	ایم طفیل محمد صاحب 〃 〃	۸ر
۱۹۳	۴۷۶۲ 〃	ایم۔ انعام الحق صاحب 〃	۱۲ر	۲۱۷	۳۷۲۸ 〃	خواجہ غلام یسین صاحب 〃 〃	عمر
۱۹۴	۴۷۶۳ 〃	چودھری الٰہی بخش صاحب قرولباغ	۸ر	۲۱۸	۳۷۲۹ 〃	عبد الواحد صاحب 〃 〃	۴ر
۱۹۵	۴۷۶۴ 〃	محمد اسمٰعیل صاحب، صدر بازار	عمر	۲۱۹	۳۷۳۰ 〃	سید محمد مرتضیٰ علی صاحب 〃 〃	عمر
۱۹۶	۴۷۶۵ 〃	میاں محمد اسحٰق صاحب 〃	عمر	۲۲۰	۳۷۳۱ 〃	سید حامد علی صاحب 〃 〃	عمر
۱۹۷	۴۷۶۶ 〃	حافظ عبد الجلیل صاحب 〃	۲ر	۲۲۱	۳۷۳۲ 〃	محمد اشرف صاحب 〃 〃	۸ر
۱۹۸	۴۷۶۷ 〃	شیخ رفیع الدین صاحب باڑہ ہندوراؤ	عمر	۲۲۲	۳۷۳۳ 〃	مرزا جی ننے۔ بیگ صاحب 〃 〃	عمر
۱۹۹	۴۷۶۸ 〃	مولوی بدر الحسن صاحب بی۔ اے جامعہ	۸ر	۲۲۳	۳۷۳۴ 〃	مولوی عبد الرحمٰن صاحب 〃 〃	۸ر
۲۰۰	۴۷۶۹ 〃	عبد القدیر صاحب۔ اکبر منزل قرولباغ	۶ر	۲۲۴	۳۷۳۵ 〃	محمد فاضل صاحب 〃 〃	۸ر
۲۰۱	۴۷۷۰ 〃	حکیم عزیز الرحمٰن صاحب، قصاب پورہ	۸ر	۲۲۵	۳۷۳۶ 〃	عبد الحق صاحب 〃 〃	۸ر
۲۰۲	۴۷۷۱ 〃	حاجی عبد الحمید صاحب موتی والے، صدر بازار	۴ر	۲۲۶	۳۷۳۸ 〃	حاجی برکت اللہ صاحب 〃 〃	۸ر

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ نمبر رسید	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصولہ
۲۲۷	۳۷۳۸ اے	ایم۔ عبد السلام صاحب گورنمنٹ آف انڈیا آفس	عہ	۲۵۱	۳۹۶۳ اے	محمد عبد الغفار صاحب گورنمنٹ آف انڈیا آفس	۸ر
۲۲۸	〃 ۳۷۳۹	بختیار علی خانصاحب 〃 〃 〃	۴ر	۲۵۲	۳۹۶۴ 〃	بیگم صاحبہ حشمت علی صاحب 〃 〃 〃	۴ر
۲۲۹	〃 ۳۷۴۰	بیگم صاحبہ محمد غیور صاحب 〃 〃	۴ر	۲۵۳	۳۹۶۵	حمیرہ صاحبہ حشمت علی صاحب 〃 〃 〃	۴ر
۲۳۰	〃 ۳۷۴۱	محمد اسمٰعیل صاحب 〃 〃	عہ	۲۵۴	۳۹۶۶	محمد نصر اللہ صاحب 〃 〃 〃	عہ
۲۳۱	〃 ۳۷۴۲	تاج الدین صاحب 〃 〃 〃	للعہ	۲۵۵	۳۹۶۷	محمد عبد الغنی صاحب 〃 〃 〃	عہ
۲۳۲	〃 ۳۷۴۳	محمد غیور صاحب 〃 〃	۸ر	۲۵۶	۳۹۶۸	صدر العلیٰ صاحب 〃 〃 〃	۸ر
۲۳۳	〃 ۳۷۴۴	منشی کریم بخش صاحب 〃 〃 〃	۸ر	۲۵۷	۳۹۶۹	غلام محمد صاحب 〃 〃 〃	عہ
۲۳۴	〃 ۳۷۴۵	صوفی غلام قادر صاحب 〃 〃 〃	۸ر	۲۵۸	۳۹۷۰	عبد الرحمٰن صاحب 〃 〃 〃	۴ر
۲۳۵	〃 ۳۷۴۶	سید ضمیر الحسن صاحب برنی 〃 〃	۸ر	۲۵۹	۳۹۷۱	معصوم علی صاحب 〃 〃 〃	۴ر
۲۳۶	〃 ۳۷۴۷	آغا علی مصطفےٰ صاحب 〃 〃	۴ر	۲۶۰	۳۹۷۲	میاں محمد صاحب 〃 〃 〃	عہ
۲۳۷	〃 ۳۷۴۸	سید محمد ذاکر صاحب 〃 〃	۸ر	۲۶۱	۳۹۷۳	احسان الحق صاحب 〃 〃 〃	۴ر
۲۳۸	〃 ۳۷۴۹	مولوی حبیب الرحمٰن صاحب 〃 〃	۴ر	۲۶۲	۳۹۷۴	حامد علی صاحب 〃 〃 〃	۴ر
۲۳۹	〃 ۳۷۵۰	شمعون احمد صاحب 〃 〃	عہ	۲۶۳	۳۹۷۵	اصغر علی شاہ صاحب 〃 〃 〃	عہ
۲۴۰	〃 ۳۹۵۲	لیاقت اللہ خان صاحب 〃 〃	۸ر	۲۶۴	۳۹۸۹	منشی کریم بخش صاحب 〃 〃 〃	عہ
۲۴۱	〃 ۳۹۵۳	محمد شریف صاحب قریشی 〃 〃	۸ر	۲۶۵	۳۹۹۰	شیدا علی خانصاحب 〃 〃 〃	۴ر
۲۴۲	〃 ۳۹۵۴	شیخ محمد حشمت علی صاحب 〃 〃	۸ر	۲۶۶	۳۹۹۱	محمود الحسن صاحب 〃 〃 〃	۸ر
۲۴۳	〃 ۳۹۵۵	خانصاحب عبد العلی صاحب 〃 〃	۸ر	۲۶۷	۳۹۹۲	تنویر علی صاحب 〃 〃 〃	۸ر
۲۴۴	〃 ۳۹۵۶	اکرام اللہ خانصاحب 〃 〃	۸ر	۲۶۸	۳۹۹۳	طفیل محمد صاحب 〃 〃 〃	۴ر
۲۴۵	〃 ۳۹۵۷	غلام حسن صاحب 〃 〃	۸ر	۲۶۹	۳۹۹۴	سردار محمد خانصاحب 〃 〃 〃	۸ر
۲۴۶	〃 ۳۹۵۸	چودھری محمد سرور صاحب 〃 〃	عہ	۲۷۰	۳۹۹۵	احتشام الدین صاحب 〃 〃 〃	۸ر
۲۴۷	〃 ۳۹۵۹	محمد خلیل صاحب 〃 〃	عہ	۲۷۱	۳۹۹۶	حکیم علی صاحب 〃 〃 〃	۸ر
۲۴۸	〃 ۳۹۶۰	اے۔ ایس۔ محمود صاحب 〃 〃	۸ر	۲۷۲	۳۹۹۷	ضیاء الدین احمد صاحب 〃 〃 〃	۴ر
۲۴۹	〃 ۳۹۶۱	مولوی محمد ابراہیم صاحب 〃 〃	۴ر	۲۷۳	۳۹۹۸	خورشید الدولہ صاحب 〃 〃 〃	۴ر
۲۵۰	〃 ۳۹۶۲	عبد الرزاق صاحب 〃 〃	۶ر	۲۷۴	۳۹۹۹	جمیل الدین صاحب 〃 〃 〃	۴ر
				۲۷۵	۴۰۰۰	سید محمد امین صاحب 〃 〃 〃	۸ر

۳۵۶

۲- یو۔ پی

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدرد جامعہ جناب		رقم موصولہ
۱	۵۴۴	ڈاکٹر ایم۔ بی مرزا صاحب	علیگڈھ	صہ/
۲	۵۴۷	ڈاکٹر امیر الدین صاحب اسسٹنٹ سرجن پرتاب گڈھ		صہ/
۳	۵۵۵	محمد فاروق صاحب	سہارنپور	سے
۴	۵۶۵	چودھری محمد وسیم صاحب	لکھنؤ	صہ/
۵	۵۷۲	محمد عبد الغنی صاحب	آگرہ	لنعہ/
۶	۵۷۵	عبد اللہ صاحب	کیلاسپور	عہ/
۷	۵۷۷	چودھری محمد نسیم صاحب	لکھنؤ	عہ
۸	۵۸۴	اے۔ ایم۔ خواجہ صاحب بیرسٹرایٹ لا	الہ آباد	صہ/
۹	۵۹۳	چودھری محمد وسیم صاحب	لکھنؤ	صہ/
۱۰	۵۹۸	بتول بیگم صاحبہ	قائم گنج	عـہ
۱۱	۶۱۱ لے	بیگم صاحبہ رشید احمد صاحب صدیقی	علیگڈھ	عہ/
۱۲	۶۱۲ "	رشید احمد صاحب صدیقی	"	عہ/
۱۳	۶۱۳ "	قاضی عبد الرشید صاحب	"	۴ہ/
۱۴	۶۱۴ "	مختار حامد علی صاحب	"	عہ/
۱۵	۶۱۵ "	اختر حسین صاحب	"	عہ/
۱۶	۶۱۶ "	عنایت علی خانصاحب	"	عہ/
۱۷	۶۱۷ "	ڈاکٹر محمد رفیق احمد صاحب	"	صہ/
۱۸	۶۱۸ "	خان بہادر حبیب اللہ خانصاحب	"	عہ/
۱۹	۶۱۹ "	حبیب الرحمٰن صاحب	"	عاہ/
۲۰	۶۲۰ "	محمد شاغل صاحب	"	عہ/
۲۱	۶۲۱ "	محمد فاتح فرخ صاحب	سیوہارہ	عہ/
۲۲	۶۲۲ "	مرزا مقبول بیگ صاحب	علیگڈھ	عہ/
۲۳	۶۲۳ "	محمد بشیر صاحب	"	للعہ
۲۴	۶۲۴ لے	مہر عالم صاحب	علیگڈھ	عہ/
۲۵	۶۲۵ "	عبد الحلیم صاحب	"	۴ہ/
۲۶	۶۲۶ "	غلام ربانی صاحب صدیقی	"	۸ہ/
۲۷	۶۲۷ "	شاہد احمد خانصاحب	"	۴ہ/
۲۸	۶۲۸ "	ملک مشتاق حسین صاحب	قادر آباد	۸ہ/
۲۹	۶۲۹ "	خواجہ و بیگم خواجہ منظور حسین صاحب	علیگڈھ	عـہ/
۳۰	۶۳۰ "	میاں محمد شریف صاحب	"	للعـہ
۳۱	۶۳۱ "	فہیم الدین صاحب	"	۸ہ/
۳۲	۶۳۲ "	مولانا ابوبکر محمد شیث صاحب	"	عہ/
۳۳	۶۳۳ "	مولانا محمد عقیل صاحب	"	۴ہ/
۳۴	۶۳۴ "	ڈاکٹر اظہر قدوائی صاحب	"	عہ/
۳۵	۶۳۵ "	انصار الحق صاحب ہارونی	"	۸ہ/
۳۶	۶۳۶ "	مسز مولوی نصیر الدین صاحب علوی	"	۳ہ/
۳۷	۶۳۷ "	مولوی انوار الہدیٰ صاحب ایڈووکیٹ	"	عہ/
۳۸	۶۳۸ "	مظفر علی صاحب	"	عہ/
۳۹	۶۳۹ "	پروفیسر محمد حبیب صاحب	"	عـہ/
۴۰	۶۴۰ "	معصوم علی صاحب	"	۴ہ/
۴۱	۶۴۱ "	سلامت اللہ صاحب	"	۴ہ/
۴۲	۶۴۲ "	سید محمد تشکیل صاحب جعفری	"	عہ/
۴۳	۶۴۳ "	ریاض الاسلام صاحب	"	۴ہ/
۴۴	۶۴۴ "	سید بشیر علی صاحب	"	عہ/
۴۵	۶۴۵ "	سید تجمل حسین صاحب	"	عہ/
۴۶	۶۴۶ "	رعایت خانصاحب	"	۱ہ/
۴۷	۶۴۷ "	بیگم صاحبہ ڈاکٹر محمد اسحٰق صاحب	"	عاہ/

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدردِ جامعہ جناب		رقم موصولہ
۴۸	۷۴۸ اے	محمد احسن صاحب	علیگڈھ	عہ
۴۹	" ۷۴۹	جرار حیدر صاحب	"	سے
۵۰	" ۷۵۰	محمد خلیل احمد صاحب مراد	"	سے
۵۱	" ۲۷۶۴	حاجی سید آل علی صاحب	سہارنپور	سے
۵۲	" ۲۷۶۵	محمد یوسف صاحب انصاری	"	عہ
۵۳	" ۲۷۶۷	حافظ نثار احمد صاحب رئیس	"	عے
۵۴	" ۲۷۶۸	شاہ نذر حسین صاحب اسپیشل مجسٹریٹ	"	عے
۵۵	" ۲۷۶۹	ایس۔ ایم شفیق احمد صاحب	"	صہ
۵۶	" ۳۵۵۳	مسعود حسن صاحب صدیقی	علیگڈھ	۲ر
۵۷	" ۳۵۵۵	آل احمد صاحب سرور	"	عہ
۵۸	" ۳۵۵۷	محمد انس خانصاحب ایڈوکیٹ	"	عاہ
۵۹	" ۳۵۵۸	دوست محمد خانصاحب	"	۴ر
۶۰	" ۳۵۵۹	محمد انور صمدانی صاحب	"	۴ر
۶۱	" ۳۵۶۰	دلشاد محمد صاحب	"	۴ر
۶۲	" ۳۵۶۱	سراج الرحمٰن صاحب	"	۸ر
۶۳	" ۳۵۶۲	قاضی محمد یونس صاحب	"	۸ر
۶۴	" ۳۵۶۳	سید فضل شاہ صاحب جیلانی	میرٹھ	۸ر
۶۵	" ۳۵۶۴	شیخ صبیح الدین صاحب	"	سے
۶۶	" ۳۵۶۵	ارشاد علی خانصاحب شروانی	"	للعہ
۶۷	" ۳۵۶۶	حامد جانصاحب	"	عہ
۶۸	" ۳۵۶۷	علی احمد صاحب	"	عہ
۶۹	" ۳۵۶۸	قاضی عبد السلیم صاحب	"	عہ
۷۰	" ۳۵۶۹	محمد مرتضیٰ صاحب	"	عہ
۷۱	" ۳۵۷۰	مولوی رحیم بخش صاحب	"	عہ

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدردِ جامعہ جناب		رقم موصولہ
۷۲	۳۵۷۱ اے	غیور احمد صاحب	میرٹھ	عہ
۷۳	" ۳۵۷۲	حافظ فہیم الدین صاحب	"	عہ
۷۴	" ۳۵۷۳	اظہار حسین صاحب	"	عہ
۷۵	" ۳۵۷۴	مقصود علی صاحب	"	۸ر
۷۶	" ۳۵۷۵	زاہد رضا خانصاحب	علیگڈھ	۴ر
۷۷	" ۳۵۷۶	چودھری راحت حسین صاحب	بدایوں	۲ر
۷۸	" ۳۵۷۷	عبد الواحد شاہ صاحب	"	۲ر
۷۹	" ۳۵۷۸	سبطین احمد صاحب	"	۸ر
۸۰	" ۳۵۷۹	معین الدین صاحب	"	۴ر
۸۱	" ۳۵۸۰	محمود حسن خانصاحب	"	۲ر
۸۲	" ۳۵۸۱	سید محمد عالم صاحب	"	۴ر
۸۳	" ۳۵۸۲	افتخار احمد صاحب	"	۲ر
۸۴	" ۳۵۸۳	تسلیم الدین صاحب	"	۴ر
۸۵	" ۳۵۸۴	محمد عالم صاحب قریشی	"	۲ر
۸۶	" ۳۵۸۵	ریاض حسین صاحب	"	۴ر
۸۷	۳۵۸۶	رضا احمد صاحب	"	۴ر
		میزان		۳۰۸ ۱۳ر

۲۔ بمبئی

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدردِ جامعہ جناب		رقم موصولہ
۱	۲۹۴۷ اے	ڈاکٹر مظہر الحق صاحب گور	بمبئی	صہ
۲	" ۲۹۴۸	سید فضل شاہ صاحب	"	عہ
۳	" ۲۹۴۹	معین الدین صاحب حارث	"	عہ
۴	" ۲۹۵۰	بیگم صاحبہ معین الدین صاحب حارث	"	عہ
۵	" ۳۱۵۱	عثمان حسین خانصاحب	"	عہ
۶	" ۳۱۵۲	ایم۔ اے باسط صاحب	"	عہ

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصولہ	نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصولہ
۷	۴۱۵۳ اے	قاضی باپو صاحب بھیسلائی بمبئی	۴ر	۳۱	۴۱۷۸ اے	چودھری صاحب معرفت دی وائز برادرس بمبئی	عمر
۸	۴۱۵۴ 〃	محمد ابراہیم علی صاحب قزلباش 〃	۶ر	۳۲	۴۱۷۹ 〃	حافظ محمد یحییٰ ذکریا صاحب بمبئی	۴ر
۹	۴۱۵۵ 〃	حبیب رحیم صاحب پارپیا 〃	صر	۳۳	۴۱۸۰ 〃	قاضی امیر الدین صاحب خطیب 〃	۴ر
۱۰	۴۱۵۶ 〃	قاضی عبد اللطیف صاحب 〃	۴ر	۳۴	۴۱۸۱ 〃	محمد یوسف صدیق صاحب 〃	۴ر
۱۱	۴۱۵۷ 〃	حاجی اسمٰعیل حاجی احمد صاحب 〃	۶ر	۳۵	۴۱۸۲ 〃	غلام حسین یونس صاحب 〃	۴ر
۱۲	۴۱۵۸ 〃	محمد بشیر و علی محمد صاحبان 〃	عمر	۳۶	۴۱۸۳ 〃	پیر محمد صاحب ابن جان محمد صاحب 〃	۴ر
۱۳	۴۱۵۹ 〃	حسن علی صاحب راجکوٹی 〃	۴ر	۳۷	۴۱۸۴ 〃	عبد الحمید صاحب کاتب 〃	۴ر
۱۴	۴۱۶۰ 〃	سید عبد الغفار صاحب 〃	۴ر	۳۸	۴۱۸۵ 〃	قاضی حسن چلمائی 〃	۴ر
۱۵	۴۱۶۱ 〃	محمد ابراہیم صاحب ایڈوکیٹ 〃	۸ر	۳۹	۴۱۸۶ 〃	قاضی عبد الرؤف صاحب چلمائی 〃	۴ر
۱۶	۴۱۶۲ 〃	عبد الحمید صاحب نعمانی 〃	۴ر	۴۰	۴۱۸۷ 〃	خلیل الرحمٰن صاحب کردمے شریوردھن	۸ر
۱۷	۴۱۶۴ 〃	شیخ عبد الکریم صاحب 〃	۴ر	۴۱	۴۱۸۸ 〃	فقیہ عباس صاحب آرائی بمبئی	۴ر
۱۸	۴۱۶۵ 〃	ایس. ایم. ابراہیم صاحب 〃	عمر	۴۲	۴۱۸۹ 〃	محمد اسحٰق محمد بشیر صاحبان 〃	۴ر
۱۹	۴۱۶۶ 〃	چودھری چراغ الدین صاحب 〃	۶ر	۴۳	۴۱۹۰ 〃	خواجہ احمد عباس صاحب 〃	عمر
۲۰	۴۱۶۷ 〃	محمود حسین صاحب مقری 〃	۸ر	۴۴	۴۱۹۱ 〃	حاجی اسمٰعیل حاجی احمد صاحب 〃	۶ر
۲۱	۴۱۶۸ 〃	حکیم عبد الرحمٰن صاحب 〃	۴ر	۴۵	۴۱۹۲ 〃	عبد السلام صاحب 〃	عمر
۲۲	۴۱۶۹ 〃	رحیم اللہ صاحب ہیڈ ماسٹر 〃	۸ر			میزان ۴۳ للعہ	
۲۳	۴۱۷۰ 〃	بیگم صاحبہ عبد المنعم صاحب بعکفلہ 〃	عمر			۴:- بنگال۔	
۲۴	۴۱۷۱ 〃	مرزا اختر حسن صاحب وکیل 〃	عمر	۱	۲۳۰۶ اے	سید احمد افضل صاحب کلکتہ	عمر
۲۵	۴۱۷۲ 〃	ابراہیم عمادی صاحب 〃	۸ر	۲	۲۳۰۷ 〃	سیف الدین صاحب 〃	۸ر
۲۶	۴۱۷۳ 〃	شیخ احمد صاحب سنگے 〃	۴ر	۳	۲۳۰۸ 〃	مولوی عبد العزیز صاحب انصاری 〃	صر
۲۷	۴۱۷۴ 〃	محمد اسمٰعیل صاحب لانبے 〃	۸ر	۴	۲۳۰۹ 〃	شمس الحق صاحب 〃	مر
۲۸	۴۱۷۵ 〃	احمد غلام محی الدین صاحب رانبا 〃	عمر	۵	۲۳۱۰ 〃	مولوی عبد الستار صاحب 〃	۴ر
۲۹	۴۱۷۶ 〃	عبد الکریم محمد حسین صاحب لالہ 〃	۸ر	۶	۲۳۱۱ 〃	صوفی محمد رفیق احمد صاحب 〃	۸ر
۳۰	۴۱۷۷ 〃	ڈاکٹر محمد اسحٰق صاحب 〃	۶ر	۷	۲۳۱۲ 〃	مولوی عبد الاحد صاحب عثمانی ندوی 〃	۱۲ر

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصول
۸	۲۳۱۳ لے	حافظ نور اللہ صاحب کلکتہ	۸ر
۹	۲۳۱۴ ؍	ڈاکٹر نبیل الرحمٰن صاحب ؍	۴ر
۱۰	۲۳۱۵ ؍	مولوی محمد مبین صاحب ؍	صہ ر
۱۱	۲۳۱۶ ؍	جعفر علی صاحب و بیگم جعفر علی صاحب ؍	۸ر
۱۲	۲۳۱۷ ؍	الطاف احمد صاحب چودھری ؍	۸ر
۱۳	۲۳۱۸ ؍	نصیر الدین احمد صاحب ؍	۲ر
۱۴	۲۳۲۰ ؍	صوفی محمد مبین الاسلام صاحب قادری ؍	۸ر
۱۵	۲۳۲۱ ؍	مولوی حبیب الحسن صاحب ؍	۸ر
۱۶	۲۳۲۲ ؍	مولوی عبد القدیر صاحب ؍	۴ر
۱۷	۲۳۲۳ ؍	محمد انوار حسن صاحب ؍	۴ر
۱۸	۲۳۲۴ ؍	سید محمد مبین الدین صاحب ؍	۴ر
۱۹	۲۳۲۵ ؍	مولوی عبد الوہاب صاحب ؍	للعہ
۲۰	۲۳۲۶ ؍	شاہ محمد حمیر صاحب ؍	عہ ر
۲۱	۲۳۲۸ ؍	ایس۔ محمد سعید صاحب ؍	صہ ر
۲۲	۲۳۲۹ ؍	مولوی حشمت اللہ صاحب ؍	۸ر
۲۳	۲۳۳۰ ؍	مولوی سیف صاحب صدیقی ؍	عہ ر
۲۴	۴۰۳۸ ؍	حافظ محمد الیاس صاحب۔ جملانہ ؍	عہ ر
		میزان	للعـہ ۱۰ر

۵- سی۔ پی۔

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصول
۱	۳۰۱۵ لے	رجب علی سلیمان جی صاحب جبلپور	سے ر
۲	۳۰۱۶ ؍	محمد احمد صاحب وکیل نرسنگھ پور	عار
۳	۳۰۱۷ ؍	خان بہادر سید مظفر زرداں صاحب ؍	عار
۴	۳۰۱۸ ؍	محمد یعقوب خان صاحب ٹھیکیدار ؍	عار
۵	۳۰۱۹ ؍	شیخ مہتاب صاحب ؍	عہ ر
۶	۳۰۲۰ لے	خان صاحب محمد عادل صاحب ناگپور	عار
۷	۳۰۲۱ ؍	شیخ شہاب الدین صاحب ٹھیکیدار بیتول	۶ر
۸	۳۰۲۳ ؍	سید احمد علی صاحب سہاگپور	صہ ر
۹	۳۰۲۴ ؍	محب الحق صاحب وکیل آکولہ	عہ ر
۱۰	۳۰۲۵ ؍	شیخ ابراہیم صاحب ؍	عہ ر
۱۱	۳۰۲۶ ؍	محفوظ الکبیر صاحب وکیل چاندہ	عہ ر
۱۲	۳۰۲۷ ؍	حاجی عبد اللہ صاحب سوداگر امرلوتی	عـہ ر
۱۳	۳۵۵۶ ؍	سید آل محی الدین ہادی صاحب نقشبندی بالاپور	لہ ر
		میزان	۳۲ ۴ر

۵- پنجاب و سرحد

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصول
۱	۵۳۸	میر سراج الدین صاحب بہاولپور	صہ ر
۲	۵۵۴	سلطان محمود مرزا صاحب لاہور	عہ ر
۳	۵۶۶	محمد عظیم الدین صاحب علوی بہاولپور	سے ر
۴	۵۷۶	خان بہادر ایم فضل حسین صاحب لائلپور	للعـہ ۱۰ر
۵	۳۸۰	مولوی عبد المجید صاحب عتیقی لاہور	صہ ر
		میزان	۱۰ر

۶- مدراس

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصول
۱	۵۵۰	نواب غلام احمد صاحب کلامی بنگلور	عـہ ر
۲	۵۸۶	ایس۔ ایچ بادشاہ اینڈ کو مدراس	صہ ر
		میزان	صہ ر

۷- سنٹرل انڈیا

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	رقم موصول
۱	۵۵۲	حافظ مشتاق احمد صاحب بھوپال	سے ر
		میزان	سے ر

۸ - بہار -

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدرد جامعہ جناب		رقم موصولہ
۱	۵۵۶	سید محمد رشید صاحب	بانکی پور	عا/
		میزان		عا/

عطیات

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدرد جامعہ جناب		رقم موصولہ
۱	۵۵۱	محمد زین الدین صاحب	لاہور	عـہ/
۲	۵۶۲	الطاف کریم صاحب	رانچی	صہ/
۳	۵۷۸	ڈاکٹر برکت علی صاحب	سہارنپور	عـہ/
۴	۵۸۷	سردار ولی خاں صاحب	رامپور	سے/
۵	۲۳۱۹ لے	مولوی محمد امین صاحب	کلکتہ	[illegible]
۶	۲۳۲۷	منور برادرس	"	عـہ/
۷	۲۷۶۶	راؤ حاجی یعقوب علی خاں صاحب	سہارنپور	عا/

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدرد جامعہ جناب		رقم موصولہ
۸	۳۰۲۲ لے	حاجی محمد ابا صاحب	بیتول	عہ/
۹	۳۵۵۴	مولانا حکیم محمد ظہیر الدین صاحب	علیگڈھ	عہ/
۱۰	۳۹۸۷	ایک مخلص ہمدرد	بدایوں	[illegible]
۱۱	۳۹۸۸	" " "	"	للعہ/
۱۲	۴۰۰۹	برکت علی صاحب، عرف عبدالحکیم صاحب	دہلی	۲/
۱۳	۴۰۲۲	بشیر احمد صاحب اخگر	"	عہ/
۱۴	۴۰۲۴	بابو عبدالجبار صاحب	"	عا/
۱۵	۴۰۳۴	منشی احمد دین صاحب	"	۸/
۱۶	۴۱۶۲	عبدالرزاق صاحب پیش امام	جنجیرہ	۸/
		میزان		[illegible]

صوبہ بہار میں بفضلہٖ تعالیٰ جامعہ کے بہت سے مخلصین ہیں - اور وہ ہمیشہ اپنے لطف وکرم سے جامعہ کو نوازتے رہتے ہیں لیکن ڈپٹی یعقوب صاحب پنشنر ڈپٹی کلکٹر و ڈپٹی مجسٹریٹ گیا اور ڈاکٹر سید عبدالحفیظ صاحب فردوسی میڈیکل ہال بانکی پور پٹنہ تحریک جامعہ کے روحِ رواں ہیں - پچھلے دنوں جناب ڈپٹی صاحب سخت علیل ہوگئے تھے، اِس کے بعد معلوم ہوا کہ سید صاحب کے مزاج بھی ناساز ہیں - اِن دونوں بزرگوں کی علالت نے بڑی تشویش پیدا کردی تھی - خدا کا شکر ہے کہ اب دونوں بزرگِ قوم روبصحت ہیں رب قدوس سے دعا ہے کہ وہ کارِ خیر کے لئے بیش از بیش عمر و توانائی عنایت فرمائے -

مولوی منظور حسن صاحب فاروقی جو مارچ تک حلقہ ہمدردان کے مرکزی دفتر میں کام کر رہے تھے، اب مہتمم کے طور پر اُن کی خدمات بہار میں منتقل کردی گئی ہیں - بہار کے سابق مہتمم مولوی منظور احسن صاحب بھی ضرورتوں کی بنا پر اِس خدمت سے سبکدوش کردئے گئے ہیں -

حلقہ ہمدردانِ جامعہ کلکتہ

کلکتہ میں ہمدردان جامعہ کا ایک حلقہ گذشتہ دو ڈھائی سال سے قائم تھا، لیکن چونکہ مقامی طور پر کوئی کارکن ایسا موجود نہ تھا۔ جو مقررہ چندوں کی باقاعدہ وصولی کا انتظام کرے۔ اس لئے ماہانہ چندے تقریباً سب بند ہوگئے تھے۔ البتہ سالانہ امداد اس طرح جاری رہی کہ ہر سال جامعہ کا ایک وفد کلکتہ آکر موعودہ رقوم وصول کر لیا کرتا تھا۔ سال گذشتہ چونکہ جامعہ کا کوئی وفد کلکتہ نہیں آیا۔ اس لئے یہ سال ناغہ گیا اور زکوٰۃ کی مد سے جو رقوم سالانہ چندوں کی مقرر تھیں وہ بھی وصول نہ ہوسکیں۔ میں نے یہاں پہنچکر تمام حالات کا از سر نو جائزہ لیا۔ اور یہ کوشش کی کہ قدیم ہمدردان اپنی موعودہ امداد کو دوبارہ جاری کردیں۔ بحمد اللہ اسمیں کامیابی ہو رہی ہے۔ نصف سے زائد ہمدردان سے ملاقات کر چکا ہوں اور انہوں نے میری درخواست کو قبول فرمالیا ہے۔ باقی ماندہ میں سے کچھ لوگ کساد بازاری کی وجہ سے یا تو کاروبار بند کر کے کلکتہ سے باہر چلے گئے ہیں۔ یا بحالات موجودہ کوئی مستقل امداد مقرر کرنے سے معذور ہیں۔ اور کچھ لوگوں کا پتہ چلنا مشکل ہوگیا ہے۔

ناظم صاحب حلقہ ہمدردان جامعہ نے اس سال ختم جولائی ۱۹۳۷ء تک میرے علاقہ سے ساڑھے تین ہزار روپے کی امداد کی توقع قائم کی تھی۔ اس میں سے مارچ ۱۹۳۷ء کے ختم تک بمشکل ایک تہائی رقم وصول ہوئی تھی۔ اور مجھے اندیشہ تھا کہ شاید اب یہ مطالبہ اس سال ادا نہ ہوسکے گا۔ لیکن اسی زمانہ میں جناب شیخ الجامعہ صاحب اور ناظم صاحب حلقہ ہمدردان جامعہ نے صوبہ برما کے دورہ کا فیصلہ کیا۔ اور روانہ ہونے ہی والے تھے کہ رنگون میں آتش زدگی کا ایک شدید حادثہ ہوا جس سے وہاں کے کاروبار کو بہت زیادہ نقصان پہنچا چنانچہ وہاں کے حالات کو پیش نظر رکھ کر وفد جامعہ نے برما کا سفر اس وقت ملتوی کردیا۔ میں نے اس موقع کو غنیمت جان کر جناب شیخ الجامعہ اور ناظم صاحب حلقہ ہمدردان کو کلکتہ تشریف لانیکی دعوت دی۔ تاکہ ان حضرات کی موجودگی میں کلکتہ میں حلقہ ہمدردان جامعہ کی تنظیم کی جائے۔ اور جو مطالبہ اس سال کلکتہ سے تشخیص کیا گیا تھا، وہ وصول ہوجائے۔

۲۸ مارچ کو پہلے مولوی شفیق الرحمن صاحب قدوائی ناظم حلقہ ہمدردان جامعہ کلکتہ پہنچے۔ اس کے بعد ۹ اپریل کو جناب ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب شیخ الجامعہ تشریف لائے۔ وفد جامعہ کی آمد کی وجہ سے مختلف حلقوں میں جامعہ کا خاصہ چرچا رہا۔ اور دو ہفتہ کے اندر اندر کلکتہ نے اس سال کے مطالبہ کی بقیہ رقم پوری ادا کردی۔ اور یہی نہیں بلکہ ہمدردان جامعہ کا ایک ایسا حلقہ قائم ہوگیا ہے جس سے آئندہ بھی بہت کچھ توقعات قائم کی جاسکتی ہیں۔ وفد جامعہ کی کوشش سے دو سو سے زیادہ جدید ہمدردان حلقہ میں شریک ہوگئے ہیں۔ اور اب کل موعودہ چندوں کی میزان تقریباً پانچ سو روپے ماہانہ ہوجاتی ہے۔ اس میں

دو تہائی امداد ماہانہ چندوں کی صورت میں ہے۔ باقی سالانہ۔ زکوٰۃ کی مد میں البتہ اس وقت بہت کم امداد حاصل ہوئی اس لئے کہ اہلِ خیر حضرات شعبان، اور رمضان کے مہینوں میں بالعموم زکوٰۃ کی رقوم صرف کر دیتے ہیں۔ انشاء اللہ آئندہ رمضان میں اُمید ہے کہ ہمدردانِ جامعہ اس مدت میں جامعہ کے مستحق اور یتیم طلبہ کی امداد کریں گے۔

جامعہ کے قدیم کرم فرما محمد اسحٰق صاحب جاپانہ نے دو وظائف پندرہ پندرہ روپے ماہانہ کے اس مد سے عطا کئے ہیں۔ جو ایک قابلِ تقلید مثال ہے۔

وفد کی مصروفیت

کلکتہ کے کاروباری حالات اور موسم کو پیش نظر رکھتے ہوئے دو ہفتہ کے اندر وفد جامعہ کی یہ کامیابی صرف شیخ الجامعہ صاحب کی، مسحورکن شخصیت کا ایک معجزہ ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے باوجود صحت کی خرابی کے کلکتہ کے قیام میں دکان دکان اور گھر گھر جا کر ڈیڑھ دو سو آدمیوں سے ملاقات کی، اور حلقہ ہمدردانِ جامعہ میں شرکت کی دعوت دی۔ اسی مخلصانہ دعوت اور موثر کوشش کا یہ نتیجہ ہے کہ جن جن لوگوں سے ملاقات ہوئی اور درخواست کی گئی وہ سب حلقۂ ہمدردان میں بخوشی شریک ہوگئے۔

ضیافتیں

پندرہ بیس دن کے قیام میں اوّل تو ڈیڑھ دو سو آدمیوں سے ملاقات کرنا کلکتہ جیسے شہر میں کچھ آسان کام نہ تھا پورا پورا دن بلکہ اکثر رات کو بھی دس گیارہ بجے تک اسی کام کے سلسلہ میں دوڑ دھوپ رہتی تھی۔ لیکن اس مصروفیت کے علاوہ ڈاکٹر صاحب کے احباب عقیدتمند اور قدردانوں کا بھی ایک بہت وسیع حلقہ یہاں موجود تھا جنکی محبت اور نوازش کو ڈاکٹر صاحب باوجود اپنی عدیم الفرصتی کے نظر انداز نہیں فرما سکتے تھے۔ سر ناظم الدین صاحب خان بہادر مومن صاحب، مسٹر علم الدین اسسٹنٹ کلکٹر کسٹم۔ ڈاکٹر زبیر صدیقی پروفیسر کلکتہ یونیورسٹی، مولوی نور الرحمٰن صاحب سکریٹری مسلم چیمبر آف کامرس، جناب بشیر مرزا صاحب، جناب عبدالرحمٰن صاحب صدیقی۔ ایم۔ اے۔ جناب عبدالعزیز صاحب انصاری۔ خان بہادر عزیز الحق صاحب پریسیڈنٹ لیجسلیٹو کونسل بنگال۔ جناب تاج محمد صاحب پھل والے۔ جناب کے علی افضل صاحب سکریٹری لیجسلیٹو کونسل بنگال۔ جناب ابن اسمٰعیل صاحبان کولوٹولہ اسٹریٹ، جناب سید محمد افضل صاحب، جناب حاجی عبدالوہاب صاحب، خان بہادر اسد اللہ صاحب لائبریرین، امپیریل لائبریری کلکتہ، لفٹننٹ قدوائی صاحب انڈین میوزیم۔ جناب عبدالرشید ملک صاحب اور جناب ذکاء اللہ صاحب انجینیر نے بڑی پرتکلف ضیافتیں کیں اور اپنے اپنے حلقہ کے لوگوں سے ملاقات کا موقع وفد جامعہ کو عطا فرمایا۔

اداروں کی طرف سے استقبال

کلکتہ کے بعض اداروں کی طرف سے بھی ڈاکٹر صاحب کے اعزاز میں جلسے کئے گئے مثلاً مسلم ہائی سکول، اسلامی یتیم خانہ، پنجابی سکول، اور پنجابی کلب، ڈاکٹر صاحب نے ہرچند یہ عزم کر لیا تھا کہ کسی جلسہ میں تقریر نہ کریں گے۔ لیکن مسلم ہائی اسکول کے لڑکوں کی طرف سے ایسا پرتپاک خیر مقدم کیا گیا۔ کہ ڈاکٹر صاحب کو اس کا اعتراف کرنا ہی پڑا۔ اور آپ نے فرمایا کہ "چونکہ میرا تعلق خود ایک تعلیمی ادارہ سے ہے اس لئے جب کبھی طالبعلم

کی دُنیا میں پہنچ جاتا ہوں، تو میرے دِل کی کلی کھِل جاتی ہے"
پھر آپ نے پہلے تو بڑے لڑکوں کو چند نصیحتیں فرمائیں اس کے بعد اساتذہ کو مخاطب کیا، اور آخر میں ابتدائی جماعتوں کے چھوٹے بچوں کو ایک بہت ہی سبق آموز حکایت اپنے خاص انداز میں سنائی، جس سے جملہ حاضرین لطف اندوز ہوئے۔

وقت کی تنگی کی وجہ سے ڈاکٹر صاحب نے اسلامیہ یتیم خانہ کا معائنہ بہت سرسری طور پر کیا۔ منتظمین نے وہاں بھی تقریر کے لئے اصرار کیا۔ ڈاکٹر صاحب سے بھی نہ رہا گیا آپ نے پہلے بچوں کو مخاطب کیا، "کہ بیشک تم یتیم ہو۔ اور اُس نعمت سے محروم ہو جو صرف ماں باپ کی آغوشِ محبت میں حاصل ہو سکتی ہے۔ لیکن تمہیں اپنی اس حالت پر زیادہ ملال نہ کرنا چاہیئے۔ اس لئے کہ یتیموں کے سر پر اللہ میاں کی رحمت کا سایہ ہوتا ہے۔ تمہیں معلوم ہے کہ ہم سب کے آقا اور سردار دو عالم بھی یتیم ہی پیدا ہوئے تھے، اور پروردگار نے اُن کو اپنا آخری پیغمبر اور ساری دنیا کے لئے رحمت بنایا کیا عجب ہے کہ اگر تم اپنے رسول کے نقشِ قدم پر چلو تو اللہ میاں تمہیں یتیموں میں سے کسی کو اس ملت و قوم کی سرداری کے لئے منتخب کر لیں۔ جس میں تم پیدا ہوئے ہو"

آخر میں منتظمین کو مخاطب کیا، اور فرمایا "مجھے یقین ہے کہ اِن بچوں کے ساتھ آپ کا تعلق اور آپ کا برتاؤ ماں باپ جیسا ہوگا، لیکن بچوں کے احساسات قدرتاً بہت زیادہ نازک ہیں۔ ایسا نہ ہو کہ آپ کی ایک غلط جھڑکی اور ایک غضب آلود نگاہ سے اِن کے دِل کو ہمیشہ کے لئے ٹھیس لگ جائے۔ قوم کی یہ ایک بہت بڑی امانت ہے جن کی تعلیم و تربیت آپ نے اپنے ذمہ لی ہے۔ اِن کے ماں باپ اگر زندہ ہوتے تو اِن بچوں کی تعلیم و تربیت کے لئے وہ کسی کے سامنے جواب دہ نہ تھے لیکن اب کہ یہ اُمت کے بچے ہیں، اور اِن کی نگہداشت آپ کے سپرد کی گئی ہے۔ آپ کی ذمہ داریاں بہت زیادہ اہم ہو گئی ہیں"

جلسہ کے بعد جب ڈاکٹر صاحب رخصت ہوئے تو بہت سے معصوم بچوں نے اُن کو ہر طرف سے گھیر لیا۔ ڈاکٹر صاحب نے کسی کو پیار کیا۔ کسی پر دستِ شفقت پھیرا۔ اور کشاں کشاں رخصت ہوئے۔

پنجابی اسکول کا معائنہ شیخ الجامعہ صاحب نے ذرا تفصیل سے فرمایا۔ اس لئے کہ یہ مدرسہ گو باضابطہ جامعہ سے وابستہ نہیں ہے۔ لیکن عملاً جامعہ کا پورا نصاب یہاں رائج ہے اور جامعہ کے طریقِ تعلیم اور جامعہ کی خصوصیات رفتہ رفتہ اس مدرسہ میں اختیار کی جا رہی ہیں۔

ڈاکٹر صاحب نے معائنہ کے بعد چند مفید مشورے اساتذہ اور منتظمین کو دیئے۔ اور تعلیمی امور میں آئندہ بھی ہر قسم کی امداد کا وعدہ فرمایا ہے۔

منتظمین پنجابی اسکول نے شیخ الجامعہ صاحب کے اعزاز میں مدرسہ کی طرف سے ایک خاص جلسہ بھی منعقد کیا۔ دہلی کے تقریباً تمام تاجران کولوٹولہ، مرغی ہٹہ، اور راد ھا بازار شریک ہوئے۔ اس جلسہ میں طلبہ نے اچھی اچھی نظمیں سنائیں۔ اور مضامین پڑھے جو بہت پسند کئے گئے۔ پھر چائے ہوئی اس کے بعد ڈاکٹر صاحب نے ایک مختصر تقریر میں جامعہ کے حالات اور وہ کام جو اس وقت جامعہ کے پیشِ نظر ہیں بیان کئے۔ دہلوی تاجر صاحبان جامعہ کے حالات سے یوں ہی اچھی طرح واقف ہیں اور اس تقریر کے بعد جماعت کے سرپرست اور دو حضرات نے اپنی

اپنی جگہ یہ فیصلہ کیا، دہلی کے جملہ تاجروں کو حلقہ ہمدردانِ جامعہ میں شریک کرنا چاہیئے۔ اور دوسرے ہی دن سے چند مخلصین اور بزرگ حاجی عبدالکریم صاحب، شیخ ممتاز الدین صاحب فیاض الدین صاحب، حافظ مشتاق احمد صاحب، حاجی انوارالحق صاحب، محمد امین صاحب، اور حاجی انیس الرحمٰن صاحب وغیرہ اُٹھ کھڑے ہوئے۔ اور وفدِ جامعہ کے ساتھ اپنے اپنے علاقہ کا دورہ کرکے تین چار دن کے اندر تقریباً تمام دہلوی تاجران کولوٹولہ، مرغی ہٹہ، رادھا بازار، اور بنٹنگ اسٹریٹ کو حلقہ ہمدردانِ جامعہ میں باقاعدہ شریک کرلیا جو لوگ اِس وقت کلکتہ میں موجود نہ تھے وہ بھی انشاءاللہ امید ہے کہ ضرور آئندہ شریک ہوجائیں گے۔ اور واقعہ یہ ہے کہ کلکتہ کے دہلوی تاجروں نے اور پنجابی تاجرانِ چرم نے وفدِ جامعہ کے مشن کو کامیاب بنانے میں جو قابلِ قدر حصّہ لیا ہے۔ اُس کا کما حقہٗ شکریہ نہیں ادا کیا جاسکتا۔

کلکتہ میں ایک پنجاب کلب کچھ عرصہ سے قائم ہے جسمیں صوبہ پنجاب کے لوگ جو کسی کاروبار یا ملازمت کے سلسلہ میں یہاں موجود ہیں کبھی کبھی مل بیٹھتے ہیں اِس کلب کی طرف سے ڈاکٹر صاحب کے اعزاز میں ایک عصرانہ دیا گیا حاضرین میں زیادہ تعداد اُن لوگوں کی تھی جن کا تعلق علی گڈھ سے بھی رہ چکا ہے۔ چاء کے بعد کلب کے صدر خان بہادر اسداللہ صاحب نے ایک مختصر تقریر میں کلب کی طرف سے ڈاکٹر صاحب کا خیر مقدم کیا اور فرمایا کہ جامعہ کے ابتدائی دور میں ایک گروہ کو یہ شکایتیں تھیں کہ جامعہ ملیہ علی گڈھ کی مخالفت میں قائم کی گئی ہے۔ لیکن اب ہمیں اِس بات کا اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ جامعہ ملیہ مسلمانوں کی ایک بہت بہترین تعلیمی ضرورت کو پورا کررہی ہے۔ اور مجھ پر جس چیز کا سب سے زیادہ اثر ہوا ہے وہ یہ ہے کہ جامعہ کے مخلص کارکنوں نے بے لوث خدمت اور ایثار کا ایسا نمونہ پیش کیا ہے جو دورِ حاضر کے مسلمانوں میں اپنی آپ ایک مثال ہے، اور ہم سب لوگ اس پر بجا طور پر فخر کرسکتے ہیں۔

ڈاکٹر صاحب نے جوابی تقریر میں فرمایا کہ "جامعہ ملیہ میں شروع سے دو گروہ تھے، ایک کا خیال تھا کہ جامعہ کو علی گڈھ کی مخالفت کے لئے قائم کیا جائے۔ اور دوسرا گروہ جامعہ کو ایک مستقل تعلیمی ادارہ کی حیثیت سے قائم کرنیکا شروع سے حامی تھا۔ اور بالآخر یہی گروہ غالب آیا۔ اور ۲۵ء میں جامعہ کو علی گڈھ سے دہلی منتقل کردیا گیا۔ اُس وقت سے جامعہ برابر اپنے تعلیمی کاموں میں مشغول ہے۔ اور میں اب پوری ذمہ داری کے ساتھ یہ عرض کرسکتا ہوں کہ جامعہ کو ہندوستان کے کسی تعلیمی ادارہ سے کوئی مخالفت نہیں ہے۔ جامعہ کے پیشِ نظر جو کام ہیں وہ بجائے خود اتنے زیادہ اور اتنے اہم ہیں کہ اُن کو انجام دینے کے لئے ایک جامعہ نہیں بلکہ جامعہ جیسے دس ادارے بھی غالباً ناکافی ہوں گے۔ اِس لئے جامعہ کسی تعلیمی ادارہ کی مخالف نہیں ہے۔ بلکہ سب کے ساتھ تعاونِ عمل کرنا چاہتی ہے۔ اور باخبر لوگ واقف ہیں کہ اپنی بساط کے مطابق جامعہ آج بھی ملک کے مختلف تعلیمی اور علمی اداروں کے ساتھ تعاونِ عمل کررہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ خود علی گڈھ میں مسلم یونیورسٹی کے طلباء، اساتذہ اور منتظمین کی ایک بہت بڑی تعداد جامعہ کے حلقہ ہمدردان میں ایک عرصہ سے شریک ہے۔ اور مختلف طریقوں سے جامعہ کی مدد کررہی ہے۔ جس پر ہم بجا طور پر فخر کرسکتے ہیں۔

اِس سلسلہ میں ڈاکٹر صاحب نے اِس بات پر اپنی تقریر میں

خصوصیت کے ساتھ زور دیا کہ عام مروجہ تعلیمی نظام سے علیحدہ چند ایسے تعلیمی اداروں کی ضرورت ہے جو مسلمانوں کے مخصوص تعلیمی مسائل پر غور کریں۔ اور تجربہ کریں تاکہ اس وقت جو سیاسی انقلاب ملک میں ہو رہا ہے۔ اس میں اگر مسلمانوں کو کچھ حصہ ملے۔ تو ان تجربات کی روشنی میں مسلمان اپنی تہذیب اور اپنے تمدن کا مستقل تحفظ صحیح تعلیم کے ذریعہ کر سکیں۔

پنجاب کلب کے علاوہ اسی قسم کا ایک عصرانہ جامعہ کے قدیم کرمفرما جناب علم الدین صاحب ایم۔ اے اسسٹنٹ کلکٹر کسٹم نے بھی اپنے دولت کدہ پر دیا جس میں تقریباً چالیس پچاس معززین شریک ہوئے۔ اس تقریب میں بھی پُرتکلف چائے کے بعد حاضرین نے جامعہ کے متعلق استفسار حال شروع کیا۔ اور سوال و جواب میں کچھ اس قدر دلچسپی پیدا ہو گئی کہ صحبت مسلسل کئی گھنٹے جاری رہی۔ اور ڈاکٹر صاحب نے جامعہ کے نصب العین اور جامعہ کے طریق تعلیم اور جو کام آئندہ پیش نظر ہے اس پر تفصیل کے ساتھ اپنے خیالات ظاہر کئے۔

جناب کے۔ علی افضل صاحب سکرٹری لیجسلیٹو کونسل نے بھی ایک عصرانہ بنگال کونسل بار میں دیا۔ اور اس صحبت میں خصوصیت کے ساتھ بنگال کے نوجوان مسلم مصنفین اور شعراء کو دعوت دی گئی تھی۔ تاکہ ڈاکٹر صاحب کو بنگال کے نوجوانوں کے خیالات اور رجحانات معلوم کرنے کا موقع ملے۔ یہ صحبت بھی بہت پر لطف رہی۔ اور بعض ممتاز بنگالی شعراء کا کلام خود ان کی زبان سے سننے کا موقع ملا۔

کلکتہ میں وفد جامعہ کے کام کی یہ ایک مختصر رپورٹ ہے۔ لیکن نامکمل رہیگی اگر وفد جامعہ کے دونوں میزبان مولوی نور الرحمٰن صاحب سکرٹری مسلم چیمبر آف کامرس اور لفٹیننٹ قدوائی صاحب کا میں اپنی طرف سے اور جامعہ کی طرف سے شکریہ ادا نہ کروں۔ اِن دونوں حضرات نے وفد جامعہ کی میزبانی کا حق ادا کیا۔ مولوی نور الرحمٰن صاحب ڈاکٹر صاحب کے اسکول اور کالج کے ساتھی اور پھر جامعہ میں بھی ایک عرصہ تک ساتھ رہ چکے ہیں۔ اس لئے ہر چند کہ نور الرحمٰن صاحب نے آرام و آسائش کا جس طرح خیال رکھا۔ یہ اُن کا حق تھا۔ لیکن مزید برآں انہوں نے اپنے فرائض منصبی کی مصروفیتوں کے باوجود جامعہ کے مشن کو کلکتہ میں کامیاب بنانے میں جو امداد کی وہ ہم سب لوگوں کے شکریہ کی مستحق ہے۔ اور واقعہ یہ ہے کہ اگر مولوی صاحب کی امداد اور مشورہ شامل حال نہ ہوتا تو اس حلقہ کے مہتمم کی حیثیت سے جو ذمہ داریاں وفد جامعہ کی آمد کے سلسلہ میں مجھ پر عائد ہوتی ہیں انسے میں کما حقہٗ عہدہ برآ نہ ہو سکتا۔

اِس سلسلہ میں اُن جملہ حضرات کا میں ممنون ہوں جنکی ہمدردی اور مستعدی سے وفد جامعہ کو کلکتہ سے یہ کامیابی حاصل ہوئی۔ بالخصوص مولوی فیاض الدین صاحب (بنک اسٹریٹ) شیخ ممتاز الدین صاحب، حافظ مشتاق احمد صاحب حاجی انوار الحق صاحب، محمد امین صاحب (کولوٹولہ) حاجی انیس الرحمٰن صاحب (رادھا بازار) شیخ فضل الٰہی صاحب. تاجر چرم نور محمد صاحب (بنگال ہسٹری) فضل الٰہی صاحب (کیننگ اسٹریٹ) منشی رحیم الدین صاحب، جناب سیف صدیقی صاحب جناب بشیر مرزا صاحب، حاجی عبد الوہاب صاحب، لفٹیننٹ قدوائی صاحب، حکیم نثار احمد صاحب، مسٹر علم الدین، خان بہادر اسد اللہ صاحب۔ کے علی افضل صاحب، ڈاکٹر

زبیر صدیقی صاحب، مولنا عتیق ندوی صاحب، اور جناب تاج محمد صاحب، یہ سب حضرات خاص طور پر ہم سب لوگوں کے شکریہ کے مستحق ہیں۔ اِن دوستوں نے نہ صرف یہ کہ خود قابل قدر مدد کی۔ بلکہ اپنے حلقۂ اثر میں وفد جامعہ کا تعارف کرایا۔ اور ہمدردان کی تعداد میں اضافہ کیا۔

مولنا عبدالرزاق صاحب ملیح آبادی مُدیر ہند۔ مولنا شائق احمد صاحب عثمانی مُدیر عصر جدید اور جناب ریاض صاحب ایڈیٹر مسلمان (انگریزی ہفتہ وار) جامعہ کے خاص کرم فرما ہیں۔ اور ہمیشہ اپنے اخبارات میں جامعہ کے کاموں کو سراہا کرتے ہیں۔ اور کارکنانِ جامعہ کی ہمت افزائی فرماتے رہتے ہیں۔ اِن کی اِس عنایت کی وجہ سے مجھے جامعہ کے کاموں کی نشر و اشاعت میں بڑی گراں قدر امداد ملتی رہتی ہے۔ جس کا میں دل سے سپاس گزار ہوں۔ وفد جامعہ کی آمد کے سلسلہ میں بھی اِن حضرات کی اپیلوں کا بہت اچھا اثر ہوا۔

حلقہ ہمدردانِ جامعہ کا اب تک کوئی باقاعدہ دفتر یہاں نہ تھا۔ صرف میں نے اپنے رہنے کے لئے ایک ٹھکانا یہاں بنالیا تھا۔ لیکن وفد جامعہ کی آمد کے بعد چونکہ اب جامعہ کا تعارف کلکتہ کے اکثر بااثر حلقوں سے ہوگیا ہے اِس لئے اب ضرورت ہے کہ جلد از جلد ایک دفتر کسی مرکزی حصّہ شہر میں قائم کر دیا جائے۔ جہاں سے جامعہ کے متعلق جملہ معلومات ہمدردان جامعہ کو دیجائیں۔ اور بچّوں کی تعلیم و تربیت کے متعلق ہدایات و مشوروں کے ذریعہ جو خدمت ہو سکے کی جائے۔ چنانچہ ناظم صاحب کی ہدایت کے مطابق ایک دفتر تلاش کیا جارہا ہے جسمیں جامعہ کے طریق تعلیم اور نصاب تعلیم کے متعلق ضروری سامان اور بچوں کے تعلیمی کاموں کے نمونوں کے علاوہ مکتبہ جامعہ اور اردو اکادمی کی مطبوعات کی نمائش بھی کی جائیگی باقی حالات سے انشا اللہ مطلع کرتا رہونگا۔ فی الحال میرا پتہ ۱۰۲/۴ پور چیت پور روڈ

شاہ زین العابدین
مہتمم حلقہ ہمدردان جامعہ
کلکتہ۔

بنگال کی بروقت امداد

اس وفد کے سلسلہ میں بنگال کے اہل خیر نے جو رقومات جامعہ کی نذر کی ہیں اس کی فہرست آئندہ پرچہ میں شائع کی جائیگی۔

جدید اضافہ بابتہ ماہِ اپریل ۱۹۳۷ء

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	ہمدرد جامعہ جناب		نمبر شمار	ہمدرد نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	
۱	۴۳۲۷	عبدالصمد صاحب انصاری	دہلی	۲۲	۴۳۴۸	سید احمد فضل صاحب	کلکتہ
۲	۴۳۲۸	مرزا ہمایوں اختر صاحب	〃	۲۳	۴۳۴۹	شاہ محمد حمیر صاحب	〃
۳	۴۳۲۹	سلطان احمد صاحب باڑی	〃	۲۴	۴۳۵۰	سیف صدیقی صاحب	〃
۴	۴۳۳۰	ایم۔ مرتضیٰ خان صاحب	〃	۲۵	۴۳۵۱	سیف الدین صاحب	〃
۵	۴۳۳۱	بشیر احمد صاحب واصل	〃	۲۶	۴۳۵۲	صوفی محمد رفیق احمد صاحب عثمانی	〃
۶	۴۳۳۲	عبدالحلیم صاحب۔ ایم۔ اے	〃	۲۷	۴۳۵۳	صوفی مبین الاسلام صاحب قادری	〃
۷	۴۳۳۳	شیخ عبدالحمید صاحب۔ ایم۔ اے	〃	۲۸	۴۳۵۴	حشمت اللہ صاحب	〃
۸	۴۳۳۴	نواب فخر الرحمٰن صاحب ٹپنے والے	〃	۲۹	۴۳۵۵	عبدالستار صاحب	〃
۹	۴۳۳۵	محمد سعید صاحب	〃	۳۰	۴۳۵۶	ڈاکٹر اظہر قدوائی صاحب	علیگڈھ
۱۰	۴۳۳۶	آمنہ خاتون صاحبہ	〃	۳۱	۴۳۵۷	عنایت علی خانصاحب	〃
۱۱	۴۳۳۷	ابوصادق صاحب حیدرآبادی	〃	۳۲	۴۳۵۸	سید جرار حیدر صاحب زیدی	〃
۱۲	۴۳۳۸	محمد ظفر صاحب قریشی	〃	۳۳	۴۳۵۹	جی۔ ایم۔ خانصاحب	نئی دہلی۔
۱۳	۴۳۳۹	زاہد رضا خاں صاحب	علیگڈھ	۳۴	۴۳۶۰	تسخیر احمد صاحب	〃
۱۴	۴۳۴۰	سلطان محمود مرزا صاحب	لاہور	۳۵	۴۳۶۱	غلام حسین خانصاحب	〃
۱۵	۴۳۴۱	رجب علی سلیمان جی صاحب	جبلپور	۳۶	۴۳۶۲	ارشاد حسین صاحب بقائی	دہلی
۱۶	۴۳۴۲	خاں بہادر سید مظفر یزداں صاحب	نرسنگھ پور	۳۷	۴۳۶۳	ایم۔ اکرام الدین صاحب	〃
۱۷	۴۳۴۳	محمد احمد صاحب وکیل	〃	۳۸	۴۳۶۴	نواب زادہ حکیم سید ذوالفقار علیخانصاحب رضوی	〃
۱۸	۴۳۴۴	شیخ مہتاب صاحب	〃	۳۹	۴۳۶۵	سید منظور حسین صاحب غازی	〃
۱۹	۴۳۴۵	محمد یعقوب خانصاحب ٹھیکیدار	〃	۴۰	۴۳۶۶	محمد حنیف صاحب	〃
۲۰	۴۳۴۶	ایم۔ جی۔ اے صابری صاحب	دہلی	۴۱	۴۳۶۷	بشیر احمد صاحب انگر	〃
۲۱	۴۳۴۷	ڈاکٹر بذل الرحمٰن صاحب	کلکتہ	۴۲	۴۳۶۸	حافظ سید رشید احمد صاحب ارشد	〃

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	
۴۳	۴۳۶۹	مرزا غلام عباس صاحب زاہر	دہلی
۴۴	۴۳۷۰	عبدالرحمٰن صاحب صدیقی	〃
۴۵	۴۳۷۱	محمد صدیق صاحب	〃
۴۶	۴۳۷۲	شیخ محمد شفیع صاحب	〃
۴۷	۴۳۷۳	حافظ سراج الدین صاحب	〃
۴۸	۴۳۷۴	سید بشیر الدین صاحب شمسی	〃
۴۹	۴۳۷۵	مصلح الدین صاحب بقائی	〃
۵۰	۴۳۷۶	سید عزیز الحسن صاحب استاد جامعہ	〃
۵۱	۴۳۷۷	رشید نعمانی صاحب استاد جامعہ	〃
۵۲	۴۳۷۸	محمد یامین صاحب	〃
۵۳	۴۳۷۹	عبدالغفار صاحب	〃
۵۴	۴۳۸۰	فاروق مرزا صاحب	〃
۵۵	۴۳۸۱	شہاب الدین صاحب	〃
۵۶	۴۳۸۲	مظفر علی صاحب منصور	〃
۵۷	۴۳۸۳	سید آل محی الدین صاحب ہادی نقشبندی	بالاپور
۵۸	۴۳۸۴	ایس. ایچ. بادشاہ صاحب اینڈ کو	مدراس
۵۹	۴۳۸۵	کے. سید عباس صاحب	
۶۰	۴۳۸۶	محمد عبدالباری صاحب	بنگلور
۶۱	۴۳۸۷	سید احمد علی صاحب	سہاگپور
۶۲	۴۳۸۸	سید احمد صاحب	〃
۶۳	۴۳۸۹	شیخ شہاب الدین صاحب ٹھیکیدار	بیتول
۶۴	۴۳۹۰	محمد زکریا صاحب	〃
۶۵	۴۳۹۱	محفوظ الکبیر صاحب صدیقی وکیل	چاندا
۶۶	۴۳۹۲	حافظ محمد الیاس صاحب جلانہ	کلکتہ

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	
۶۷	۴۳۹۳	محمد حسین صاحب راز	گوڑگانوہ
۶۸	۴۳۹۴	عبدالمجید صاحب سوداگر چرم	دہلی
۶۹	۴۳۹۵	قمر الدین صاحب	〃
۷۰	۴۳۹۶	محمد حسن صاحب	〃
۷۱	۴۳۹۷	عبدالرحمٰن صاحب	〃
۷۲	۴۳۹۸	محمد ابراہیم صاحب	〃
۷۳	۴۳۹۹	محمد جواد حسین صاحب	بوڑہ گاؤں
۷۴	۴۴۰۰	خواجہ بشیر الدین صاحب انصاری	دہلی
۷۵	۴۴۰۱	ایم. شفیع احمد صاحب. بی. اے علیگ	〃
۷۶	۴۴۰۲	بیگم صاحبہ عبدالمنعم صاحب بعکلط	بمبئی
۷۷	۴۴۰۳	محمد یوسف صدیق صاحب	〃
۷۸	۴۴۰۴	ابو البرکات صاحب	مجھولی راج
۷۹	۴۴۰۵	جناب چودھری راحت حسین صاحب	بدایوں
۸۰	۴۴۰۶	مولوی تسلیم الدین صاحب	〃
۸۱	۴۴۰۷	محمد عالم صاحب قریشی	〃
۸۲	۴۴۰۸	سید عبدالواحد شاہ صاحب	〃
۸۳	۴۴۰۹	مولوی معین الدین صاحب	〃
۸۴	۴۴۱۰	ابوظفر خانصاحب	〃
۸۵	۴۴۱۱	رضا احمد صاحب	〃
۸۶	۴۴۱۲	سید محمد عالم صاحب	〃
۸۷	۴۴۱۳	محمود حسن خانصاحب	〃
۸۸	۴۴۱۴	بنیاد حسین صاحب	〃
۸۹	۴۴۱۵	افتخار احمد صاحب	〃
۹۰	۴۴۱۶	حفظ الرحمٰن صاحب	〃

نمبر شمار	ہمدرد نمبر	ہمدرد جامعہ جناب	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	ہمدرد جامعہ جناب
۹۱	۴۴۱۷	نادر حسین صاحب بدایوں	۱۱۵	۴۴۴۱	ظہور الدین صاحب کلکتہ (بڑا بازار)
۹۲	۴۴۱۸	ریاض حسین صاحب "	۱۱۶	۴۴۴۲	خواجہ عبد الغنی صاحب " " "
۹۳	۴۴۱۹	حاجی سید محمد میر عبد الغنی صاحب دہلی	۱۱۷	۴۴۴۳	محمد کریم بخش صاحب " (ہیرسن روڈ)
۹۴	۴۴۲۰	حافظ محمد عطاء اللہ صاحب "	۱۱۸	۴۴۴۴	بشیر الدین صاحب " (بھوانی دت لین)
۹۵	۴۴۲۱	محمد یسین صاحب "	۱۱۹	۴۴۴۵	امین الدین احمد صاحب " (ارمینین اسٹریٹ)
۹۶	۴۴۲۲	خانصاحب کنور عنایت علی خانصاحب مظفرنگر	۱۲۰	۴۴۴۶	محمد عمر صاحب بہاری " (ملک اسٹریٹ)
۹۷	۴۴۲۳	محمد شفیع صاحب دہلی	۱۲۱	۴۴۴۷	حکیم محمد عبید اللہ صاحب کفائی " (زکریا اسٹریٹ)
۹۸	۴۴۲۴	خلیفہ محمد افتخار اللہ صاحب "	۱۲۲	۴۴۴۸	یوسف محمد اسحاق صاحب " "
۹۹	۴۴۲۵	حاجی محمد ابراہیم صاحب لکھنؤ	۱۲۳	۴۴۴۹	اسحاق اسمٰعیل صاحب " "
۱۰۰	۴۴۲۶	اقبال احمد صاحب بہرائچ	۱۲۴	۴۴۵۰	محمد ابراہیم معراج الدین صاحب " "
۱۰۱	۴۴۲۷	محمد مجتبیٰ صاحب صدیقی "	۱۲۵	۴۴۵۱	حکیم عبد الحکیم صاحب " (راج موہن اسٹریٹ)
۱۰۲	۴۴۲۸	محمد ادریس صاحب وکیل گونڈہ	۱۲۶	۴۴۵۲	عتیق احمد ندوی صاحب " "
۱۰۳	۴۴۲۹	حکیم محمد عبید اللہ صاحب ندوی "	۱۲۷	۴۴۵۳	الیس امجد علی صاحب " (ہرن باڑی لین)
۱۰۴	۴۴۳۰	صادق علی خانصاحب رئیس شاہجہانپور	۱۲۸	۴۴۵۴	حاضر بخش اینڈ محمد جان صاحبان "
۱۰۵	۴۴۳۱	عبد القادر صاحب ایلچپور	۱۲۹	۴۴۵۵	شیخ عبد الرشید صاحب " (عذرا اسٹریٹ)
۱۰۶	۴۴۳۲	محمد یوسف صاحب کلکتہ (سوکیہ لین)	۱۳۰	۴۴۵۶	حاجی محمد ابراہیم صاحب " (رادھا بازار اسٹریٹ)
۱۰۷	۴۴۳۳	الیس عزیز احمد صاحب " (ٹمپل اسٹریٹ)	۱۳۱	۴۴۵۷	نیو۔ ایم۔ وائی۔ واچ کمپنی " "
۱۰۸	۴۴۳۴	نیاز الدین خانصاحب " (پوسٹ بکس ۳۴)	۱۳۲	۴۴۵۸	یوسف علی ہیتلہ صاحب " "
۱۰۹	۴۴۳۵	محمد عثمان صاحب " (امیر علی اوینیو)	۱۳۳	۴۴۵۹	محمد یوسف صاحب " "
۱۱۰	۴۴۳۶	محمد صادق کابلی صاحب " (بادر بگان اسٹریٹ)	۱۳۴	۴۴۶۰	عارف واچ کمپنی " "
۱۱۱	۴۴۳۷	نور حسن صاحب " (چنگیزی گھاٹ لین)	۱۳۵	۴۴۶۱	حاجی شمس الحق ممتاز الدین صاحب " "
۱۱۲	۴۴۳۸	محمد ذکریا محمد سعید صاحب " (اپر سرکلر روڈ)	۱۳۶	۴۴۶۲	شیخ محمد صالحین صاحب " "
۱۱۳	۴۴۳۹	اکرام الدین صاحب کلوسیاں " (نل بن ہلدر لین)	۱۳۷	۴۴۶۳	الیس۔ ایم الیاس واچ کمپنی " "
۱۱۴	۴۴۴۰	محمد فضل الرحمٰن باقی صاحب " (کلکتہ یونیورسٹی)	۱۳۸	۴۴۶۴	نیو اسٹینڈرڈ واچ کمپنی " "

(باقی آئندہ)

ملت اسلامیہ کی تعمیر

قوم کے اُن نونہالوں پر موقوف ہے جو جامعہ ملیہ اسلامیہ کے چمن کی قومی اور دینی فضا میں پرورش پا رہے ہیں، ہندوستان کا ہر صوبہ اپنی گرانقدر امداد سے جامعہ کو مالی مشکلات سے نکالنے کی کوشش کر رہا ہے۔

بنگال نے ایک ہی مہینہ میں سوا دو ہزار ادا کر دیا

حیدرآباد، مدراس، اور بہار باقی ہیں یہ صوبے بھی ہمت کر جائیں تو

حلقہ ہمدردان جامعہ

سرخروئی کے ساتھ جامعہ کو مجوزہ رقم ادا کر سکتا ہے

ناظم

حلقہ ہمدردان جامعہ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۳۹۳۸

(مطبوعہ جامعہ پریس، دہلی)

مرتب اور ناشر و طابع شفیق الرحمٰن - بی،اے (جامعہ)

ہمدردِ جامعہ

مرتبہ

ناظم

حلقہ ہمدردانِ جامعہ، دہلی

ہمدردِ جامعہ

مُرتبہ

"ناظم"

حلقہ ہمدردانِ جامعہ، دہلی

ملت اسلامیہ کی تعمیر

قوم کے اُن نونہالوں پر موقوف ہے، جو جامعہ ملیہ اسلامیہ
کے چمن کی قومی اور دینی فضا میں پرورش پا رہے ہیں ہندوستان
کا ہر صوبہ اپنی قیمتی امداد سے جامعہ کو مالی مشکلات سے نکالنے
کی کوشش کر رہا ہے.

حیدرآباد، مدراس اور بہار

کچھ پیچھے ہیں. اگر یہ صوبے ذرا ہمت کر جائیں تو حلقہ

ہمدردانِ جامعہ سرخروئی کے ساتھ جامعہ کو مجوزہ رقم ادا کر سکتا ہے

ناظمِ حلقہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہمدردِ جامعہ

جلد ۱	بابتہ ماہ جولائی ۱۹۳۷ء مطابق جمادی الاول ۱۳۵۶ ہجری	نمبر ۱

فہرست مضامین

جلسہ میلاد النبی

مدرسہ ابتدائی جامعہ نگر

ہماری زندگی میں بہت سے ایسے مواقع پیش آتے ہیں جن سے ہم فائدہ اٹھاکر بچوں میں صحیح مذہبی ذوق پیدا کرسکتے ہیں۔ چونکہ ہمارے ملک میں تقریباً ہر جگہ میلاد النبی کی مبارک رسم منائی جاتی ہے اس لئے جامعہ میں بھی اس موقع سے پورا پورا تعلیمی فائدہ اٹھایا جاتا ہے۔ اور ہمارے نصاب میں جتنا جزو مذہب سے متعلق ہے اس کا بیشتر حصہ اس سلسلہ میں پوری آب و تاب کے ساتھ بچوں کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔

ہمارے مدرسہ میں جلسہ میلاد النبی منعقد کرنے کا مقصد یہ ہے کہ بچوں کے دل میں نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے نمونے سے اچھی زندگی گزارنے کا ولولہ پیدا ہو۔ اس لئے اس مبارک یادگار کو جہاں تک ہو سکے پورے رنگ و بو کے ساتھ اُن کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ میلاد النبی کی تیاری کے سلسلہ میں اس بات کی کوشش کی جاتی ہے کہ زمان و مکان کے تفاوت کے باوجود بچوں کو رسول پاک کی زندگی سے قریب تر کیا جائے۔

انسانی زندگی واقعات و محرکات کا ایک سلسلہ ہے اور اس میں ہمیشہ اشخاص کے اثر سے آب و رنگ پیدا ہوتا ہے۔ ان اثرات سے کام لینے کے لئے قومیں خاص خاص دن مناتی ہیں جس کے بدولت وہ ان تمام خوبیوں کو جو ماضی سے وابستہ ہیں از سر نو تازہ اور آنے والی نسلوں تک منتقل کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔ ہم بھی اپنے اوپر نئی پود کا حق سمجھتے ہیں کہ ہم ان تمام اثرات کو جن کی بدولت ہماری قومی زندگی تمدنی لحاظ سے مالا مال رہی ہے۔ اپنے نونہالوں کی طرف صحیح۔ سادہ مگر ان تمام معنوی خوبیوں کے ساتھ منتقل کریں جن کے وہ اس کم عمری میں متحمل ہو سکتے ہیں۔

اس موقع پر جہاں تک ہو سکتا ہے ہم اپنے نبی کی زندگی اور حضور کی زندگی سے وابستہ تمام طبعی اور تمدنی پہلوؤں کو اس طرح پیش کرنا چاہتے ہیں کہ بچے اپنے طور پر نبی کریم کے وجود آپ کے ارشادات اور اسوۂ حسنہ کی اہمیت کو سمجھیں اور محسوس کریں۔ اور ان کے دل میں نبی مکرم کے نقش قدم پر چلنے اور اُن کے مقصد حیات کو حاصل کرنے کا جذبہ پیدا ہو۔ اور جوں جوں زمانہ گزرتا جائے زندگی کے مختلف تجربات اور واقعات سے اس پاک جذبہ کو فروغ حاصل ہو۔

ہمارے نبی کا پیغام اگرچہ عالمگیر ہے۔ اور دنیا کے تمام حصوں میں یہ پیغام تجربہ سے کامیاب ثابت ہوا ہے۔ مگر چونکہ آنحضرتؐ ایک خاص ملک میں پیدا ہوئے خاص لوگوں میں انھوں نے اپنے پیغام کو عملی جامہ پہنایا۔ اس لئے یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہؐ کی شخصیت کو اس کے طبعی اور تمدنی پس منظر کے ساتھ پیش کیا جائے تاکہ بچوں کو آنحضرت صلعم۔ آنحضرت کے ساتھیوں اور اپنے مذہب کے متعلق ایک صحیح اندازہ ہو اور ان تعصبات اور توہمات سے پاک رہیں جو بچپن کی غلط مذہبی تربیت سے پیدا ہوتے ہیں۔ اس طرح ہم

اور زندہ تصور پیش کر کے اُن کو بعد کے اس ردعمل سے بچا سکتے ہیں۔ جو ذاتی تحقیق کا ذوق پیدا ہونے کے بعد اکثر اوقات پیدا ہوتا ہے۔ ہمارے بچے اس طرح کی مذہبی تربیت پائیں کہ وہ اپنے مذہب کو اچھا ثابت کرنے کے لئے دوسرے کے مذہب کو خواہ مخواہ برا نہ کہیں۔ بلکہ ان میں اپنے مذہب سے لگاؤ ہونے کے باوجود دوسرے مذاہب کو سمجھنے اور ان کی اچھی چیزوں کی قدر کرنے کی گنجائش ہو۔ یہ فراخدلی اس طرح پیدا کی جاسکتی کہ رسول اللہ صلعم کی زندگی کے اس حصہ کو جو غیر مذاہب کے ساتھ رواداری میں گزرا ہے بچوں کے سامنے خصوصیت کے ساتھ اجاگر کیا جائے۔

ان پر اس حقیقت کو روشن کر دیا جائے کہ کس طرح سے خدا نے ہر ایک قوم میں ہادی بھیجے ہیں۔ اور ان کو یہ بتایا جائے کہ کس طرح ہمارے نبی اپنی روزمرہ کی زندگی کے معاملات میں مخالفوں پر اچھا اثر ڈالتے تھے۔

یہ مقصد اس طرح حاصل کیا جاسکتا ہے کہ جہاں تک ممکن ہو بچوں کو اس قسم کی تصاویر دکھائی جائیں جس سے عرب کا معاشرتی پہلو نمایاں طور پر اُن کے سامنے پیش ہو سکے۔ عرب کا ایک ماڈل بنوایا جائے جس میں سرزمین عرب کے طبعی خط و خال کو اس طرح واضح کیا جائے کہ بچوں کے ذہن میں سرزمین عرب کے متعلق ایک صحیح تصور پیدا ہو جائے۔ مثلاً عرب کے پہاڑ۔ وہاں کے ریگستان نخلستان، ساحلی علاقہ۔ اس سلسلہ میں چھوٹے بچوں سے بھی بہت کچھ تخلیقی کام کرایا جاسکتا ہے۔ مثلاً بچے اس نقشے کو مکمل کرنے کے لئے یہ کر سکتے ہیں کہ وہ گتوں کے اونٹ۔ کھجور۔ عرب۔ بدو۔ خیمے۔ قافلے۔ نخلستان۔ بندرگاہ۔ دخانی جہاز۔ موٹر لاریاں وغیرہ بنائیں۔ اس طرح وہ عرب سے متعلق تخیلی مناظر رنگوں کی صورت میں بھی پیش کر سکتے ہیں۔ طبعیٔ خط و خال کو پیش کرتے وقت

جہاں تک بچوں کی دلچسپی اور سمجھ بوجھ اجازت دے یہ بات بھی بتلائی جائے کہ عرب کے طبعیٔ حالات کا وہاں کی تمدنی زندگی پر کیا اثر پڑتا ہے۔ اس سلسلے میں ہم عربوں کی خوراک۔ جسمانی حالت لباس۔ عادات۔ قومی خصائص۔ ذرائع آمد و رفت۔ رہنے سہنے کے طریقے بتا سکتے ہیں۔ نیز وہ آیتیں بھی بچوں کے سامنے پیش کی جاسکتی ہیں جن سے عربوں کی تمدنی زندگی پر روشنی پڑسکتی ہے۔

مثلاً آیۃ۔ لِإِيلَافِ قُرَيْشٍ۔ اور وہ آیت جس میں عربوں کی بگڑی ہوئی حالت کو بدل دینے کے احسان عظیم کی طرف اشارہ ہے۔

بچوں پر ان کی سمجھ کے مطابق یہ بھی واضح کیا جائے کہ کس طرح سے عرب کی مخصوص عادات کی وجہ سے اسلام کے پھیلنے میں مدد ملی۔ مثلاً عربوں کا شوق سفر۔ عربوں کی حمیت ذاتی عصبیت قومی عقاید و خیالات کی شدت۔

ہر جماعت کے لئے حسب فہم علیحدہ طریقہ اختیار کیا جائے گا مثلاً۔ اول۔ دوم کے بچوں سے عرب کے نمونے کے گاؤں ور نخلستان بنوائے جائیں گے۔ مٹی کے اونٹ بنوائے جائیں گے کاغذ کی کشتیاں بنائی جائیں گی۔ ریل اور لاری بنوائے جائیں گے کہ کس طرح حجاج یہاں سے عرب کو پہنچ جاتے ہیں۔ چہارم اور پنجم کے بچوں سے ان مخصوص مقامات کی تصویریں بنوائی جاسکتی ہیں۔ جو حاجیوں کے راستے میں آتے ہیں۔ مثلاً کراچی بمبئی۔ عدن۔ جدہ۔ مکہ۔ مدینہ۔ اس سفر میں جتنے مناظر عرب اور ہمارے ملک سے متعلق ہو سکتے ہیں وہ سب دکھائے جاسکتے ہیں۔ اور اُن کا فرق سمجھایا جاسکتا ہے۔ اول و دوم جماعت کے بچوں کے سامنے رسول اکرم کو اس طرح پیش کیا

جائے کہ وہ اُن کو صاف طور پر سمجھ سکیں۔ ہمارے نبی کے بچپنے کے کچھ دلچسپ حالات سنائے جائیں۔ جب آپ بڑے ہوئے تو چھوٹے بچوں کے ساتھ آپ کا کیا رویہ رہا؟ امام حسینؓ۔ امام حسنؓ اور اعزہ کے خاص خاص واقعات بتائے جائیں تاکہ بچے رسول اللہ صلعم کی پیاری شخصیت کو اچھی طرح سے سمجھیں اور آپ سے اُن کو محبت ہو جائے۔ رسول اللہ کی زندگی کو اس طرح شخصی صورت میں پیش کرنے کا منشا یہ ہے کہ بچے جانی بوجھی خوبیوں اور شخصی تعلقات کی بناء پر ہمارے نبی کی بزرگی اور عظمت کو سمجھ سکیں۔ بات یہ ہے کہ اس عمر میں بچوں کے جتنے تعلقات اور معلومات ہوتے ہیں وہ بالکل ذاتی اور عام انسانی زندگی سے ملے جلے ہیں۔ اگر اخلاقی خوبیوں کو شخصی رنگ سے الگ کر کے بچوں کے سامنے پیش کیا جائے تو یہ خوبیاں ان کے لئے کوئی معنی نہیں رکھتیں۔ اس موقع پر جہاں تک ہو سکے مجرد اخلاقی قدروں پر زور دینے سے اجتناب کیا جائے۔ اُن کے سامنے رسول اللہ کی زندگی کو صاف۔ سادہ طریق پر واقعات کے ذریعہ پیش کیا جائے۔ یہ کہ وہ اچھے دوست تھے۔ بہادر آدمی تھے پیارے باپ تھے۔ اچھے شوہر اور محبت کرنے والے بزرگ تھے۔

جلسہ کے ہال میں عرب سے متعلق مختلف قسم کے نقشے رکھے جائیں۔ تقریر کرنے کے لئے جو بچہ آئے وہ ان نقشوں سے مدد لے اور ان کے ذریعہ ان مقامات سے متعلقہ واقعات پر روشنی ڈالتا جائے۔ جلسہ کا صدر۔ ناظم خاص طور پر عربی لباس پہنے ہوئے ہوں۔ اگر کسی ایک وقت بچوں کو عرب کا کوئی مروجہ کھانا کھلایا جائے تو اور بھی بہتر ہے۔ اس سے بچوں کو عرب کی زندگی کے متعلق ایک اچھا اندازہ ہو جائے گا۔

مذہبی تعلیم کے ساتھ ساتھ اس سلسلہ میں بہت کچھ اور مضامین بھی پڑھائے جا سکتے ہیں۔ مثلاً چہارم سے لیکر ششم درجہ کے لڑکے ہمارے نبی کی زندگی پر مختلف کتابیں پڑھ سکتے ہیں۔ مضامین لکھ سکتے ہیں۔ حج کے سفر خرچ کا پورا حساب لگا سکتے ہیں۔ عربی سکہ اور ہندوستانی سکہ کی نسبت معلوم کر سکتے ہیں۔ پنجم و ششم میں شرح تبادلہ معلوم کرنے پر مختلف قسم کے سوالات ہو سکتے ہیں میلاد النبی کے جلسہ پر جتنا خرچ ہوتا ہے اس کا حساب لگایا جا سکتا ہے وغیرہ وغیرہ۔ اسی طرح سے معلومات عامہ کا ایک بہت بڑا حصہ اسی منصوبے کے ذریعہ پورا کرایا جا سکتا ہے (مثلاً کسی ملک کی قدرتی ماحول کا وہاں کی پیداوار۔ آبادی۔ معاشرت پر کیا اثر پڑتا ہے)۔

یہ تو وہ خاکہ ہے جو استاد کے ذہن میں تھا۔ اب جو کچھ بچوں نے اس سلسلہ میں کیا اس کا خلاصہ نتیجہ کے طور پر محمد بن عبدالقیوم متعلم ابتدائی ششم منتظم میلاد النبی کی رپورٹ سے جو ذیل میں درج کی جاتی ہے واضح ہو جائے گا۔

"میلاد النبی کے سلسلے میں میرے ذمے ایک یہ کام دیا گیا کہ مدرسے میں جتنے کام اس سلسلے میں ہوئے ہیں ان کی رپورٹ لکھ کر آپ کے سامنے پیش کروں اس لئے میں ناظم صاحب میلاد النبی سے ایک ہدایت نامہ لیکر ہر درجہ میں گیا جس کا مقصد یہ تھا کہ درجہ میں میلاد النبی کے سلسلے میں جو کچھ کام ہوا ہے وہ مجھے بتائیں۔

سب سے پہلے میں اول درجہ میں گیا استاد صاحب نے لڑکوں کو میرے آنے کا مقصد بتایا اور اُن سے پوچھا کہ کہئے آپ لوگوں میں سے کون اپنے درجہ کی رپورٹ انھیں دے گا تمام طلبہ چیخ اٹھے میں دوں گا میں دوں گا۔ ماسٹر صاحب نے باری باری ہر ایک طالب علم سے دریافت کیا کہ بتاؤ تمہارے درجہ میں کیا کام ہوا ہے۔ معلوم ہوا کہ انھیں رسول اللہ کے چند

اچھے اور سبق آموز واقعات بتائے گئے بالخصوص بچوں سے متعلق
واقعات، اور آپ کے عام عادات و اخلاق بتائے گئے۔

سلیم میاں کا اصرار تھا کہ ہمارے نبی کو جامعہ میں ضرور
بلایا جائے۔ حامد میاں کہتے ہیں۔ کہ ہمارے نبی ابھی زندہ ہیں۔ یا
مر گئے۔ اور زندہ ہیں تو آتے کیوں نہیں۔

اور عرب کے مختصر حالات بتائے گئے وہاں کے
جانوروں کی درختوں کی اور خیموں کی تصویریں کاغذوں پر دفتیوں
کو کاٹ کر اور مٹی کی بنائی گئی ہیں۔ اول درجہ سے فارغ ہو کر دوم
درجہ میں گیا استاد صاحب نے لڑکوں کو میرے آنے کا مقصد بتایا
اور اُن سے کہا کہ میں انھیں بتا جاتا ہوں اور تم سیتے جاؤ جو بات
رہ جائے وہ تم بتا دینا۔ انھوں نے مجھے بتایا کہ اس درجہ میں نئے
لڑکوں کی زیادتی ہو اس لئے لڑکوں کو جلسہ کے متعلق یہ بھی بتایا
گیا کہ اس جلسہ کو کس طرح مناتے ہیں اور کیوں؟

سوم کی ایک کتاب "ہمارے نبی" قصے کے طور پر انھیں
پڑھنے کو دی گئی جب تمام طلبہ کتاب ختم کر چکے تو اُن سے اس
کتاب میں سے مختلف جگہوں سے سوالات کئے گئے۔

رسول اللہ کے خاندان کے نام اس طرز سے لکھوائے
گئے کہ انھیں یاد رکھنے میں آسانی ہو۔

اپنا نمائندہ انھوں نے اس طریقے سے منتخب کیا
کہ ہر ایک طالب علم باری باری سے مضمون پڑھتا تھا اور تمام
طلبہ اسے علحدہ علحدہ چھپا کر اپنی کاپیوں پر نمبر دیتے تھے جب
تمام طلبہ نے مضمون پڑھ لیا تو ہر ایک طالب علم کے نمبروں کو
جوڑا گیا جس طالب علم کے نمبر اوسط تعداد میں آئے اسی کو نمائندہ
منتخب کر کے بھیج دیا گیا۔

اسی درجہ کے کورس میں حساب کے سلسلہ میں جمع
بھی ہو۔ نمبروں کو جوڑنے میں یہ کام بھی ہو گیا۔

یہاں سے فارغ ہو کر سوم درجہ میں گیا ماسٹر صاحب کو
ہدایت نامہ دکھایا انھوں نے بھی لڑکوں کو میرے آنے کا مقصد
بتایا۔ اور مجھے مانیٹر کے سپرد کر دیا اور انھیں کہہ دیا کہ وہ مجھے اپنے
درجہ کی رپورٹ لکھوا دے مانیٹر نے مجھے بتایا کہ اُن کے درجہ کے
لڑکوں نے رسول اللہ کی سیرت سے متعلق دو کتابیں پڑھی
ہیں۔ ہمارے نبی اور ہمارے رسول۔ ان دونوں کتابوں کی مدد سے
اِن لڑکوں نے رسول اللہ کی سیرت پر ایک مضمون لکھا ہو اور
رسول اللہ کے معجزے لکھے اور چند اچھے اور سبق آموز واقعات لکھے
ہیں۔ چند نعتیں لکھیں اور یاد کی ہیں۔ دعوت نامے اور اشتہارات
لکھے ہیں۔

عرب کے مختصر حالات بتائے گئے ہیں۔ عرب کے جانوروں
کے متعلق معلومات بتائی گئی ہیں۔ یہ بتایا گیا ہو کہ سنہ ہجری کا آغاز
کب سے ہوا ہو۔ اور سنہ عیسوی کا کب سے۔ ہندوستان سے
عرب تک کا ہر طرح کا راستہ بھی بتایا گیا ہو۔

یہاں سے میں چہارم درجہ میں گیا ماسٹر صاحب کو ہدایت نامہ
دکھایا انھوں نے اس پر دستخط کر دئے اور درجہ میں جتنا کام ہوا
تھا وہ تمام انھوں نے خود مجھے بتا دیا۔

رسول اللہ کی سیرت پر مضامین لکھے گئے۔ نعتیں یاد
کی گئیں اور لکھی گئیں۔ دعوت نامے لکھے گئے ہیں۔ ہندوستان
کا اور عرب کا نقشہ بتایا گیا ہو اس میں ہندوستان سے مکہ اور
مدینہ تک کا سمندری راستہ عرب کی قدرتی تقسیم دکھائی گئی ہو
انگریزی میں چھوٹے چھوٹے فقرے میلاد کے متعلق لکھائے گئے ہیں۔

یہاں سے فارغ ہو کر میں پنجم درجہ میں گیا ماسٹر صاحب کو
وہ ہدایت نامہ دکھایا انھوں نے ہدایت نامہ کو درجہ میں پڑھ کر

سنا دیا اور مانیٹر کو طلب کیا لیکن مانیٹر کہیں گیا ہوا تھا۔ اس لئے حاضر نہ ہو سکا۔ پھر انھوں نے درجہ کے دو لڑکوں سے کہدیا کہ وہ مجھے درجہ کی رپورٹ دیں۔ انھوں نے مجھے بتایا کہ انھیں مضمون لکھوائے گئے عرب اسلام سے پہلے، غزوۂ بدر، ہمارے رسول کا غیروں اور دشمنوں سے برتاؤ۔ کاغذ پر عرب، ہندوستان کے نقشے۔ اور زمین پر عرب کا نقشہ بنایا ہے۔ اس نقشہ کے بنانے میں چہارم کے دو ایک لڑکوں نے بھی مدد دی ہے۔ ماسٹر صاحب نے درجہ میں نعتیں سنائی ہیں۔ اور مختلف جگہوں سے رسول اللہ کے واقعات سنائے ہیں۔

انگریزی میں رسول اللہؐ کی زندگی کے مختصر حالات لکھائے گئے ہیں۔ اور عرب کے متعلق تھوڑی معلومات لکھائی گئی ہے۔ اس سلسلے میں تمام الفاظ کتاب ہی کے لکھوائے گئے ہیں۔ چند مشکل الفاظ کا آنا ضروری تھا۔ اس لئے جہاں مشکل الفاظ آئے اُن کے معنی لکھوا دئے گئے۔

یہاں سے فراغت حاصل کرکے میں درجہ ششم میں پہنچا۔ چونکہ ششم میرا ہی درجہ ہے اس لئے مجھے ماسٹر صاحب یا مانیٹر صاحب سے دریافت کرنے کی ضرورت نہیں پڑی جو کچھ بھی کام ہوا ہے وہ سب مجھے معلوم ہے۔ رسول اللہؐ کے متعلق کتابیں پڑھوائی گئیں کئی کتابیں پڑھنے کے بعد رسول اللہؐ کی مختصر سیرت اور مضامین لکھائے گئے۔ آپ کا آخری خطبہ لکھوایا گیا ہے اور اس کے مطالب بھی بتائے گئے ہیں۔

ہندوستان اور عرب کے نقشے کاغذ پر کھینچے گئے ہیں۔ ہندوستان سے مکہ تک سفر لکھا اور خرچ معلوم کیا گیا ہے۔ آزاد اسلامی ممالک بتائے گئے ہیں۔ شخصی اور جمہوری حکومتیں بتائی گئی ہیں۔ ماسٹر صاحب نے کئی کتابوں سے نعتیں سنائی ہیں۔ اور رسول اللہؐ کے مختلف واقعات بتائے گئے ہیں۔

انگریزی میں عرب کے عام حالات، آب ہوا، رسول اللہؐ کی سیرت، عرب کی موجودہ حالت پر مضمون لکھوائے گئے۔ اسی میں تمام الفاظ کتاب کے ہیں صرف چند مشکل الفاظ اور ان کے معنی لکھوائے گئے ہیں۔

ہر درجہ سے اوسط درجہ کے طالب علم کو پڑھنے کے لئے بھیجا گیا ہے۔ نہ زیادہ کمزور کو بھیجا گیا ہے اور نہ زیادہ اچھے کو ؛

وفدِ جامعہ

جامعہ کا ایک وفد جو مولٰنا خواجہ عبدالحیٔ صاحب فاروقی شیخ التفسیر جامعہ ملیہ اور ناظم حلقہ پر مشتمل ہے حیدرآباد ہوتا مدراس پہنچا ہے جامعہ کے مقاصد سے دلچسپی رکھنے علم دوستوں اور مسلمانوں کے قومی مستقبل کو بہتر بنانے والے دردمندوں سے توقع ہے کہ وہ اس موقعہ پر عملی دلچسپی اور دردمندی کا ثبوت دیں گے۔

(معاون مرتب)

دارالاقامہ

ایک دن

ٹن ٹن۔ ٹن ٹن، ٹن ٹن، صبح کا گجر بجا اور لڑکے اپنے اپنے بستروں پر کلبلائے۔ جن پر کوئی ذمہ داری ہے، طوعاً و کرہاً اُٹھ کھڑے ہوئے باقی لڑکوں نے کروٹ بدلی اور پھر سو گئے۔ تھوڑی دیر بعد اذان ہوئی، اور دو ایک لڑکے اور اٹھ گئے۔ نماز کے ناظمین نے ساتھیوں کو جگانا شروع کیا، جن پر نیند کا زیادہ غلبہ تھا اُن پر پانی کے دو تین چھینٹے دئے وہ بڑبڑاتے ہوئے اُٹھ بیٹھے۔ اس کے بعد نگراں صاحب نے ایک چکر لگایا جو سوتے تھے انھیں جگایا جو جاگتے تھے انھیں اٹھایا جو لیٹے ہوئے تھے انھیں مسجد کی طرف ہنکایا۔ نماز کھڑی ہوئی، ختم ہوتے ہوتے تقریباً تمام لڑکے جماعت میں شامل ہو گئے۔ نگراں صاحب نے نمازیوں پر ایک اچٹتی ہوئی نظر ڈالی اور غائبین کو ذہن میں نوٹ کر لیا۔ ناظم نے حاضری لی اور غیر حاضروں کو الگ کاغذ پر درج کر لیا۔ نماز کے بعد ورزش کی حاضری ہوئی۔ چند لڑکے نگراں صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ "ماسٹر صاحب میرے گھٹنے میں درد ہے، کل کھیل میں گیند لگ گئی تھی!" "مجھے رات بخار ہو گیا تھا۔ اب بھی کچھ حرارت ہے۔" "ماسٹر صاحب کل شہر چلا گیا تھا۔ اسکول کا کام کرنا ہے آج چھٹی دیدیجئے!" "ماسٹر صاحب میں نے اس مہینے ایک ناغہ بھی نہیں کیا آج میرا جی نہیں چاہتا!" یہ سب چھٹی کی درخواست لیکر آئے تھے، اور ہر ایک معقول عذر لئے ہوئے آیا تھا، نگراں صاحب نے کسی کو سمجھایا، کسی کو دھمکایا، کسی کو طاقت ور بننے کا شوق دلایا اور کسی کو سال کے آخر میں پابندی کے انعام کی توقع دلائی اس طرح سوائے ایک لڑکے کے سب میدان میں پہونچ گئے۔ یہ البتہ ہوا کہ بعض کو ورزش کی بجائے ٹہلنے کی اجازت مل گئی۔ اور وہ نیم بیمار اور کمزور بچوں کے ساتھ باغ کی طرف چل دئے۔

میدان پہنچنے میں آج کچھ دیر ہو گئی تھی۔ استاد صاحب خفا تھے، حکم ملا کہ میدان کے چھ چکر لگاؤ۔ بادل ناخواستہ دوڑنا شروع کیا۔ استاد کی نظر ایک ایک پر تھی، جو ذرا اڑکا استاد نے للکارا، جب دیکھا کہ خاصے تھک گئے ہیں، چوتھے چکر پر سب کو واپس بلالیا، لڑکے صف بنا کر کھڑے ہو گئے۔ اب عام ورزش شروع ہوئی۔ ورزش کا یہ میدان کبھی کبھی مدرسہ بھی بن جاتا ہے۔ لڑکوں کی کمزوری۔ اور سستی کے کسی واقعہ سے متاثر ہو کر استاد آزادی اور غلامی کی بحث چھیڑ دیتا ہے۔ اور مسلمان فاتحوں و سپہ سالاروں کے ذکر و اذکار سے دلوں میں جوش و ولولہ پیدا کر دیتا ہے۔ اس تقریر کے بعد جب لڑکے میدان سے واپس ہوتے ہیں تو اسلام اور ہندوستان کے مستقبل کی درخشانی، اُن کی رفتار و گفتار میں ایک خاص کیفیت پیدا کر دیتی ہے۔ اور اکثر کے دل میں جسمانی صحت قوت کی بڑی اہمیت پیدا ہو جاتی ہے۔

ورزش سے اکر غسل ہوتا ہے۔ اس عرصہ میں نماز اور

ورزش میں غیر حاضر ہونے والوں کے نام نگراں صاحب کے پاس پہنچ جاتے ہیں۔ ان لوگوں کی طلبی ہوئی۔ بعض اپنی واقعی معذوری کی بنا پر معاف کردئے گئے، باقی کا ناشتہ بند ہوگیا۔ اور تربیت کے نمبر کاٹ دئے گئے ناشتہ کی گھنٹی ہوئی۔ ان مجرموں کے سوا تمام طالب علم ناشتہ میں شریک ہوئے۔ بعد میں معلوم ہوا کہ دو مجرموں کو نگراں صاحب کے ساتھ ناشتہ کرنے کی عزت ملی، اور وہ دل میں یہ ارادہ کرکے آئے کہ اب کبھی غیر حاضر نہ ہوں گے۔ ناشتہ کے بعد مدرسہ کی گھنٹی ہوئی اور طلبا نے بغل میں بستے دبائے ہوئے مدرسہ کا رخ کیا۔ ادھر نگراں صاحب نے دارالاقامہ سے جاتے ہوئے ملازم کو ہدایت کی کہ جن لڑکوں کو ناشتہ آج بند کردیا گیا تھا وقفہ میں انھیں ناشتہ پہنچا دیا جائے۔ یہ عفوِ عام کبھی کبھی ہوتا ہے۔ ورنہ عموماً سزا پوری ملتی ہے۔

نئے طلباء کو معمولات کا پابند بنانے اور پرانوں کو پابند رکھنے کے لئے استاد کو مختلف ترکیبوں سے کام لینا پڑتا ہے، پیار، محبت رعب داب، ڈانٹ ڈپٹ، بید اور پیٹ سب ہی طریقے استعمال کرنے ہوتے ہیں۔ ایک زمانہ میں سزا کا طریقہ بالکل ہی اڑا دیا گیا تھا۔ بس مجرم کو اتنا کرنا ہوتا تھا کہ وہ شام کو نگراں کے پاس جاکر اپنی کوتاہیوں کا اعتراف کرلے، "کوتاہیوں" کا علم چونکہ روزانہ ناظمین (مانیٹرس) کی روداد سے ہوجاتا تھا اس لئے دھوکا دینے کی گنجائش نہیں رہتی تھی۔ ایک دفعہ "روزنامچہ" کا دستور شروع ہوا، ہر طالب علم کو اپنے روزانہ معمولات کی پابندیوں کا باقاعدہ اندراج کرنا ہوتا تھا، یہ روزنامچہ ہر روز لکھا جاتا اور جمعہ کے دن نگراں صاحب کی خدمت میں پیش ہونا ضروری تھا۔ استاد پابندی کی کمی بیشی پر کم یا زیادہ نمبر دیتا تھا۔ طلباء میں عام طور پر ان نمبروں کی بڑی اہمیت تھی۔ سالانہ انعامات بھی انھیں نمبروں کی نسبت سے تقسیم کئے جاتے تھے، ایک بار طلباء نے خواہش کی کہ وہ اپنے تمام داخلی مسائل کے لئے ایک جمہوریت کا قیام چاہتے ہیں، اگرچہ یہ خواہش نگراں صاحب کی مطلق العنانی پر نہایت سخت قسم کا حملہ تھا لیکن نگراں صاحب نے منظور کرلیا، جمہوریت کا اعلان کردیا گیا، ازاد انتخاب کے ذریعہ نمایندے بنائے گئے اس جمہوریت کے جلاس نگراں صاحب کی صدارت میں منعقد ہوتے تھے۔ اور کثرت آراء سے معاملات کا فیصلہ کیا جاتا تھا، پابندیوں میں کمی بیشی، سزاؤں کا تعین، تخفیف اور معافی، سب اس جماعت کے ہاتھ میں تھی، اس طرح سزائیں نگراں صاحب کی طرف سے نہیں بلکہ خود انہی کی طرف سے دی جاتی تھیں، گذشتہ سال ابتدائی مدرسہ کے ایک دارالاقامہ میں ایک نئے قسم کے روزنامچہ کا چلن ہوا تھا یعنی نگراں صاحب خود روزانہ ہر بچہ کا روزنامچہ بھرتے تھے۔ اس کے لئے ناظمین کی امداد سے زیادہ انفرادی نگرانی کی ضرورت ہوتی تھی، اس لئے کہ اس روزنامچہ میں تعلیم، ورزش، صفائی، غسل، تلاوت اور نماز کے علاوہ ادب، اخلاق، ایثار و خدمت کا بھی لحاظ رکھا جاتا تھا، ایک دوسرے سے زیادہ نمبر لانے کی کوشش میں بچے غیر معمولی پابندی محنت اور شوق کا ثبوت دیتے تھے کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ بچوں کی بجائے خود استاد اپنے لئے کوئی سزا تجویز کرلیتا ہے، اور اس سزا پر بچوں کو اپنی سزا سے زیادہ تکلیف ہوتی ہے۔

(باقی آیندہ)

ایک طالب علم

سیر جامعہ

آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کے ترجمان "کانفرنس گزٹ" میں سیر جامعہ، کے عنوان سے ایک مضمون شائع ہوا ہے، جو دفتر کانفرنس کے ہیڈ اسسٹنٹ مولوی الطاف علی صاحب بریلوی نے ذاتی مشاہدہ کی بنا پر لکھا ہے، ذیل کی سطریں اسی مضمون سے مقتبس ہیں (مرتب)

بچوں کو "کھیل کھیل میں تعلیم" دینے کے طریقہ کے مطابق پڑھایا جاتا ہے۔ تعلیم دینے والوں میں نہایت ہر دل عزیز شخصیت ان کھدر پوش جرمن خاتون کی ہے جو بچوں میں "آپا جان" کے نام سے مشہور ہیں۔ جوں ہی وہ کلاس میں تشریف لاتی ہیں تمام بچے اس قدر گرمجوشی اور والہانہ محبت کے ساتھ ان کا خیر مقدم کرتے ہیں گویا کہ مدت کی بچھڑی شفیق ماں یا بہن مل گئی۔

تمام بچے ان کی صورت دیکھتے ہی "آپا جان" "آپا جان" کا شور مچاتے ہوئے اُن پر ایک دم یورش کرتے ہیں اور وہ اُن کو نہ ڈانٹتی ہیں نہ جھڑکتی ہیں۔ بلکہ ایک منٹ ضائع کئے بغیر نہایت مشفقانہ انداز سے نظم قائم کرکے سوال کرتی ہیں کہ تم میں کون کون آج کھیلے گا اور کون کون پڑھیگا۔ ہاتھ اٹھاؤ۔ میں نے خیال کیا کہ سب کے سب کھیلنے ہی کے لئے ہاتھ اٹھاویں گے مگر نہیں نصف سے کم بچوں نے کھیلنے کے لئے ہاتھ اٹھایا جن کو فوراً ایک دوسرے استاد کھیل کھلانے کے لئے کمرہ سے باہر لے گئے۔ اور بقیہ بچے خود بخود حلقہ بنا کر بیٹھ گئے، آپا جان، نے سب سے پہلے جلدی جلدی ہر ایک بچے کے ناخن، ہاتھ اور پیر دیکھے، جن کے ناخن کٹے ہوئے اور ہاتھ پیر صاف تھے اُن میں سے ہر ایک سے فرداً فرداً محبت اور پیار کا کوئی کلمہ کہا اور جن کے ناخن بڑھے ہوئے اور ہاتھ پیر میلے تھے انھیں کچھ بُرا بھلا کہکر باہر بھیجدیا جہاں سے وہ ہاتھ پیر دھوکر واپس چلے آتے تھے۔

اس کام سے فارغ ہونے کے بعد پڑھنے لکھنے اور ڈرائنگ وغیرہ کی چیزوں کی الماری کھولی جاتی ہے اُس وقت بچے اپنی آپا جان سے ان چیزوں کے حاصل کرنے میں ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی جو جدوجہد کرتے ہیں وہ ایسا قابل دید منظر ہوتا ہے کہ اس کی یاد کبھی دل سے فراموش نہیں ہوسکتی۔ کاغذ، پنسل۔ پیمانہ۔ تصویر۔ کتاب اور تعلیمی کھیلوں کو ایسی محنت اور کوشش سے حاصل کیا جاتا ہے کہ کیا مٹھائی کے لئے ایسی کوشش ہوسکتی ہے۔ اپنی اپنی چیزیں لیکر بچے سکون کے ساتھ اپنے اپنے مقام پر پوری دلچسپی و دلجمعی کے ساتھ کام کرنے بیٹھ جاتے ہیں یا جی چاہتا ہے تو نہایت بے تکلفی کے ساتھ لیٹ کر ہی اپنا کام کرنے لگتے ہیں۔

بچوں کے شوق کی اور اُن کے ہاتھ کی بنائی ہوئی چیزوں کا ایک بڑا ذخیرہ جمع ہوگیا ہے جس کے دیکھنے سے اُن کے دلچسپ رجحانات اور نتائج فکر کا اندازہ ہوجاتا ہے۔

"کانفرنس گزٹ علیگڈھ"

ان بچوں اور بچوں کی بنائی چیزوں کے ذخیرہ کو آپ اس دفعہ تصویر میں ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔

جدید اضافہ

بابت ماہ اپریل (بقیہ)

نمبر شمار	نمبر ہمدرد	ہمدرد جامعہ جناب	نمبر شمار	نمبر ہمدرد	ہمدرد جامعہ جناب	
۱	۴۴۶۵	نظیر حسین صاحب لال بازار کلکتہ	۱۹	۴۴۸۳	محمد نقی باڑی بی اے کنائی بیل اسٹریٹ کلکتہ	
۲	۴۴۶۶	صاحب زماں صاحب بوبازار "	۲۰	۴۴۸۴	محمد جان اسد والے "	"
۳	۴۴۶۷	حاجی شاہ صوفی عبدالحمید خانصاحب " "	۲۱	۴۴۸۵	میاں حاجی محکم دین دوست محمد صاحب	"
۴	۴۴۶۸	عبدالحکیم صاحب عرف اللہ رکھا " "	۲۲	۴۴۸۶	میاں غلام مصطفیٰ مولابخش صاحب	"
۵	۴۴۶۹	شیخ محمد صدیق صاحب " "	۲۳	۴۴۸۷	ممتاز الدین صاحب کولوٹولا اسٹریٹ	"
۶	۴۴۷۰	یونائیٹڈ اوپٹیکل کمپنی لمیٹڈ " "	۲۴	۴۴۸۸	ممتاز العارفین صاحب "	"
۷	۴۴۷۱	مطیع الرحمٰن صاحب " "	۲۵	۴۴۸۹	ایس نورالٰہی صاحب "	"
۸	۴۴۷۲	منشی عبدالحمید صاحب ساگردت لین "	۲۶	۴۴۹۰	عبدالمجید صاحب "	"
۹	۴۴۷۳	میاں محمد اسمٰعیل محمد لطیف صاحبان فیرس لین	۲۷	۴۴۹۱	محمد کامل صاحب "	"
۱۰	۴۴۷۴	میاں حاجی مولابخش محمد یعقوب صاحب "	۲۸	۴۴۹۲	عبدالسلام صاحب "	"
۱۱	۴۴۷۵	ایس محمد رفیق محبوب الٰہی صاحبان "	۲۹	۴۴۹۳	عتیق الرحمٰن صاحب "	"
۱۲	۴۴۷۶	میاں حاجی محمد بخش نظیر حسین صاحبان "	۳۰	۴۴۹۴	حاجی اعجاز الدین صاحب "	"
۱۳	۴۴۷۷	زکریا الیاس صاحب فیرس لین "	۳۱	۴۴۹۵	محمد یوسف صاحب "	"
۱۴	۴۴۷۸	مولوی برادرس فیرس لین "	۳۲	۴۴۹۶	شیخ شفیع الدین صاحب "	"
۱۵	۴۴۷۹	میاں حاجی عبدالرحیم محمد اسمٰعیل صاحب " "	۳۳	۴۴۹۷	شیخ انیس الدین صاحب "	"
۱۶	۴۴۸۰	محمد شریف محمد یوسف صاحبان " "	۳۴	۴۴۹۸	محمد نقی صاحب "	"
۱۷	۴۴۸۱	میاں حاجی کریم بخش محمد صدیق صاحب " "	۳۵	۴۴۹۹	حاجی عبدالکریم صاحب "	"
۱۸	۴۴۸۲	میاں ایزد بخش محمد عمر صاحبان " "	۳۶	۴۵۰۰	احمد ضیا کریم صاحب "	"

نمبرشمار	نمبرہمدرد	ہمدرد جامعہ جناب
۳۷	۴۵۰۱	عبدالحمید صاحب کولوٹولا اسٹریٹ کلکتہ
۳۸	۴۵۰۲	ام آر ذکی صاحب 〃 〃
۳۹	۴۵۰۳	عبیدالرحمٰن صاحب 〃 〃
۴۰	۴۵۰۴	محمد ذکی صاحب 〃 〃
۴۱	۴۵۰۵	محمد ادریس صاحب 〃 〃
۴۲	۴۵۰۶	میاں حاجی چراغ دین صاحب 〃 〃
۴۳	۴۵۰۷	حاجی اللہ بخش برادر صاحب 〃 〃
۴۴	۴۵۰۸	رحمٰن الہی صاحب 〃 〃
۴۵	۴۵۰۹	ہدایت اللہ صاحب 〃 〃
۴۶	۴۵۱۰	حاجی شیخ انوارالحق صاحب 〃 〃
۴۷	۴۵۱۱	محمد سعید میران صاحب 〃 〃
۴۸	۴۵۱۲	محمد فضل احمد صاحب 〃 〃
۴۹	۴۵۱۳	محمد سمیع احمد صاحب 〃 〃
۵۰	۴۵۱۴	فیروزالدین محمد شفیع صاحب 〃 〃
۵۱	۴۵۱۵	سلطان احمد صاحب کیننگ اسٹریٹ 〃
۵۲	۴۵۱۶	اصغر حسین صاحب 〃 〃
۵۳	۴۵۱۷	بخش الہی صاحب 〃 〃
۵۴	۴۵۱۸	ایس محمد احمد برادر 〃 〃
۵۵	۴۵۱۹	شیخ عبدالکریم صاحب 〃 〃
۵۶	۴۵۲۰	حاجی عبدالرحمٰن صاحب 〃 〃
۵۷	۴۵۲۱	محمد لیاقت اللہ خاں صاحب 〃 〃
۵۸	۴۵۲۲	حبیب علی محمد صاحب 〃 〃
۵۹	۴۵۲۳	شیخ عبدالغنی صاحب 〃 〃
۶۰	۴۵۲۴	جمیل الرحمٰن صاحب کیننگ اسٹریٹ کلکتہ
۶۱	۴۵۲۵	محمد صالحین صاحب 〃 〃
۶۲	۴۵۲۶	محمد احمد صاحب 〃 〃
۶۳	۴۵۲۷	فضل الہی صاحب 〃 〃
۶۴	۴۵۲۸	محمد دین صاحب 〃 〃
۶۵	۴۵۲۹	رحمٰن اینڈ کمپنی 〃 〃
۶۶	۴۵۳۰	ایس اے کرم اینڈ سنس 〃 〃
۶۷	۴۵۳۱	ضمیر احمد صاحب 〃 〃
۶۸	۴۵۳۲	آفتاب احمد صاحب 〃 〃
۶۹	۴۵۳۳	محمد امین صاحب 〃 〃
۷۰	۴۵۳۴	محمد اشفاق صاحب 〃 〃
۷۱	۴۵۳۵	حاجی محمد اسمٰعیل اینڈ سنس 〃 〃
۷۲	۴۵۳۶	محمد عطاء اللہ شاہ صاحب 〃 〃
۷۳	۴۵۳۷	فضل الہی صاحب 〃 〃
۷۴	۴۵۳۸	ریاض الدین صاحب 〃 〃
۷۵	۴۵۳۹	محمد ابراہیم صاحب 〃 〃
۷۶	۴۵۴۰	ایم بی اینڈ سنز لورچیت پور روڈ 〃
۷۷	۴۵۴۱	محمود خاں صاحب 〃 〃
۷۸	۴۵۴۲	مسرز امین برادر 〃 〃
۷۹	۴۵۴۳	محمد میاں صاحب نمبر ۲ 〃 〃
۸۰	۴۵۴۴	محمد صادق صاحب 〃 〃
۸۱	۴۵۴۵	مولوی نور محمد صاحب 〃 〃
۸۲	۴۵۴۶	حافظ سعیدالدین صاحب 〃 〃
۸۳	۴۵۴۷	محمد ہادی صاحب 〃 〃

نمبر شمار	حوالہ رسید نمبر	ہمدرد جامعہ	نمبر شمار	ہمدرد نمبر	ہمدرد جامعہ
